رکھے کڑک آواز میں بولے.... محترمہ آپ دونوں ہاتھ اوپر کر لیں آپ کی کاروائ دیکھی جا چکی ہے ڈر کے مارے ان دونوں نے منہ بھی نہ موڑا... مشی اب کیا کریں نینی پریشانی سے بولی... نینی کچھ سوچنے تو دو مجھے... سعد اور عادی سے ہنسی کنڑول نہ ہوئ تو رومال نکال کر بولے اور آپ دونوں کو داد دی جاتی ہے اس کارنامے پر... وہ آواز پہچان گئیں اور فوراً مڑیں... تم دونوں ؟ہاں ہم دونوں... اسکے بعد فضا میں ان چاروں کے قہقہے تھے... اب چلو یہ نہ ہو کے وہ لڑکی آکر مشی کو پکڑ لے ہاہاہا... ہاں چلو چلتے ہیں وہ سب عادی کی گاڑی میں جا کر بیٹھ گئیں.... سعد نے اب ان دونوں کی کلاس لینی چاہی اب آپ دونوں بتائیں گیں زرا کہ یہ کیا حرکت تھی. جسٹ فار فن نینی نے مسکراتے ہوئے جواب دیا کمال نہیں ہوگیا عادی ان دونوں نے تو بڑے بڑوں کو مات دے دی... بلکل اب کی بار مشی نے کہا.... ایسی حرکتیں تو کبھی ہم نے نہیں کیں جب کہ ایک دوسرے کر جگر ہیں ہم.. ہماری دوستی سے آپ اپنی دوست کا موازنہ نہ کریں بےکار ہے ہم مثالی دوست ہیں جو پوری دنیا میں دِیا لے کر ڈھونڈنے پر بھی نہیں ملیں گی سعد مسکرا دیا مشی کو لاجواب کرنا اچھے سے آتا تھا....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ٹھیک ہے لیکن آئیندہ اس طرح کی کوئ حرکت نہیں کریں گیں آپ دونوں سعد نے سمجھانا چاہا

اس سے پہلے کہ نینی کچھ بولتی مشی بول پڑی..کیوں بھئ ہم آزاد ملک کے آزاد شہری ہیں تو ہم کچھ بھی کر سکتے ہیں آپ یا کوئ اور ہم پر پابندی نہیں لگا سکتا مشی کی بات پر سب مسکرا دئیے.... اوکے جی کوئ نہیں روکتا آپ کو اب خوش سعد نے ہتھیار ڈالتے ہوئے کہا کہ وہ جانتا تھا مشی سے بحث کرنا بےکار ہے وہ کہاں کسی کی سنتی تھی جو اس کی سنتی عادی ساری گفتگو کے دوران مسکرا رہا تھا اور مزے سے ان کو سن رہا تھا جو بھی تھا مشی کی باتیں سننے میں مزہ آتا تھا اس طرح وہ انجوائے کر رہا تھا یہ سب... پھر ان دونوں کو ہاسٹل چھوڑا اور خود گھر چلے گئے.....

****

اگلے دن مشی اور عادی کیفے میں آمنے سامنے بیٹھے تھے عادی اپنے کام میں مصروف تھا اور مشی فارغ بیٹھی تھی نینی اور سعد برگر لینے گئے تھے مشی نے آج ناشتہ بھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں کیا تھا بھوک سے اس کے پیٹ میں چوہے دوڑ رہے تھے نینی جلدی آؤ چمچ زور سے پلیٹ میں مار کر کہا پھر یوں ہی چمچ زور زور سے پلیٹ میں مارنے لگی جیسے چھوٹے بچے کرتے ہیں. مشی مت کرو عادی نے نرمی سے کہا جب کہ مشی اس کی بات ماننے کے بجائے اور زور سے چمچ مارنے لگی مشی منع کیا ہے نہ کہ مت کرو ابھی آجائے گے نینی عادی نے پھر نرمی سے کہا لیکن مشی باز نہ آئ ساتھ میں نینی کو بھی آواز دی عادی نے منہ اٹھا کر مشی کو گھورا آپ پاگل تو نہیں ہو گئیں جب ایک بار منع کیا ہے کہ نہ کریں تو مطلب مت کریں اب کہ عادی غصے سے بولا. کیوں میں آپ کی غلام ہوں جو آپ کی بات مانوں گی میرا جو دل کرے گا میں وہی کروں گی اس کے غصے کا اثر لیے بغیر بولی آپ پر یہ بلکل سہی آتی ہے

بھینس کے آگے بین بجانا لیکن میں نے تو آپ کے آگے بین نہیں بجائ مشی نہایت معصومیت سے بولی کیفے میں موجود لوگ ان کی جنگ کا لطف لے رہے تھے....

آپ نہ صرف پاگل ہیں بلکہ آپ کا دماغی توازن بھی خراب ہے سو کسی سائیکیٹرس کو دکھائیں ٹھیک ہے مشی نے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تابعداری سے کہا آپ دکھا لیں پہلے اگر فرق پڑا تو میں بھی ضرور دکھاؤں گی پرامس مشی مزے سے بولی جب کہ عادی بل کھاتا اپنی چیزیں سمیٹ کر چلا گیا.... کچھ دیر بعد نینی آگئ اور مشی نے مزے مزے سے اسے ساری بات بتائ نینی ہنسنے لگی. تم دونوں بھی حد کرتے ہو تھوڑی دیر کے لیے ہی اکیلا چھوڑ دو تو فوراً جنگِ عظیم اول شروع کر دیتے ہو ..وہ کیا ہے نہ کہ ہم سوچتے ہیں کہ جو کمی انگریزوں سے رہ گئ وہ ہم پوری کر دیں مشی مسکراتے ہوئے کھانے لگی جب کہ نینی اس کی بات پر .....ہنسنے لگی

عادی کا غصہ فل ہائ تھا وہ گراؤنڈ پر چیزیں پھینک کر اب چکر لگا رہا تھا کیونکہ کام تو اب وہ کر نہیں سکتا تھا مشی نے اس کا دمغ خراب کر دیا تھا عادی نے سعد کو میسج کر دیا تھا کہ وہ برگر لے کر گراؤنڈ میں آجائے... سعد نے آتے ہی عادی سے استفسار کیا؟ کیا ہوا اتنے غصے میں کیوں اور یہاں کیا کر رہا ہے سعد نے ایک ہی سانس میں کئ سوال کر ڈالے عادی بس گھور کر رہ گیا... ڈونٹ ٹیل می عادی کہ تمہاری مس چڑیل سے لڑائ ہوئ ہے... بلکل

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ٹھیک کہا عادی ضبط کرتے ہوئے بولا.. تمہیں پتہ ہے سعد وہ کوئ معصوم وعصوم نہیں ہے بلکہ سائیکو ہے جسے میری بے عزتی کرنے کا خبط رہتا ہے کل مجھے لگ رہا تھا کہ شاید وہ دل کی اچھی ہے بس کبھی کبھی ایسی حرکتیں کر جاتی لیکن نہیں مہیں غلط تھا وہ ایک نہایت فضول لڑکی ہے جسے نہ عقل ہے نہ سمجھ بس مجھ سے لڑنا آتا ہے عادی شروع ہو چکا تھا سعد خاموش تھا کہ وہ ساری بھڑاس نکال لے لیکن عادی مزید کچھ بولے بغیر باہر نکل گیا سعد بس اسے دیکھ کر رہ گیا ان دونوں کا کچھ نہیں ہو سکتا.....

عادی غصے سے پاگل ہوتا گھر پہنچا اور سیگرٹ پینی شروع کر دی..... یہ چھوٹی سی لڑکی میری جان کو آرہی ہے سمجھ نہیں آرہا کیا کروں اس کا دل تو کرتا ہے کہیں اٹھا کر پھینک آؤں..... عادی کو مشی کی سمجھ نہ آتی تھی کیونکہ آج تک اس کا سامنا مشی جیسی لڑکی سے نہیں ہوا تھا اس نے تو ہمیشہ لڑکیوں کو اپنے سامنے دل ہتھیلی پر رکھے دیکھا تھا اور ایک یہ تھی جسے عادی سے کوئ فرق ہی نہیں پڑتا تھا تو اب وہ کیسے اسے برداشت کر لیتا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

جس نے زندگی میں حکم چلانا سیکھا تھا..... مشی نے حملہ بھی اس کی سب سے عزیز چیز اس کے کردار اس کے وقار پر کیا تھا جب کہ وہ کوئ دل پھینک قسم کا انسان نہیں تھا وہ تو بائے مسٹیک اس سے ٹکرا گیا تھا

اور یہ سلسلہ یہاں تک پہنچ گیا تھا سوچ سوچ کر عادی پاگل ہو رہا تھا جب سموکنگ سے بھی کام نہ بنا تو سلیپنگ پلز لے کر سو گیا.....

****

آج شام پھر سے مشی اور نینی باہر تھیں وہ بے مقصد روڈس پر گھوم رہیں تھیں.... نینی چلو وہاں سے بریانی لیتے ہیں مشی نے ایک چھوٹی مگر صاف ستھری دکان کی طرف اشارہ کیا..... مشی اگر کچھ کھانا ہی ہے تو ہوٹل سے لے لیتے ہیں پتہ نہیں کیسی ہو ان کی... میں کچھ نہیں جانتی نینی آج تو یہیں سے کھائیں گے اور دونوں. مشی زبردستی اسے دکان پر لے گئ صفائ دیکھ کر نینی کو تھوڑی تسلی ہوئ اور اس نے بریانی لے لی. مشی کو بریانی لیتے ہوئے پتہ نہیں کیا سوجھی جو دکاندار کو مخاطب کر بیٹھی.... بھائ کہیں اس میں گدھے کا گوشت تو نہیں؟ مشی نے اتنی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

معصومیت سے پوچھا کہ دکاندار سمیت سب ہنسنے لگے مشی اور نینی بھی ہنس دی اور نینی دل ہی دل میں مشی کی عقل کو اکیس توپوں کی سلامتی دے رہی تھی... دیکھیں اگر ایسا ہے تو ہمیں پہلے بتا دیں کیونکہ ہم ملتانی ہیں تو ہم تو نہیں کھائیں گے مشی قطعیت سے بولی..... دیکھیں اگرچہ لاہور اس حوالے سے مشہور ہے لیکن آپ یقین کریں ہم ایسا کام نہیں کرتے.. لو آپ ہمارے مامے لگتے ہو جو میں یقین کر لوں اور نینی کا دل کیا کہ اپنا سر پیٹ لے کہ مشی یہاں بھی شروع ہو گئ کسی کو تو بخش دیا کرو منہ میں بڑبڑائ.... دیکھیں آپ پیک کرواچکی ہیں اب آپ کھائیں یا پھینکیں آپ کی مرضی. مشی ناک چڑھاتی باہر نکل آئ... کہاں سے لاتی ہو ایسی باتیں نینی پوچھنے لگی. یہ جو چھوٹا سا دماغ ہے نہ یہاں سے مشی نے دماغ پر انگلی رکھتے ہوئے کہا نینی مسکرا دی.. کچھ دیر بعد وہ دونوں ایک ریسٹورنٹ میں بیٹھیں چکن کی کڑاہی نوش فرما رہیں تھیں. بر یانی وہ آتیں ہوئیں کسی فقیر کو دے آئیں. نینی یہ تو کھاتا رہتا ہو گا اس کو دے دیتے ہیں.....

****

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کھانا کھانے کے بعد وہ دونوں آئسکریم کھانے چل پڑیں کیونکہ مشی تو آئسکریم کی دیوانی تھی... آج مشی کو کوئ شکار نہیں ملا تھا اس لیے اس کا منہ پھولا ہوا تھا... نینی اسے سمجھا رہی تھی اچھا چلو کیا ہو گیا مشی کہ آج کچھ نہیں کیا اب یہ تو نہیں ہے کہ تم. نے بندے خریدے ہیں جس کے باوجود تمہیں کوئ نہیں ملا نینی اپنا سر کھپا رہی تھی اور وہ ناک منہ سکیڑے بیٹھی تھی جب اس کی نظر سامنے والے ٹیبل پر بیٹھے ایک لڑکے پر پڑی جو غالباً کافی دیر سے مشی کو ہی گھور رہا تھا مشی کو غصہ نکالنے کا موقع مل گیا اور بڑے اعتماد کے ساتھ اس کے سامنے جا کر بیٹھ گئ.... نینی حیران ہو رہی تھی کہ اب وہ کیا کرنے والی ہیں یقیناً اس لڑکے کی تو خیر نہیں نینی نے اپنی ساری توجہ ان دونوں پر مرکوز کر دی.... کیا لگا ہوا ہے میرے منہ پر ؟لڑکا اس کے اس طرح آنے سے کنفیوز ہوگیا.. کیا میرے منہ پر سینگ نکلے ہوئے ہیں؟ سوری میں سمجھا نہیں... اچھا اب تمہیں میری باتیں سمجھ نہیں آرہی اور اتنی دیر سے جو میرا پوسٹ ماٹم کر رہے تھے اس کا کیا؟ اب لڑکے کو سمجھ نہ آیا کہ کیا بولے اسے نہیں پتہ تھا کہ وہ ایسے سامنے آ کر بیٹھ جائے گی.... یہ بتاؤ آج ہی دنیا میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

آئے ہو؟ نہیں... تو پھر کبھی لڑکی نہیں دیکھی. لڑکے سے کوئ جواب نہیں بن پا رہا تھا اور نینی مزے سے انجوائے کر رہی تھی.... لڑکا ہمت کر کے بولا آپ کا نمبر مل سکتا ہے.. ماشاللہ فون نمبر,کریڈٹ کارڈ نمبر بینک کا اکاؤنٹ نمبر سب دیتی ہوں ساتھ میں دو جوتے بھی مشی دانت پیستے ہوئے بولی.... باقی سب تو سمجھ میں آتا ہے لیکن جوتے کس لیے؟ تمہارے سر اور منہ پر مارنے کے لیے... شکل دیکھی ہے تم نے اپنی آئ ڈی کارڈ دکھانے کے بعد تمہیں گھر میں کھانا ملتا ہو گا اور چلے ہو نمبر مانگے تمہاری صحت کے لحاظ سے تو تمہیں خون مانگنا چاہیے تھا کم سے کم پورے نظر تو آتے اب ایسا لگ رہا ہے کہ اپنا آدھا حصہ گھر چھوڑ کر آئے اُدھر نینی ہنس ہنس کر دوہری ہو رہی تھی... دیکھیں!! مشی نے اس کی بات کاٹی کیوں دیکھوں میں بڑے کوئ ریاست کے شہزادے ہو نہ جو پاگلوں کی طرح دیکھنے لگ جاؤ... لڑکے کو سمجھ نہ آئ کہ اس اچانک افتاد پر کیا کرے سو خاموش ہو گیا.... اچھا تو تمہیں نمبر چاہیے تھا نہ میرا؟ جی. سعادت مندی سے جواب دیا.. تمہیں پتہ بھی ہے کہ میں کس کی بیٹی ہوں ایس_ایچ_او کی..... ابھی ان کو فون کر کے کہتی ہوں پھر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیکھنا ایسے ایسے کیس ڈلوائیں گے کہ دو تین سال تمہاری شکل صرف جیل میں نظر آئے گی ای سی میں ہونے کے باوجود بھی لڑکے کو پسینہ آگیا.... یہ کہاں پھنس گیا میں اگلے ایک منٹ میں وہ وہاں سے بھاگ گیا جب کہ مشی ہنستی واپس آئ.... ہوگئیں خوش... اس کے آتے ہی نینی نے پوچھا. بلکل مزہ آگیا اس کی دُھلائ کرنے میں مشی مسکراتی ہوئ بولی... تم نے تو اس کی جان ہی نکال دی پہلے ہی تھوڑی سی تھی ہاہاہا غصہ تھا تو نکال دیا سارا مشی نے آنکھ ماری وہ لڑکا کافی دبلا پتلا سا تھا اب وہ دونوں مزے سے آئسکریم کھانے لگیں...اس کے بعد وہ ہاسٹل کے لیے نکل گئیں..

****

دیکھو ارسل میں کچھ نہیں سنوں گی تم میری ہیلپ کرو گے تو مطلب کرو گے اٹس فائنل مشی نے اپنا فیصلہ سناتے ہوئے کہا. دیکھو مشی یہ غلط بات ہے وہ پروفیسر ہیں اور تم کہ رہی... مجھے نہیں پتہ ارسل بس تم نے کرنا ہے پلیز پلیز پلیز پلیز..... اچھا اچھا ٹھیک ہے لیکن صرف آج آئندہ نہیں کرو گا. ہاں ٹھیک ہے پکا...بلا آخر ایک لمبی بحث کے بعد

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ مان گیا تھا وہ ایسی ہی تھی اپنی بات منوا کر ہی دم لیتی تھی..... آج پروفیسر آمنہ نے ٹیسٹ لینا تھا چونکہ مشی کل گھومنے پھرنے میں مصروف تھی اس لیے اس نے بُک کو کھول کر بھی نہیں دیکھا تھا اور اب خود کو ان کے عتاب سے بچانے کے لیے اس نے ایک پلان بنایا تھا جس میں ارسل کی مدد درکار تھی جو اب راضی ہو چکا تھا مشی جتنا دماغ تم ان پلانز پر لگاتی ہو نہ وہی اگر پڑھائ میں لگا لو نہ تو یہ سب نہ کرنا پڑے.... مشی اِدھر اُدھر دیکھتے ہوئے معاف کیجیے گا میں مشی تو نہیں ہوں آپ شاید کسی اور کو ڈھونڈ رہے ہیں مشی نے ایسے کہا جیسے وہ سچ میں کوئ اور ہو اور ارسل اس کی ڑرامے بازی پر مسکرانے لگا..... اس اثنا میں پروفیسر آمنہ اندر داخل ہوتیں نظر آئیں... ارسل بلکل ٹھیک کرنا ہے. اوکے باس... مشی اور ارسل پروفیسر کے پاس کچھ پوچھنے کی غرض سے گۓ وہ ڈائس کے سامنے کھڑی مشی کو سمجھانے لگیں.مشی نے خاصی احتیاط سے اس طرح چھپکلی ان کے کندھے پر رکھی جیسے وہ اوپر چھت سے گری ہو... میم آپ کے کندھے پر چھپکلی مشی چلائ وہ جو سمجھانے میں مصروف تھیں چیخیں مرتیں ڈائس کے پاس کام کی غرض

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے پڑے ٹیبل پر چڑھ گئیں اور مشی ہنس ہنس کر دوہری ہو رہی تھی باقی کلاس کے بھی قہقہے بلند ہورہے تھے میم کے چھپکلی دیکھنے کے بعد ارسل نے جلدی سے اسے اپنی جیب میں ڈال لیا کہ کوئ دیکھ نہ لے نقلی چھپکلی... پروفیسر کلاس لینے کی بجائے سٹاف روم میں چلی گئیں مشی جانتی تھی ایسا ہی یو گا اب وہ خوش ہوتی نینی کے پاس اپنا کارنامہ سنانے گئ. ہائے نینی تم ہوتیں تو تم. نے پاگل ہو جانا تھا وہ سِین دیکھ کر.... مشی کتنی بدتمیز ہو خاد مزے لے آئ ہو تم ویڈیو ہی بنا لیتی نینی کو افسوس ہونے لگا... چل کوئ نہیں پھر کبھی مشی ہنستے ہوئے اسے تسلی دینے لگی...

مشی, نینی اور ارسل جب کیفے میں پہنچے تو عادی کھڑا کچھ کہ رہا تھا تمہاری وہ مس چڑیل نظر نہیں آرہیں.... اووو آئ سی غالباً ارسل کے ساتھ ہو گی آج کل اسی کے ساتھ ہوتی ہے نہ. عادی کو نہیں پتہ تھا کہ مشی نے اس کی بات سن لی ہے اس لیے انہیں دیکھ کر خاموش ہوگیا یہ نہیں تھا کہ وہ ڈرتا تھا وہ چاہتا تھا کہ یہ سب وہ دوسروں کے منہ سے سنے پھر کس کس کا منہ بند کروائے گی. مشی فل

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

غصے میں اس کے پاس آئ. اس طرح کی چیپ حرکتیں آپ کرتے ہوں گے آپ کے خاندان میں ہوگے ایسے بیہودہ اور گھٹیا کام.. میں ایک عزت دار فیملی سے ہوں اور مجھے کسی کو بتانے کی ضروت نہیں ہے کیونکہ سب جانتے ہیں یہ فطور آپ کے گندے دماغ کا ہی ہو سکتا ہے مشی پھٹ پڑی تھی... آپ کی ہمت کیسے ہوئ کہ میری فیملی------ اس کی بات سنے بغیر ہی مشی مڑ گئ... کےفے میں ان دونوں کی آوازوں کے علاوہ مکمل خاموشی تھی.. جیسے ہی مشی مڑی اس کی نرم کلائ عادی کی مضبوط گرفت میں آگئ میری بات مکمل ہونے سے پہلے آپ نہیں جا سکتی..... مشی جھٹکے سے اپنی کلائ اس کی گرفت سے آزاد کرواتی مڑی اور ایک زوردار تھپڑ عادی کے منہ پر رسید کر دیا.... خاموش فضا میں مشی کے تھپڑ نے ارتعاش پیدا کیا سب ساکن ہو کر یہ سب دیکھ رہے تھے.. عادی اس حملے کے لیے تیار نہ تھا. آئندہ میرا ہاتھ پکڑنے یا ٹچ کرنے سے پہلے اس تھپڑ کو یاد کر لینا کہ کر مشی رُکی نہیں اور وہاں سے نکل گئ... عادی بھی غصے میں پاگل ہوتا وہاں سے نکل گیا.... کسی کو بھی اندازہ نہیں تھا کہ ان کی چھوٹی موٹی لڑائیاں اس نہج تک بھی پہنچ سکتی ہیں.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

عادی اور مشی کافی مشہور تھے یونی میں ہونے والی لڑائیوں میں مشی اور عادی سرفہرست تھے اور اب آگے نہ جانے اس سب کا کیا نتیجہ نکلنے والا تھا....

****

عادی طیش کے عالم میں گھر پہنچا اور خو کو اندر بند کر لیا ملازم سے کہ دیا کہ کسی کو بھی اندر نہ آنے دے..... غصے سے عادی کا دمغ گھوم گیا تھا اور روم کی ہر چیز اٹھا اٹھا کر پھینکنے لگا سارا کمرہ تہس نہس ہو چکا تھا,اندر موجود ہر چیز ٹوٹ کر بکھری ہوئ تھی کمرے میں نائٹ بلب چل رہا تھا جس وجہ سے نیم تاریکی تھی بالکنی کا دروازہ بھی بند تھا جب اس سب سے بھی سکون نہ ملا تو شیشے پر دیوانہ وار مکے برسانے لگا اس کا ہاتھ زخمی ہو چکا تھا لیکن اسے پرواہ نہیں تھی عادی نے اپنے بال مٹھیوں میں جکڑ لیے اسے چین نہیں مل رہا تھا.آگے بڑھ کر اس نے بیڈ کے سائیڈ پر بنے ڈراع سے سیگرٹ اور لائٹر نکالا اور پینی شروع کر دی وہ زمین پر ہی بیڈ کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گیا اور دوسری پے دوسری سیگرٹ سلگاتا گیا ابھی وہ کچھ سوچ نہیں رہا تھا کیونکہ اسے اگر

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ یاد تھا تو صرف مشی کا تھپڑ عادی کا بس نہیں چل رہا تھا کہ مشی کا کچھ کر دے وہ خالی الذہنی کے ساتھ بیٹھا تھا جب اسے دروازے کے باہر سعد کی آواز آئی وہ شاید ملازم سے جھگڑ رہا تھا چابیوں کے لیے جب کہ وہ عادی کے غصے کی وجہ سے منع کر رہا تھا بلآخر وہ چابیاں لینے میں کامیاب ہوا اس نے دروازہ کھولا تو کمرہ سے سیگرٹ کی بو آرہی تھی اور کمرے کی ہر چیز زمین پر ٹوٹی تھی نیم تاریکی میں اسے عادی بیڈ کے ساتھ بیٹھا نظر آیا سعد اس کے پاس چلا گیا... یہ کیا حالت بنا رکھی ہے عادی سعد کو دکھ ہوا اس کی حالت دیکھ کر... اس کے ساتھ وہ بھی زمین پر بیٹھ گیا.... عادی خود پر ہنسا یہ حالت تو کچھ بھی نہیں سعد اس کے مقابلے میں جو حال اس مشی نے میرا کیا ہے ضبط اور غصے سے عادی کی آنکھیں سرخ انگارہ بنی ہوئ تھی جو سعد کو اس ہلکی روشنی میں بھی نظر آ رہیں تھیں... سعد ابھی بولنے ہی لگا تھا کہ اس کی نظر عادی کے ہاتھ پر پڑی جہاں سے خون ابھی بھی بہ رہا تھا... یہ کیا عادی تو پاگل تو نہیں ہو گیا سعد فوراً اٹھا اور فسٹ ایڈ باکس نکالنے لگا جب اس کی نظر ٹوٹے ہوے شیشے پر پڑی غالباً عادی نے اس پر مکے رسید کیئے ہوں گے سعد جلدی جلدی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

خون صاف کر کے پٹی کرنے لگا عادی کی تکلیف اسے بھی تکلیف دے رہی تھی ایک آنسو اس کی آنکھ سے گرا جسے اس نے فوراً صاف کر لیا کیونکہ مرد ہے نی رو نہیں سکتا تھا جب کہ عادی دیکھ چکا تھا... سعد تو کیوں رو رہا ہے؟تو نے جو اپنی حالت بنا رکھی ہے تو کیا یہاں بیٹھ کر قہقہے لگاؤ سعد غصے سے بولا...تجھے پتہ ہے سعد میرا دل کر رہا ہے کہ میں اس مشی کو شوٹ کردوں مجھے ایسے لگ رہا تھا جیسے سب مجھ پر ہنس رہے ہیں میرا مزاق بنا رہے ہیں کہ دیکھو ایک لڑکی نے سب کے سامنے تمہارا کیا حال کر دیا میں پاگل ہو جاؤ نگا سعد میں کیسے اپنی تذلیل برداشت کروں اور کیوں آج تک میرے سامنے کسی کی نہیں چلی تو ھر اس لڑکی کی کیوں عادی نے دوسرے ہاتھ میں گن پکڑ رکھی تھی سعد تو اسے میرے سامنے لے کر آ میں اس گن کی ساری گولیاں اس چار فٹ کی لڑکی میں اتار دوں گا عادی کی آنکھوں میں بےپناہ نفرت اور طیش صاف دکھائ دے رہا تھا..... ٹھیک ہے میں اسے لے آتا ہوں تو اسے شوٹ کر دینا پھر اس کے بعد کیا سعد نے سوالیہ نظروں سے عادی کو دیکھا.. کیا؟؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے بعد یہ کہ تو جیل میں. سب جانتے ہیں کہ مشی نے تجھے تھپڑ مارا ہے اور یہ بھی کی تو کس قسم کا انسان ہے اگر مشی کو کچھ بھی ہوا تو سب سے پہلے تجھے پکڑیں گے اس لیے ہوش سے کام لے تو اسے مرنا چاہتا ہے نہ تو مار لینا لیکن ابھی نہیں سہی وقت آنے پر جب کسی کو پتہ بھی نہ چلے.... عادی نے پُرسوچ انداز میں ٹھیک ہے کہا.. اب غور سے میری بات سن ریلیکس رہ اور اپنی حالت ٹھیک کر کچھ وقت تجھے صبر سے گزارنا پڑے گا تاکہ ہر چیز ٹھیک ہو جائے اور جو تھوڑی سی زندگی بچی ہے اس کی تھوڑی سی جی لینے دے اسے بھی ریلیکس رہنے دے پھر اچانک اٹیک کرنا ابھی تو وہ بھی چوکنا ہو گی کہ تم ری ایکٹ کرو گے تو ابھی کچھ بھی کرنا بے سود ہے سمجھ گئے. عادی نے اثبات میں سر ہلایا سعد نے پانی میں نیند کی گولیاں مکس کیں اور عادی کو پلا دیا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ وہ خود سے نہیں سوئے گا دونوں ڈرائنگ روم میں چلے گئے تاکہ ملازم کمرہ سمیٹ سکے....

****

پہلا سمیسٹر شروع ہونے والا تھا تمام سٹوڈنٹس رٹے لگانے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں مصروف تھے. کوئ کلاس میں کوئ لائبریری میں کوئ گراؤنڈ میں یہاں تک کہ کیفے میں بھی پڑھائ کرتے دکھائ دیتے ایگزام کی وجہ سے مشی اور عادی کی لڑائ کا اثر یونی میں ذائل ہو چکا تھا کہ سب کو اپنی پڑی تھی. مشی اور نینی کے بیچ میں اس بارے میں کوئ بات نہیں ہوئ تھی کہ مشی حق پر تھی.... مشی اور عادی کا آج کل سامنا نہیں ہو رہا تھا کیونکہ وہ زیادہ تر لائبریری میں پایا جاتا اور عادی کے لیے یہی بہتر تھا کہ مشی کو دیکھ کر اس کا خون کھولتا تھا.....

****

نینی یار میں تو بہت تھک گئ ہو مشی نے جمائ روکتے ہوئے کہا.. رات کے دو بج رہے تھے اور وہ دونوں بیٹھی پڑھ رہیں تھیں... نینی کتنا اچھا ہوتا نہ اگر لائف میں یہ منحوس ایگزام نہ ہوتے تمہارا بس چلے تو تم تو سٹڈی ہی ختم کروا دو... نہیں اب ایسی بھی بات نہیں صرف ایگزام, سوچو اگر ایگزام نہ ہوتے تو زندگی کتنی پُرسکون ہوتی کہتی کہتی مزے سے بیڈ پر لیٹتی چلی گئ. نینی نے اسے کشن دے مارا یہ اگر تم پہلے کچھ پڑھ لیتیں تو یہ سب نہ کہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

رہی ہوتیں ہاہاہاہا اگر پہلے پڑھتی تو پھر تمہیں مزے کون کرواتا کہ کر روم سے باہر نکل گئ اور نینی پھر سے مصروف ہوگئ.. کچھ دیر بعد مشی واپس روم میں آئ تو اس کے ہاتھ میں کافی کے دو مگ تھے.. واہ مشی تھینک یو مجھے ضرورت تھی اس کی. ہاں مجھے پتہ تھا اس لیے تو بنائ... اچھے سے جانتی ہوں تمہیں پڑھنا نہ پڑے اس لیے بنائ مشی نے مسکرانے پر اکتفا کیا.آج کل میں ارسل کے بارے میں سوچ رہی تھی بظاہر تو اس میں کوئ برائ نہیں تھی شکل سے بھی ٹھیک ہے اور سب سے بڑھ کر میری ہر اچھی بری بات مانتا اور برداشت کرتا ہے مجھے کوئ ایسا انسان ہی سوٹ کرتا جیسی میری عادتیں ہیں. ٹھیک ہے اس نے فیصلہ کر لیا تھا کہ پیپرز کے بعد وہ حامی بھر لے گئ اگرچہ اسے ارسل سے نہ محبت تھی نہ پسندیدگی بس وہ ایک اچھا انسان ہے اسی لیے.... کافی پیتے پیتے اس نے ساری بات نینی کو بتائ..... بس اب تو کچھ ہی پیپرز رہتے تھے...

****

سنا ہے لاسٹ پیپر والے دن کوئ کنسلٹنٹ آنے والے ہیں..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

عادی نے سعد سے پوچھا... ہاں باہر کے ممالک میں سٹڈی کی انفارمیشن کے لیے... عادی خاموش ہو کر سوچنے لگا.. کیا ہوا؟؟؟

تمہیں یاد ہے سعد پروفیسر حامد نے مجھے کلاس سے باہر نکالنا چاہا تھا ؟؟ ہاں اور تو نے انکل کو کہ کر اسی وقت انہیں خاموش کروا دیا تھا... ہاں تو پھر اب ان کو ان کے کیے کی سزا بھی تو ملنی چاہئے نہ کہ مجھے نکالنا چاہا تھا نہ انہوں نے.... لیکن تو باہر تو گیا ہی نہیں تھا... وہ الگ بات ہے میرے انسلٹ تو ہو گئ تھی نہ اور بے عزتی کا بدلہ بے عزتی.. عادی کے چہرے پر بھرپور اطمینان تھا ....یعنی تم نے کچھ سوچا ہے؟ بلکل عادی مسکرایا.... آج وہ کافی دنوں بعد مسکرایا تھا سعد کو اچھا لگا اس کو پہلے جیسا دیکھ کر.... چل ٹھیک ہے پلان بتا..... عادی نے اسے پلان سمجھایا.. آہاں زبردست عادی مطلب بدلہ بھی اور مزہ بھی.... بلکل سعد حماد اور ایک کلاس فیلو کو فون کرنے لگا کہ ان کی مدد درکار تھی اور وہ دونوں مان چکے تھے البتہ حماد سے کچھ بحث ہوئ لیکن پھر وہ بھی مان گیا کہ وہ ان کا کالج میں بھی دوست تھا.... اب عادی اور سعد

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لاسٹ پیپر کے منتظر تھے. عادی کافی رف سے حلیے میں تھا بڑھی شیو بکھرے بال اور رف سی شرٹ میں بھی وہ .....دلنشین لگ رہا تھا

****

اللہ اللہ کر کے ایگزام ختم ہوئے لاسٹ پیپر کا دن تھا جس کا سب کو بے صبری سے انتظار تھا مشی جلدی جلدی پیپر کر رہی تھی تاکہ سب سے پہلے فارغ ہو جائے.... آہستہ کر لیں مس مسکان. آپ تو ایسے کر رہیں ہیں جیسے کوئ آپ کے پیچھے ہے... بس سر کچھ ایسا ہی سمجھ لیں کہ کوئ پیچھے پڑا ہے... آخری پیپر اور پھر بھی مشی کا دل کر رہا تھا کہ ایسے ہی بھاگ جاؤں..... مشی نے آج ڈارک ریڈ کلر کی فراک پہن رکھی تھی, بال سارے کھول رکھے تھے چہرہ میک اپ سے عاری لیکن آخری پیپرکی خوشی سے دمک رہا تھا... سب سے پہلے مشی نے ختم کیا.. سر ڈن... آپ کی لگتا ہے یہاں سے فوراً بعد فلائیٹ ہے نہیں سر اصل میں اب صبر نہیں ہو رہا تھا اس لیے جلدی جلدی کیا تاکہ کھلی فضا میں سانس لے سکوں.. تو مشی تب سے تم کہاں سے سانس لے رہی ہو... کسی سٹوڈنٹ نے ہانک لگائ.. تب

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے تو ایسے لگتا تھا آکسیجن ماسک کی مدد سے لے رہی ہوں.. سر مسکرانے لگے اور مشی جھومتی ہوئ باہر آگئ جتنی وہ آج خوش تھی شاید ہی زندگی میں اتنی خوشی ملی ہو.سب ابھی پیپر کرنے میں مصروف تھے تو مشی کیفے میں چلی آئ... آج چونکہ میں بہت خوش ہوں اس لیے تمہیں ڈبل پیسے دوں گی بریانی کے... وہ شاید پاگل ہی ہو گئ تھی خوشی میں..... وہ کھانے میں مصروف تھی جب نینی مسکراتی ہوئ آئ.... کیسا ہوا پیپر؟ نینی جب تم اس طرح کے منحوس سوال کرتی ہو نہ زہر لگتی ہو مجھے. ہاہاہا اچھا ...ہاں اور نہیں تو کیا اب جب بندہ دے ہی آیا ہے تو پھر پوچھنے سے بھا غلط صحیح ہوجائے گا کیا مشی منہ بسورتے ہوئے بولی.... اوکے بھئ نہیں پوچھتی اب ٹھیک ہے؟ ہاں... اور نینی شام میں باہر چلنا ہے اوکے نہ ؟ اوکے .....ہے

****

اُدھر عادی, سعد, حماد اور ان کا دوست اپنے پلان کی تیاریوں میں مصروف تھے..... ہر پروفیسر کی چئیر کے پیچھے ان کا نام کھا ہوتا جس پر وہ بیٹھتے....سعد اور حماد

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نے احتیاط سے ان کی چئیر میں بیلون رکھ دیا تھا اب جب وہ بیٹھتے تو پھر ہی پتہ چلتا.... ان کے دوست کے ذمے سر کی کلوز ویڈیو ود آڈیو بنانا تھا..... آہستہ آہستہ ہال سٹوڈنٹس سے بھرنے لگا.. سر حامد ہمیشہ لیٹ ہوتے اور یہی وہ چاہتے تھے .....عادی نے آج بلیو ڈریس پینٹ ساتھ وائیٹ شرٹ اور بلیو ہی کوٹ پہن رکھا تھا. بال سلیقے سے بنائے وہ کافی فریش اور پہلے جیسا لگ رہا تھا وہ لوگ اپنی جگہ پر بیٹھ گئے ہال میں مکمل خاموشی تھی جب سر آئے اور اپنی سیٹ سنبھالی جیسے ہی وہ بیٹھے غبارہ زوردار آواز سے پھٹ گیا سر شرمندہ ہو کر کھڑے ہو گئے دوبارہ بیٹھے تو دوسرا غبارہ بھی پھٹ گیا سر کو سمجھ نہ آیا کہ کیا ہورہا ہے اور سٹوڈنٹس کے قہقہے پورے ہال میں گونج رہے تھے ٹیم کے ممبر جو سٹیج پر آغاز کرنے کے لیے کھڑے تھے اپنی مسکراہٹ پر قابو پانے لگے جب کہ سر غصے سے اٹھ کر چلے گئے..... عادی ہنس ہنس کر پاگل ہو رہا تھا وہ اپنی جیت پر خاصا مسرور نظر آرہا تھا عادی نے سب کو تھینکس کا ٹیکسٹ کیا.... ڈسپلن دوبارہ صحیح کروایا گیا اور انہوں نے انفارمیشن دینے کا سلسلہ شروع کیا.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

****

مشی اور نینی آج پیدل یونی سے ہاسٹل جا رہیں تھیں یہ بھی مشی کی ہی ضد تھی لیکن بعد میں نینی نے کریم بلوا لی... مشی کیا ہے شام کو باہر جانا ہے اور تم پہلے ہی تھکا دو نینی بگڑے تیوروں سے بولی تو مشی مان گئ.وہ دونوں کریم کا انتظار کر رہیں تھیں جب ایک لڑکا انہیں اشارے کرنے لگا مشی تو تپ گئ نینی ابھی اس کی عقل ٹھکانے لگاتی ہوں نینی وہیں کھڑی رہی.. ان سے کچھ فاصلے پر لوگ کھڑے تھے مشی نے جا کر ان سے اس طرح سے کہا کہ لڑکے کو پتہ ہی نہ چلا... وہ آکر مزے سے نینی کے ساتھ کھڑی ہو گئ... بس اب دیکھتی جاؤ نینی مشی نے آنکھ مارتے ہوئے کہا وہ لڑکا ابھی بھی وہیں کھڑا تھا جب کچھ لوگ اس کے پاس آئے.... لڑکیوں کو چھیڑتا ہے شرم نہیں آتی ان جملوں کے ساتھ اس کی دھلائ شروع ہو گئ.. مشی اور نینی ہنستی ہوئ یہ سب انجوائے کر رہیں تھیں پھر جب اس لڑکے کو مارنا بس کیا تو مشی اس کے پاس گئ وہ لڑکا ڑر کے پیچھے ہو گیا کہ شاید وہ بھی مارنے آئ ہے... اس کی اس حرکت پر مشی ہنسنے لگی اور بولی اب بولو زرا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

آئیندہ چھیڑو گے کسی لڑکی کو ؟؟؟ نہیں سوری باجی کہ کر نکل گیا.... کریم آچکی تھی اور ان کے دانت اندر ہی نہیں جا رہے تھے.... ہاسٹل پہنچتے ہی دونوں بیڈ پر ڈھیر ہو گئیں اور سو گئیں

****

شام میں مشی اور نینی جانے کے لیے تیار ہونے لگیں...
مشی میں نے سعد اور عادی کو فون کر دیا ہے ہمیں پک کر لیں گے ٹھیک ہے... وہ دونوں بھی ساتھ جائیں گے؟ تمہیں کوئ مسئلہ ہے کیا؟؟ نہیں میں تو ویسے پوچھ رہی تھی..
مشی نے آج جینز پر گرے ٹی شرٹ پہن رکھی تھی بالوں کو جوڑے کی شکل میں باندھا ہوا تھا ہلکی پنک لپ اسٹک اس کے رنگ کو مزید نکھارتی... نینی نے جینز پر لائٹ پنک کلر کی ٹی شرٹ پہنے بالوں کی ٹیل پونی بنائے پنک ہی لپ اسٹک لگائے وہ کافی پرکشش لگ رہی تھی.... وہ دونوں تیار ہو چکی تھیں لیکن ان دونوں کی کوئ خبر ہی نہیں
تھی..مشی کو انتظار سے سخت کوفت ہوتی تھی اب بھی وہ غصے میں منہ پھلائے بیٹھی تھی لیکن ابھی تک کچھ بولی نہیں تھی اور نینی دعا کر رہی تھی کہ مشی کے بولنے سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلے وہ لوگ آجائیں.... پانچ منٹ ہی گزرے تھے کہ گاڑی کا ہارن سنائی دیا نینی نے شکر ادا کیا.. وہ دونوں اپنے موبائل اٹھاتیں نکل گئیں... وہ دونوں گاڑی میں ہی تھے عادی ڈرائیونگ سیٹ پر اور سعد فرنٹ سیٹ پر.... وہ دونوں آکر پیچھے بیٹھ گئیں عادی سامنے دیکھ رہا تھا جب وہ آکر بیٹھیں اس نے مرر سیٹ کیا تو اس میں مشی کا چہرہ نظر آیا... اردگرد سے بےخبر وہ اپنے پرس میں کچھ ڈھونڈ رہی تھی ایک پل کے لیے عادی کی نظر واپس ہونے سے انکاری ہوئی لیکن اگلے ہی پل اس نے نخوت سے سر جھٹک دیا گاگلز لگائے اور گاڑی سٹارٹ کرنے لگا مشی نے چور نظروں سے مرر میں عادی کو دیکھا وہ بلکل نارمل لگ رہا تھا لیکن اسے تھوڑا عجیب لگ رہا تھا اس دن کے بعد سے یہ ان کی پہلی ملاقات تھی.... ٹھیک ہے جب وہ نارمل بی ہیو کر رہا ہے تو پھر میں کیوں عجیب سمجھوں اس کے سامنے آنا وہ خود سے باتیں کر رہی تھی حالانکہ اسے امید تھی کہ عادی جوابی کاروائی کرے گا لیکن اس نے ایسا کچھ نہیں کیا مطلب اب سب ٹھیک ہے وہ ریلیکس ہو گئی وہ اپنی سوچوں میں تھی جب اسے میڑو سٹیشن نظر آیا... عادی گاڑی روکو... مشی نے اچانک کہا تو عادی نے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

فوراً بریک لگائ اور بیک مرر سے اس سے پوچھنے لگا کہ کیا ہوا؟؟ بس یہیں تک گاڑی میں جانا تھا... کیوں آگے تم نے پرائیویٹ جٹ بلوایا ہے عادی نے بگڑتے ہوئے کہا.... جی نہیں.. آگے ہم میڑو میں جائیں گے سٹیشن کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا.... مشی تمہیں کوئ دورہ پڑتا ہے کیا ؟ اب کی بار نینی نے جواب دیا... یہ ان کے لیٹ آنے کی سزا ہے اب باہر نکلو سارے جلدی. وہ خود باہر نکلتی ہوئ بولی.. نینی چپ ہوگئ اور سوچنے لگی کہ اس لیے تب چپ کر کے بیٹھی تھی اف مشی تم بھی نہ!!!!

نینی بھی باہر نکل گئ کہ اس کے علاوہ کوئ چارہ نہیں تھا... وہ بھی میٹرو میں مہیں جانا چاہتی تھی لیکن سامنے مشی تھی سو چپ چاپ کھڑی رہی.... نینی کے پیچھے سعد بھی نکل آیا.... یار مشی دیکھو اس ٹائم بہت رش ہو گا بیٹھنے کے لیے جگہ بھی نہیں ملے گی... سعد نے اسے سمجھانا چاہا... ہاں تو ہم کھڑے ہو کر چلے جائیں گے کوئ مسئلہ نہیں.وہ بھی مشی تھی... مشی بات کو سمجھو اس طرح خود کو خوار کرنے کا کیا فائدہ؟ فن اینڈ انجوائےمینٹ مشی فوراً بولی....آرام سے گاڑی میں چلتے ہیں بات مان

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لو.... اگر جائیں گے تو سب میٹرو میں ورنی گاڑی میں میں نہیں جاؤں گی.... مشی ہاتھ باندھ کے منہ موڑ کے کھڑی ہو گئ..... سعد تم بھی کسے سمجھا رہے ہو تم لوگ اتنی لیٹ آئے ہو وہ اب کبھی نہیں مانے گی میٹرو میں ہی جانا پڑے گا... عادی اس سارے معاملے میں لاپرواہ سا بنا بیٹھا تھا.... عادی گاڑی لاک کر کے آ جا...سعد نے اسےبلایا.... واٹ؟ تم لوگوں کا دماغ تو خراب نہیں وہ جو کہے گی مانتے جاؤ گے کیا..... سعد نے اسے خاموش رہنے کا اشارہ کیا.... وہ تلملاتا ہوا باہر آگیا.... وہ لوگ بس کا انتظار کر رہے تھے جب عادی مشی ہر شروع ہو گیا... حد ہوتی ہے ویسے آپ نے اپنے ساتھ باقی سب کو بھی خوار کرنے کی ٹھانی ہے کیا؟؟ ہاں تو آپ اے کس نے کہا تھا کہ اتنی لیٹ آئیں...
بولنے کے ساتھ ساتھ وہ آہستہ آہستہ چل بھی رہی تھی کہ وہ بولنے میں اتنی مگن تھی کہ اسے پتہ ہی نہیں تھا کہ اس کے پیچھے کوئ بابا جی کھڑے ہیں اس سے پہلے کہ اس کی ٹکر ہو جاتی مشی ایک دم سے پیچھے ہٹ گئ وہ سب ہنسنے لگے.... اگر آپ تھوڑا دھیان آس پاس بھی رکھیں تو یہ سب نہ یو کہ کر عادی ہنسنے لگا مشی خود بھی ہنس رہی تھی اور کہنے لگی کہ مجھے نظر نہیں آ رہا تھا تو بابا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی کو تو آ رہا تھا نہ وہ ہٹ جاتے لیکن نہیں..... بس آئ تو اس میں رش تھا اس لیے کھڑے ہو کر جانا پڑا وہ بابا جی عادی کے ساتھ کھڑے تھے اور اسے کچھ کہ رہے تھے اس کے بعد عادی کے قہقہے بند ہی نہ ہوں مشی اور نینی سوچ رہیں تھیں کہ ایسی کون سے باتیں کر رہے ہیں وہ..... کچھ ہی دیر میں ان کا سٹیشن آ گیا اور پھر وہ لوگ قریبی ریسٹورنٹ میں بیٹھے تھے... عادی تم بس میں اتنا ہنس لیوں رہے تھے؟ عادی کے چہرے پر پھر سے مسکراہٹ آگئ.... اچھا تو پھر سنو سب وہ بابا جی مجھے کہتے کہ تمہاری معشوقہ تمہارے پیار میں اتنی پاگل ہے کہ اسے دنیا کہ بھی ہوش نہیں.... یہ بات کہنے کی دیر تھی کہ وہ سب بھی ہنسنے لگے..... میں نے ان سے کہا کہ وہ میری معشوقہ میں نے 😂نہیں ہے تو کہنے لگے کہ پھر گرل فرینڈ ہو گی کہا کہ آپ کو گرل فرینڈ کا پتہ ہے تو ناراض ہو کر بولے کہ ہاں ایک میری بھی ہے اُف ایسی ایسی باتیں کر رہے تھے کہ مجھ سے تو ہنسی ہی کنٹرول نہ ہو عادی بول رہا تھا اور وہ سب ہنس رہے تھے.. دیکھو میری وجہ سے اتنا مزہ آرہا ہے اور تم سب مجھے سنا رہے تھے مشی نے شکوہ کرتے ہوئے کہا ٹھیک ہے مان لیتے ہیں بھئ سعد نے اس کی تائید

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کرتے ہوئے کہا اا کے بعد وہ لوگ کھانا کھانے میں مصروف ہو گئے عادی کن اکھیوں سے اپنی اس دشمن کو دیکھ رہا تھا ایسا صرف مذاق میں ہی ممکن ہو سکتا ہے وہ اس بات کے لیے خود کو جواب دینے لگا کیونکہ

اس کا مقصد تو کچھ اور تھا کھانے لگا....وہ لوگ واپس بھی میٹرو پر گئے جہاں تک ان کی گاڑی کھڑی تھی...

****

ماما میری ہائیٹ اتنی چھوٹی کیوں ہے آپی کی تو اتنی اچھی ہے پتہ ہے مجھے بچی کیتے ہیں سب.... مشی نے منہ بسورتے ہوئے شکایت کی.... بیٹا اب سب کی ہائیٹ ایک جیسی تو نہیں ہوتی نہ آپ کی اللہ نے اتنی ہی طے کی ہوگی..... یہ کیا بات ہوئ میں چاہتی ہوں کہ میری ہائیٹ تھوڑی زیادہ ہو..... نینی بولی کہ مشی اب تو کچھ نہیں ہو سکتا..... ایسے کیوں نہیں ہو سکتا میرے پاس ایک آئیڈیا ہے اور وہ ضرور کام کر گا.... اچھا بتاؤ کون سا آئیڈیا ماما نے پوچھا.... میں کوملپین پیا کروں گی مشی نے خوش ہوتے ہوئے کہا جب کہ نینی اور مسز حیدر کی حیرت کی انتہا نہیں تھی مشی تمہارا دماغ تو ٹھیک ہے نہ. جی بلکل ماما.... آپ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نے دیکھا نہیں ہے کمرشل میں وہ بتاتے ہیں کہ ہائیٹ بڑھانے کے لیے پیئں... لیکن پاگل وہ بچوں کے لیے ہے اب کی بار نینی بولی..... ہاں تو کیا ہوا اگر میں بھی پی لوں گی تو جب کہ مسز حیدر اور مشی نے سر پیٹ لیا کہ اس کے دماغ میں یہ الٹی چیزیں کہاں سے آتی ہیں....بس میں نے کہ دیا تو کہ دیا اٹس فائنل.... مشی تم پاگل ہو گئ ہو کیا؟ بس اس لڑکی کے منہ سے کچھ نکل جائے پھر تو پوری کر کے دم لیتی ہے.. مشی ناراض ہو کر اپنے بیڈ پر چلی گئ نینی اگر یہ لے کر آئے تو باہر پھینک دینا مجھے لگتا ہے دن بہ دن اس کی عقل ختم ہو رہی ہے ٹھیک ہے آنٹی میں دیکھتی ہوں اسے... نینی کال کٹ کر کے مشی کے پاس آئ اور اسے ہگ کرتے ہوئے بولی ناراض ہو مجھ سے ؟؟؟ نہیں تو پھر ایسے کیوں بیٹھی ہو... یار نینی تم میری اچھی دوست ہو نہ؟؟ ہاں.... تو بس پھر تم مجھے منع نہیں کرو گی یار مجھے ٹرائ تو کرنے دو.... اچھا ٹھیک ہے لیکن میری ایک شرط ہے.... مجھے ساری شرطیں منظور ہیں مشی خوشی سے نہال ہوگئ.... اونلی ون منتھ اگر ایک انچ بھی فرق پڑا تو تم کانٹینیو کرنا اور اگر نہیں تو پھر تم چھوڑ دو گی... 😨اوکے ڈن.... لو یو نینی تم سب سے اچھی ہو.. لو یو ٹو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....پتہ نہیں مشی تم کب بڑی ہو گی نینی سوچنے لگی

****

مشی کی آنکھ فون بجنے سے کھلی. اس نے نمبر دیکھے بغیر کال اٹینڈ کی... جی کون محترمہ بول رہیں ہیں؟؟؟ مسز حیدر کو حیرت ہوئ کہ مشی نے ان کی آواز نہیں پہچانی... یقیناً سو رہی ہو گی حد ہے اس لڑکی کی طرف دن کے دو بج رہے ہیں اور یہ ابھی تک سو رہی ہے.... بیٹا جی میں آپ کی ماں بول رہی ہوں...غصے سے بولیں.... دیکھیں آپ جو بھی محترمہ ہیں میں ابھی مذاق کے موڈ بلکل نہیں.. مشے نے جمائ روکتے ہوئے کہا... مشی!! اب کے انہوں نے زرا زور دے کر کہا.... مما؟؟ مشی نے نمبر چیک کیا...
اووپسس...سوری
ماما میں سو رہی تھی.... جی وہ تو مجھے پتہ چل ہی رہا ہے.... خیر ہے ویسے اب فون کیا ابھی رات میں تو بات ہوئ تھی.... مشی بیڈ سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئ.... جی رات میں تو آپ نے بھلا دیا تھا اس لیے اب بتا رہی ہوں کہ آپ کے بابا جانی نے کہا ہے کہ آج ملتان آ جائیں.... خیریت؟؟ وہاں جا کر تو سب کچھ ہی بھول گئ ہو... ندا آپی کی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

انگیجمینٹ کرنی ہے یاد آیا ....اووو جی جی یاد آگیا... اب بس جلدی دے نینی کے ساتھ آجاؤ آج ہی اور یاد سے لیٹ نہ .....ہونا مجھے کام ہے گھر آؤ گی پھر بات کرتے ہیں اوکے

مشی نینی کے اوپر گر گئ وہ جو مزے سے خواب دیکھ رہی تھی کراہتی ہوئ مشی کو پیچھا کیا مشی تم پاگل ہو کیا تمہیں نہیں پتہ کہ سوتے ہوئے انسان کی کیا حالت ہوتی ہے.... اووہ میں تو بھول گئ کہ سوتے ہوئے انسان آدھا مرا ہوا ہوتا ہے اور میں نے تمہیں جگا دیا ہاہاہا.... نینی نے مشی کو کشن مارا اور بولی اب کیا مصیبت آگئ تھی.... جلدی اٹھو ملتان جانا ہے.... لیکن کیوں ؟؟؟ تم بھی بھول گئ. آپی کی منگنی ہے بدھو... بس نیند کی وجہ سے ہوش نہیں ورنہ یاد ہی تھا نینی نے منہ بسورا... مشی شاور لینے چلی گئ ..ایک گھنٹے بعد دونوں ڈیو ٹرمنل پر کھڑی تھیں اور تقریباً رات کے دس بجے وہ ملتان میں تھیں... نکلنے سے پہلے انہوں نے سعد, عادی, حماد اور ارم کو انوائیٹ کر دیا تھا...مشی بہت خوش تھی اس شہر میں اس کی بہت سی خوبصورت یادیں تھیں.... حیدر صاحب ان دونوں کو پک کرنے آئے تھے مشے انہیں دیکھتے ہی ان کے گلے لگ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

گئ.. کیسی ہیں میری گڑیا اور اس کی آنکھوں میں آنسو آگۓ لیکن بولی کچھ نہیں..... پاگل لڑکی رونے والی کیا بات ہے اسے خود سے الگ کرتے ہوۓ بولے اور پھر نینی سے حال احوال دریافت کرنے لگے.... مشی خوشی سے انہیں اپنی باتیں بتنے لگی... کتنا عجیب ہوتا ہے نہ باپ اور بیٹی کا رشتہ کہ ساتھ ہو تو یوں لگتا ہے کسی نے گھنا سایہ کر دیا ہو جو آپ کو شہزادی بنا کر رکھتا ہے ایسے ہی نہیں .....کہتے کہ بیٹیوں کے لاڈ باپ ہی اٹھایا کرتے ہیں

****

مشی کے گھر آتے ہی جیسے رونق واپس آگئ سب کے ساتھ ہنسی مذاق کرتے کسی کو وہ تنگ کرتی تو کوئ اسے تنگ کرتا... نینی آرام کی غرض سے روم میں تھی... اب بھی مشی بابا کے ساتھ چپکی بیٹھی تھی اور میسم اسے تنگ کر رہا تھا.... مشی تمہارے لیے ہم نے کچھ بھی نہیں لیا تم پرانے سے ہی کام چلانا پڑے گا... کیوں؟ اگر نہیں بھی لیا تو میں جا کر لے آؤں گی مشی منہ بناتے ہوۓ بولی.... میں دیکھتا ہوں کہ تم کیسے گھر سے باہر کیسے نکلتی ہو. میسم غصے سے بولا مشی اس کے غصے سے واقف تھی اسی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیے روہانسی ہو گئ بابا جانی یہ کیا ہے اس سے اچھا تو مجھے بلاتے ہی نہ وہ رو دینے کو تھی.... جب کہ میسم مزے لے رہا تھا... بھلا آپ کے بغیر کیسے فنکشن ہوتا... اور میسم بس اب مزید میری بیٹی کو تنگ نہیں کرنا... آپ کی ماما نے ساری تیاری کی ہے آپ فکر نہ کرو... میسم ہنسنے لگا اور مشی اسے چڑانے لگی..... اگلے دن منگنی تھی اور لڑکے والے چونکہ آسلام آباد سے تھے اس لیے وہ آج ہی آچکے تھے وہ سب ہوٹل میں ٹھرے تھے اور گھر سارے کزنز سے بھرا پڑا تھا مشی نے رات میں ہی ڈانس کی پریکٹس کر لی کیونکہ ان کا کمپٹیشن تھا لڑکے والوں سے ساری رات انہی کاموں میں گزر گئ.... مشی سارے گھر میں گھومتی پھرتی نظر آ رہی تھی چونکہ وہ دو ہی بہنیں تھیں اس لیے ماما کے ساتھ سارے کام وہی دیکھ رہی تھی....مشی نے پارلر جانا تھا اور گھر میں اس وقت کوئ گاڑی نہیں کھڑی تھی اور اب وہ ماما کا سر کھا رہی تھی جب آپ کو پتہ تھا کہ میں نے جانا ہے تو پھر آپ نے کیوں سب کو جانے دیا... تھوڑا صبر کو لو ابھی بابا آ جائیں گے تو چلی جانا..... کیا ہے ماما پھر دیر ہوجائے گی مجھے نہیں پتہ مجھے ابھی جانا ہے.... توبہ ہے مشی میری جان چھوڑو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میری اور بھی کام ہیں اور جا کر آرام سے بیٹھ جاؤ جب آئیں گے تو چلی جانا.... اس سے اچھا تو میں آپی کے ساتھ ہی چلی جاتی کہ کر پیر پٹختی چلی گئ.... وہ منہ پھلائے بیٹھی تھی جب اس کا کزن احد اس کے پاس آیا.. اگر کہو تو میں چھوڑ آتا ہوں.مجھے نہیں جانا تمہارے ساتھ. مشی نے ناک سکوڑتے ہوئے کہا... اچھا چلو آئسکریم بھی کھلاؤں گا ورنہ پھر دیر سے جانا اب سوچ لو... وہ سامنے صوفے پر آ کر بیٹھ گیا.... ویسے تمہاری حرکتیں تو ایسے نہیں ہیں کہ تمہارے ساتھ جایا جائے لیکن چونکہ آئسکریم کی آفر ہے تو انکار نہیں کروں گی.... جب کہ احد ہنسنے لگا یار کبھی تو عزت دے دیا کرو... اب تم چل رہے ہو یا میں کینسل کروں... ٹھیک ہے چلو بھئ.... وہ سارا سامان اٹھاتی اس کے ساتھ گاڑی میں بیٹھ گئ راستے میں اس نے مشی کی فیورٹ جگہ سے آئسکریم لی اور پارلر چھوڑ دیا وہ تھینک یو کہتی اندر چلی گئ .نینی ندا آپی کے ساتھ پہلے ہی جا چکی تھی اور تیار بیٹھی تھی جب کہ ندا تیار ہو رہی تھی مشی نے کپڑے چینج کیے اور تیار ہونے کے لیے بیٹھ گئ.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سعد, عادی اور حماد آچکے تھے اور انہیں پک کرنے میسم نے جانا تھا پہلے اس نے نینی کو پارلر سے پک کیا اور پھر راستے میں ان تینوں کو بھی....نینی نے ان کو گیسٹ روم دکھایا اور جلدی تیار ہونے کی تاکید کی....

انگیجمینٹ کا ارینجمینٹ گھر کے ساتھ موجود خالی جگہ میں کیا گیا تھا زمین پر کارپٹ بچھائے ہوئے تھے درمیان میں ایک بڑا سا فانوس لگا تھا ہر جگہ لائٹس لگائ گئیں تھیں سٹین دو بنائے گئے تھے ایک کپل کے لیے جو کافی اونچا تھا اور دوسرا ڈانس کے لیے جو اس سٹیج سے کچھ فاصلے پر تھا زمین سے چند انچ اوپر..... ہر چیز بہترین تھی... سب گھر والے ہال میں جمع ہو رہے تھے...نینی اور سعد لوگ بھی ہال میں تھے..... جب مشی اپنی بندیا سنبھالتی ہوئ نظر آئ اس نے فل بلیک ایمبرائیڈری والا سوٹ زیب تن کر رکھا تھا ماتھے پر بندیا لگائے بال کھول رکھے تھے لائٹ سا میک اپ کیئے وہ کسی پری سے کم نہیں لگ رہی تھی آج نہ جانے کتنے اپنا دل گنوانے والے تھے..... عادی کی اس پر نظر پڑی تو واپس نہ ہوئ... اس نے پہلی بار مشی کو تیار ہوئے دیکھا تھا اور بلاشبہ وہ بہت حسین لگ رہی تھی بلیک

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

رنگ میں تو وہ قیامت لگتی.... مشی سب سے پہلے ان کی طرف ہی آگئ.... سفر وغیرہ کا پوچھنے لگی اور پھر آنے کے لیے شکریہ ادا کرتی چلی گئ.... عادی نے آج بلیو چیک والی شرٹ کے ساتھ بلیو ہی کوٹ پہن رکھا تھا ہاتھ میں رسٹ واچ بال جیل سے کھڑے کیے ہلکی ہلکی شیو میں وہ دلکش لگ رہا تھا اور اس پر اس کا مغرورانہ انداز جس کی ایک بار نظر پڑتی وہ دوبارہ ضرور دیکھتا.. مشی یہاں سے وہاں بھاگ رہی تھی ندا بھی آگئ تو رسم شروع کی گئ کیونکہ پہلے ہی کافی رات ہو چکی تھی.... رسم کے بعد ڈانس کا دور چلا سب لوگ سٹیج کے اردگرد بیٹھ گئے ایک بار لڑکی والوں نے ڈانس کرنا تھا اور ایک بار لڑکے والوں نے مقابلہ شروع ہو گیا...سب سے پہلے مشی کا ڈانس تھا.. مشی ڈانس میں کافی ماہر تھی مشی نے میں چیز بڑی ہو مست مست پر ڈانس کیا صرف مشی پر لائٹس پڑ رہی تھی.... عادی کو اپنا دل بے قابو ہوتا دکھائ دے رہا تھا جب اس نے سعد کو کہا یار یہ میرا ایمان خراب کر رہی ہے... سعد ہنسنے لگا اور کہا کہ اب تو خود ہی سنبھال اپنی چڑیل کو کیونکہ وہ تو فل ہتھیاروں سے لیس ہو کر آئ ہے مشی نے بہت زبردست ڈانس کیا ود ایکسپریشن سارا ہال تالیوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور سیٹیوں کی آواز سے گونج اٹھا....مشی کے بعد لڑکے والوں کی طرف سے پرفامنس ہوئ جو مشی کی ہی طرح کمال کی تھی....سب ڈانس ہوگۓ اور مقابلہ ٹائ ہوا کیونکہ دونوں ہی برابر تھے.... مشی سٹیج پر گئ. میرا گفٹ؟؟؟ ہنزلا جو کہ مشی کا بہنوئ ہے سوچتے ہوۓ بولا کون سا گفٹ؟؟؟ واہ بی واہ ابھی تو صرف منگنی ہوئ ہے اور آپ کی یاداشت کمزور ہوگئ ہے جب شادی ہو جاۓ گی پھر تو کہیں گے کون سی مشی؟؟ ندا اور ہنزلا ہنسنے لگے... ہاں تو تم یاد کروا دو اب آپ کی آپی کے ساتھ بیٹھ کر تو مجھے کچھ بھی نہیں یاد.... مشی گھورنے لگی آپ کو یاد ہو تو آپ نے بیٹ لگائ تھی کہ اگر اس منتھ انگیجمینٹ ہوئ تو میرا گفٹ آۓ گا اب لائیں دیں.... ہنزلا کی جاب آوٹ اوف کنٹری تھی اس نے اگلے مہینے منگنی کا کہا تھا جب کہ اس کی کمپنی کی طرف سے فون آگیا اور اسے جانا تھا سو اسی منتھ رکھ لی اور مشی بیٹ جیت چکی تھی... ہنزلا نے منہ بناتے ہوۓ مشی کے ہاتھ پر ایک چھوٹی سی ڈبی رکھ دی مشی نے کھول کر دیکھا تو اس میں ایک سمپل اور ڈیسینٹ سا بریسلٹ تھا.. تھینک یو سو مچ مشی کو بیت پسند آیا اور خوشی سے شکریہ ادا کرتی نیچے اتر گئ.. ہنزلا اور ندا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

....مسکرا دئیے

رات کے چار بج رہے تھے حیدر صاحب نے لڑکے والوں سے کہا کہ وہ رات یہیں رک جائیں اس وقت جانا مناسب نہیں. کافی اصرار کے بعد وہ لوگ مان گۓ....

مشی کچن میں سب کے لیے کافی بنا رہی تھی جب ہنزلا کا ایک کزن اِدھر آیا... مشی نے اسے دیکھا جی بولیں؟؟ آج آپ بہت خوبصورت لگ رہیں تھیں مشی سمجھ گئ کہ وہ کیوں آیا ہے

اچھاااا..... مشی نے اچھا کو لمبا کیا. مجھے تو پتہ ہی نہیں تھا کہ میں اچھی لگ رہی تھی اگر آپ نہ بتاتے تو مجھے تو پتہ ہی نہیں چلنا تھا مشی نے انجان بننے کی ایکٹنگ کرتے ہوۓ کہا..جب کہ وہ ہنس دیا... میں آپ سے دوستی کرنا چاہتا ہوں؟؟ وہ دورازہ نظر آرہا ہے نہ؟ جی!!! وہاں سے باہر کا راستہ ہے چلے جائیں.. آپ مہمان ہیں اسی لیے آرام سے سمجھا رہی ہوں ورنہ میرے پاس اور بھی بہت سے طریقے ہیں مشی نے دانت پیستے ہوۓ کہا باہر سے گزرتا ہوا عادی بھی یہ سب سن رہا تھا اور اس کے چہرے پر مسکراہٹ رینگ گئ.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے مشی کا راستہ روک لیا مشی نے اسے سامنے سے ہٹنے کو کہا لیکن وہ ڈھیٹ بنا کھڑا رہا تو مشی نے پانی کا گلاس اس پر الٹا دیا اس کی جگہ کافی کا کپ بھی ہو سکتا تھا خوش نصیب ہیں آپ کہ بچت ہو گئ ..اس کی شرٹ گیلی ہو گئ تو چینج کرنے چلا گیا... مشی ٹرے میں مگ رکھ رہی تھی جب عادی پانی پینے آیا... ارے آپ.. مشی مسکرائ.. جی وہ مجھے پانی چائیے تھا ..عادی ہچکچا رہا تھا ... ایک منٹ مشی اس کے لیے پانی ڈالنے لگی اور اسے گلاس دیا... عادی پانی پیتے ہوئے بولا آج تو لڑائ نہیں کریں گیں مجھ سے... نہیں مشی مسکراتی ہوئ بولی آپ مہمان ہیں میرے سو مجبور ہوں نہیں کر سکتی مشی نے لاچاری سے کندھے اچکائے عادی مسکراتا ہوا باہر چلا گیا...

سعد میں مشی کو اب مزید مہلت نہیں دینا چاہتا بہت دیکھ لی اس نے زندگی کی رنگینیاں لیکن اب اور نہیں جب جب میں اسے اس طرح پر سکون مسکراتی ہوئ دیکھتا ہوں نہ تو تکلیف مزید بڑھ جاتی ہیں خون کھولتا ہے میرا سوچ تو ہم چکے ہی ہیں کہ کیسے اسے راستے سے ہٹانا ہے اب جیسے ہی وہ لاہور آئے گی فوراً اپنے پلان پر عمل کرنا ہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ لاہور آئے گی اور سب ختم.... عادی کہ کر پرسکون ہو گی تھا جب کہ سعد نے صرف ٹھیک ہے کہنے پر اکتفا کیا..... عادی کے سامنے سکون سے چکر کاٹتی مشی تھی جو نیچے گارڈن میں واک کر رہی تھی وہ سمجھ رہی تھی کہ شاید اس کے اور عادی کے بیچ سب ٹھیک ہو گیا ہے لیکن وہ آنے والے خطرے سے یکسر انجان تھی نہ جانے زندگی اسے کس موڑ پر لے جانے والی تھی...

****

مشی نے ہنزلا کے کزن کی کافی میں جمال گوٹا ملا کر اسے کافی پلا دی تھی اب دیکھنا نینی کیسے یہ واش ورم کے علاوہ کہیں نظر نہیں آئے گا مشی مزے لے کر نینی کو بتا رہی تھی سب لوگ ٹی وی لاؤنج میں بیٹھے تھے.. کافی پینے کے تھوڑی دیر بعد وہ لڑکا واش روم گیا اور اس کے بعد تو یہی چلتا رہا وہ واپس آتا اور کچھ دیر بعد پھر چلا جاتا مشی اور نینی اس کی حالت پر قہقہے لگا رہیں تھیں آج رات تو پکا نہیں سونے والا وہ لان میں واک کر رہی تھی جب اس نے نینی سے کہا.. بلکل تم نے اسے سونے لائق چھوڑا ہوتا تو پھر نہ..... ہاہاہاہا کچھ دیر بعد وہ دونوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....سونے کے لیے مشی کے روم میں چلی گئیں

****

ہنزلا کا کزن ہادی ساری رات سو نہیں سکا اور صبح ہوتے ہی ڈاکٹر کا رخ کیا اسے لگا کہ شاید ملتان کا پانی راس نہیں آیا لیکن اب اس بیچارے کو کیا پتہ کی اسے مشی راس نہیں آئ. ناشتہ کرنے کے بعد سارے مہمان چلے گ ئے اسلام آباد والے بھی اور مشی کے کزن بھی.. اب گھر میں مشی کے دوست ہی رہ گ ئے تھے جنہیں نینی نے روک رکھا تھا.. یار عادی تم تھوڑا لیٹ چلے جانا کیا ہو جائے گا میں اور مشی بھی تم لوگوں کے ساتھ جائیں گیں اور کافی بحث کے بعد بلآخر عادی مان گیا تھا...مشی ابھی کچھ دن رکنا چاہتی تھی لیکن چونکہ یونی میں پارٹی ہونے والی تھی جس کی تیاری ان سب کو ابھی کرنی تھی اس لیے مجبوراً جلدی جانا پڑ رہا تھا مشی لاؤنج میں منہ پھلائے بیٹھی تھی جب اس کے بابا اس کے پاس آئے.. کیا ہو گیا بھئ ہماری گڑیا کو... بابا جانی میرا ابھی دل نہیں کر رہا واپس جانے کو ابھی تو میں نے آپ سے کوئ لاڈ بھی نہیں اٹھوائے.... ہاں تو کس نے منع کیا ہے بتائیں مجھے میں ابھی کلاس لیتا ہوں.... یونی والوں کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہ کر ہنسنے لگی... یونی والوں مطلب انہیں مشی کا مطلب سمجھ نہ آیا...مطلب یہ بابا جانی کہ یونی میں پارٹی ہے جس کی تیاری کرنی ہے اس لیے جانا پڑے گا مشی نے منہ پھلا لیا تو انہوں نے اسے اپنے حصار میں لے لیا... تو میری بیٹی کی ہی خواہش تھی نہ جانے کی پھر اب کیا کر سکتے ہیں... ابھی اگر ماما نے سن لیا نہ تو میری کلاس تو پکی مشی رازداری سے بولی... بلکل اور آپ کے ساتھ میری بھی مشی مسکرانے لگی... بس ایسے ہی میرا بیٹا مسکراتا رہا کرے انہوں نے اس کے سر پر بوسہ دیا اور ڈھیروں دعائین دیں... مشی انہیں بامب والا قصہ سنانے لگے اور وہ پوری تجہ سے سننے لگے لیکن پوری ہونے سے پہلے ہی نینی اسے بلانے آگئ بابا جانی باقی میں آپ کو کال پر بتاؤں گی کہ کر چلی گئ .....مشی یار اپنا جو سامان لے کر جانا ہے پیک کر لو میں نے بہت مشکل سے عادی کو روکا ہے... کیا ضرورت تھی اس مغرور قوم کو روکنے کی ہم اکیلے چلے جاتے اس کے بغیر کیا ہمیں لاہور کی حدود میں داخل نہیں ہونے دیا جاتا نہ جیسے مشی جل کر بولی... اچھا اب بعد میں اپنی بھڑاس نکانا ابھی کام کرو مشی بھی اپنی پیکنگ کرنے لگی ان کی دوپہر کی بوکنگ تھی اس لیے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

....جلدی جلدی سارے کام نمٹانے لگے

نکلتے وقت جب مشی بابا سے مل رہی تھی تو وہ رونے لگے میرے گھر کی رونق پھر جا رہی ہے مشی بھی رونے لگی تھی.... ڈرامہ قیوین عادی بڑبڑایا لیکن مشی نے سن لیا.... مشی مجھے لگتا ہے تم تھوڑی سی پاگل ہوگئ ہو ہم تمہاری بدائ نہیں کر رہے جو بھاں بھاں کر رہی ہو میسم اسے بابا سے الگ کرتے ہوئے بولا.. بابا جانی کیا ہے انہیں مشی چڑ گئ.. مجھے پتہ ہے آپ مجھ سے جیلس ہوتے ہیں اس لیے یہ سب بولتے ہیں. میں کیوں جیلس ہوں بھلا مجھے تم سے زیادہ پیار ملتا جیسے کہ ماما کا میسم اسے چڑانے لگا.... بابا جانی کسی دن میں ان سے بہت لڑنے والی ہوں پھر پتہ چلے گا مشی کا.... اچھا طلو بس تنگ نہ کرو میری گڑیا کو میسم.... وہ جی اچھا کہ کر ہنسنے لگا... مشی چلیں دیر ہو رہی ہے عادی اکتاہٹ سے بولا. مشی غصہ سے جی کہ کر نکل گئ.... میسم ایسا ہی تھا مشی دوسروں کو تنگ کرتی تھی اور وہ مشی کو... بھائ ایسے ہی ہوتے ہیں پیار تو بہت کرتے ہیں لیکن دکھاتے نہیں ان کی انہیں شرارتوں میں پیار چھپا ہوتا ہے ضرورت ہے کہ ہم اسے اس پیار کو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیکھیں اب بھی اس نے مشی کا موڈ ٹھیک کرنے کے لیے ایسا کیا تھا لیکن وہ ابھی اس طرح کے چھپے ہوئے پہار کو دیکھنے کے قابل نہیں ہوئ تھی زیادہ تر حساس لوگ ہی اس طرح کا پہار پہچان پاتے ہیں ورنہ کچھ مشی کی طرح سوچتے ہیں کہ وہ ہم سے پیار نہیں کرتے لیکن ان کا یہی طریقہ ہوتا ہے پیار دکھانے کا.....

****

گاڑی میں بیٹھتے ہی مشی شروع ہو گئ.... آپ کو کیا مسئلہ ہو رہا تھا ہاں بتائیں زرا معید... میں نے کیا کہا ہے اب آپ کو؟؟؟ کیا کہ رہے تھے ڈرامےباز ہاں؟ ہاں تو ڈرامے ہی کر رہیں تھیں پہلے آپ کی وجہ سے لیٹ جا رہے ہیں اور اب مزید دیر کر رہیں تھیں... اس سے پہلے کہ مشی کچھ بولتی سعد نے دونوں کا خاموش کروا دیا پلیز یار کبھی تو تم دونوں یہ سب بند کر دیا کرو ساری رات جاگنے سے پہلے ہی سر میں درد ہو رہا ہے اور اب تم دونوں شروع ہو جاؤ پتہ نہیں کب بڑے ہو گۓ سعد غصے سے بول رہا تھا اس لیے دونوں چپ ہوگۓ مشی منہ میں بڑبڑانے لگی.....

تقریباً سارا راستہ وہ سب سوتے ہوئے گۓ کیونکہ رات میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کوئ نہیں سویا تھا اور صبح بھی جلدی اٹھ گ ئے تھے...
مشی کی آنکھ کھلی تو وہ سب سو رہے تھے کچھ دہر وہ
فون یوز کرتی رہی لیکن پھر سگنل چلے گ ئے... لو جی
اسے بھی ابھی جانا تھا مشی فون بیگ میں رکھتے ہوئے
بولی اب کیا کروں سب تو سو رہے ہیں اس نے سونے کی
کوشش کی لیکن نیند نہ آئ تو پھر اس کا شرارتی دماغ چلنے
لگا اس نے پھر سے فون نکالا اور سب کی سوتے ہوئے
ویڈیو بنانے لگی سعد خراٹے لے رہا تھا تو باقی سب بھی
کوئ کس حال میں تھا کوئ کس حال میں ویڈیو بنانے کے
بعد وہ آرام سے اپنی جگہ پر واپس آگئ..... وہ بار بار فون
چیک کرنے لگی پھر جیسے ہی سگنل آئے اس نے فیسبک
پر ان سب کی ویڈیو ڈال دی جس کا عنوان تھا کہ یہ سب
ڈرگز کے نشے میں ہیں خدارا ان سے دور رہیں ساتھ میں
ان سب کو ٹیگ بھی کر دیا تاکہ وہ محروم نہ رہ جائیں ..
مزہ اسے عادی کو چکھانا تھا لیکن اس کے ساتھ ساتھ باقی
سب کی بھی شامت آئ... گاڑی میں میں چپ کر گئ تو اس
کا مطلب یہ نہیں کہ مسٹر معید احمد میں آپ کو بخش دوں
گی وہ ابھی سے ان کے ری ایکشن سوچ سوچ کر ہنسنے
لگی اور پھر اب اسے پھر سے نیند آگئ اس کی نیند بھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسی کے جیسی تھی ڈرامےباز پہلے آئ نہیں اور اب کام ہونے کے بعد آگی.....

****

جیسے ہی وہ لوگ لاہور پہنچے مشی نے جلدی کی رٹ لگا لی وہ چاہتی تھی کہ سب کو اس کے کارنامے کا گھر جا کر پتہ چلے تاکہ مشی کو کچھ کہ نہ سکیں 🙈🙈🙈 اب تم کیوں ہنس رہی ہو نینی نے مشی سے پوچھا کچھ بھی تو نہیں... نینی کا ڈرائیور آچکا تھا اور انہیں ہاسٹل چھوڑ گیا... ان تینوں کو بھی لینے آرہے تھے مشی جلدی سے چینج کر کے سونے چلی گئ تاکہ نینی کے عتاب سے بچ سکے.... مشی تم. مجھ سے کچھ چھپا رہی ہو نہ نینی نے جانچتی نظروں سے دیکھا.... بلکل بھی نہیں سیریس ہو کر جواب دیا....پھر تم ہنس کیوں رہی ہو بار بار تم نے یقیناً کوئ نہ کوئ کارنامہ سر انجام دیا ہو گا بتاؤں مجھے بیسٹ فرینڈ تھی کیسے نہ سمجھتی... نہیں یار کچھ بھی نہیں وہ تو مجھے ہادی والی بات پر ہنسی آرہی تھی نینی بھی مسکرانے لگی. اچھا پھر ٹھیک ہے وہ مطمئن ہوگی تو مشی سو گئ شکر ہے اسے پتہ نہیں چلا ورنہ سارا پلان خراب

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

...کر دیتی مشی مسکراتی سو گئ

****

میری یہ بات اچھے سے دماغ میں بٹھا لو کہ جیتے جی تو میں ڈائیورس نہیں دوں گا ہاں البتہ میرے مرنے کے بعد آپ آزاد ہو گی.... مشی نے عادی کا کالر پکڑ لیا آئ سیڈ گیو می ڈائیورس رائٹ ناؤ.... ریلیکس ڈئیر آپ کی یہ خوہش میں پوری نہیں کر سکتا عادی نے اپنے کالر سے اس کے ہاتھ ہٹتے ہوئے کہا... تو یہ بات آپ بھی لکھ لیں کہ جو آپ کی ہوس ہے نہ وہ میں بھی پوری نہیں ہونے دوں گی اپنی یہ درندگی کہیں اور جا کر پوری کریں آپ جیسے جانور کے ساتھ تو میں ایک پل بھی نہ رہو... مشی کی بات عادی کو طیش دلا گئ... اچھا میں جانور ہوں تو آپ ڈائیورس کیوں لینا چاہتی ہو اس ارسل کے ساتھ رنگ رلیاں منانے کے لیے ....عادی کی بات ابھی مکمل ہی ہوئ تھی کہ مشی نے اس کے منہ پر چانٹا دھر دیا..عادی کی آنکھوں میں خون اتر آیا.... مشی یہ تم نے اچھا نہیں کیا... اچھا تو آپ نے بھی نہیں کیا میرے ساتھ شکر کریں اس کے بدلے کچھ نہیں کہا میں نے.... عاسی کے دل میں مشی کے لیے جو نرم گوشہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پیدا ہوا تھا اس تھپڑ اور گفتگو کے بعد وہ بھی ختم ہو گیا....
عادی گاڑی کی طرف مڑ گیا اور بولا

مشی ایک آخری چیز اب میں کروں گا اور پھر پچھتاؤ گی اپنے اس تھپڑ پر... تم مجھے بار بار مجبور کرتی ہو کہ میں وہ سب کروں جو میں نہیں کرنا چاہتا لیکن اب جب تم خود دعوت دے رہی ہو تو پھر میں کیا کر سکتا ہوں... کل کے لیے تیار رہنا ایک خوبصورت سا سرپرائز ہے آپ کے لیے کہتا ہوا گاڑی میں بیٹھا اور واپس نکل گیا....سعد کو اس نے مشی کی لوکیشن بتا دی تھی جلد ہی وہ یہاں سے اسے لے جائیں گے.... عادی ضبط کرتا بالوں میں ہاتھا پھیر رہا تھا.... مشی مشی غصے سے چلاتے ہوئے اس نے سٹیرنگ پر ہاتھ مارا.... بس یہ آخری چیز اس کے بعد کسی کے ساتھ نظر نہیں آؤ گی اور ہر چیز خود ختم ہو جائے گی پھر میرے .....علاوہ کوئ نہیں ہو گا تمہارا

****

عادی پر غصہ نکالنے کے بعد مشی کافی ہلکا محسوس کر رہی تھی لیکن اب وہ آنے والے نئے خطرے کو سوچ رہی تھی اب کیا چل رہا ہو گا اس کے شیطانی دماغ میں...اس نے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہا آخری چیز ایسا کیا کرنے والا ہے وہ سوچ سوچ کر مشی کا دماغ مفلوج ہو چکا تھا ڈھنڈ کے باعث مشی کے ہاتھ پیر بھی نیلے پڑ گ ئے تھے اب ہوش میں آئ تو اسے سردی لگنے لگی تھی عادی جاتے جاتے اپنا کوٹ پھینک گیا تھا مشی ہاتھ مسلتی اٹھی اور عادی کا کوٹ پہن لیا.. ایک دم سے اسے لگا کہ عادی یہیں موجود ہے یہ شاید اس کے پرفیوم کی خوشبو کے باعث تھا جو مشی کو آرہی تھی....
اسی اثنا میں نینی اور سعد وہاں پہنچ گ ئے.... نینی نے بنا کچھ پوچھے چپ چاپ اسے گاڑی میں بیٹھایا اور ہاسٹل طل دئیے... مشی نے سر پیچھے ٹکا کر آنکھیں موند لیں...
ہاسٹل پہنچ کر بھی نینی نے اس سے کچھ نہ پوچھا وہ بس مشی کی سلامتی چاہتی تھی جیسے وہ ریلیکس رہتی....
مشی نے عادی کا کوٹ اتارا اور بلینکٹ اوڑھ کر لیٹ گئ....
نینی نے اسے میڈیسنس دی جسے وہ چپ چاپ لے کر سو گئ..... مشی کو اس حال میں دیکھ کر نینی کا دل کٹ رہا تھا نہ جانے مشی کون کون سے راز سینے میں لیے بیٹھی تھی اور اسے خبر بھی نہیں ہوئ... نینی کافی دیر اس کے سرہانے بیٹھی رہی پھر اس کے ماتھے پر بوسہ رے کر اٹھ گئ..... رات کا ناجانے کون سا پہر تھا جب مشی کا فون

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بجنے لگا... اف اتنی رات کو کاے مصیبت پڑ رہی ہے...
مشی نے حسب عادت بنا نمبر دیکھے فون اٹھایا... جی کون بول رہا ہے..... آپ کا شوہر نامدار... عادی نے سیگرٹ کا کش لیتے ہوئے کہا.مشی نے فوراً نمبر چیک کیا تو جن کالنگ لکھا ہوا تھا..... اتنی رات کو بھی آپ کو چین نہیں ملتا جو دوسروں کی نیند خراب کرتے ہیں...

یہ اچھا ہے دوسروں کی نیند حرام کر کے خود آرام سے سو جاؤ. عادی نے جل کر کہا... میں نے تو آپ کو ایسا کوئ حکم نہیں دیا کہ آپ نہ سوؤیں نہ ہی مین آپ پر بندوق تان کر کھڑی ہوں کہ اگر سوئے تو گولی چلا دوں گی اس لیے مجھے مت کہیں کچھ بھی جاگ اپنی مرضی سے رہیں ہیں تو اس میں میرا کیا قصور..... سارا قصور ہی آپ کا ہے.... آپ نے یہ سب کہنے کے لیے فون کیا ہے تو میں بند کر رہی ہوں....جی نہیں بہت اہم بات کرنی ہے... فرمائیں....

------کل آپ ساری یونی کے سامنے مجھے کہو گی کہ

مشی= کہ؟؟؟

آئ وانا ہگ یو.....کہ کر عادی مسکرانے لگا...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کبھی نہیں میرا دماغ خراب نہیں جو یہ حرکت کروں سمجھے آپ مشی قدرے چلا کر بولی.... ٹھیک ہے پھر میں آپ کو اٹھوا لوں گا..عادی کے اطمینان میں کوئ کمی نہ آئ.... اور مشی سر تھام کر بیٹھ گئ کہ اب اس انسان کا کیا کرے. آپ کے باپ کی پراپرٹی نہیں ہوں میں کہ جو دل میں آئے کرواتے جائیں... باپ کی نہ سہی میری تو ہو نہ اب چاہے تو آپ کا دماغ خراب ہو چاہے درست مجھے فرق نہیں پڑتا اگر آپ نے میری بات نہیں مانی تو ایسی جگہ لے جاؤں گا واپس بھی نہیں آسکو گی اور اگر آ بھی گئ تووووو آپ خود ماشاُاللہ سمجھدار ہو..... دکھا ہی دی نہ پھر آخر اپنی اوقات..... بلکل میں نے سوچا اب میں آپ کو بتا ہی دوں کہ میں کتنا گھٹیا ہوں ہر وقت تو مجھے کہتی رہتی ہو سوچا تھوڑا سا دکھا بھی دوں... عادی لطف لے رہا تھا.... مشی خوموش رہی کل کا مطلب کل ہی ہوتا ہے یونی نہ آئ تو خود لینے آ جاؤں گا کوئ بہانہ نہیں...کہ کر اس نے فون کاٹ دیا..... مشی میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ آپ کے ساتھ ایسا کچھ کروں گا لیکن آپ مجھ سے دور جانا چاہتی ہو اور میں اس بات کا روادار نہیں..... میں کبھی نہیں دیکھ سکتا کہ آپ مجھے چھوڑ کر کسی اور کے پاس چلی جاؤ ہر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

گز نہیں پہلے کی بات اور کی لیکن اب کسی شرط پر بھی نہیں.... اس اب کے بعد مجھے کہنے کی ضرورت ہی پیش نہیں آئے گی آپ خود ہی کسی کے پاس نہیں جاؤ گی پھر بس عادی ہو گا اور مشی.... عادی اپنی سوچوں پر خود ہی .....مسکرا دیا اور سونے کے لیے لیٹ گیا

اُدھر مشی کی نیند حرام ہو چکی تھی اب اسے کہاں سے نیند آنے والی تھی.... یہ جھ سے ایسے کام ہی کیوں کرواتا ہے اف دیکھنا معید احمد ایک دن تم آو گے مجھ سے معافی مانگنے اس دن میں تمہیں ٹھوکر مار کر جاؤ گی.... سوچتے سوچتے مشی کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگۓ.... آج کل یہ رم جھم ہوتی ہی رہتی تھی.... دیکھتے ہی دیکھتے صبح بھی ہوگی مشی دعائیں مانگ رہی تھی کہ آج صبح ہی نہ ہو لیکن ایسی دعائیں بھلا کس کی قبول ہوتی ہیں..... مرتی کیا نہ کرتی اٹھ کر شاور لینے چلی گئ .....مشی نے سکن کلر کی شرٹ پر میرون کلر کا کوٹ پہن رکھا تھا بالوں کو جوڑے کی شکل دے کر مقید کیا کچھ چھوٹی لٹیں اس کے چہرے پر بکھی ہوئیں تھیں مشی نے انھیں سمیٹا نہیں کہ وہ خود بھی تو ایسے ہی بکھری ہوئ تھیاور شوز پہننے لگی...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اتنے میں نینی بھی شاور لے کر آگئ... اب کیسی طبیعت ہے مشی؟؟ نینی اسے بی ہیو کر رہی تھی جیسے کل کچھ ہوا ہی نہ ہو سچے اور مخلص دوستوں کی یہی نشانی کوتی ہے ان کے لیے آپ سے بڑھ کر کچھ نہیں ہوتا پھر چاہے آپ ان سے کچھ چھپائیں یا لڑائ کریں وہ فرق نہیں پڑنے دیتے... ٹھیک ہوں.. آہستہ سے بولا مشی کا چہرہ مرجھایا ہوا بےرونق تھا.... آنکھیں رونے کی چغلی کھا رہیں تھیں کچھ دیر میں وہ دونوں یونی کے لیے نکل گئیں... اب بھی وہ دونوں پیدل چل رہیں تھی... یہ مشی کی خواہش تھی سفر کتنا بھی لمبا کیوں نہ کر لے آخر یونی تو آ ہی جانی تھی.....اور یونی آ گئ مشی کو لگ رہا تھا کہ اسے سولی پر لٹکانے کے لیے لے جایا جا رہا ہے نفرت ہے مجھے تم سے معید احمد آنکھ سے نمی صاف کرتی ہوئ بولی..... معید گراؤنڈ میں کھڑا تھا اور میجورٹی سٹوڈنٹس بھی وہیں پر تھے.....

وہ بلیک بیوٹی بنا ہوا تھا.. بلیک پینٹ شرٹ پر بلیک ہی کوٹ... کالا رنگ اس پر بہت جچتا تھا اپنی تمام تر وجاہت لیے وہ سب کے بیچ میں نمایاں تھا.... مشی کا دل کیا اس کا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

منہ نوچ لے دو چار تھپڑ اور اس کے منہ پر دے مارے وہ بھی سب کے سامنے لیکن نہیں پہلے ہے وہ سزا بھگت رہی تھی مزید برا وہ نہیں چاہتی تھی...عادی مسرور سا کھڑا تھا چہرے پر مسکراہٹ جیسے فاتح لوگوں کے چہرے پر ہوتی ہے..... عادی نے مشی کو آنکھوں سے اشارہ کیا کہ وہ اپنا کام شروع کرے.... مشی ہمت جمع کر کے اس کے پاس گئ.... وہ بول رہی تھی لیکن اس کی آواز نہیں نکل رہی تھی... یااللہ یا تو مجھے ہارٹ اٹیک ہو جائے یا پھر اس درندے کو لیکن اب اس کی کوئ دعا قبول ہونے والی نہیں تھی مشی نے ڈھیروں ہمت مجتمع کی اور عادی کی جانب دیکھتے ہوئے بولی کیونکہ باقی سب کو تو وہ منہ نہیں دکھا سکتی تھی.

مسڑ معید احمد... مشی نے گلا صاف کر کے اونچی آواز میں کہا.... کافی لوگ اپنی باتیں چھوڑ کر ان کی جانب متوجہ ہوئے.... جی مس مسکان... عادی شریر سی مسکراہٹ لیے بولا... مشی کے لب کپکپا رہے تھے آنکھیں بند کیناور جلدی سے بولی.....

آئ وانا ہگ یو.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

عادی نے ماکراتے ہوئے اثبات میں سر ہلایا اووکے آئ ہیو نو پرابلم... سب لوگ دلچسپی سے ان دونوں کو دیکھنے لگے....

مشی آگے بڑھی اور اس کے سینے سے لگ گئ نہ جانے کہاں سے اتنی ہمت جمع کی تھی مشی نے ....عادی نے آگے بڑھ کر اسے اپنے حصار میں لے لیا..... وہاں موجود لڑکوں نے ہوٹنگ اور سیٹیاں ماریں. مشی کی آنکھیں چھلک پڑی وہ اس سے الگ ہونا چاہتی تھی لیکن عادی نے اسکے گرد مضبوط حصار بنا رکھا تھا مشی بھی اپنے آنسوؤں پر بندھ باندھنے پر اس کے سینے سے لگی رہی..... تھینک یو مائ سوئیٹ وائف... عادی نے اس کے کان میں سرگوشی کی....مشی آنکھوں میں بے پناہ غصہ اور نفرت لیے اس سے الگ ہوئ اور سر جھکائے ہجوم کو چیرتی یونی سے باہر چلی گئ.....عادی مسرور سا مسکرا دیا مشی اب تم صرف میری ہو.... عادی کو اندازہ ہی نہیں تھا کہ مشی کو اپنا بنانے کے چکر میں اس نے اسے خود سے کتنا دور کر دیا تھا.....

مشی بےمقصد سڑکوں پر چلتی جا رہی تھی ایک بے چینی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اضطراب تھا جو اسے بے سکون کر رہا تھا... پتہ نہیں سب کیا سوچ رہے ہوں گے میرے بارے میں... عادی تم نے ایک ایسی مشی سب کو دکھائ ہے جس کا حقیقت میں کوئ وجود ہی نہیں ہے... تم نے اپنے بدلے کی آڑ میں میری روح تک کو زخمی کر دیا ہے پہلے والے زخم کم تھے کیا جو اب یہ گھاؤ بھی میری روح میں لگا دیا جسے میں ساری زندگی بھی بھرنے کی کوشش کروں تو یہ زخم. کبھی مندمل نہیں ہو گا.... مجھے لگا تھا کہ میں یہ سب برداشت نہ کر پاؤں گی اور مجھے کچھ ہوجائے گا تو کم سے کم میری اذیت میں تھوڑی کمی ہو جاتی لیکن نہیں پتہ نہیں اتنی ہمت تھی مجھ میں....ظالم ہو تم عادی ایک ظالم درندے مشی زادوقطار رو رہی تھی... اب وہ ہاسٹل کی جانب چل دی..... پتہ نہیں میں یونی جا بھی پاؤں گی یا نہیں اتنیہمت تو نہیں ہے کہ کسی کو فیس کر سکوں وہ اپنی ہی سوچوں میں گم چلتی جا رہی تھی جب ایک گاڑی سے اس کی ٹکر ہوتے ہوتے بچ گئ... موت بھی مہربان نہیں ہوتی مشی تلخی سے مسکراتی ہوئ چل دی... ہاسٹل پہنچ کر وہ اپنے بیڈ پر ڈھے گئ..... نینی.... اف نینی تمہیں کیا کہوں گی میں, میں تو اتنی مجبور ہوں کہ تمہیں بھی کچھ بتا نہیں سکتی.... مشی نے وہیں لیٹے لیٹے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک فیصلہ کیا اور اٹھ کر اپنا سامان پیک کرنے لگی اسے نینی کے آنے سے پہلے نکلنا تھا جلدی جلدی اپنی ضرورت کی چیزیں رکھیں اور موبائل اٹھا کر بیگ لیے نکل گئ.....
آٹو میں بیٹھی اور کچھ ہی دیر میں وہ ڈیو ٹرمینل بیٹھی تھی... صحیح تھا یا غلط, بزدلی تھی یا فرار فلحال وہ منظر سے غائب ہو جانا چاہتی تھی لیکن منظر سے غائب ہونے پر حقیقت تی نہیں بدلتی.....

مشی خالی الذہنی میں بیٹھی بس کا انتظار کر رہی تھی.....

تقریباً بیس منٹ بعد اس کی مطلوبہ بس آئ اور وہ اندر چلی گئ... نینی کو اس نے اب میسج کر دیا کہ وہ ملتان جا رہی ہے اور موبائل بیگ میں ڈال کر آنکھیں موند لیں.....

ملتان پہنچتے پہنچتے مشی کو رات ہو گئ تھی... مشی نے حیدر صاحب کو فون کر دیا کہ وہ آکر مشی کو لے جائیں....
مشی کو جیسے ہی حیدر صاحب نظر آئے وہ بھاگ کر ان کے گلے لگ گئ اور رونا شروع کر دیا.... مشی کو ورتے دیکھ کر وہ پریشان ہوگئے کچھ اس کی اچانک آمد بھی تشویش میں مبتلا کر رہی تھی... گڑیا کیا ہوا آپ کو ٹھیک تو ہو ایسے کیوں رو رہی ہو؟؟ وہ مشی کے بال سہلاتے ہوئے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بولے مشی کچھ نہ بولی بس روُے گی دل تو کر رہا تھا سب کچھ بابا جانی کو بتا دے پھر دیکھے کہ کس طرح کو انسان مشی کو تکلیف دیتا ہے جنہوں نے اسے کانٹا بھی چبھنے نہ دیا تھا آج وہی گڑیا اذیت میں تھی اور وہ چاہ کر بھی انہیں بتا نہں سکتی تھی... مشی ان سے الگ ہوئ اور آنکھیں صاف کیں... کچھ بھی نہیں ہوا بابا جانی مجھے آپ کی بہت یاد آ رہی تھی اس لیے بھاگتی ہوئ آپ کے پاس آگئ وہاں آپ کی طرح میرا خیال رکھنے والا کوئ نہیں نہ اس لیے... مشی کی آنکھوں کے گوشے پھر سے بھیگ گۓ..... مشی کی بات سے ان کو تھوڑی سی تسلی ہوئ کہ وہ ایسی ہی لاابالی سی لڑکی تھی... نہ جانے مشی میں اتنی ہمت اور برداشت کہاں سے آگئ تھی کہ وہ جو زرا سی خراش آنے پر پورے گھر کو سر پر اٹھا لیتی اب سب کچھ اپنے دل میں رکھتی جا رہی تھی سارے دکھ اکیلی برداشت کر رہی تھی.....پھر وہ گاڑی میں بیٹھ گئ اور گھر کی طرف روانہ ہوۓ..... گھر میں سب سے ملتے ملتے بار بار مشی کی آنکھیں بھیگ رہی تھی مسز حیدر کو تھوڑی سی تشویش بھی ہوئ لیکن سب جانتے تھے کہ مشی چھوٹی چھوٹی باتوں پر رونے لگ جاتی ہے اس لیے کسی نے زیادہ توجہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہ دی اس بات کی طرف.....ملنے کے بعد وہ سب ڈائینگ ڈیبل پر بیٹھ گ ئے... ماما آج آپ مجھے اپنے ہاتھ سے کھانا کھلائیں... لو بھلا اب آپ کوئ چھوٹی بچی ہو جو میرے ہاتھ سے کھانا کھانا ہے... بابا جانی پلیز ماما کو بولیں اب تو میں یہاں ہوتی بھی نہیں ہوں پھر بھی مجھ سے پیار نہیں کرتیں.... مشی رونے لگ گئ....مشی میں تو سب کی جان بستی تھی... مسز حیدر اس کے پاس بیٹھ گئیں.. میری بیٹی نے میرے ہاتھ سے کھانا ہے نہ آؤ میں آپ کو کھلاتی ہو... پیار سے مشی کے بال سنوارتے ہوئے بولیں... اور مشی چپ چاپ ان کے ہاتھ سے کھانے لگی... نہ جانے کیوں مشی کو لگ رہا تھا کہ اب یہ اس کا گھر نہیں ہے اس لیے بار بار ہر بات پر اس کی آنکھوں میں آنسو آرہے تھے... کھانے کے بعد مسز حیدر مشی کے ساتھ اس کے روم میں چلی گئیں...مشی ان کی گود میں سر رکھ کر لیٹ گئ... کتنا سکون ملتا ہے نہ ماں کی گود میں مشی کو آج احساس ہوا تھا... ان کی گود میں سر رکھے مشی کافی ریلیکس ہوگئ تھی... مشی آپ ٹھیک ہو نہ؟؟؟ جی ماما میں بلکل ٹھیک ہو.... پھر آج بار بار آپ رو کیوں رہی ہو پہلے بھی روتی تھی لیکن ایسے نہیں.. ماں تھی نہ کیسے نہ سمجھتی بدلی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوئ مشی کو.... مشی ان کے ہاتھ چومتے ہوئے
بولی...مجھے آپ سب کی بہت یاد آ رہی تھی اس لیے اب
سب کو دیکھ کر بار بار رونا آ رہا ہے پہلے کبھی اکیلی آپ
سب سے دور رہی بھی تو نہیں کچھ دیر بعد وہ باہر چلی
گئیں اور مشی پھر سے ویسی ہو گئ تکلیف ہی اتنی تھی کہ
ضبط کے باوجود اشک تھمنے کا نام ہی نہیں لے رہے
تھے... مشی کو نینی یاد آ رہی تھی وہ سب کچھ نینی سے
شئیر کرنا چاہتی تھی لیکن کر نہیں سکتی تھی... مشی نے
لیپ ٹاپ نکالا اور نینی کو سکائپ پے کال کرنے لگی....
ہیلو نینو کیسی ہو؟؟؟ مجھے تو ایسا لگ رہا ہے مشی کہ تم
ہمارے روم کا اکسیجن ساتھ لے گئ ہو جب سے گئ ہو
سانس ہی نہیں آ رہی تب سے آکسیجن ماسک کی مدد سے
سانس لے رہی ہوں... نینی مزاح کرتی ہوئ بولی مشی
مسکرا دی آج پورے دن میں وہ پہلی بار دل سے مسکرائ
تھی... مس یو نینی... مشی نے بس اتنا ہی کہا... مس یو ٹو
مشی... اور مشی کی آنکھوں میں پھر سے رم جھم شروع
ہوگئُ...نینی بھی پریچان ہوگئُ... مشی کیا ہوا رو کیوں رہی
ہو... کچھ نہیں پاگل تیری یاد میں آنسو بہا رہی ہو.... بھائ
پوچھ رہے تھے دوسری ڈفر کو ساتھ نہیں لائ.... پھر تم نے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا کہا... میں نے کہا نہیں پھر لاہور خالی ہو جاتا اور سارے پاگل ملتان میں آجاتے اس لیے ایقویلیٹی رکھی ہم نے ایک وہاں اور ایک یہاں.دو چار منٹ اور مشی نے بات کی ہو گئ پھر اس نے خود کال ڈسکنیکٹ کر دی... نینی نے مشی سے کچھ نہیں پوچھا وہ چاہتی تھی مشی اپنے مرضی سے اسے سب کچھ بتائے.. مشی اب کچھ بہتر فیل کر رہی تھی..... اپنوں کا ساتھ بھی کتنا حوصلہ دیتا ہے نہ چاہے نہ بھی دکھ کا علم ہو لیکن بھی بھی دل کو تسلی ہو جاتی کہ ہمارے اپنے ہیں جو ہر وقت ہمارے ساتھ ہیں... مشی یوں ہی لیپ ٹاپ لیے بیٹھی رہی جب
عادی کی اسے کال آنے لگی... مشی کے چہرے پر ناگواریت ابھری اور کال اٹینڈ نہ کی..

****

عادی کی پھر سے کال آنے لگی مشی نے کاٹ دی.... اب عادی نے میسج کیا...

مشی مجھے آپ سے بات کرنی ہے آپ کیوں چاہتی ہو کہ میں ہمیشہ آپ کو دھمکی دوں پھر ہی آپ میری بات سنوں گی. میری کال اٹینڈ کرو..... مشی نے میسج پڑھا اور پھر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے کال آنے لگی اب کی بار اس نے اٹھا لی.... عادی صوفے پر بیٹھا تھا بکھرے بال ہاتھ میں سیگرٹ پکڑے وہ کافی ڈسٹرب لگ رہا تھا....

جی کیا کہنا ہے آپ نے کال اٹینڈ کرتے ہی دوراً مشی بولی.... مشی کو دیکھ کر عادی کو سکون ملا اور گویا ہوا... کہاں ہو آپ ؟؟؟ جب پتہ ہے تو پھر میرے منہ سے سن کر کیا ملے گا.ویڈیو کال پر اس سے بات کرنا مشی کو عجیب لگ رہا تھا.... عادت ہوگئ ہے نہ آپ کے منہ سے سننے کی اس لیے.... تو پھر سب لیں ملتان آگئ ہوں میں اور کچھ.... کس کی اجازت سے؟؟ عادی نے اطمینان سے پوچھا.... مجھے کسی کی اجازت لینے کی ضرورت نہیں.لیکن آپ کو مجھ سے پوچھنا چاہیے تھا... عادی آخر آپ کے ساتھ مسئلہ کیا اتنا سب کچھ کر کے بھی آپ کو سکون نہیں ملا جو پھر شروع ہو گۓ ہیں میری جان کیوں نہیں چھوڑ دیتے ہیں... اررٹیشن ہوتی ہے مجھے آپ سے... عادی کو برا لگا تھا مشی کی بات کا... وہ تو صرف مشی سے بات کرنے کے لیے طول دے رہا تھا... مشی کی آنکھوں سے پھر سے آنسو جاری ہو گۓ اب اس نے انہیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

روکا نہیں.... عادی یہ میں ہاتھ جوڑتی ہوں آپ کے سامنے چھوڑ دیں میری جان.... مشی پلیز میں آپ کو رلانا نہیں چاہتا تھا... واؤ یہ جو تکلیف اور آنسو ہیں نہ سب آپ ہی کی دیین ہیں....مشی میرے بس میں نہیں ہے آپ کو آزاد کرنا پہلے کی بات اور تھی اب کی اور ہے...مشی مسلسل رو رہی تھی اور عادی کو اس کے آنسو تکلیف دے رہے تھے.... مشی خاموش روتی رہی جب عادی نے اسے پکارا.... مشی؟؟ مشی نے سر اٹھا کر اسے سوالیہ نظروں سے دیکھا پلیز مت رو آپ کے آنسو مجھے بھی تکلیف دے رہے ہیں.. آپ جب تک ملتان رہنا چاہتی ہو نہ رہو میں زبردستی نہیں کروں گا بٹ پلیز رونا مت اور ہاں ایک اور بات آپ نینی سے سب کچھ شئیر کر سکتی ہو میں کچھ نہیں کہوں گا.... عادی کے لیے مشی کو دیکھنا دوبھر ہو رہا تھا اس لیے جلدی سے اپنی بات کہ کر کال کاٹ دی جب کہ مشی کا جواب بھی نہیں سنا.... مشی خوش ہوگئ کہ اب وہ سب کچھ نینی کو بتا سکے گی...اس نے فوراً نینی کو ٹیکسٹ کیا.... نینی تم ملتان آ سکتی ہو کیا؟؟ کیا ہوا مشی سب خیر ہے ؟؟نہیں نینی کچھ بھی ٹھیک نہیں بس تم میرے پاس آ جاؤ.... اچھا ٹھیک ہے مشی تم پریشان مت ہو میں کل آ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

جاؤں گی اور کچھ ساتھ مسکراتا ہوا سمائلی بھیجا.... لو یو نینی.. ساتھ سے اس نے لیپ ٹاپ بند کر دیا اور سکون سے آنکھیں بند کر لیں لیکن خوشی اور غم کے ملے جلے تاثرات میں اس کی آنکھیں پھر سے برسنا شروع ہو گئیں.... اور .....دیکھتے ہی دیکھتے وہ نیند کی بانہوں میں چلی گئ

****

.....کچھ دیر پہلے

عادی اپنے روم میں بیٹھا اس وقت سے سموکنگ کر رہا تھا جب سے مشی یونی سے گئ تھی..وہ خوش نہیں تھا کیونکہ اس نے مشی کی آنکھیں دیکھی تھی جو بھیگی ہوئیں تھی اور عادی کو اب مشی کے آنسو تکلیف دے رہے تھے... کاش مشی تم ارسل سے دوستی چھوڑ دیتی اور میں یہ سب نہ کرتا نہ ہی تمہاری آنکھوں میں آنسو آتے اب جب کہ میں تم سے معافی مانگنے کا سوچ رہا تھا تم نے مجھے کیا بنا دیا مشی کیا ہو جاتا اگر میری بات مان لیتی.... ایک اضطراب سا تھا جو اسے گھیرے ہوئے تھا جب کافی دیر گزرنے کے بعد بھی وہ اس سب سے نہ نکل سکا تو سوچا کہ مشی کو فون کر لے پہلے بھی مشی سے ملنے کے بعد

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کا اضطراب, یہ بےچینی ختم ہوگئ تھی.... عادی نے اسے کال تو کر لی لیکن اب وہ اس کے سامنے رونے لگی تھی اور عادی کو اس کے آنسو اپنے دل پر گرتے ہوئے محسوس ہو رہے تھے وہ مشی کو دیکھنا چاہتا تھا اس سے بات کرنا چاہتا تھا لیکن اس کے پاس کچھ تھا ہی نہیں بات کرنے کو اس لیے بے تکی باتیں کرنے لگا کہ کسی بہانے ہی سہی وہ اس کو نظر تو آتی رہی... لیکن زیادہ دیر وہ مشی کو نہ دیکھ سکا.... اور اب اس کا اضطراب کم ہونے کی بجائے بڑھ گیا تھا... عادی ایک ہاتھ میں سیگرٹ پکڑے دوسرا ہاتھ بالوں میں پھیر رہا تھا... اس کا حال ملجگا سا ہوا پڑا تھا کھانے کا سے ہوش نہ تھی صرف ایک سیگرٹ تھی جو وہ کب سے پھونکے جا رہا تھا.... مشی میں آپ کو کیسے سمجھاؤ کہ یہ جو دل ہے نہ سینے میں اس نے بغاوت کر دی ہے اب یہ آپ سے دستبردار ہونے کو تیار نہیں تو میں کیسے آپ کو چھوڑ دوں....میرے لیے یہ ناممکنات میں شمار ہوتا ہے اب.... ائم سوری مشی میں آپ کو کسی بھی قیمت پر کھونا نہیں چاہتا تھا یہ پاگل سی مشی میرے دل پے قبضہ کر کے بیٹھ گی لیکن مجھے ہی دیر سے سمجھ آیا اور اب جب آیا ہے تو آپ کے ساتھ اتنا غلط کر چکا ہوں....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اف... عادی مشی کی تصویریں دیکھتا اس سے باتیں کر رہا تھا مشی سے معافی کا مرحلہ ابھی اس کے لیے مشکل تھا یہ تو تنہائ میں آرام سے کہ گیا کہ جس نے زندگی میں کبھی کسی سے معافی نہیں مانگی اب گھٹنے ٹیکنا اتنا آسان نہیں تھا.... عادی جانتا تھا کہ آج اسے نیند نہیں آنے والی اس لیے ڈراء سے سلیپنگ پلیز نکالی اور کھا کر لیٹ گیا... سونے سے پہلے جو آخری خیال تھا وہ مشی کا تھی اور نیند .....کی وادی میں اتر گیا

****

نینی صبح جلدی اٹھ گی اور سعد کو بلا لیا تاکہ وہ اسے .....ڈراپ کر دے

تقریباً بارہ بجے کے قریب نینی ملتان پہنچ چکی تھی اور مشی کو آج اتنی نیند آئ تھی کہ وہ ابھی تک سو رہی تھی... بابا جانی کو اس نے رات ہی ٹیکسٹ کر دیا تھا کہ بھائ سے کہیں کہ وہ صبح میرے پارٹ ٹو کو لے آئیں... اس لیے نینی کے پہنچنے سے پہلے ہی میسم وہاں موجود تھا.... وہ نینی کو لے کر گھر آگیا...سب سے مل کر نینی مشی کے روم کی جانب چل دی... اچھا تو محترمہ مجھے بلا کر خود سو رہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہیں... نینی نے جاتے ہی مشی پر پانی کا گلاس گرا دیا....مشی جھٹکے سے اٹھی اووئے نینی پاگل....زور سے چلائ.... تم مجھے یہاں بلا کر گدھے گھوڑے سب بیچ کر سو رہی کو ہاں میں بیچاری صبح صبح جلدی اٹھی کہ تم میرا انتظار کر رہی ہو گی نینی کشن مارتے ہوئے بولی... مشی مسکرانے لگی.... وہ میں نے سوچا کہ تمہارے آنے سے پہلے سارا کام ختم کر لو کہیں تم اپنے جیسوں کو دیکھ کر مجھے بیچنے سے منع نہ کر دو.... مشی ہنسنے لگی تھی اور نینی کو تو لگ گئ.... مشی کی بچی تم میرے ہاتھ سے بچ کے دکھانا اب لیکن مشی جلدی سے واش روم میں گھس گئ... اب وہ دونوں ہنس رہیں تھیں مشی جلدی سے شاور لے کر نکلی.... چینج کر کے ان دونوں نے ناشتہ کیا اور مشی اسے لے کر ٹیرس پر آ گئ سردیوں کی ہلکی ہلکی دھوپ نکلی ہوئ تھی جو بھی لگتی وہ دونوں بھی دھوپ میں بیٹھ گئیں.... اب بتاؤ ایسی کون سے ایمرجنسی آ گئ تھی جو مجھے یوں بلایا.... وہ دونوں آمنے سامنے بیٹھی تھیں مشی کی آنکھیں نمکین پانیوں سے بھر گئیں.... مشی ہوا کیا ہے آخر کچھ بتاؤ گی.....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مشی نے نکاح سے لے کر اب تک ہونے والی ہر چیز بتائ مشی رو رہی تھی نینی نے اسے چپ نہیں کروایا وہ تو خود بھی رو رہی تھی ویسے بھی وہ چاہتی تھی کہ مشی رو کر سب کچھ باہر نکال دے.... نینی میں اتنی تکیلف میں ہوں کہ تمہیں کیا بتاؤ.... تم مجھ سے پوچھتی تھی لیکن میں مجبور تھی نہیں بتا سکتی تھی کل رات اس نے مجھے کہا کہ میں تم سے شئیر کر لو پتہ نہیں کیسے اسے مجھ پے اب رحم آ گیا..... نینی نت مشی کو گلے لگا لیا.... ائم سوری مشی میں سمجھ نہیں سکی تم اتنی تکیلف میں تھی اور ہر چیز اکیلی برداشت کرتی رہی کہاں سے آگیا اب تم میں اتنا حوصلہ وہ دونوں رو رہیں تھیں اور دونوں کے دل ہلکے ہو رہے تھے.... نینی نے مشی کو خود سے الگ کیا... بس مشی اب میں ہوں نہ تمہارے ساتھ کچھ بھی غلط نہیں ہونے دوں گی.... نینی تمہیں پتہ ہے کل رات اس نے مجھ سے کیا کہا؟؟؟ کیا؟؟ کہتا ہے کہ اب میرے بس میں نہیں ہے کہ میں آپ کو چھوڑوں نینی میری سمجھ سے باہر ہے وہ انسان ایک طرف مجھے تکیلف دیتا ہے دوسری طرف اس سے میرے آنسو نہیں دیکھے جاتے کل مجھے صرف ایک بات پر حیرانی ہوئ... کس بات پر مشی؟؟؟ اس کے حال پر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

عجیب سا بنا ہوا تھا بکھرے بال رف سا حلیہ برا تو میرے ساتھ ہوا پھر اس کو کیا تکلیف ہے جو اس طرح سے ہوا ہے.... نینی تمہیں پتہ ہے مجھے لگتا ہے میں مر چکی ہیں ایسا لگتا ہے سب مجھ سے دور ہو گئے ہیں میرا دل کرتا ہے بس میں روتی رہوں اور سب میرے پاس رہیں... نینی اس نے میری روح کو زخمی کیا ہے اتنی تکلیف کہ میں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ زندگی مجھے ایسی تکلیف سے بھی دوچار کرے گی.... چلو اب بس اب اور نہیں رونا تم. نے نینہ اس کا منہ صاف کرتے ہوئے بولی ہم جیسے رونے کے لیے نہیں بنے سمجھی اور اب اٹھو اور جلدی سے کچھ کھانے کے لیے لاؤ...مشی حیران ہوئ موٹی ابھی تو ناشتہ کر کے آئ ہو تمہیں بھوک لگ بھی گئ.... ہاں تو اب تمہارے ساتھ اتنا روئ ہوں تو سب کچھ تو بہ گیا نہ... مشی مسکرانے لگی اور اٹھ گئ.....جاتے جاتے بولی.... زہر چلے گا؟؟؟ ہاں لیکن صرف تمہارے لیے مجھے ڈاکٹر نے منع کیا ہے مشی ہنستی ہوئ نیچے چلی گئ اب وہ خود کو کافی ہلکا پھلکا محسوس کر رہی تھی..... دل کی باتیں کہ دینے سے دل کے بوجھ ہلکے ہو جاتے ہیں اس کا بھی دل ہلکا ہو چکا تھا کیونکہ وہ اپنی جان سے عزیز دوست سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سب کچھ شئیر کر چکی تھی..... مشی مونگ پھلی اٹھائے واپس آگئ..... توبہ ہے مشی تم ہمیشہ کنجوس ہی رہو گی دوست اتنی دوررررر کو لمبا کر کے بولی... سے آئ ہے اور تم یہ مونگ پھلی لے آئ بس بندہ کچھ اچھا لے کر آتا ہے..... ہاں جسے پتہ ہو نہ کہ دوست بھوکڑ ہے وہ پھر ایسے ہی لے کر آتا ہے.... نینی منہ بسورتی کھانے لگی... اللہ پوچھے گا تمہیں مشی اس کا دیکھنا الگ سے حساب ہو گا اور مشی ہنسنے لگی..... کافی دیر وہ دونوں چھت پر بیٹھی مونگ پھلی کھاتی رہیں.... شام ہونے سے پہلے نیچے آ گئیں..... شکر ہے بھئ آپ دونوں آ گئیں ورنہ مجھے لگ رہا تھا کہ خود ہی جانا پڑے گا.وہ دونوں ہنسنے لگی.... نینی آئ ہے تو مشی بھی ہنسنے لگی چلو اچھی بات ہے ورنہ کل سے تو بس روتے ہی دیکھ رہے تھے.... مسز حیدر مشی کو پیار کرتے ہوِئے بولیں اور کچن کی جانب چل دیں وہ دونوں مشی کے روم میں چلی گئیں .....نینی میسم بھائ آئیں گے نہ پھر ہم. باہر چلے گۓ مجھے کچھ چیزیں .....بھی لینے ہیں.... نینی فون اٹھا کر باہر نکل گئ

سعد کیا مسئلہ ہے تمہارے ساتھ کیوں باربار مجھے فون کر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

رہے ہو؟؟؟ نینی اس طرح سے کیوں بات کر رہی ہو صبح تو تم. بلکل ٹھیک تھی اب ایسا کیا ہو گیا..... کیونکہ صبح میں ہر چیز سے انجان تھی اور اب سب جانتی ہوں میں....

سعد کے دماغ میں خطرے کی گھنٹی بجی.... کیا مطلب سب جانتی ہو ؟؟؟؟ عادی مشی کے ساتھ جو کچھ کر ہا ہے وہ سب اور جو کچھ تم دونوں نے اس کے ساتھ کیا اسے غائب کیا ہر چیز اب دوبارہ سعد مجھے تمہارا فون نہ آئے.... نینی پلیز میری بات تو سنو.....

کیا سنوں میں تمہاری تم دونوں نے مل کر میری بہن جیسی دوست کو اتنا وقت اذیت میں رکھا اور مجھ سے ہر چیز چھپائ تمہیں لگتا ہے کہ اس سب کے بعد میں تم سے بات کروں گی آج آخری بار سمجھا رہی ہوں دوبارہ مجھے تمہار فون نہ آئے سعد ورنہ میں بھی لحاظ نہیں کروں گی جیسے تم دونوں نے مشی کا نہیں کیا تھا..... کہ کر کھٹاک سے فون بند کر دیا.....

پھر نینی نے عادی کو فون ملایا..... عادی تم دونوں کو زرا سی بھی شرم نہ آئ مشی کے ساتھ یہ سب کرتے ہوئے اتنے عرصے سے تم. اسے زچ کر رہے ہو اور وہ اکیلی سب

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

برداشت کر رہی مجھے بتانے سے بھی منع کر دیا.... نینی اس طرح سے میں تمہیں سمجھا نہیں سکتا ہم فیس ٹو فیس بات کریں گے.... مجھے کوئ بھی بات نہیں کرنی تم. دونوں سے اور اپنے اس دوست سعد کو بھی سمجھا دینا کہ ہم دونوں سے کانٹیکٹ کرنے کی تم دونوں کوئ کوشش نہ کرو ....تو یہی بہتر ہو گا سب کے لیے کہ کر وہ فون بند کر دیا

نینی نے مشی کے سامنے تو کمپوز ہوگئ تھی لیکن یہ وہی جانتی تھی کہ اسے کتنا دکھ ہو رہا تھا... مشی کی تکلیف کے علاوہ اس بات کا دکھ تھا کہ سعد اور عادی نے یہ سب کیا مشی کو مسلسل دکھ سے دوچار کیا... تم. دونوں نے بہت غلط کیا ہے اور تم دونوں کو معافی نہیں ملے گی... نینی .....آنسو پونچھتے ہوئے بولی

مشی نے سب سن لیا تھا ایک طرف اسے خوشی ہوئ تھی کہ نینی جیسی دوست دنیا میں نہیں ہو سکتی تو دوسری طرف اسے برا لگ رہا تھا کہ اس کی وجہ سے ان دونوں کا ..ریلیشن خراب ہو رہا..... مشی نے اسے آواز دی

نینی!!!! مشی اس بارے میں کوئ بات نہیں ہم دونوں ایک دوسرے کے لیے کافی ہیں جیسے پہلے ہوا کرتے تھے اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیے کوئ بحث نہیں.....مشی کے کہنے سے پہلے ہی وہ سمجھ چکی تھی اس لیے اس کے بولنے سے پہلے ہی جواب دے دیا..... مشی نے جانتی تھی کہ وہ ابھی غصے میں ہے اس لیے اس نے بعد کے لیے چھوڑ دیا....

****

عادی مشی نے نینی کو سب بتا دیا ہے.... کچھ دیر بعد سعد عادی کے گھر موجود تھا... جانتا ہوں عادی اطمینان سے بولا....

لیکن تم نے تو مشی کو منع کیا تھا پھر؟؟؟

میں نے ہی کل رات اسے کہا تھا کہ وہ نینی سے شئیر کر سکتی ہے....

سعد حیران ہوا.. لیکن کیوں؟؟؟

کیونکہ جس طرح مجھے تیری ضرورت ہوتی ہے مشی کو بھی نینی کی ضرورت تھی ورنہ وہ سب کچھ اپنے اندر جمع کر کر کے پاگل ہو جاتی اور میں اسے مزید تکلیف دینے کا روادار نہیں پہلے ہی وہ بہت کچھ برداشت کر رہی ہے اب ایک سہارا تو اس کے پاس بھی ہو جس کے کندھے پر سر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

رکھ کر وہ رو سکے.... عادی کی آواز بھرا گئ اسے رات والی مشی یاد آگئ جو اس کے سامنے رو رہی تھی.... عادی کہ کر خاموش ہو گیا... سعد کو کوئ جوب نہ آیا کیونکہ عادی درست تھا.... لیکن یار اب میں کیا کروں نینی مجھ سے قطع تعلق کیے بیٹھی ہے... میں یہ بھی جانتا ہوں.... عادی مطمئن سا بولا.... اور میں یہ بھی جانتا ہوں کہ وہ سمجھ جائے گی اسے تھوڑا وقت دے ویسے بھی میں فیس ٹو فیس بات کرنا چاہتا ہوں ایسے ہم کبھی ان کو سمجھا نہیں سکتے اور دیکھا جائے تو ناراضگی جائز ہی ہے..... ٹھیک کہ رہا ہے عادی ہم نے بھی تو کوئ کسر نہیں چھوڑی تھی.... گڈ اس لیے کہ دہا ہوں صبر کر عادی اس کے کندھے پر تھپکی دے کر اندر چلا گیا مطلب وہ مزید بات نہیں کرنا چاہتا... سعد بھی واپس چل دیا.... عادی بالکونی میں کھڑا سموکنگ کر رہا تھا آج کل اس کی سموکنگ بہت بڑھ گئ تھی کھانے کی جگہ بھی وہ سیگرٹ کا ہی استعمال کرتا.....

****

رات میں نینی اور مشی میسم کے ساتھ باہر نکل گئیں.... تم.

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دونوں تو ایسے کر رہی ہو جیسے پہلی بار ملتان آئ ہو...
میسم ان کا مذاق اڑاتے ہوِئے بولا.... جو کافی ٹائم بعد بھی آئے نہ تو وہ ایسے ہی ہوتا جیسے پہلی بار آئے سمجھے آپ... مشی چڑتی ہوئ بولی.... نینی آج تم جو کہو گی میں تمہیں کھلاؤں گی اپنی چھوٹی سی دوست کو آج خوش کر دوں گی... چھوٹی سی میں نہیں تم ہو مشی.... مشی نے منہ بسور لیا....جی نہیں میں بلکل پرفیکٹ ہو..تمہیں پتہ ہے مشی ہمارے سر تمہیں کیا کہتے ہیں؟ کیا؟؟؟؟ کہتے مشی ہاں وہ چھوٹی سی بچی.... کہ کر نینی کا قہقہہ بلند ہوا اور مشی بچی کہنے پر تپ گئ.... سر کو تو میں بعد میں پوچھ لوں گی لیکن آج تمہیں خوش کروں گی.ہاں کیونکہ بل تو میسم بھائ نے دینا ہے نہ اس لیے کہ رہی ہو بہت چالاک ہو مشی....مشی ہنسنے لگی ہاں تو جو پیسے میسم بھائ کے ہیں وہ میرے بھی تو ہیں...

جی نہیں میسم نے ڈرائیو کرتے ہوئے مداخلت کی.... جو پیسے میرے ہیں وہ صرف میرے ہیں جب آپ کماؤ گی پھر وہ آپ کے ہوں گے اور میرے بھی.....

آپ کے کیوں؟؟؟ مشی ماتھے پر بل ڈالتے ہوئے بولی....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیوں میں آپ کا بھائ نہیں تو پھر میرے بھی ہوئے نہ... میسم ہنسی روکتے ہوئے بولا....

ہاں تو کیا میں آپ کی بہن نہیں؟؟؟

نہیں... میسم ہنستے ہوئے بولا....

سب پتہ ہے مجھے آپ بس ہمیشہ مجھ سے جیلس ہوتے رہنا اس لیے یہ سب کہتے ہیں... مشی ناک چڑھاتی کوئ بولی....
جناب مشی کی یہ سوچ کب بدلے گئ ؟؟؟ جب آپ جیلس ہونا چھوڑ دیں گے...میں تو ابھی بھی نہیں ہوتا اس کا مطلب کبھی نہیں بدلے گی آپ کی سوچ چلو کوئ نہیں ہم گزارا کر لیں گے....

پھر وہ لوگ مشی کی شاپنگ کے لیے مال میں گۓ....
مشی نے کچھ ضرورت کی چیزیں لیں اور وہاں سے کھانا کھانے چلے گۓ سب کچھ نینی کی پسند کا آڈر کیا...
کھانے کے دوران بھی میسم مشی کو تنگ کرتا رہا.... وہ ایسا ہی تھا ہمشہ مشی کو چڑاتا رہتا اور مشی چڑ جاتی.....
رات واپس آتے آتے انہیں کافی لیٹ ہو گیا.... مشی بہت خوش تھی آج....ایک اچھا دن گزرا تھا اس کا اور رات بھی وہ سکون سے سوئ تھی بغیر کسی ٹینشن کے کاش میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لاہور نہ جاتی تو میری لائف ہمیشہ ایسے ہی رہتی یہ آخری بات تھی جو وہ سوچ رہی تھی اور پھر نیند اس پر مہربان ہو گئ.....

****

صبح سب ناشتے کے لیے ٹیبل پر بیٹھے تھے جب مشی چلا رہی تھی ماما اتنی دیر میں تو پیزا بھی بن جاتا ہے اور آپ سے میرا ناشتہ نہیں بنا.... مشی کب سے ناشتہ مانگ رہی تھی اور باقی سب محظوظ ہو رہے تھے... ہنس لو سب مجھ پے آپ کا بھی ٹائم آئے گا مشی میسم کو منہ چڑاتے ہوئے بولی.... مسز حیدر ناشتہ لے کر آئیں اور مشی کے سامنے رکھتے ہوئے بولیں... پہلے سو کر نہیں اٹھتیں اور پھر سارے گھر میں طوفان مچا دیتی ہیں صرف دس منٹ ہوئے ہیں آپ کو ٹیبل پر آئے اب میں کوئ مشین تو نہیں کہ فوراً لے آؤ.... غصے سے بولتی مشی کے ساتھ والی چئیر پر بیٹھ گئیں.

مشی میں نے سنا ہے کہ نیکسٹ منتھ سے آپ کا سمیسٹر سٹارٹ ہو رہا ہے... مشی کا حلق تک کڑوا ہو گیا... اور منہ بسورتے ہوئے بولی.... بابا جانی یہ ساری منحوس خبریں آپ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کی مسز کو ہی کیوں ملتی ہیں.... کیونکہ آپ کے بابا جانی نے تو کچھ کہنا نہیں ہے آپ کو... مسز حیدر گویا ہوئ..... ہاں بھی ساری پاور آف اٹارنی بولنے کی آپ نے جو لے رکھی ہے مشی کھی کھی کرنے لگے... حیدر صاحب بھی مسکرانے لگے... مشی باز آ جاؤ وہ مشی کو تنبیہ کرتی .....کچن میں چلی گئیں اور مشی بابا کے ساتھ ہنسنے لگی

****

ایک دن بعد میسم کی سالگرہ تھی مشی اور نینی سب کزنز کے ساتھ مل کر اس کی تیاریوں میں مصروف ہو گ ئے..... جب سب کو پتہ چلا کہ مشی آئ ہوئ ہے تو سارے کزنز ان کے گھر ہی آگ ئے... اب بھی مشی سب کے ساتھ مل کر میسم کے لیے سرپرائز پلان کر رہی تھی وہ دونوں لڑتے بھی بہت تھے اور پیار بھی بہت کرتے.... مشی کی برتھڈے پر بھی میسم کا رول سب سے سپیشل ہوتا اور مشی کو ہمیشہ اسی کے سرپرئز سب سے اچھے لگتے... ابھی تک میسم سے اچھے سرپرائز مشی کو کسی نے نہیں دئیے تھے اس لیے وہ بھی سب کچھ سپیشل کرنا چاہتی تھی..... جگہ وہ لوگ ڈیسائیڈ کر چکے تھے.اب مشی کو ڈیکوریشن اور گفٹ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....کے لیے خود جانا تھا

مشی کے جس کزن نے اسے منگنی والے دن پارلر چھوڑا تھا اسی نے مشی کو لے جانے کی ذمہ داری لی...

نہیں بھئ میں اس نمونے کے ساتھ نہیں جاؤں گی... مشی کی بات ہر سب مسکرانے لگے.... کیوں مجھے کیا کیڑے پڑے ہیں جو تم میرے ساتھ نہیں جا سکتی.....جو کیڑے تمہارے دماغ میں ہیں نہ ان کی وجہ سے نہیں جا سکتی.... مشی نے ترکی بہ ترکی جواب دیا... اچھا اور جو میں نے آئسکریم کھلائ تھی .....

ہاں تو احسان نہیں کیا آئسکریم کھلا کے ...کوئ آئفل ٹاور نہیں خریدا تھا میں تمہیں ایسی دس آئسکریم کھلا دوں.....مشی کہاں ہاتھ آنے والی تھی.....سب ان کی باتوں سے محظوظ ہورہے تھے... پھر کافی بحث کے بعد مشی اپنے ایک شریف سے کزن کے ساتھ جانے پر راضی ہوئ تو اسے زبان چڑانے لگی.....

....شام میں نینی اور مشی اس کزن کے ساتھ گئیں

مشی نے پہلے ایک زبردست سی واچ لی مشی کی چوائس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بہت اچھی تھی اور میسم کو واچز کا کریز تھا... اس کے بعد وہ ایک شاپ میں گۓ جہاں مشی نے اپنی اور میسم کی پکچر دی جو کہ آپی کی منگنی کی تھی وہ دونوں کسی بات پر بحث کر رہے تھے جب کیمرہ مین نے یہ منظر کیمرے میں قید کر لیا... دونوں بہت کیوٹ لگ رہے تھے مشی کو یہ پکچر بہت پسند تھی...ساتھ میں ایک شرٹ دی جس پر اس نے وہ تصویر بنانے کو کہا.... اب انہیں ہوٹل جانا تھا ڈیکوریشن کے لیے.... اف میں تو تھک بھی گئ ہوں مشی گاڑی میں بیٹھتے ہوۓ ....مشی یکٹنگ کرتے ہوۓ بولی.... مشی اگر تم تھک گئ ہو تو ہم ہوٹل رات میں چلے جائیں گے ابھی گھر چل کے آرام کر لیتے ہیں..... مشی کے کزن کو لگا وہ سچ میں تھک گئ ہے.... نینی نے مشی کی کمر میں دھپ لگائ... مشی تم نہ زرا کم ہی ڈرامے کیا کرو اور مشی ہنسنی لگی... آپ ابھی لے کر چلیں ہوٹل اس کو عادت ہے ڈرامے بازی کرنے کی نینی بولی.... مشی معصوم سی شکل بنا کر نفی می سر ہلانے لگی...

اس کے بعد مشی نے انہیں ہر چیز بتائ کہ کس طرح کی ڈیکوریشن ہو,کس ٹائپ کا کیک,اور مینیو وغیرہ جو جو اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....نے سوچ رکھا تھا

****

اف نینی آج تو میں سچ میں بہت تھک گئ.. رات میں مشی لیٹتے ہوئے نینی کو کہنے لگی... مشی نے لیپ ٹاپ اٹھایا تو دیکھا کہ عادی آن لائن ہے.... مشی تقریباً دو گھنٹے آن لائن رہی لیکن نہ تو عادی نے کوئ ٹیکسٹ کیا نہ ہی کال.. لیپ ٹاپ بند کرتے ہوئے بھی عادی آن تھا.مشی کو حیرت ہوئ...
نینی ؟؟؟ ہاں وہ جونسونے لگی تھی مشی کی آواز پر چونکی... حیرت کی بات ہے کہ وہ سن ہو گئے لیکن عادی نے دوبارہ مجھ سے کانٹیکٹ کرنے کی کوشش نہیں کی...
ہاں تو اچھی بات ہے نہ اب کیا تم اسے مس کر رہی ہو...
نینی نیند کی وجہ سے چڑ کر بولی.... ہوں میں کیوں بھلا اسے مس کرنے لگی میری طرف سے بھاڑ میں جائے مجھے کیا.... مشی سر جھٹکتی لیٹ گئ.....

اُدھر عادی صبر کا دامن تھامے بیٹھا تھا... وہ کب سے آن لائن تھا مشی کا انتظار کر رہا تھا... یہ تو وہی جانتا تھا کہ کیسے اس نے خود کو روک رکھا تھا مشی سے بات کرنے سے... اور اب وہ آف ہوگئ تھی عادی نے سر بیڈ کی پشت

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے لگا دیا... وہ مس کر رہا تھا مشی کو اسے بار بار مشی کا آنسوؤں سے تر چہرہ نظر آرہا تھا... عادی نے کرب سے آنکھیں بند کر لیں..مشی تم میرے دل و دماغ پر حاوی ہوتی جا رہی ہو... عادی بالوں میں ہاتھ پھیرتا اٹھا اور سیگرٹ سلگانے لگا.....

****

اگلا پورا دن مشی اور نینی سب کزنز کے ہمراہ باہر رہیں گھر میں کسی کو بھی خبر نہ تھی کہ یہ سب میسم کی سالگرہ پلان کر رہے ہیں وہ یہ سب سے چھپ کر کرنا چاہتے تھے کہ میسم کے ساتھ ساتھ باقی سب کے لیے بھی سرپرائز ہو اس لیے سارا دن گھرسے باہر رہے تاکہ سب اپنے کام آرام سے کر سکیں... اب رات میں مشی بارہ بجنے کا انتظار کر رہی تھی کہ کب بارہ بجیں اور وہ جا کر میسم کو جگائے... ساری تیاریاں ہو چکی تھیں اب بس سب کو بارہ بجے کا انتظار تھا اور انتظار کی گھڑیاں ختم ہوئیں.. مشی بھاگ کر میسم کے کمرے میں گئ اور شیونگ کریم سے اس کا منی بھر کر بولی

.....ہیپی برتھ ڈے مائ ڈئیر برادر

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میسم جو مزے سے سو رہا تھا اس اچانک افتاد پر اٹھا اور فوراً واش روم منہ دھونے چلا گیا... واپس آیا تو خفگی سے مشی کو دیکھا جو مسکرا رہی تھی..... ایسے کون وش کرتا ہے... میں کرتی ہوں.... مشی فخر سے بولی.... آپ کی آئے گی نہ تو دیکھنا ویکس لگاؤں گا منہ پر.... اللہ توبہ میسم بھائی...مشی منہ پر ہاتھ رکھتے ہوئے بولی... میں تو ویسے بھی یہاں نہیں ہوں گی اس لیے آپ اپنا یہ خواب خود ہی توڑ دیں اور جلدی سے یہ کپڑے پہن کر تیار ہو جائیں آپ ہم سب کو ٹریٹ دینے کے لیے لے جا رہے ہیں..... اووہ تو یہ ساری گینگ اسی لیے جمع ہوئی بیٹھی ہے میں تو نہیں دے رہا اتنی بارات کو.... میسم کہ کر صوفے پر بیٹھ گیا.... آپ کنجوس مت بنیں پورے سال بعد آتی ہے وہ بھی ایک بار اور آپ کو پتہ ہے کہ آپ کو لیے بغیر میں بھی یہاں سے نہیں جاؤں گی مشی بھی اس کے ساتھ صوفے پر براجمان ہو گئی..... میسم اسے گھورتا کپڑے اٹھا کر واش روم میں چلا گیا اور مشی نے جا کر باقی گھر والوں کو اٹھا کر جلدی سے تیار ہونے کی تلقین کی اور خود بھی کمرے میں تیار ہونے آ گئی.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مشی نے پنک کلر کی میکسی کے ساتھ بال کھول رکھے تھے لائٹ سا میک اپ بھی اسے بے حد دلکش بنا رہا تھا.....

سب اپنی اپنی تیاری میں مصوف تھی مشی نے سب کو جگا کر اب ایک طوفان سا برپا کر دیا تھا.... سب ریڈی ہو گئے تو اپنی اپنی گاڑیوں کی جانب چل دئیے مشی,نینی اور ندا میسم کی گاڑی میں بیٹھی تھیں اور باقی سب کزنز اپنی اپنی گاڑیوں میں....

فرنٹ سیٹ پر بیٹھتے ہی مشی نے میسم کو ہوٹل چلنے کا کہا جہاں اس نے سارا ارینجمینٹ کروا رکھا تھا میسم چپ چاپ گاڑی چلانے لگا مشی بھی رات کی خنکی کا مزہ لینے لگی.... سردی اپنے عروج پر تھی اور وہ سب اسے انجوائے کر رہے تھے.....

جیسے ہی میسم نے گاڑی پارکنگ میں کھڑی کی مشی نے ندا آپی کی مدد سے میسم کی آنکھ پر پٹی باندھ دی اور خود میسم کا ہاتھ پکڑ کر اندر چل دی سب پہلے ہی پہنچ چکے تھے اور اب میسم کا ہی انتظار تھا جسے اس کی بہن ہاتھ تھامے اندر لا رہی تھی.... مشی یہ کیا بچوں والی حرکتیں ہیں میں پٹی کھول رہا ہوں میسم احتجاج کرتا ہوا چل رہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھا...خبردار میسم بھائ اگر آپ نے پٹی کو ہاتھ بھی لگایا تو میں دوبارہ آپ سے کبھی بات نہیں کروں گی.... اچھا اب ایموشنل بلیک میلنگ اچھا چلو ٹھیک ہے کچھ نہیں کرتا... جیسے ہی وہ کوگ اینڑ ہوئے ساری لائٹس آف تھی مشی نے پٹی کھول دی اور اب صرف ان پر ہی لائٹ چل رہی تھی وہ لوگ آہستہ آہستہ آ رہے تھے... اندر پہنچ کر ساری لائٹس آن ہو گئیں اور سب نے مل کر اسے برتھ ڈے وش کیا..... سارا ایریا لائٹس سے چمک رہا تھا.نیچے کارپٹ بیلونز سے ڈھکے ہوئے تھے اور ہوا میں بھی بہلونز لٹکائے ہوئے تھے....سیٹینگ ارینجمینٹ کے علاوہ ایک چھوٹا سا سٹیج بنایا گیا تھا جہاں اس وقت میسم اور اس کی فیملی کھڑی تھی باقی سب ان کے سامنے تھے.... کیک لایا گیا....اور پھر سے لائٹ صرف میسم پر پڑ رہی تھی جیسے ہی اس نے کیک کٹ کیا سٹیج کے اطراف سے دھواں نما گیس نکلی جو ہر جگہ پھیل گئ..... ایک خوبصورت سا ماحول بن گیا تھا ہیٹرز کے باعث سردی معلوم ہی نہیں ہو رہی تھی.... میسم اور باقی سب کو یہ سرپرائز بہت پسند آیا اور میسم مشی سے گویا ہوا... مجھے نہیں پتہ تھا کہ اس لڑاکا بلی کے پاس دماغ بھی ہے میسم اس کی ناک دباتے ہوئے بولا.... چلیں آج

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو پتہ چل گیا نہ کہ مشی کیا ہے... مشی اتراتے ہوئے بولی...میسم نے اسے گلے لگایا اور ماتھے پر بوسہ دیتے ہوئے بولا... تھینک یو سو مچ مائ لیٹل سسڑ..... مشی سرشار سی مسکرا دی... پارٹی تھیم بیس تھی لڑکیاں پنک کلر کی ڈریسنگ میں تو لڑکے وائٹ کلر کی..... اس کے بعد حیدر صاحب نے مشی کو داد دی اور فخر سے مشی کے ساتھ کھڑے تھے وہ خوش تھے کہ ان کی اولاد ایک دوسرے سے بے حد محبت کرتی ہے... سب مشی مشی کر رہے تھے کوئ اسے داد دے رہا تھا تو کوئ کچھ کہ رہا... اب بھی مشی ایک کزن کے ساتھ کھڑی تھی جب اس کی نظر مشی کے ہاتھ میں پہنے بریسلٹ پر پڑی... واؤ مشی یہ تم نے خود خریدا ہے کیا؟؟ ول مشی کا بازو پکڑتے ہوئے بولی... مشی ایک دم سے پزل ہوگی ہاں نہیں وہ گفٹ ملا تھا بولتے ہوئے پیشانی مسلنے لگی... بہت خوبصورت ہے یقیناً جس نے بھی دیا ہے اس کی چوائس تمہاری طرح ہی زبردست ہے.... مشی پھیکا سا مسکرا دی.... اسے ان خوبصورت لمحوں میں عادی کا ذکر اچھا نہیں لگا.... مشی فوراً سائیڈ پر چلی گئ اور جلدی سے بریسلٹ اتار کر بیگ میں ڈال دیا.... میرا بس چلے تو آگ لگا دوں اسے... مشی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نخوت سے سر جھٹکتی کھانا کھانے چل دی.... اُدھر عادی کی کال نینی کو آرہی تھی نینی فون اٹھاؤ مجھے کچھ ضروری بات کرنی ہے.... نینی نے بادل نخوستہ فون اٹھایا.... کیا مسئلہ ہے عادی کیوں بار بار فون کر رہے ہو.... نینی مجھے ایک بار مشی دکھا دو!!! کیوں؟؟؟ میں دیکھنا چاہتا ہوں کہ وہ کیسی ہے میں اس سے کوئ بات نہیں کروں گا بس تم صرف مجھے دکھا دو..... عادی کے لہجے میں بےقراری واضح تھی جیسے پیاسا کنواں کے لیے ترستا ہے وہ بھی اسے دیکھنے کے لیے ترس رہا تھا..... سور میں نہیں دکھا سکتی تمہیں اور مشی جیسی بھی ہے نہ بہت خوش ہے تم سے دور اب مزید اسے تنگ مت کرو..... نینی میں نے کہا تو ہے کہ مشی سے بات نہیں کروں گا ان فیکٹ اسے تو پتہ بھی نہیں چلے گا میں صرف اسے دیکھنا چاہتا ہوں اتنی سی بات کیوں سمجھ نہیں آ رہی تمہیں..... نینی نے بنا کچھ کہے فون بند کر کے بیگ میں رکھ لیا اور آ کر اپنی جگہ پر بیٹھ گئ..... کھانے کے بعد آیسکریم کا دور چلا کیونکہ مشی تو دیوانی تھی آئسکریم کی پھر سردی ہو یا گرمی وہ باز نہ آتی..... میسم کو مشی کا گفٹ بہت پسند آیا خاص کر شرٹ جس پر ان دونوں کی خوبصورت سی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تصویر تھی وہ صرف ایک تصویر نہیں تھی بلکہ ایک یاد تھی.....سب بڑے گھر کے لیے نکل چکے تھے اور رات بھی ختم ہونے کو تھی جب ساری ینگ پارٹی بھی نکلی تو مشی کو یکدم کچھ یاد آیا

فراز بھائ مشی نے چلتی گاڑی سے ہی اپنے کزن کو آواز دی جن کی گاڑی ان کے ساتھ ہی چل رہی تھی.....کیوں نہ پھر آج ریس ہو جائے؟ آپ کہتے تھے نہ کہ مجھ سے فاسٹ کوئ ڈرائیو نہیں کر سکتا اب دیکھنا آج ہم ہی جیتیں گے.... مشی نے میسم کو کہا کہ مجھے کسی بھی شرط پر جیتنا ہے اووکے نہ.... اووکے ڈن مشی.... مشی نے میسم کے گاگلز لگا لیے اور گاڑی سے باہر ہاتھ لہرا کر ریس شروع کی..... روڈز بلکل خالی تھی کبھی میسم آگے ہو جاتا تا کبھی فراز..... اور. شی کی سانسیں اٹکی ہوئیں تھیں کہ کہیں وہ ہار نہ جائیں لیکن پھر بھی میسم جیت گیا... مشی نے ہاتھ باہر نکال کر لوزر کا سائن دکھایا اور ہنسنے لگی.... اب دیکھ لیا نہ میں نے تو پہلے ہی کہا تھا کہ ہم جیتیں گے... گھر پہنچ کر ان کی ڈسکشن شروع ہوگئ جب کہ ایک کزن کی گاڑی یو ٹرن لیتے ہوئے ٹکرا گئ اب مشی اس کا مذاق

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بنانے لگی تھی..تمہیں کس نے کہا تھا جلدی چلانے کو تم تو تھے بھی نہیں ریس میں اور وہ بیچارہ شرمندہ ہو رہا تھا کہ .....اس سے اچھا تو نہ ہی چلاتا

سب نیند کی غرض سے اپنے اپنے کمرے میں چلے گۓ..... مشی بھی چینج کر کے بیڈ پر بیٹھ گئ اور .....تصویریں دیکھنے لگی

اِدھر مشی. سرور تھی تو اُدھر عادی کے کیے سکون حرام ہو چکا تھا..... جب سے مشی گئ تھی وہ اپنے کمرے سے باہر نہیں نکلا تھا تو یونی جانے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا..... اسے سوتے جاگتے صرف مشی کا ہی چہرہ نظر آتا اور یہ احساس مزید تکلیف دیتا کہ میں اسے اس حال میں پہنچانے والا ہوں... آج عادی ٹیرس پر کھڑا تھا دور خلاؤں میں دیکھتے ہوۓ.... کہتے ہیں انسان تاروں کو اس وقت گھورتا ہے جب کوئ اپنا کھو گیا ہو عادی نے بھی مشی کو کھو دیا تھا اس لیے اب اسے اپنا آپ خالی خالی لگ رہا تھا..... اتنی سردی کے باوجود اس نے صرف ٹی شرٹ پہن رکھی تھی.... عادی نے فون چیک کیا تو وہ ہمیشہ کی طرح خاموش تھا پھر اپنی بیوقوفی پر خود ہی تلخی سے مسکرا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیا وہ بھلا مجھ جیسے انسان کو کیوں فون کرے گی....
عادی کو وہ رات یاد آنے لگی جب مشی اس کے سینے سے لگی بیٹھی تھی وہ ہولے سے مسکرا دیا کاش ایسا ہوتا کہ مشی ہم ہمیشہ ایسے ہی رہتے ایک دوسرے کے قریب لیکن میں نے تو آپ کو خود سے اتنا دور کر دیا ہے کہ اب تو دیکھنا بھی محال ہو گیا ہے.....یہ کم بخت وقت بھی نہ صحیح کہتے ہیں سب سدا ایک جیسا نہیں رہتا کل ہم اتنے پاس تھے تو آج اتنے دور کہ ایسا معلوم. ہوتا یہ فاصلے کبھی ختم نہ ہوں گے مشی آپ میرے حواسوں پر طاری ہو گئ ہو مجھے مجھ سے چھین لیا ہے اور اب کہتی ہو کہ میں آپ کو چھوڑ دوں....بھلا کوئ کسی کو یہ بھی کہتا ہے کہ جینا چھوڑ دو..... عادی دجیب سی کیفیت کا شکار تھا نہ اس کا کچھ کرنے کو دل کرتا اور نہ ہی کچھ کھانے پینے کو.بس یوں ہی سارا دن گزار دیتا کبھی کوئ یادیں آ کر گھیر لیتیں تو کبھی کوئ..... صرف دکھانے کو ہی تو بولا تھا نینی اسے دیکھ لیتا تو شاید جو میرے اندر طوفان برپا ہے وہ تھم. جاتا لیکن تم نے یہ بھی گوارا نہ کیا معید احمد کو اس قابل بھی نہیں سمجھا کہ وہ اپنی منکوحہ کو دیکھ سکے کہ وہ کس حال میں ہے....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....عادی نے میوزک پلے کر دیا اور آنکھیں بند کر لیں

میں تینوں چوندا ہاں تینوں کیوں خبر نہیں

میں وی تاں چوندی ہاں تینوں کیوں قدر نہیں

فاصلے پائے تو

فیصلے تیرے سی

میں آج وی اوتھے ہاں

تو بدلے چہرے سی

واکھ ہوں واں گے نہ دونواں دے سے بول ایہے

دوریاں ود گئیناں پلک نو چپکے دیاں اونوے ہی پیار تیرا بلا وچ کٹ گیا

دوریاں ود گئیناں پلک نو چپکے دیاں اونوے ہی پیار تیرا بلا وچ کٹ گیا.....

عادی کی آنکھ کا گوشہ نم ہوا تو اس نے فوراً آنکھیں کھول

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیں....اسے سیگرٹ کی ضرورت محسوس ہو رہی تھی جلدی سے اپنے روم گیا اور پینی شروع کر دی اب ناجانے .....کب تک اس نے پیتے ہی رہنا تھا

****

مشی اور نینی ناشتہ کر کے واپس روم میں آ گئیں تھیں.... مشی؟؟؟ ہاں!!! یار میں سوچ رہی ہوں کہ آج واپس چلی جاؤں کیونکہ تمہیں پتہ ہے نہ نیکسٹ منتھ سے ایگزام بھی سٹارٹ ہو جائیں گے....ہاں ٹھیک ہے تم چلی جاؤں.... مشی نے پر سکون سا جواب دیا... اور تم؟؟؟ میرا پتہ نہیں ابھی نینی..... مشی اب تو میں بھی تمہارے ساتھ ہوں پھر کیوں تم .....اس سے ڈر کر یہاں بیٹھ گئ ہو اور کب تک

آخر تمہیں واپس تو جانا ہی ہے اب نہ تو تم اپنی پڑھائ چھوڑ سکتی ہو اور نہ ہی ایسا سوچنا.... ہاں مجھے پتہ ہے سب وجہ پوچھیں گے اور وجہ میں بتا نہیں سکتی..... ٹھیک ہے نینی میں بھی تمہارے ساتھ ہی چلتی ہوں پھر یہاں رہ کر کیا کروں گی..... مشی تم ایسا کیوں نہں کرتی... نینی بولی...مشی نے سوالیہ نظروں سے اس کی جانب دیکھا... تم ایسا کرو کہ انکل آنٹی کو سب بتا دو مشی جتنا وہ تم سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پیار کرتے ہیں ایسا نہیں ہوسکتا کہ وہ تم پر یقین نہ کریں...
مشی تلخی سے مسکرائ اور گویا ہوئ..... نینی تمہیں کیا لگتا ہے کہ مجھے اس بات کا علم نہیں کہ ماما بابا مجھ پر ہر حال میں یقین کریں گے.... تو پھر تم کیوں یہ سب برداشت کر رہی ہو؟؟؟ نینی جھنجھلائ..... نینی سوچو زرا میں انہیں سب بتا دیتی ہوں سب سے پیلے تو انہیں بے تحاشا تکلیف ہو گئ اپنی جان سے پیاری بیٹی پر ظلم وہ برداشت نہیں کر پائیں گے اور پھر اس کے بعد پتہ ہے کیا ہو گا؟؟ کیا؟؟؟ ہم. کوٹ جائیں گے خلع کے لیے اور یہ بات سب کے علم میں آ جائے گی مشی ہم کس کس کو سمجھائیں گے اور مجھے بتاؤ کون اس بات پر یقین کرے گا کہ وہ مجھے گندی نیت سے اٹھا کر لے گیا لیکن نک
نکاح کرنے کے باوجود بھی اس نے مجھے ہاتھ نہیں لگایا میری فیملی تو کرے گی لیکن باقی کوئ نہیں کرے گا مشی مجھ سے کون شادی کرے گا میرے ماں باپ تو جیتے جی مر جائیں گے... ماما پہلے ہی میری خوبصورتی سے ڈرتیں ہیں... اس سی بہتر یہ نہیں کہ میں اکیلی ہی سب جھیل لوں اور اس سے طلاق لے کر اپنی جان چھڑوا لوں خدا جانتا ہے اس نے مجھے ہاتھ بھی نہیں لگایا تو پھر اس کے بعد

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں کسی سے بھی شادی کروں کوئ مسئلہ نہیں ہو گا نہ ہی مجھے کوئ گلٹ اب تم مجھے بتاؤ کان سا طریقہ صحیح ہے..... کہ کر مشی خاموشی سے کھڑی ہو گئ... نینی نے اسے گلے لگا لیا اور بولی مجھے نہیں پتہ تھا کہ ہماری مشی اتنی بڑی ہو گئ ہے..... نینی حالات انسان کو سب کچھ سکھا دیتے ہیں صبر کرنا بھی اور ان سے لڑنا بھی.... میں صبر,برداشت,تکلیف ان سب کا معانی سے آشنا نہیں تھی کیونکہ کبھی موقع ہی نہیں ملا تھا اور اب دیکھو یہ چیزیں مجھے کیسے سمجھ آئیں ہیں. تمہیں پتہ ہے نینی انسان بہت بے بس ہوتا ہے اس کے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں ہوتا لیکن اتراتا ایسے ہے جیسے اس پر کسی کی پکڑ نہیں ہو سکتی دیکھو کیسے اللہ نے میری رسی کھینچی نہ تو کائ کچھ ہمیشہ آپ کے ساتھ رہتی ہے اور نہ ہی آپ ہمشہ ایک جیسے رہتے ہیں وقت اور حالات یہ دو چیزیں بے اعتبار ہیں کبھی بھی بدل سکتے ہیں اور یہی دونوں انسان کو بدل دیتے ہیں مجھے بھی انہی چیزوں نے بدلا ہے پہلے میں جتنی کمزور اور نازک تھی اب اتنی ہی مضبوط ہو گئ ہوں تمہیں پتہ ہے نینی بہت جگہ پر مجھے لگا کہ میں برداشت نہیں کر سکتی یہ میں مرجاؤں گی لیکن یقین مرو انسان میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کی سوچ سے بھی زیادہ برداشت ہوتی ہے اور دیکھو مجھ جیسے بندی کیسے سب اکیلی برداشت کر گئ نہ تو موت آئ نہ ہی مشکل ٹلی بس فیس کیا اسے انسان ڈرتا ہے مشکل کو فیس کرنے سے بس یہی مسئلہ ہے ورنہ وہ کچھ بھی برداشت کر سکتا ہے ہر چیز کو ڈیل کر سکتا ہے بس وہ اس چیز سے آنکھیں دوچار نہیں کرنا چاہتا لیکن جب کوئ چارہ نہ ہو نہ تو پھر سب ہوتا ہے چپ چاپ ڈیل کرتا ہے میں بھی بدل گئ ہوں اور دیکھ لو تمہارے سامنے ہوں.... مشی کا چہرہ سپاٹ تھا البتہ نینی کی آنکھیں آنسوؤں سے بھی گئیں تھی.... مشی کے ایک ایک لفظ سے تیکلیف واضح تھی.... مشی کو بھی تجربہ ہو گیا تھا زندگی کا ایسا ہی ہوتا ہے زندگی معصومیت چھین کر تجربہ دے دیتی ہے.....

نینی کے ساتھ مشی نے بھی اپنی پیکنگ شروع کر دی.... مشی میں اب بہت حوصلہ تھا جو پہلے سے کئ گنا زیادہ تھی.... مشی جب سامان پیک کر رہی تو نینی بولی... سامان تو تم ایسے لائ تھی جیسے اب واپس نہیں جانا تھا مشی مسکرانے لگی... ہاں سوچ کر تو یہی آئ تھی.....پیکنگ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کرنے کے بعد مشی ماما کے پاس چلی گئ تاکہ اپنے روانہ ہونے کی اطلاع دے سکیں.... مشی سپاٹ سا چہرہ لیے بول رہی تھی... انہوں نے اسے اپنے قریب بلایا جو صوفہ پر بیٹھی تھی... مشی مجھے سچ سچ بتاؤ کوئ مسئلہ ہوا ہے کیا تمہارے ساتھ... نینی سے بات کرنے کے بعد مشی کا اس وقت بولنے کا بلکل دل نہیں تھا اس کے لب کھل ہی نہیں رہے تھے.... میں تمہیں بہت اچھے سے جانتی ہوں اب مجھ سے جھوٹ بلکل مت بولنا.... مشی کو کہانی بنانی پڑی

وہ دراصل ماما میں نے یونی میں ایک لڑکی جارہی تھی پاؤں آگے کر دیا وہ گر گئ اور..... مشی خاموش ہو گی اس سے بولا نہیں جا رہا تھا بڑی مشکل سے پھر بولنا شروع کیا.....

اور اس کے چھوٹا سا پتھر لگ گیا اس لیے میں ملتان آ گئ کہ وہ مجھے کچھ کہ نہ سکے.... مسز حیدر حیران ہو رہیں تھی... مشی اپنی حرکتوں سے باز کیوں نہیں آتی آگر اسے زیادہ لگ جاتی پھر جیسے آپ کے گھر والے ہیں اس کے بھی تو ہوں گے کب بڑی ہو گی آپ.... مشی دل میں بولی ماما اتنی تو بڑی ہو گئ ہوں کہ آپ سب سے یہ سب چھپا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

رہی اور کتنی ہو جاؤں.....مشی سے ضبط کرنا مشکل ہو گیا تو اٹھ کر باہر چلی گئ اور مسز حیدر سر جھٹک کر رہ گئیں اس لڑکی کا کچھ نہیں ہو سکتا... یہ تو کوئ مشی سے پوچھتا کہ اس کے ساتھ کیا کیا ہو گیا تھا.... مشی ٹیرس پر جا کر رونے لگی آخر انسان تھی کتنا برداشت کرتی لیکن جلد ہی خود کو سنبھالتی نارمل کیا اور نیچے چلی گئ کہ اب .....کوئ دیکھ کر یہ نہیں بتا سکتا تھا کہ وہ رو کر آئ ہے

****

ڈیو سٹیشن وہ بابا کے ساتھ آئیں... ان سے ملتے ہوئے مشی کی آنکھیں چھلک پڑی وہ شفقت سے اس کا سر سہلانے لگی... میری گڑیا زیادہ ہی نہیں رونے لگ گئ... چلو چپ وہ منہ پر انگلی رکھتے ہوئے بولے.... میری گڑیا ایسے بلکل اچھی نہیں لگتی مجھے اب بس مسکراتی رہا کرو دل کو سکون ملتا ہے وہ اسے پیار سے سمجھا رہے تھے اور مشی کے آنسوؤں میں مزید روانی آ گئ.... مشی میرا بیٹا اگر نہیں جانا چاہتی تو مت جاؤ میں بات کروں گا آپ کی ماما سے دیکھتا ہوں کون زبردستی کرتا ہے میری بیٹی سے.... باپ سچ میں گھنا سایہ ہوتا ہے مشی کو آج پتہ چلا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھا جو اپنی اولاد کو گھنی دھوپ سے بچاتا ہے ہر دکھ سے دور رکھتا ہے.... میرے پاس اتنے خوبصورت رشتے تھے لیکن احساس آج ہو رہا تھا ورنہ کوئ اس سے پوچھے جس کا باپ نہیں ہے... مشی پھر سے ان کے سینے سے لگ گئ آئ لو یو بابا جانی آئ لویو ٹو مائ ڈول اس کے ماتھے پر بوسہ دیتے ڈھیروں دعاؤں میں اسے رخصت کیا... مشی شیشے سے انہیں دیکھ رہی تھی وہ بھی تب تک کھڑے رہے جب تک بس روانہ نہیں ہوئ.... بس چل پڑی تھی مشی نے سر سیٹ کی پشت سے ٹکا دیا اور آنکھیں موند لیں اسے یہ رشتے بہت یاد آنے والے تھے.... لیکن وہ خوش تھی کہ وہ بہت سی خوبصورت یادیں ساتھ لے جا رہی ہے جس سے اسے بہت ہمت ملنے والی تھی.... ایک طرف مسکراہٹیں تھیں تو دوسری طرف آنسو اور یہی زندگی کا اصول ہے اس میں کسی کے بھی خوش نصیب یا بد نصیب ہونے کا عمل دخل نہیں.....

****

مشی اور نینی جب ہاسٹل پہنچیں تو عادی اور سعد باہر موجود تھے... عادی کر دیکھ کر مشی کے چہرے پر

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ناگواریت کی لکریں ابھریں اور منہ میں بڑبڑانے لگی آتے ہی اپنی شکل دکھانی ضروری تھی ہووں.....

سعد کان پکڑے گھٹنوں کے بل بیٹھا تھا اور عادی ایک طرف بے پرواہ سا مشی کو اپنی نظروں کے حصار میں لیے کھڑا تھا.... نینی سعد کی طرف بڑھ گئ جب کہ مشی وہیں رک گئ اسے لگا کہ شاید عادی بھی اس سے بات کرنے آہا ہے لیکن وہ اپنی جگہ سے ٹس سے مس نہ ہوا مشی کو عادی کی نظریں اررییٹیٹ کر رہیں تھیں لیکن ضبط کیے کھڑی رہی....

اور عادی بغور اس کا جائزہ لے رہا تھا اسے سکون ملا تھا مشی کو دیکھ کر شاید اس کی بے قراری ایسے ہی ختم ہونی تھی لیکن مشی کا چہرہ سپاٹ تھا اور وہ سمجھ رہا تھا وہ وہاں سے بہت خوش آئے گی... عادی کے لیے اپنے دل پر قابو پانا انتہائ مشکل تھا لیکن اسے خود پر بندھ باندھنے پڑے اور تحمل سے کھڑا رہا فلحال کے لیے یہی بہت تھا کہ وہ اس کے سامنے ہیں اور عادی اسے دیکھ سکتا ہے وہ اسے اپنی نظروں میں اتار رہا تھا.....

کس لیے آئے ہو سعد اور کیا ہے یہ سب؟؟؟ نینی سختی سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بولی

آئم سوری نینی ہم سے غلطی ہوگئ پلیز مجھے معاف کر دو.....

بہت آسان ہے نہ سب کچھ کر کے لاسٹ میں صرف چھوٹا سا سوری بول دینا مشی جس تکیلف میں ہے یہ سوری اس کا ازالہ نہیں کر سکتا سو تم کچھ بھی کر لو ہر چیز بے سود ہے مجھے تم مشی سے بڑھ کر نہیں اور جو کچھ تم نے کیا اس کے بعد تو بلکل بھی نہیں تو اب ہمارا راستہ چھوڑو اور جا کر اپنا کام کرو....سعد نے بے بسی سے سر جھکا لیا...

نینی کی بات پر عادی لب بھینچ کر رہ گیا تو مشی کے تاثرات مزید سخت ہو گۓ.... عادی نے سعد کو چلنے کا اشارہ کیا.... اور جاتے جاتے مشی کی نظورں میں دیکھ کر گیا.. ایک لمحے کے لیے مشی ٹھٹکی اسے لگا کہ وہ اپنی آنکھوں سے ہی اسے کچھ کہ رہا ہے لیکن کیا مشی کو سمجھ نہ آئ اور سر جھٹک کر اندر چلی گئ.....

مشی کو برا لگ رہا تھا کہ اس کی وجہ سے نینی اور سعد کا رشتہ خراب ہو رہا اب جب کہ ان کی اینگیجمینٹ ہونے والی ہے کہیں نینی کچھ الٹا سیدھا نہ کر دے.... نہیں مشی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

....منہ میں بولی

نینو؟؟؟ ہاں مشی!!!! نینی کب بورڈ میں کپڑے رکھتے ہوئے بولی..... تم پلیز سعد کو معاف کر دو.... مشی میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ میں سعد کو معاف نہیں کر سکتی اس نے نہ صرف تمہیں تکلیف پہنچانے میں عادی کی مدد کی پھر مجھ سے سب چھپایا اور مجھے بھی

ڈس اپوائنٹ کیا ہے میں کبھی نہیں سوچ سکتی تھی کہ وہ کبھی ایسا کر سکتا ہے اس کے لیے اس کی دوستی اہم ہے تو میرے لیے ھی تم سب سے پہلے ہو..... لیکن پھر بھی نینی تم دیکھو..... مشی میں کچھ نہیں دیکھ رہی بس اس بات کو اب یہیں ختم کر دو.. نینی سختی سے مشی کی بات کاٹتے ہوئے بولی.... اسے کتنی تکلیف ہوئ تھی اس سب سے وہ کیسے بتاتی کہ اسے تو دوہرا دکھ ملا ایک دوست کی طرف سے دوسرا اس شخص کا اس کام میں ملوث ہونا... نینی نے جلدی سے آنکھ صاف کی کہیں مشی ہی نہ دیکھ لے.. مشی خاموش ہو کر اپنا سامان سمیٹنے لگی.....

****

عادی مجھے نہیں لگتا کہ نینی اب مجھے معاف کرے گی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلے بھی ہماری لڑائیاں ہوئاور کافی بری نوعیت کی لیکن آج تک نینی کو اس طرح نہیں دیکھا.....

تو فکر نہ کر ابھی وہ غصے میں ہے دکھ ملا ہے اسے تیری طرف سے سعد تھوڑی سپیس اور ٹائم دے سب ٹھیک ہو جائے گا... آج صرف سعد سموکنگ کر رہا تھا کیونکہ عادی کی بےچینی کو مشی کو دیکھتے ہی ختم ہو گئ تھی اب اس نے معمول کے کام بھی شروع کر دئیے سعد کے ساتھ اس نے کھانا کھایا اور پھر یونی کی تیاری کرنے لگا..... عادی کے دل کو سکون ملا تھا اس دشمنِ جاں کو دیکھ کر.....

آج پھر سے وہ مشی کی تصویر سے مخاطب تھا لیکن آج اداسی نہیں تھی اس کے ساتھ...

یہ تو غلط بات ہے نہ مشی میرا سکون آپ نے اپنے پاس رکھ کیا ہے پھر کہتی ہو کہ میں آپ سے دور رہوں وہ مسکرا رہا تھا یونہی باتیں کرت کرتے وہ سو گیا...آج بہت دن بعد اس پر سکون کی نیند مہربان ہوئ تھی.....

****

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مشی کافی پی رہی تھی ساتھ میں کوئ ڈرامہ دیکھ رہی تھی جب نینی اس کے بیڈ پر آ کر بیٹھی.... مشی تمہیں پتہ ہے ٹوئر جا رہا ہے نوردن ایریاز میں... ہمممم کر کے مشی خاموش ہو گئ..... کیا ہمممم یہ بتاؤ چلو گی؟؟؟ صبح سوچو گی اس بارے میں لیکن مشکل ہو گا میرا..... کیوں مشکل اب اتنی بھی غریب نہیں ہو اتنا تو مجھے پتہ ہے.. اور اتنا تو تمہیں بھی پتہ ہے کہ میں کیوں حامی نہیں بھر رہی... مشی کی بات ہر نینی خاموش ہو گئ..... مشی ایک بات پوچھوں..... ہمممم مشی نے مصروف سے انداز میں جواب دیا..... نینہ نے لیپ ٹاپ کی سکرین نیچے کر دی پہلی مجھ سے بات کرو بعد میں دیکھتی رہنا... مشی .....مسکرانے لگی...اچھا بولو

مشی تم یونی جا سکوں گی کل؟؟ ہاں کیوں؟؟

..لیکن نینی رک رک کر بول رہی تھی

مجھے پتہ ہے نینی تم کیوں ہوچھ رہی ظاہر ہے آج نہیں تو کل جانا تو پڑے گا ہی.....لیکن سب الٹا سیدھا بولیں گے .....تمہارے بارے میں پھر

وہ تو بولیں گے ہی مجھے فیس کرنا ہے ایک طرف دیکھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

جائے تو اگر میں نے اسے ہگ کیا بھی تو محرم تھا وہ میرا مجھ پر تو کوئ گناہ نہیں رہی بات لوگوں کی تو ان تو کام ہی باتیں بنانا ہے اب ان کی وجہ سے میں یونی تو نہیں چھوڑ سکتی جو بھی ہو گا دیکھ لوں گی نہی تو دیکھنا تو مجھے اب پڑے گا ہی....مشی سلو سلو بول رہی تھی... نینی اٹھ کر اپنے بیڈ پر چلی گئ اور مشی بھی لیپ ٹاپ رکھ کر لیٹ گئ جس بارے میں سوچنا نہیں چاہتی تھی نینی نے وہی ٹاپک چھیڑ دیا..... مشی آنکھیں بند کرتی خود کو ہمت دینے لگی کہ مجھے سب برداشت کرنا پڑے گا چاہے کچھ بھی ہو .....جائے انہیں سوچوں میں وہ نیند کی وادی میں اتر گئ مشی اور نینی یونی کے گیٹ پر کھڑی تھیں مشی کو لگ رہا تھا کہ وہ کوئ عذاب لینے جا رہی ہے... نینی نے اس کا ہاتھ دبایا اور اسے تسلی..... نینی تمہیں کچھ خبر ہے یونی میں کیا چل رہا ہے میرے بارے میں.... ہاں مشی وہ تمہارا اور عادی کا ریلیشن چل رہا ہے یہی باتیں چل رہی ہیں... مشی نے سرد آہ بھری... چلو دیکھتے ہیں کہ کر مشی اندر کی جانب چل دی..... جیسے ہی مشی کچھ کی نظر مشی پر پڑی تو سرگوشیاں شروع ہو گئیں مشی سر جھٹکتی چلتی رہی وہ رک نہیں سکتی تھی اگر رک جاتی تو سب اسے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پیروں تلے روند دیتے..... مشی اپنی کلاس لینے چلی گئ اور نینی اپنی..... مشی اکیلی جا کر بیٹھ گئ ارسل اسے دیکھ رہا تھا وہ اکیلا بیٹھا تھا لیکن مشی اپنی جگہ پر نہیں بیٹھی اس کا دل نہیں کر رہا تھا کہ کسی سے بھی بات کرے.کلاس میں بھی کشی نے ہلکی آواز میں تو کسی نے اونچی آواز میں مشی اور عادی کے بارے میں باتیں کیں مشی ضبط ککے بیٹھی رہی سب سے کٹھن مرحلہ یہی ہوتا ہے جب آپ غلط بھی نہ ہوں لیکن پھر بھی آپ کو غلط سمجھا جائے اور کہا جائے بہت تکلیف دہ ہوتا ہے یہ اپنے کردار پر ایسی باتیں بر داشت کرنا انسان ہر پل مرتا ہے اور اگلے ہی پل اسے جینا پڑتا ہے دل تو چاہتا ہے خود کو ختم کر لے لیکن نہیں کر سکتا نہ ہی اس جگہ جانا چھوڑ سکتا ہے. بس اپنے آنسوؤں پر قابو پانا ہوتا ہے جو کبھی بھی چھلکنے کو تیار ہوتے ہیں..... اللہ اللہ کر کے کلاس ختم ہوئ لیکن یہ سب تو ابھی ختم نہیں ہونا تھا ایسا معلوم ہو تا ہے کہ یہ کبھی ختم نہیں ہو گا اور آپ ہمیشہ اس آگ میں جلتے رہیں گے لیکن مشی کو خود کو تیار رکھنا تھا اس آگ میں جلانے کے لیے جس میں کہیں نہ کہیں اس کا اپنا بھی ہاتھ تھا.... کل وہ کسی کی کردار کشی کر رہی تھی آج کوئ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اا کی کر رہا تھا یہ دنیا مکافاتِ عمل ہے جو بوؤ گے وہی کاٹو گے... بونا تو بہت آسان ہے لیکن کاٹنا اتنا ہی مشکل... لیکن کہتے ہیں نہ انسان کو اپنی غلطی نہیں نظر آتی لیکن دوسروں کی نظر آتی.....مشی تھکے تھکے سے انداز میں چلتی کیفے میں آئ اتنا شکر تھا کہ یہاں نہ تو عادی موجود تھا اور نہ ہی کوئ مشی کو ڈسکس کر رہا تھا مشی سکھ کا سانس لیتی بیٹھ گئ..... سعد اور عادی کے علاوہ سب موجود تھے نینی انہیں ملتان کے وزٹ کی رُوداد سنا رہی تھی... سب ستائشی نظروں سے مشی کو دیکھ رہے تھے مشی نے صرف مسکرانے پر اکتفا کیا نینی اب انہیں پکس دکھا رہی تھی مشی کو ہر چیز فضول لگ رہی تھی یہاں تک کہ نینی کا بولنا بھی اس کا دل کر رہا تھا کہ اسے خاموش کروا دے لیکن پھر خود ہی اٹھ کر چلی گئ اور جا کر گراؤنڈ میں بیٹھ گئ مزید کلاس لینے کی اس میں ہمت نہیں تھی وہ زمیں کو گھور رہی تھی جب عادی اس کے ساتھ آکر بیٹھ گیا....

مشی کیسی ہو؟؟؟ مشی نے نفرت اور غصے کے ملے جلے تاثرات سے عادی کو دیکھا.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نظر نہیں آرہا کہ زندہ ہوں.... وہ تو مجھے بھی نظر آ رہا ہے لیکن میرا سوال یہ نہیں تھا.... آپ کا سوال جو بھی ہو میں جواب دینے کی پابند نہیں ہوں سمجھے آپ..... مشی قدرے چلا کر بولی.... مشی ریلیکس عادی نے آرام سے سمجھانا چاہا..... آپ آخر چلے کیوں نہیں جاتے مجھے اکیلے رہنا ہے میری جان کو عذاب ڈال رکھا ہے آپ نے پھر جو کمی رہ جاتی ہے اسے پوری کرنے خود آ جاتے ہو چھوڑ کیوں نہیں دیتے مجھے... ضبط کے باوجود ایک آنسو باڑ توڑ کر نکل آیا مشی نے رخ موڑ لیا.... مشی میں آپ کو نہیں چھوڑ سکتا. عادی نے بے بسی سے کہا.... کیوں نہیں چھوڑ سکتے آپ مجھے؟؟؟ مجھے نہیں پتہ مشی بس آپ اب میرے لیے ناگزیر ہو شاید آپ. مجھے اچھی لگنے لگی ہو..... واؤ آپ کو لگتا ہے کہ مجھے خود سے باندھ کر رکھیں گے تو میں بھی آپ کو پسند کرنے لگو گی ایک بات میری دماغ میں بٹھا لیں نفرت کرتی ہوں میں آپ سے صرف نفرت اگر آپ کے اور میرے بیچ میں کوئ رشتہ ہو سکتا ہے تو یہی نفرت کا اس کے علاوہ کوئ نہیں مشی حقارت سے کہتی وہاں سے اٹھ گئ..... اور عادی بس اسے دیکھ کر رہ گیا..... بہت غلط جگہ دل ڈوبا ہے عادی نے سوچا.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہاں سے عادی سعد کے ساتھ باہر نکل گیا اب یونی میں رہنے کا کوئ مقصد نہیں تھا.... مشی غصے میں اپنی دوسری کلاس لینے چلی گئ صد شکر کہ اب سب کی زبانیں .....بند تھیں

****

عادی ٹوئر کے بارے میں کیا خیال ہے تمہارا؟؟؟ سعد نے سوال دغا.... عادی اپنے ہی خیالوں میں گم تھا جب اسے سعد کے سوال مے باہر نکالا وہ دونوں روڈ پر کسی ڈھابے پر بیٹھے تھے.... ہوں سوچ رہا ہوں کہ اگر مشی جائے تو پھر ہی جاؤں گا اسے یہاں اکیلی نہیں چھوڑ سکتا نہ.... عادی نے سوچتے ہوئے جواب دیا.....اور مشی کے بارے میں کیا خیال ہے؟؟؟

جہاں تک. مجھے لگتا ہے مشی نہیں جائے گی لیکن میں چاہتا ہوں کہ وہ جائے..... پھر کیسے لے کر جائے گا تیری بات تو وہ مر کر بھی نہیں مانے گی اور نینی کے تھرو بھی نہیں کہ سکتے.دیکھتے ہیں کچھ ابھی دن ہیں جانے میں کہ کر عادی کھڑا ہو گیا.... کہاں؟؟ سعد نے پوچھا..... گھر.. عادی نے مختصر سا جواب دیا.اتنی جلدی؟؟؟ بس ایسے ہی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....دل نہیں کر رہا مزید بیٹھنے کو... کہ کر عادی نکل گیا

****

رات مشی خاموش بیٹھی کھڑکی سے باہر دیکھ رہی تھی
....جب نینی نے اسے آواز دی

ہاں مشی نے چہرہ موڑے بغیر کہا.... جب سے وہ یونی
.....سے آئ تھی ایسے ہی چپ کر کے بیٹھی تھی

پھر ٹوئر کا کیا سوچا تم نے؟؟؟ نینی میرا دل نہیں جانے کا...
مشی نے ہولے سے کہا.... لیکن تمہیں تو آؤٹنگ کا کریز
ہے پھر کیوں نہیں..... نینی یہ یونی کا ٹرپ ہے اس لیے...
کہ کر مشی پھر سے باہر دیکھنے لگی.... مشی کی آنکھیں
حیرت سے کھل گئیں... اور منہ میں بڑبڑائ یہ اب یہاں کیا
کر رہا ہے؟؟؟ اسی وقت عادی کی کال آ گئ اور مشی سمجھ
....گئ

کیا کرنے آئے ہیں یہاں.. فون اٹھاتے مشی برس پڑی... آپ
کو پتہ ہے میں کہاں ہوں.... جی ہاں پہرہ دینے آئے ہیں
ہاسٹل..... ارے واہ آپ کو کیسے پتہ چلا یہ تو وہی بات ہوئ
نہ دل کو دل سے راہ ہوتی ہے امیزنگ... عادی مسکراتے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوئے بولا اور مشی جل گئ..... آپ تک تو صرف دشمنی کی راہ آتی ہے... عادی محظوظ ہوا چلو کسی بہانے سہی وہ بول تو رہی تھی... اچھا اب پتہ چل گیا ہے تو جلدی سے نیچے تشریف لے آئیں..... میں کیوں آؤں نیچے؟؟؟ پھر میں اوپر آ جاتا ہوں کوئ مسئلہ نہیں... اف آتی ہوں... مشی پیر پٹختی نکل گئ... نینی نت پوچھا کہ کہاں...آ کر بتاتی ہوں.....

مشی شال اوڑھے چلتی ہوئ آرہی تھی اور عادی کے دل میں ہلچل ہو رہی تھی... مجھے پتہ ہے آپ یہ لڑائیوں سے ہی واپس پہلے والی مشی بنوں گی عادی سوچتا ہوا مسکرا دیا....

مشی ماتھے پر بل ڈالتے ہوئے بولی آپ کو گھرمیں سکون نہیں ملتا جو یہاں چلے آتے ہیں... عادی نے نفی میں سر ہلایا وہاں آپ نہیں ہوتی نہ اس لیے..... جو بات کہنی ہے وہ کہیں مجھے سردی لگ رہی ہے.... عادی دو قدم آگے بڑھا مشی ہڑبڑا گئ.... سائیڈ پے چل کر بات کرتے ہیں ایسے یہاں اچھا نہیں لگ رہا.... وہ دونوں ہاسٹل سے آگے چل دئیے ویسے اگر سردی لگ رہی ہے تو میری جیکٹ لے لیں یا پھر ایک کپ کافی ہوجائے.... عادی نے پیشکش کی..اپنی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

جیکٹ اور اپنی کافی اپنے پاس رکھیں میں آپ کے ساتھ تفریح پر نہیں آئ... عادی مشی کے بلکل سامنے کھڑا ہو گیا چند انچ کے فاصلے پر.... مشی ایک قدم پیچھے ہٹی اور عادی نے ایک قدم بڑھا کر فاصلہ گھٹا دیا... عادی مسکرا رہا تھا اور مشی تلملا رہی تھی... آپ پیچھے ہو کر بات نہیں کر سکتے.... بلکل نہیں ویسے مجھے آپ کی سمجھ نہیں آتی.... میری بات سمجھ میں نہیں آتی اور یہ اوچھی حرکتیں سب سمجھ میں آتیں ہیں نہ عادی نے قہقہ لگایا... کچھ بھی کہیں مجھے تو ایسے ہی بات کرنی آتی ہے آپ سے... اچھا جو کہنا ہے کہیں.. مشی کے لیے سانس لینا محال ہو رہا تھاعادی کی سانسوں کی گرمائش اسے خود پر محسوس ہو رہی تھی.... آپ ٹرپ پر جائیں گی؟؟ آپ کو کیا میں جاؤں نہ جاؤں... مشی چڑ گئ..... ہاں بلکل لیکن آپ نہیں جاؤں گی کیونکہ میں بھی نہیں جا رہا.... میں کیوں نہ جاؤں؟؟؟ کیونکہ میں کہ رہا ہوں سمپل عادی جلانے والی مسکراہٹ لیے بولا.... میں دیکھتی ہوں کہ آپ مجھے کیسے روکتے ہوں اب تو میں آپ کو جا کر دکھاؤں گی.... شی غصے سے کہتی واپس چلی گئ.... عادی اپنے پلان کی کامیابی پے مسکرا دیا.... مجھے پتہ تھا مشی کہ آپ وہی کرو گی جس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے میں منع کروں گا اس لیے اگر میں کہتا چلو تو کبھی نہ جاتی اور اب خود جاؤ گی... زبردست عادی وہ خود کو داد دینے لگا اور گاڑی کی جانب چل دیا.....

مشی جیسے روم میں واپس آئ اس کا چہرہ غصے سے لال ہوا پڑا تھا... تمہیں کیا ہو گیا دس منٹ پہلے تو بلکل ٹھیک تھی.... سمجھتا کیا ہے خود کو میری لائف کنڑول کرے گا میں بھی دیکھتی ہو کیسے مجھ پر اپنی مرضی مسلط کرتا ہے.... کس کی بات کر رہی ہو.. نینی نے ناسمجھی کے عالم میں پوچھا..... وہی بدتمیز عادی مجھے کہتا ٹوئر پر نہیں جاؤں گی ایویں میں نہ جاؤں.. عادی آیا تھا ک ہاں تو تم بھی تو ابھی کہ رہی تھی کہ نہیں جانا ہاں تو وہ پہلے کی بات تھی اور میں اس کی بات کیوں مانوں اس لیے اب چاہے کچھ بھی ہو جاۓ میں تو جاؤں گی مشی تہیہ کرتے ہوۓ بالی اور نینی خوش ہو گئ کہ کسی بہانے ہی سہی وہ چل تو رہی ہے..... نینی آج پھر سعد آیا تھا نہ؟؟؟ سعد کا یہاں کیا ذکر مشی.... نینی اس نے مجھ سے بھی معافی مانگ لی ہے اور میں نے اسے معاف بھی کر دیا ہے تم بھی معاف کر دو غلطیاں سب سے ہو جاتی اس سے بھی ہو گئ اب تم بڑی بنو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے معاف کر کے ویسے بھی جس کا سب کیا ہے اسے تو میں معاف نہیں کر رہی نہ اور یہ میرا اور عادی کا معاملہ ہے تم دونوں اپنا رشتہ خراب مت کرو...مشی---- نینی کے بولنے سے پہلے ہی مشی بول پڑی...میں کچھ نہیں سنوں گی اگر تم سعد کو معاف کرو گی تو ہی میں جاؤں گی ورنہ میں عادی کی بات مان لوں گی اب تم خود ڈیسائیڈ کر لو... نینی نے بے بسی سے مشی کی جانب دیکھا یار پھنسا دیا ہے تم نے بری طرح... میرے لیے ہمارا جانا زیادہ اہم ہے اس لیے میں معاد کر دوں گی سعد کو اب ٹھیک ہے.. مشی مسکرا دی آج یہ بوجھ اتر گیا تھا اس کے سر سے..... نینی اس لیے مشی کو لے جانا چاہتی تھی تاکہ جو چپ کا خول مشی خود پر چڑھا رہی تھی وہ اس میں کامیاب نہ ہو آؤٹنگ سے اس کا مائنڈ بھی فریش ہو جاتا.....

****

اگلے دو دن مشی کے لیے زیادہ برے نہیں تھے اب یونی میں اب اکا دکا ہے مشی اور عادی کے بارے میں گوسپ کرتے کیونکہ سب نے مان لیا تھا کہ وہ دونوں ریلیشن میں ہیں تو پھر کسی کو کیا ان دونوں سے..... عادی کو اس چیز

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کا فائدہ تھا کہ اب وہ یونی می مشی سے جیسے مرضی بات .....کر سکتا ہے

اُدھر عادی اپنی تیاری میں بزی تھا اِدھر مشی اور نینی اپنی شاپنگ میں مصروف تھیں نینی نے ابھی تک سعد سے بات نہیں کی تھی آج مشی اور نینی مرکیٹ میں تھیں جب مشی نے سعد کو آنے کا کہ دیا اسے پتہ تھا نینی خود سے نہیں ....کہے گی اسے ہی بلانا پڑے گا

شوز لیتے ہوئے مشی نے نینی کو مخاطب کیا... ہاں مشی؟؟؟

نینی شوز پہنتے ہوئے بولی.... یہاں سے پہلے کافی پینے چلے گے مجھے سردی لگ رہی ہے مشی نے بہانہ بنایا مبادا وہ منع ہی نہ کر دے.... اچھا ہاں کافی مجھے بھی ....ضرورت محسوس ہو رہی ہے چلو یہ لے کر چلتے ہیں

یہ والا پیک کر دو نینی دکاندار سے گویا ہوئ.... چلو مشی پھر وہاں سے وہ لوگ کافی پینے چلی گئیں... وہ آڈر دے چکی تھیں... مشی بار بار اِدھر اُڈھر دیکھ رہی تھی لیکن سعد کہیں نظر نہ آیا... اف یہ نہ ہو کہ ہم چلے جائیں اور پھر ان جناب کی اینڑی ہو مشی ابھی کشمکش میں تھی کہ اسے عادی اور سعد آتے ہوئے نظر آئے.... عادی کو دیکھ کر کافی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....پیۓ بغیر ہی حلق کڑوا ہو گیا اور تیوری ڈال کر بیٹھ گئ

نینی نت مشی کی جانب دیکھا ؟؟؟ مشی نے اثبات میں سر ہلایا کہ میں نے ہی بلایا ہے....

وہ دونوں آکر بیٹھ گۓ... مشی نے ان دونوں کو دوسرے ٹیبل پر بھیج دیا تاکہ وہ ایزی ہو کر بات کر سکیں.... عادی مسلسل مسکرا رہا تھا اور مشی کو اس کی مسکراہٹ جلا رہی تھی... آپ اپنا علاج کیوں نہی کرواتے کسی اچھے ڈاکڑ سے مشی دانت پیستے ہوۓ بولی.... اگر آپ لے جائیں تو میں کروا لوں گی.... مشی کو اس کی ڈھٹائ پر مزید غصہ آیا.... مشی چپ کر گئ اور دوسری طرف دیکھنے لگی.... کبھی ہم پے بھی نظر کرم کر دیا کریں.... نظر کرم آپ پر تو کتے چھوڑنے کو دل کرتا ہے.... مشی نے جل بھن کر کہا.... عادی نے برا ماننے کی بجاۓ قہقہ لگایا.... اگر اتنا ہی پیار ہے تو خود کو چھوڑیں نہ مجھ پر کتوں کا میں کیا کروں گا.. عادی کی ذومعنی گفتگو سے مشی مزید چڑ گئ.... پتہ ہے جب آپ آتے ہیں نہ تو ایسا لگتا ہے کباب کھتے ہوۓ ہڈی آگئ..... تو آپ کباب کھانا چھوڑ دیں..... کباب چھوڑنے سے آپ آنا بند کر دیں گے؟؟؟ بلکل بھی نہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر یہ ہو گا کہ صرف میں آؤں گا کباب نہیں عادی مسکراتے ہوئے بولا.... آپ کے ساتھ تو بحث کرنا ہی فضول ہے.... تو آپ سے کس نے کہا ہے بحث کرنے کو آپ کچھ اور کر لیں.... عادی شرارت سے بولا..... توبہ آپ کو تو نہ کوئ شرم ہے نہ کوئ لحاظ اب اگر ایک بھی لفظ بولا نہ تو اٹھا کے پھینک دوں گی میں آپ کو.... مشی اس کی بات سمجھ کر جھنپ گئ جب کہ عادی کی مسکراہٹ رک ہی نہیں رہی تھی..... عادی نے چپکے سے مشی کی پکچر بنا ڈالی.... مائ لو بنا کر پکچر دیکھتا ہوا آہستہ سے بولا.... مشی کافی پینے لگی تو عادی بھی مصروف ہو گیا لیکن نظریں ابھی بھی مشی کا طواف کر رہیں تھیں.... مشی عادی کی نظروں سے پزل ہو رہی تھی... یہ لیں میری بھی آپ ہی پی لیں مشی تنک کر بولی.... بہت چالاک ہیں نہ آپ چاہتی ہیں کہ ہم دونوں میں پیار بڑھے اس لیے بہانے سے مجھے اپنی جھوٹی کافی پلانا چاہ رہی ہے ویری گڈ کہ کر عادی اس کی کافی سے سپ لینے لگا... اور مشی نے سر تھام لیا کہ اس انسان کا کیا کرے. اتنی دیر میں سعد اور نینی بھی آگۓ..... اور مشی نے شکر ادا کیا کہ اب اس کی زبان بند ہو گئ مشی عادی کو بس گھور کر رہ گئ.....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ان دونوں کے بیٹھتے ہی عادی نے بولنا شروع کیا...مشی آئم سوری.... مشی کے ساتھ ساتھ باقی سب بھی حیران رہ گئے .....کہ عادی اور سوری

میں نے آپ کے ساتھ جو بھی کیا ہر اس شیز کے لیے... غلطی ہر انسان سے ہو جاتی ہے مجھ سے بھی ہوئیں.... ہر انسان کو موقع ملتا ہے اپنی غلطی سدھارنے کا میں بھی ایک موقع چاہتا ہوں اپنی غلطیوں کا ازالہ کرنے کے لیے.... کہ کر خاموش ہو گیا..... آپ کے سوری سے میری سیلف ریسپیکٹ میری عزت واپس نہیں آ سکتی اور معافی غلطیوں کی ہوتی ہے گناہوں کی نہیں آپ نے جو کچھ کیا ہے اس کی کبھی معافی نہیں مل سکتی پھر چاہے آپ ساری زندگی ازالہ کیوں نہ کریں مجھ میں اتنا ظرف نہیں کہ وہ سب بھول کر آپ کو معاف کر دوں سو مجھ سے کوئ امید مت رکھنا کہ کبھی میری معافی آپ کو ملے گی مشی سپاٹ چہرے کے ساتھ کہتی اٹھ کر چلی گئ... نینی میں اکیلی ہاسٹل جانا چاہتی ہوں میری فکر مت کرنا اور نکل گئ..... نینی نے افسوس سے عادی کی جانب دیکھا اگر عادی تم اتنی حدیں پار نہ کرتے تو شاید وہ تمہیں معاف کر دیتی لیکن جو کچھ تم نے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا وہ واقعی نا قابل معافی ہے.... نینی پلیز مجھے تمہاری ہیلپ چاہیے... مشی جیسے بولی گی میں ویسے ہی کروں گا لیکن پلیز سب اسے چھوڑ نہیں سکتا اور مجھے اس چیز کے لیے مجبور مت کرنا.... نینی کو اس کے لہجے میں تڑپ واضح نظر آئ..... عادی میں مشی کی خوشی کے خلاف نہیں جا سکتی.... نینی تم اس کی خوشی کا خیال رکھو لیکن مجھے اس سے دور مت کرو میں یہ رشتہ نبھانا چاہتا ہوں... لیکن مشی تو ایسا نہیں چاہتی.... نینی مجھے یقین ہے ایک دن مشی مجھے معاف کر دے گی اور میں اس دن تک ہر کوشش کروں گا اور اس دن کا انتظار بھی..... عادی کے لفظوں میں صداقت تھی نینی ٹھیک ہے کہ کر اٹھ گئ..... عادی تم نے کیسے سوری بولا مشی کو؟؟؟ سعد کی حیرت کی انتہا تھی.....منہ سے اور کیسے عادی نے بات کو ہوا میں اڑاتے ہوئے کہا... میرا مطلب وہ لفظ تمہارے ہی تھی کہ میں کبھی اس انچ بھر کی لڑکی سے معافی نہ مانگوں تو پھر یہ معجزہ..... بس میرے لیے مشی میری ایگو سے زیادہ عزیز ہے اس لیے.... آہاہاں زبردست تو موصوف محبت کرنے لگ گئے ہیں... سعد عادی کے ساتھ کھڑا ہوتا ہوا بولا... عادی مسکرانے لگا بس کچھ ایسا ہی سمجھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....لے.... باتیں کرتے ایک دکان میں چلے گ ئے

****

مشی پیدل چل رہی تھی اور آنکھوں سے آنسو جاری تھے... عادی میں معاف کر دو گی آپ کو سوچ بھی کیسے لیا آپ کا یہ ایک لفظ میری اتنی اذیت,تکلیف کو ختم کرنا تو دور کم بھی نہیں کر سکتا..... جو کچھ میرے ساتھ آپ نے کیا ہے اس کے لیے کوئ معافی نہیں بنتی وہ روتی جا رہی تھی اور چلتی جا رہی تھی پتہ نہیں کس چیز نے اسے زیادہ تکلیف دی تھی جو وہ رو رہی تھی وہ خود بھی اس بات سے انجان تھی عادی کی معافی سے اسے کوئ فرق نہیں پڑا تھا شاید اسے اس لیے رونا آرہا تھا کہ وہ اتنی آسانی سے ایک لفظ کہ کر ہر چیز سے کیسے بری الذمہ ہو سکتا ہے..... یہی سب سوچتے سوچتے وہ ہاسٹل پہنچ گئ رونے سے اس کی ساری تکلیف سارا غبار نکل چکا تھا اور اب وہ کافی ہلکا محسوس کر رہی تھی....

نینی پہلے ہی ہاسٹل پہنچ چکی تھی.... تم ٹھیک کو نہ مشی؟؟ نینی نے استفسار کیا.... ہاں مجھے کیا ہونا ہے.... وہ تم ایسے اکیلی نکل گئ نہ..... نینی کیا ہم فلحال اُس بارے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں بات نہ کریں اور سعد اور تمہارے بیچ سب ٹھیک ہو گیا اسے ابھی بھی خود سے زیادہ نینی کی فکر تھی جیسے نینی کو اپنے پیار سے زیادہ دوستی عزیز تھی..... ہاں سب سیٹ ہے اب..... اچھا چلو اب تم گھر فون کر کے بتا تو دو کہ کل ہم نکلنے والے ہیں..... اووو ہاں میں تو بھول ہی گئ تھی..... .....پھر لیپ ٹاپ اٹھا کر کال ملانے لگی

بابا جانی ہمارا ٹرپ جا رہا ہے ناردن ایریاز میں.واہ یہ تو اچھی بات ہے آؤٹنگ ہو جائے گی آپ کی... مشی نے مسکراتے ہوئے اثبات میں سر ہلا دیا.....کوئ ضرورت نہیں ہے جانے کی پیچھے سے ماما کی آواز آئ..... مشی نے منہ پھلا لیا....یہ کیا بات ہوئ ماما آپ کو ہر چیز میں ابجیکشن لگانی ہوتی..... اور آپ اسے روکنے کی بجائے مشورہ دے رہے ہیں جانے کا نیکسٹ منتھ ایگزیم ہیں اس کے بیٹھ کر تیاری کرے....ماما آپ کی کچھ دن کے لیے یاداشت نہیں جا سکتی تھی کیا اور ویسے بھی ابھی اس منتھ کو سٹارٹ ہوئے تین چار تو دن ہوئے ہیں ایگزیم منتھ کے لاسٹ میں ہیں اور پڑھنا تو میں نے اینڈ والے ڈیز میں ہی ہے تو پھر میں کیوں نہ جاؤں... مشی مزے لیتے ہوئے بولی جب کہ حیدر صاحب

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کی باتوں پر مسکرا رہے تھے.... مشی کبھی تو کسی کی بات مان لیا کرو..... نوپ نوپ میں نے جانا ہے ویسے بھی آپ کون سا یہاں ہیں جو مجھے روک سکیں گے بس بتانا تھا اور وہ بتا دیا ناؤ بائے بائے.... ہاتھ سے اشارہ کرتی اس نے کال ڈسکنیکٹ کر دی..... حیدر صاحب ابھی بھی اس کے انداز پر مسکرا رہے تھے تو مسز حیدر تلملا کر رہ گئ..... یہ کبھی کسی کی نہیں سنے گی کہتی ہوئیں روم .....سے باہر چلی گئیں

****

یونی سے آف تھا ٹوئر کی وجہ سے اور وہ دونوں اپنی نیند .....پوری کر رہیں تھیں کیونکہ انہیں رات میں نکلنا تھا

دو بجے مشی کی آنکھ کھلی وہ بھی فون کی رنگ سے.... مشی نے ہمیشہ کی طرح بنا دیکھے کال اٹینڈ کی اور جمائ روکتے ہوئے ہیلو بولا.... تو محترمہ سو رہیں ہیں آپ کی صبح ہوئ نہیں ابھی تک..... آپ کون سا سونے دیتے ہیں .....اچھی بھلی سو رہی تھی تنگ کر دیا

اچھا چلیں کام کی بات ہر آتے ہیں..... میں تو آپ کے ساتھ کوئ بزنس نہیں کر رہی جو آپ کو کام کی بات کرنی ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس لیے برائے مہربانی آپ کا مطلوبہ صارف اس وقت سو رہا ہے جب ان کی نیند ہوری ہو جائے پھر کوشش کریں شکریہ کہ کر فون کاٹ دیا اور آنکھیں بند کر کے لیٹ گئ..... عادی اس کی بات ہر مسکرا دیااور پھر سے کال ملانے لگا.... اف یہ انسان دو پل سسنے نہیں دے گا... مشی نے فون آف کر دیا اب کرتے رہو اور بلینکٹ میں منہ چھپا لیا... دو منٹ بعد نینی کا فون بجنے لگا.... اور نینی تو ایسے سوتی تھی کہ اس کے پاس بومب بھی بلاسٹ ہو جائے تو اسے خبر تک نہ ہو. مجبوراً مشی کو اٹھنا پڑا اب پتہ نہیں کسے مصیبت پڑ گئ ہے بڑبڑاتی ہوئے فون اٹھایا اور عادی کا نام دیکھ کر تو دل کیا شوٹ کر دے اسے..... نیند تو اب مشی کو آنی نہیں تھی سو فون اٹھا کر اپنے بیڈ پر بیٹھ گئ.... جی فرمائیں ایسی کون سی کام کی بات ہے جس کو کیے بغیر آپ کو موت آجائے گی... مشی نے جل بھن کر کہا.... عادی قہقہ لگاتے ہوئے گویا ہوا... میں نے آپ کو کہا تھا کہ آپ نہیں جاؤ گی لیکن آپ نے میری بات نہیں مانی..... ہاں تو؟؟؟ تو یہ کہ میں دوبارہ آپ کو پیار سے کہ رہا ہوں کہ ابھی بھی ٹائم ہے رک جاؤ..... آپ مجھے بس سے بھی اتار دیں گے نہ تو میں خود اکیلی چلی جاؤں گی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن رکوں گی نہیں... کوئ تو بات مان لیا کرو عادی محظوظ سا بولا.... پہلے آپ مجھے یہ بتائیں کہیں آپ کو ماما نے تو نہیں میرے پیچھے لگایا کہ مجھے ہر وقت تنگ کرتے رہنا.... مشی نے تفتیشی انداز میں پوچھا.... مشی پاگل تو نہیں ہو گئ اپنی ہی ماما کی بات کر رہی ہو نہ.عادی ہنستے ہوئے بولا..... اووکے فائن کہ کر اس نے فون کاٹ دیا اور آف کر دیا..... اب وہ نینی کے سر ہوگئ..... نینی اٹھ جا آدھی دنیا تباہ ہوگی ہے اور تم ابھی تک سو رہی ہو اس کا بلینکٹ اتارتے ہوئے بولی..... مشی آدھی دنیا تباہ نہیں آدھی دنیا کام پر چلی گئ یہ ہوتا ہے نینی آنکھیں مسلتے ہوئے بولی.... جو بھی ہو مجھے کیا کہ کر مشی شاور لینے چلی گئ.....

اس کے بعد رات تک وہ اپنی تیاری میں مصروف رہیں پہلے پیکنگ پھر خود کی تیاری..

مشی نے بلیک شرٹ پر گرے کلر کا کوٹ پہن رکھا تھا بال کھول رکھے تھے گلے میں مفلر اور سر پر کیپ پہن رکھی تھی ہلکا سا میک اپ کا ٹچ دئیے وہ غضب ڈھا رہی تھی..... سعد انہیں پک کرنے کے لیے آ چکا تھا چونکہ مشی کی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نظر میں عادی نہیں جا رہا تھا اس لیے اس نے آخر میں آنا تھا تاکہ مشی عین وقت پر ارادہ نہ بدل دے اسے دیکھ کر..... وہ دونوں جلدی جلدی اپنا سامان لیے گاڑی میں بیٹھ .....گئ اور گاڑی ہوا سے باتیں کرنے لگی

عادی نے بلیک پینٹ پر گرے شرٹ اور اس پر بلیک جرسی پہنی تھی شیشے کے سامنے کھڑا وہ بال بنا رہا تھا بڑھی ہوئ شیو میں وہ تباہی مچا رہا تھا خود پر ایک آخری نظر ڈال کر وہ نکل گیا... گاڑی میں بیٹھ کر سعد کو فون کیا... ہاں سعد پتہ ہے نہ جب تک میں نہ آؤں بس چلنی نہیں چاہیے.... عادی تو فکر مت کر میں نے پہلے ہی سر سے بات کر لی ہے تو بس آ جا اب جلدی کیونکہ سارے سٹوڈنٹس بس میں بیٹھ چکے ہیں بس تمہارا انتظار ہے.... اووکے میں بس آیا.... کہ کر عادی نے گاڑی دوڑانی شروع کر دی اور ....دس منٹ میں وہ یونی کی پارککنگ میں کھڑا تھا

مشی اور نینی مزے سے بیٹھی مونگ پھلی کھا رہیں تھیں جب عادی بس کے اندر آیا اووہ تو ان جناب کا انتظار ہو رہا تھا تب سے عادی کو دیکھتے ہی مشی بولی... عادی ان کے سامنے آکر رکا اور بولا.... جی بلکل آپ کو کوئ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اعتراض..... مشی گھورنے لگی اور جھوٹے کہ کر باہر دیکھنے لگی.... عادی مسکراتا ہوا آگے چلا گیا اور سعد کے ساتھ جا کر بیٹھ گیا... بس چل پڑی.... اونچی آواز میں گانے چل رہے تھے اور سب انجوائے کر رہے تھے عادی نے دیکھا کہ جو کپل ہیں وہ ایک ساتھ بیٹھے ہیں تو سعد کو مخاطب کیا.... سعد ہمارے اتنے برے دن آگئے ہیں کیا کہ باقی سب کپل ساتھ بیٹھے ہیں اور ہم دونوں نہیں.... سعد نے نظریں دوڑائیں تو ہاں یار یہ تو سراسر ناانصافی ہے.... تو رک سعد ابھی سیٹنگ کرتا ہوں.... عادی نے مشی کو فون لگایا.... اب کون سی مشاورت کرنی ہے آپ نے مجھ سے چھوٹتے ہی مشی بولی..... آپ کوئ کرنے دیں تو کروں نہ.... میں آپ جیسے جھوٹے لوگوں ساتھ کوئ نہیں کرتی... مشی ناک چڑھاتی بولی.... اچھا ایک بات مانیں گیں... عادی نے بڑی آس سے کہا... نہیں... فوراً جواب آیا... عادی مسکراتے ہوئے بولا.... نینی کو یہاں بھیج دو اور میں آگے آتا ہوں.... مشی کی آنکھیں پھیل گئ... کوئ نہیں جہاں بیٹھے ہیں بہت اچھے لگ رہے ہیں... تعریف جب میں آپ کے ساتھ آ کر بیٹھوں گا پھر کر لینا ابھی میری بات مان لو..... جی نہیں میں تو کوئ نہیں ماننے والی.... پلیز میری پیاری

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مشی آپ نے پہلے بھی میری بات نہیں مانی اب کم سے کم یہی مان لو کچھ تو ترس کھا لیا کرو بچے پے.... نہ تو مجھے ترس آتا ہے نہ ہی میں نے کھانا ہے اگر آپ کو اور کچھ نہیں کہنا تو بتائیں میں فون بند کروں..... اچھا رکو میری بات سنو..... جی سنائیں..... دکیھو مشی سارے کپل ایک ساتھ بیٹھے ہیں آپ کی بے جا ضد کی وجہ سے نینی اور سعد کو بھی الگ بیٹھنا پڑ رہا اب بیچاری نینی دوستی کی آڑ میں کچھ نہیں کہ رہی میرا نہیں تو کم از کم ان دونوں کا ہی خیال کر لو.... مشی چپ ہو گئ اور سوچنے لگی.... عادی انتظار میں تھا کہ تیر نشانے پر لگا کہ نہیں..... اچھا ٹھیک ہے میں بھیج دیتی یوں نینی کو پیچھے..... تھینک یو سو مچ مشی عادی خوشی میں اور بھی کچھ کہنے والا تھا لیکن چپ کر گیا.... اور مشی کو لگا کہ وہ پاگل ہو گیا ہے ایسا کیا کہ دیا میں نے جو وہ اتنا خوش ہو گیا... مشی سوچتے ہوئے بولی.... اور نینی کو بول دیا کہ وہ سعد کے ساتھ جا کر بیٹھ جائے ویسے بھی میری وجہ سے دونوں میں ڈسٹینس آ گیا ہے ہو سکتا ہے اس طرح کچھ کم ہو جائے..... تم ایزی رہو گی عادی کے ساتھ ہاں کوئ مسئلہ نہیں تم جاؤ.... اور عادی کو میسج کیا کہ نینی کو سعد کے ساتھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

جگہ دے دیں اور خود کہیں اور بیٹھ جائیں..... پہلی بات تو یہ مشی کہ بس میں جگہ نہیں ہے اور اگر ہوتی بھی تو میں وہیں جاتا جہاں سے نینی آتی.... مشی نے گھٹنے ٹیک دئیے کہ وہ کبھی نہیں مانے گا اووکے جی آ جائیں آپ کو جو پیچھے نہیں مل رہا وہ آگے آکر لے لیں..... عادی مسرور سا مسکرانے لگا... یہ لے بھئ سعد دونوں کا کام ہو گیا اب دے ہائ فائ..... مشی نے آنکھیں بند کر کے سر سیٹ کی پشت سے لگا دیا اس لیے اسے پتہ ہی نہ چلا کب نینی اٹھ کر گئ اور کب عادی اس کے ساتھ والی سیٹ پر آ کر بیٹھ گیا..... مشی کو پر سکون سا دیکھ کر عادی کا دل نہیں کیا اسے تنگ کرنے کا کافی رات ہو چکی تھی بس میں نیم تاریکی تھی..... گانے بند تھے اور زیادہ تر سٹوڈنٹس سو رہے تھے اور کچھ ان حسین پلوں کو سمیٹ رہے تھے جب میں سے ایک عادی تھا.... وہ جب سے آیا تھا اس نیم تاریکی میں مشی کا معصوم سا چہرہ دیکھ رہا تھا...آج مشی آفت لگ رہی تھی اور عادی کا دل بے قابو ہو رہا تھا جب سامنے آپ کا محرم ہو اور حسین بھی تو دل بے قابو ہو جاتے ہیں... عادی کا دل کیا کہ اس کے ماتھے پر اپنی محبت کی مہر لگا دے لیکن نہیں وہ مشی کی مرضی سے ہر چیز چاہتا تھا اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....لیے بس یک ٹک اسے دیکھے جا رہا تھا

اس وقت مشی کے سر پر کیپ نہیں تھی اس کے بال ..... بار بار منہ پر آ رہے تھے عادی بڑی دلچسپی سے اس کو دیکھ رہا تھا اس نے ہاتھ بڑھا کر مشی کے چہرے پر آئی لٹوں کو پیچھے کیا عادی کا دل کیا کہ اس نازک سے چہرے کو چھو کر دیکھے اس نے ہاتھ کی پشت سے مشی کے گال کو چھوا تو مشی کسمسائ عادی نے فوراً ہاتھ ہٹا لیا اندھیرا ہونے کے باعث مشی نے عادی کو نینی سمجھ کر اس کے کندھے پر سر رکھ دیا.... عادی مسرور سا مسکرا دیا اور مشی کے سر پر اپنا سر رکھ کر سو گیا..... اب صبح ہی آپ .....سے بات ہو گئ کہتے ہوئے آنکھیں بند کر لیں

صبح مشی کی آنکھ کھلی تو اپنا سر عادی کے کندھے پر دیکھ کر اس کو حیرت کا شدید جھٹکا لگا..... نینی بیٹھی تھی یہ کب یہاں تشریف لائے مشی اپنے سر سے اس کا سر ہٹاتے ہوئے سوچنے لگی..... جب بھی آئے مجھے کیا ایک تو میں بھی نیند میں پتہ نہیں کیا کر جاتی ہوں.... مشی خو د کو کوسنے لگی.... تقریباً ابھی سارے سٹوڈنٹس سو ہی رہے تھے کیونکہ ابھی فجر کی اذان ہی ہوئ تھی..... مشی کے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سر ہٹانے سے عادی کی بھی نیند خراب ہو گئ وہ جمائ روکتے ہوئے مشی کو دیکھنے لگا.... مشی شرمندہ شرمندہ سی تھی.ایسے کیا دیکھ رہے ہیں.... میں دیکھ رہا ہوں کہ زندگی میں پہلی بار مشی نے میری بات مان لی تھینک یو عادی نے اس کے کان میں شرگوشی کی....مشی نے جھرجھری لی.. ایک تو آپ نہ بات زرا دور ہو کر کیا کریں ایسا لگتا ہے گن پوائینٹ پر جواب لے رہے..... عادی پیچھے ہونے کی بجائے مزید آگے ہو گیا مشی بس کی کھڑکی کے ساتھ جا لگی آنکھیں زور سے بند کر لیں عادی ہنسنے لگا..... لیکن میرے پاس تو کوئ گن نہیں پھر..... یہ جو خود کو مجھ پر سوار کر لیتے ہیں کسی گن سے کم سے کیا..... عادی ابھی بھی اس کے اتنے ہی قریب تھا..... مشی نے ہاتھ جوڑتے ہوئے کہا..... یہ دیکھیں اللہ کا واسطہ ہے اگر یہاں آ ہی گۓ ہیں تا پلیز زرا فاصلے پے ہو کر بیٹھیں.... عادی کو اس پر ترس آ گیا اور مسکراتا ہوا پیچھے کو ہوا.... مشی کا اٹکا ہوا سانس بحال ہوا..... اور بیگ سے .....جوس نکال کر پینے لگی

کچھ ہی وقت میں وہ لوگ ناران کے پائن ٹاپ ہوٹل کے باہر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کھڑے تھے سردی کے باعث سب ہاتھ مسلنے میں مصروف تھے مشی بے دوبارہ سے کیپ پہن لی تھی.....ان سب کا سامان نکلوایا جا رہا تھا..... مشی اور نینی اِدھر اُدھر دیکھنے میں مصروف تھیں.... ان دونوں کو ہی شروع سے نیچرل بیوٹی بہت پسند تھی اور کئ بار وہ دونوں فیملی اور فرینڈز کے ساتھ جاتی رہیں تھیں....

ہر چیز برف سے ڈھکی ہوئ تھیں وہ سب سیدھا ہوٹل میں گۓ اور سب کو ان کے روم نمبز بتا دئیے گۓ کہ کچھ دیر آرام کر لیں اس کے بعد کہیں جائیں گے ناشتہ کر کے سب اپنے اپنے روم کی جانب چل دئیے عادی نے مشی کو آواز دی لیکن وہ سنی ان سنی کر گئ.... عادی نے بھی سوچا کہ بعد میں کر لوں گا اور وہ بھی روم میں چلا گیا.....

چند گھنٹے سونے کے بعد سب تیاریوں میں مصروف ہو گۓ..... مشی نے شرٹ پر کوٹ ساتھ لانگ شوز پہن رکھے تھے ہلکی سی لپ اسٹک لگائ تھی اور بیٹھی نینی کے تیار ہونے کا ویٹ کر رہی تھی جس کی تیاری پوری ہوتی بھی نہ دکھائ دے رہی تھی....

آج انہوں نے بابوسر ٹاپ جانا تھا....مشی روم سے باہر نکل

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

آئ..... عادی پہلے سے ہی باہر کھڑا تھا مشی کو دیکھ کر اس کی جانب آ گیا.... مشی نے اس کو اپنی جانب آتے دیکھا تو فوراً واپس روم میں چلی گئ عادی کو مشی کی اس حرکت کی سمجھ نہ آئ..... عجیب لڑکی ہے کہ کر واپس وہیں کھڑا ہو گیا جہاں پہلے تھا...

سب لوگ نکل چکے تھے اور بس میں بیٹھ چکے تھے بس چل اپنے راستے پر روانہ ہو گئ... عادی نے مشی کو کال اور میسجز کیے لیکن اس نے کوئ جواب نہ دیا.بابوسرٹاپ جا کر بھی مشی عادی سے کتراتی رہی وہ اس کے پاس آتا وہ مشی کہیں اور چکی جاتی عادی کو غصہ بھی آرہا تھا اور دکھ بھی ہو رہا تھا نا جانے کیوں مشی یہ سب کر رہی تھی.

یونہی سارا دن گزر گیا رات میں عادی نے دوبارہ اس سے کانٹیکٹ کر نے کی کوشش کی لیکن کوئ فائدہ نہیں.عادی خوش نہیں تھا جتنا اچھا سفر رہا تھا سیر اس کے برعکس اتنی ہی بری ثابت ہو رہی تھی وہ بیڈ پر لیٹا مشی کی پکس دیکھ رہا تھا.

مشی آپ کیوں ایسا کر رہی ہو اب جب میرا دل آپ کی طرف

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بڑھ رہا ہے تو آپ اسے پرتے دھکیل رہی ہو.... جب سے مشی لاہور آئ تھی عادی کو لگا تھا اس کی زندگی واپس آ گئ اس دن سے اس نے سموکنگ بھی نہیں کی تھی لیکن آج کے دن کے بعد وہ بہت ٹوٹ گیا تھا نہ اسے مشی کے اس روئیے کی وجہ معلوم تھی نہ ہی وہ بتا رہی تھی.... عادی نے سیگرٹ نکالی اور کمرے سے باہر نکل گیا رات کے اس وقت سب اپنے اپنے رومز میں تھے اور عادی باہر سردی میں سموکنگ کرتا ہوا چکر لگا رہا تھا نا جانے کب تک اور کتنی دیر وہ سموکنگ کرتا رہا لیکن اسے سکون نہ ملا تو واپس کمرے میں جا کر لیٹ گیا... نیند تو کوسوں دور تھی بس مشی کا ہی خیال آ رہا تھا... عادی نے اپنے بال مٹھیوں میں جکڑ لیے اس وقت وہ خود کو بہت بے بس محسوس کر رہا تھا انہیں سوچوں میں کب نیند اس پر مہربان ہوئ اسے پتہ ہی نہ چلا....

اگلے دن وہ لوگ لیک لالاسر ناران گۓ مشی کے روئیے میں کوئ تبدیلی نہ آئ البتہ عادی نے اب بات کرنے کی زیادہ کوشش نہ کی اس کا ٹرپ خراب ہو چکا تھا جو سوچا تھا ویسا کچھ بھی نہیں ہوا وہ بس یونہی سب کے ساتھ چلتا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

جا رہا تھا دیکھ کچھ بھی نہیں رہا تھا کیونکہ دماغ تو اس کا کہیں اور ہی گم تھا....

عادی کو یہ دن بھی مشی کے انتظار میں گزر گیا..... رات اس نے پھر سے مشی کو میسج کیا.

مشی مجھ سے ناراض ہو؟؟؟؟

کافی دہر گزرنے کے بعد بھی اس کا ریپلائ نہیں آیا تو عادی نے دوبارہ ٹیکسٹ کیا.....

مشی پلیز ایک جواب تو دے دو نہ تو فیس ٹو فیس بات کر رہی ہو اور نہ ہی یہاں جواب دے رہی ہو؟؟ایک گھنٹہ گزر گیا لیکن کوئ جواب نہیں عادی نے کرب سے آنکھیں میچ لیں اس کی آنکھ کا گوشہ نم تھا شاید وہ اپنے آنسوؤں پر بند ھ باندھ رہا تھا.... عادی نے بے چینی سے پہلو بدلا اور اٹھ کر باہر نکل آیا..... سیگرٹ جلائ اور پینی شروع کر دی وہ ایک کے بعد ایک سیگرٹ جلائے گیا... ایک آنسو ضبط کے باوجود اس کے گال پر لڑھک گیا جسے اس نے بے دردی سے صاف کر لیا... عادی کو لگا شاید مشی جس روم میں ہے وہاں کا دروازہ کھلا ہے اور کوئ اسے دیکھ رہا ہے خو د کو کمپوز کرتا جب وہ دروازے تک گیا تو وہ مکمل طور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پر بند نہ تھا مطلب کوئ تھا یہاں..... عادی سر جھٹکتا واپس اپنے کمرے میں چلا گیا سموکنگ بھی اس کی تکیلف کو کم نہ کر رہی تھی.....

اگلی شام وہ لوگ شوگران موجود تھے یہاں ان کا لیٹ نائٹ تک بون فائر چلنا تھا.... عادی ہر چیز سے لاپرواہ اکھڑا اکھڑا سا تھا.....

رات سب آگ کے گرد بیٹھے تھے اور ایک دوسرے کو سنگ سنگ کر کے ڈیڈی کیٹ کر رہے تھے عادی کا بھی دل کیا کہ وک مشی کے لیے ایک سونگ ڈیڈی کیٹ کرے.. آواز تو اس کی اچھی ہی تھی جیسے ہی گانا ختم ہوا اس نے حامی بھری.....

میں یہ سونگ مشی کو ڈیڈی کیٹ کرنا چاہتا ہوں..... کہ کر شروع کیا

بے پناہ سی محبت کی ہے

دل نے بھی یہی چاہت کی ہے

تیرے بن میرا لاگے نہ جیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تیرے لیے ہی دھڑکے جیا

تیرے بن میرا لاگے نہ جیا

تیرے لیے ہی دھڑکے جیا

میرے دل کو تیرے دل کی ضرورت ہے

میرے دل کو تیرے دل کی ضرورت ہے

میرے دل کو تیرے دل کی ضرورت ہے

میرے دل کو تیرے دل کی ضرورت ہے

عادی کے ساتھ ساتھ اور بھی بہت سے لوگوں کی آنکھیں نم تھیں لیکن اندھیرے کے باعث کوئ نہ دیکھ سکا البتہ مشی سے یہ نمی چھپی نہ رہ سکی....

عادی نے پورے دل سے گانا گایا تھا اس وقت اس کی یہی حالت تھی لیکن مشی کو اس پر ترس نہیں آ رہا تھا اس کے گانے کا بھی مشی پر کوئ اثر نہ ہوا عادی مایوسی سے سر جھکا کر وہاں سے اٹھ گیا اب وہ مزید وہاں نہیں بیٹھ سکتا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھا نہ ہی اس کے بیٹھنے کا کوئ مطلب تھا اسے سیگرٹ کی طلب ہو رہی تھی لیکن سب کے سامنے نہیں اس لیے کوئ ایسی جگہ دیکھنے لگا کہ کوئ اس کی تنہائ میں مخل نہ کو سکے اور اس کو مل گی ان سب سے دور ایک طوف .....کو ہو کر اس نے سموکنگ شروع کر دی

عادی کو پچھتاو نے گھیر لیا تھا..... کاش مشی میں آپ کے ساتھ اتنا غلط مہ کرتا تو آج ہم دونوں ایک ساتھ تو ہوتے.....اضطراب بڑھتا ہی جا رہا تھا مشی اس سے بات تک کرنے کی روادار نہ تھی اور اس کی جان نکل رہی تھی....

صحیح کہتے ہیں کہ انسان کو سوچ سمجھ کر ہر قدم اٹھانا چائیے ورنہ زندگی بھر کے لیے پچھتاوے ہاتھ آ جاتے ہیں ہمارے نزدیک جو چیز چھوٹی سی معلوم ہوتی ہے ہم نہیں جانتے کہ سامنے والے کے کو وہ معمولی سی چیز بھی کتنی تکلیف دے گی کتنا نقصان پہنچائے گی... ایک دوسرے کو سمجھیں ورنہ ایسے ہی رشتہ ختم ہو جاتا ہے اگر کسی اپنے کا رویہ آپ کے ساتھ تبدیل ہو جائے تو کبھی بھی یہ مت سوچنا کہ وہ بدل گیا یا بدل گئ ہے بلکہ یہ سوچنا کہ اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سب کے پیچھے وجہ کیا... اگر یہ سوچوں گے کہ وہ بدل گیا خود سے ایزیوم کر لو گے تو یقین کریں وہ رشتہ زیادہ دیر نہیں ٹک سکے گا میں نے خود اپنی زندگی میں اسی وجہ سے ایک رشتہ کھویا ہے جو مجھے سب سے عزیز تھا صرف بدگمانی کی وجہ سے خدارا لوگوں کو ان کے روئیوں کو سمجھا کریں ان کی بات سنا کریں سمجھنے کے لیے نہ کہ جواب دینے کے لیے ورنہ بعد میں صرف پچھتاوا رہ جاتا ہے... جب آپ سامنے والے کو اس کی باتوں کو نہیں سمجھتے نہ تب رشتوں کی ڈور ٹوٹتی ہے اور رشتوں کی ڈور تو ہوتی ہی بہت نازک ہے.....

عادی جب اس کنڈیشن میں سموکنگ کرتا تو اس کا کوئ حساب نہ ہوتا اب بھی کتنی ہی ڈبیاں وہ خالی کر چکا تھا..... اس نے مڑ کر ان سب کو دیکھا تو مشی بس کی طرف جا رہی تھی عادی فوراً اس کے پیچھے لپکا.....مشی؟؟؟ عادی نے اسے آواز دی... مشی کو رکنا پڑا..... مجھے آپ سے بات کرنی ہے..... لیکن مجھے نہیں کرنی.... مشی نے کھردرے پن سے کہا.... کیوں؟؟ عادی نے ہولے سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

استفسار کیا

کیونکہ آپ صرف بے تکی باتیں کرتے ہیں اور میرے پاس فضول چیزوں کی طرف توجہ دینے کا وقت نہیں سو پلیز میرا راستہ چھوڑیں.... مشی کی بات سے عادی کو دکھ ہوا اور پیچھے ہو کر مشی کو راستہ دیا تاکہ وہ گزر سکے.... عادی سب مشی کو دیکھ کر رہ گیا.... اس کا دل ٹوٹا تھا اور مشی نے بہت بری طرح توڑا تھا عادی کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ اس ٹوٹے دل کی کرچیاں لے کر کہاں جائے... وہ اردگرد سے بیگانہ چلتا جا رہا تھا جب سعد نے اسے آواز دے کر روکا.... عادی رک گیا لیکن مڑا نہیں سعد اس کے سامنے آیا تو دیکھا کہ عادی کی آنکھیں نمکین آنسوؤں سے بھری ہیں جنہیں وہ باہر آنے سے روک رہا ہے.... عادی تو رو رہا ہے.... کیوں میں کیوں نہیں رو سکتا مرد ہوں تو اس کا مطلب کیا ہے کہ مجھے تکلیف نہیں ہوتی مجھے دکھ نہیں ہوتا..... وہ پھٹ پڑا تھا لیکن آنسوؤں کو باڑ پار نہ کرنے دی.... تو مہرے ساتھ چل عادی سب ہوٹل جا رہے ہیں واپس چل سعد اسے کندھے سے تھامے چلنے لگا.عادی کی آنکھیں ضبط اور تکلیف سے سرخ انگارہ بنی ہوئیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....تھیں

جیسے ہی بس ہوٹل کے باہر رکی مشی کے بیگ کی سٹرپ سیٹ میں پھنس گئ
تقریباً سارے سٹوڈنٹس جا چکے تھے عادی بھی لاپرواہ سا بنا اس کے ساتھ سے گزر گیا مشی کو لگا شاید وہ اس کی مدد کرے گا لیکن وہ چپ چاپ بس سے اتر گیا.... مشی کوشش کرتی سیٹ سے نکالتی باہر نکلی تو سب اپنے رومز میں جا چکے تھے.... عادی نے اس کا ہاتھ پکڑا اور منہ پے ہاتھ رکھ کر ہوٹل کی پچھلی جانب لے گیا...

عادی نے اپنی دونوں ہاتھونکو مشی کی کمر پر باندھ کر ایک حصار بنا دیا.... مشی اس اچانک افتاد پر گھبرا گئ..... یہ سب کیا ہے عادی چھوڑیں مجھے..... عادی کی آنکھوں میں

بے بسی ہی بے بسی تھی.....آپ مجھے بہت تنگ کرتی ہو اب میں بھی تھوڑا سا تنگ کروں گا وہ بولا تو اس کی آواز بھرائ ہوئ تھی مشی نے سر اٹھا کر دیکھا نہ جانے اس کی آنکھوں میں کیا کیا تھا کہ مشی سے دیکھا نہ گیا..... اگر آپ اس حصار کو توڑ سکتی ہو تو توڑ لو عادی نے اسے دیوار

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے ساتھ لگاتے ہوئے کہا.. ان دونوں کے بیچ میں ایک انچ کا بھی فاصلہ نہ تھا... مشی نے اس کے سینے پر ہاتھ رکھ کر اسے پیچھے کرنے کی کوشش کی لیکن کوئ فائدہ نہ ہوا..... مشی کچھ بولنے ہی والی تھی کہ عادی نے شش کہ کر اسے خاموش کروا دیا اور اس کے سر پر اپنا سر ٹکا دیا اور آنکھیں بند کر لیں وہ کچھ دیر اسے محسوس کرنا چاہتا تھا... عادی نے جو آنسو اب تک روک رکھے تھے وہ اب باہر نکل آۓ مشی کو حیرت ہوئ کہ وہ رو رہا ہے..عادی خاموش تھا لیکن اس کے آنسو سب کہ رہے تھے... مشی کے بھی آنسو آ گۓ نہ جانے اس پر ترس آیا تھا یا پھر اس کی اتنی قربت پر... عادی پلیز مجھے جانے دیں... مشی کی روتی آواز پر عادی نے آنکھیں کھولیں.... مشی پلز آپ رویا مت کرو.. عادی نے اس کے آنسوؤں کو اپنی پوروں سے چن لیا اور انہیں بےمول ہونے سے بچا لیا.... آپ ہی ہمیشہ وجہ بنتے ہیں میرے رونے کی اور پھر کہتے ہیں کہ میں رویا نہ کرو وہ اس کی جیکٹ مضبوطی سے تھامے کھڑی تھی....

مشی!!! عادی نے اسے آواز دی.... پلیز کچھ بھی کہ لو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دھتکار لو چاہے تو ذلیل بھی کر لو لیکن مجھے خود سے دور مت کرو میں مر جاؤ گا مشی.... عادی نے تڑپ کر کہا... مشی اس کے جذبوں کے سامنے کچھ نہ کہ سکی.... آپ جیسے کہو گی ویسے ہی کروں گا لیکن مجھے خود کو چھوڑنے کا مت کہنا.... مشی یہ میرے بس میں نہیں ہے.... آپ میری دگوں میں دوڑ رہی ہو خون کی طرح.....میں چاہوں بھی تو آپ کو نکال نہیں سکتا..... عادی نے اس اپنے دونوں ہاتھوں سے اس کا چہرہ تھاما

مشی مجھ سے بات کیا کرو گی نہ وہ دیوانہ وار بول رہا تھا آنسو ابھی بھی بہ رہے تھے... مشی اس کے سامنے ہار گئ.... ہاں کروں گی... عادی مسکرا دیا.... اب میں جاؤں؟؟ مشی نے اس سے پوچھا ہاں ٹھیک ہے جاؤ..... جاتے جاتے عادی نے اس کا ہاتھ تھام لیا.... پکا نہ مشی؟؟؟ اگر آپ اسی طرح میرے اتنا قریب آئیں گے تو میں آپ سے دوبارہ کبھی بات نہیں کروں گی... اووکے میں دور رہ کر بات کروں گا اب ٹھیک ہے.... جی.... عادی نے اس کا ہاتھ چھوڑ دیا اور مشی اپنے روم کی جانب چل دی.... آنسو پھر سے نکل آئے تھے...مجھے کیوں رونا آ رہا ہے... مشی حیران تھی کہ وہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیوں رو رہی ہے.... عادی میں اپنی خفت مٹانے کے لیے آپ کو نظر انداز کر رہی تھی بس میں آپ کے مندھے پر سر رکھنے کے باعث لیکن مجھے نہیں پتہ تھا کہ آپ اس حال کو پہنچ جاؤ گے مشی خود سے باتیں کرتی روم میں چلی گئ...

....مشی چینج کر کے لیٹ گئ تو عادی کا میسج آیا ہوا تھا

.....تھینک یو مائ ڈئیر وائف

...وائف پے مشی کو مرچیں لگ گئ

....وائف مت کہا کریں مجھے سمجھ آی آپ کو

ہاہاہاہا اب وائف کو وائف نہیں کہوں گا تو کیا چڑیل کہوں..... فوراً جواب آیا مشی کو تو لگ گئ

عادی میں نے آپ کا حشر نشر کر دینا ہے غصے والے ایموجی کے ساتھ کہا..... چاروں شانے تو چت کر دئیے ہیں اب اور کیا کرنا ہے....

چار شانے کیسے؟؟ آپ کے تو دو شانے نہیں؟؟؟ مشی نے معصومیت سے ریپلائ کیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اللہ مشی اگر آپ موویز کے علاوہ بھی دوسری چیزوں پر دھیان دیتی تو آپ کو پتہ ہوتا کہ چاروں شانے کیسے.....

مشی برا مان گئ.... ہاں خود تو جیسے نیوٹن ہیں نہ.....

ہاہاہاہا نیوٹن کا تو پتہ نہیں لیکن یو ٹرن لے کر میں نے آپ کے روم میں آ جانا.....

میرے روم میں کیوں؟؟؟؟

مشی آپ کے روم میں لائٹ آف ہے نہ؟؟؟

ہاں جی آف ہے.... پہلے میری بات کا جواب دیں.

وہ دراصل میں نے کبھی اندھیرے میں چڑیل کو نہیں دیکھا نہ تو سوچا آج یہ ایکسپیرینس بھی کر لو ساتھ میں آنکھ مارنے والی ایموجی بھیجی.....

عادی کے بچی آپ کو تو میں کل دیکھوں گی ابھی میرے سامنے نہیں ہوں.... مشی نے غصے والا ایموجی ساتھ بھیجا....

اگر آپ کہو تو میں ابھی آ جاتا ہوں جتنا دل کرے اتنا دیکھ لینا صبح ہونے میں ابھی ٹائم ہے... ساتھ ہارٹ والا ایموجی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....بھیجا

اف عادی بھاڑ میں جائیں میں سونے لگی ہوں اور اگر اب کوئ ٹیکسٹ آیا تو میسج سے ہی شوٹ کر دوں گی آپ کو.....

عادی مسکراتے ہوئے اس کا آخری میسج پڑھنے لگا اور کوئ جواب نہ دیا.... موبائل رکھا اور سکون سے سو گیا..آج عادی آرام سے سو سکا..

آج انہوں نے لیک سیف الملوک جانا تھا

مشی نے بلیک پینٹ کے ساتھ وائیٹ شرٹ اور اس پر بلیک اور وائٹ کوٹ پہنا,بالوں کو ٹیل پونی میں قید کیا گلے میں مفلر لے کر وہ شوز پہننے لگی... میک اپ بلکل لائٹ سا تھا لیکن سردی کے باعث اس کے گال اور ناک گلابی ہوئے پڑے تھے جس وجہ سے وہ کوئ گڑیا سی لگ رہی تھی چھوٹی سی.....

عادی نے آج وائیٹ شرٹ پر لانگ کوٹ پہن رکھا تھا آج وہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بہت خوش تھا بال سیٹ کرتے ہوئے اسے رات مشی سے ہونہ والی باتیں یاد آ گئیں تو مسکرانے لگا سردی کی وجہ سے عادی کا رنگ مزید نکھر گیا تھا.....

ارے واہ شہزادے آج تو بہت مسکرا رہے ہو سعد نے پیچھے سے ہانک لگائ کل تو مجنوں بنے ہوئے تھے....

ہاں تیری بھابھی سے صلح جو ہو گئ عادی آنکھ مارتے ہوئے بولا... پھر وہ بس میں بیٹھ گ ئے.... مشی منہ پھلائے بیٹھی تھی عادی نے نینی کو اشارہ کیا اور وہ اٹھ گئ عادی اس کی جگہ مشی کے ساتھ بیٹھ گیا....

ہیلو مس---- وہ وائف کہتے کہتے رک گیا.... مشی نے منہ پھیر لیا اچھا تو ناراض ہیں جناب چلو کوئ نہیں مجھے کیا عادی مسکراتا ہوا لاپرواہ سا بیٹھ گیا.....

ہر طرف برف ہی برف تھی وہ سب لیک دیکھ رہے تھے جو سردی کے باعث جمی ہوئ تھی پھر آگے چلنے لگے عادی مشی کے پیچھے پیچھے ہی تھا مشی کا پاؤں سلپ ہوا اور اس سے پہلے کہ وہ زمین بوس ہوتی عادی نے اس کی کمر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں ہاتھ ڈال کر اسے تھام لیا.... مشی غصے سے عادی کو دیکھنے لگی.... اب چھوڑیں گے یا یہی پر سٹیچو بنوانا چاہتے ہیں مشی کی آواز نے عادی کو اس کی آنکھوں سے باہر نکالا وہ جو اس کی آنکھوں میں ہی گم ہو گیا تھا مشی کو اپنی گرفت سے آزاد کیا.... تھینک یو نہیں بولیں گی.
مشی ماتھے پر بل ڈالتے ہوئے مڑی.... ایوارڈ نہ دیا جائے آپ کو اس کارنامے پر اور ویسے بھی میں آپ ہی کی وجہ سے گری ہوں.... عادی حیران ہوا میری وجہ سے کیسے؟؟؟ آپ .....جو میرے پیچھے تھے

عادی اس کے قریب آیا.... تو پیچھے تھا تو مطلب میں نے گرایا ہے بلکل.... عادی ہنسنے لگا تو مشی اس کے پاؤں پر اپنا شوز زور سے مار کر آگے بڑھ گئ یہ کل رات کا بدلہ کہ کر بھاگ گئ.... مشی میرے ہاتھ سے بچو اب عادی بھی اس کے پیچھے بھاگا اور برف کا گولہ بنا کر مشی کو مارا.... مشی ہاااااا کرتی مڑی اور برف اٹھا کر عادی کے ماری... عادی نیچے ہو گیا اور وہ نینی کو جا لگی...نینی مشی کو گھورتی اس پر برف مارنے لگی اور وہ سب برف کے ساتھ کھیلنے لگے ان کو دیکھ کر دوسرے سٹوڈنٹس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھی شروع ہو گۓ.... سب ایک دوسرے کو برف مارنے میں مصروف تھے... کوئ یہاں سے وہاں بھاگ رہا تھا تو کوئ وہاں سے یہاں....مشی پیچھے دیکھے بنا بھاگی اور عادی سے ٹکرا گئ عادی نیچے گر گیا اور مشی اس کے اوپر... مشی عادی کے سینے پر اوندھے منہ گری ہوئ تھی....

مشی کی بچی میری پسلی توڑ دی اف موٹی ہٹو...عادی احتجاج کرنے لگا مشی نے سر اٹھایا اور اسے کراہتے دیکھ کر ہنسنے لگی لیکن اس کے اوپر سے نہیں اٹھی سب کھیلنے میں مصروف تھے انہیں کوئ نہیں دیکھ رہا تھا.... کیا فائدہ اتنی جان کا جب ایک نازک سے وجود کا وزن بھی برداشت نہیں کر سکتے..... واہ واہ صدقے جاؤں میں آپ کے آندھی طوفان کی طرح مجھ پر گرو گی تو برداشت کیسے کروں گا..... اب اٹھ بھی جاؤ میری ماں..عادی نے لاچارگی سے کہا اور مشی ہنستی ہوئ اٹھ گئ.... دیکھا کیسا بدلہ ملا مجھ پر برف پھینکنے کا..... چھوڑوں گا نہیں میں آپ کو دیکھ لینا.... پہلے پکڑ کے تو دکھاؤ مشی کہ کر بھاگ گئ اور سب کے ساتھ شامل ہو گئ.... عادی بھی اپنی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کمر سہلاتا اٹھا اور سب کو برف مارنے لگا البتہ یہ کام وہ سب ناران میں بھی کر چکے تھے لیکن عادی نے تب ان کے ساتھ حصہ نہیں لیا تھا مشی کی وجہ سے اس لیے اب وہ بھرپور طریقے سے انجوائے کرنا چاہتا تھا اور برف کے ساتھ تو جتنا بھی کھیل لو اتنا ہی کم ہے.... تقریباً گھنٹہ وہ لوگ اسی میں مصروف رہے پھر جب تھک گئے تو کھانا .....کھانے کسی قریبی ہوٹل میں چلے گئے

مشی مزے سے بیٹھی نینی سے اپنی تصویریں لے رہی تھی عادی کو شرارت سوجھی... مشی اس کے ساتھ والی چئیر پر بیٹھی تھی.... مشی؟؟؟؟

....ہوں.... وہ مصروف سے انداز میں بولی

....آپ کو پتہ ہے لوگ کہتے ہیں یہاں پریاں ہوتی ہیں

ہمممم سنا ہے تو اس میں ایسی کون سی انوکھی بات تھی ....جو آپ مجھے بتا رہے

....میں نہیں مانتا

....تو نہ مانیں میں کیا کروں

....اف پوچھو تو سہی وجہ کیا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

جی بتا دیں پھر مشی تصویریں سینڈ کرتے ہوئے جواب دے رہی تھی....

کیونکہ پری تو ہمیشہ ہمارے ساتھ ہوتی ہے پھر یہاں کیسے ہو سکتی ہے.... وہ مسکراتے ہوئے بولا....

پہلے مشی کو سمجھ نہ آئ تو پھر اس کی طرف دیکھا.... ہممم بلکل سہی سوچ رہی ہو آپ ہی کی بات کر رہا ہوں..... مشی نے تیوری ڈالتے ہوئے جواب دیا..... ویسے آپ کو پتہ ہے آ کتنا جھوٹ بولتے ہیں.....ارے نہیں بلکل سچ کہ رہا ہوں..... مجھے تو لگتا ہے جیسے ہی آپ منہ کھولتے ہیں نہ تو جھوٹ باہر آ جاتا ہے..... ہاہاہاہا مطلب آپ میری بات سے اتفاق نہیں کرتی....مشی نے نفی میں سر ہلایا اس کا دھیان پکس میں تھا اور اسے پتہ ہی نہ تھا کہ کیا بولے جا رہی.... چلو اچھا ہوا پھر آپ پری تو ہو نہیں مطلب آج آپ نے مان ہی لیا کہ آپ میری پیاری سی چھوٹی سی چڑیل ہو... عادی نچلا لب دبائے ہنسی روکتے ہوئے بولا..... اس کی بات پر مشی تو تپ گئ..... عادی آ پ کا خون تو میرے ہی ہاتھوں ہو گا یہ بات تو آپ لکھ لیں... مشی دانت پیستے ہوئے بولی..... اچھا بتاؤ کہاں لکھو..... عادی محظوظ ہوتے ہوئے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

....بولا.... مشی کو سمجھ نہ آیا کہ اس کو کیا جواب دے

دیکھنا میں میسم بھائ کو بولو گی..... مشی ناک چڑھاتی ہوئ بولی..... کیا بولو گی؟؟؟ عادی اسے دلچسپی سے دیکھنے لگا.... یہی کہ آپ مجھے تنگ کرتے ہو.... اچھا پھر میں اسے اپنی پیاری سی کزن کا نمبر دے دوں گا اور کہوں گا کہ اسے تنگ کر لو حساب برابر..... ہاااا کرتی مشی منہ کھولے اسے دیکھنے لگی... شرم تو آپ نے ویسے بھی بیچ کھائ ہے نہ!!!!! بلکل عادی نے اس کی تائید کی یہ جو گاڑی لے کر گھومتا ہوں اسی سے خریدی تھی.... مشی تنگ آگئ تھی اس کی الٹی سیدھی باتوں کے جواب دے .....کر..... آپ کے سر کی قسم کھاؤ

کیوں بھی میرے سر کی کیوں وہ بھی جھوٹی قسم اپنے کی کھاؤ مرو تو آپ ہی میں کیوں.... بلکل یقین نہیں نا مجھ پے؟؟؟؟

بلکل بھی نہیں... مشی فوراً بولی.... اور اب اگر آپ کے منہ سے ایک بھی لفظ نکلا نہ عادی تع یہ کافی آپ کے منہ پر الٹا دوں گی میں مشی کافی کا کپ آگے کرتی خطرناک تیوروں سے بولی..... عادی مسکرانے لگا اور بولا..... ہاں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو میں کب بول رہا ہوں یہ دیکھو چپ ہوں منہ پر انگلی رکھتے ہوئے بولا.... مشی مسکراہٹ روکتے کافی پینے لگی.....

****

رات میں ڈنر کرنے کے بعد وہ سب واک پر نکل آئے...
تقریباً سارے کپل ہے تھے جو اپنے اپنے پاٹنر کے ساتھ چل رہے تھے مشی نے نینی کو منع کیا کہ وہ نہیں جانا چاہتی لیکن نینی زبردستی اسے لے آئ ساتھ اور اب اسے عادی کے ساتھ چلنا پڑ رہا تھا....

مشی؟؟؟

جی فرمائیں....

ہر وقت سڑی کیوں رہتی ہو نام تو آپ کا مشی ہے اس نے کہنا کچھ اور تھا اور کہ کچھ دیا....

جب آپ جیسا بندہ سامنے ہو تو انسان آٹومیٹیکلی سڑ جاتا ہے....

ہاہاہاہا آپ جیلس ہوئ ہوتی ہو نہ مجھ سے....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں کیوں جیلس ہونے لگی بھلا وہ بھی آپ سے. مشی نے ناک سے مکھی اڑائ .....

وہ سب ہوٹل سے کافی دور نکل آئے تھے اور سب آپس میں محو گفتگو تھے سب ان حسیں پلوں کو سمیٹ رہے تھے جو جلد ہی ختم ہونے والے تھے.....

بلکل آپ ہوتی ہو مجھ سے جیلس کیونکہ مجھ پر بہت سی لڑکیاں مرتی ہیں....

میری طرف سے مریں یا جئیں مجھے کیا.....

لیکن میں تو صرف آپ پے مرتا ہوں..... یہ کیسا انکشاف تھا عادی خود بھی نہ سمجھ سکا.... عادی مسکرا رہا تھا.....

مجھے آپ کی کسی بات پے اعتبار نہیں کیونکہ آپ ہمیشہ جھوٹ بولتے ہیں میرا اعتبار توڑا ہے آپ نے اب دوبارہ کبھی نہیں کروں گی.... مشی کیا میری معافی قبول نہیں ہو سکتی.....

کبھی نہیں.... مشی نے سختی سے کہا.... اگر میں آپ سے بات کر رہی ہوں تو اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ آپ میرے دل میں جگہ بنا رہے ہیں عادی مجھے آپ سے نفرت

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہے شدید نفرت جب جب مجھے وہ سب یاد آتا ہے اس نفرت میں مزید اضافہ کو جاتا ہے آپ کتنی بھی کوشش کر لیں اسے ختم نہیں کر سکتے....مشی کیا میری کوششیں بھی اسے ختم نہیں کر سکتیں....

آپ نے جو نفرت کا بیج میرے دل میں بویا تھا نہ وہ اب ایک تناور درخت بن چکا ہے اگر آپ اسے کاٹنے میں کامیاب بھی ہو جائیں نہ تو اس کی جڑیں کبھی نہیں اکھاڑ سکتے.....

گفتگو کا آغاز کہاں سے ہوا تھا اور کہاں آ گیا عادی ان لمحوں کو یادگار بنانا چاہتا تھا تو گویا ہوا.....

یہ تو آپ بہت بار کہ چکی ہو کہ مجھ سے نفرت کرتی ہو کچھ اور بولو اب پرانا لگنے لگا ہے یہ..... عادی اس کے قریب ہوتے ہوئے بولا..... اسے پتہ تھا ک اس کے پاس آنے پر وہ ضرور بھڑکے گی.....

ایک تو یہ جو آپ میں ٹھرک کے کیڑے ہیں نہ ان کو نکال کر آیا کریں میرے پاس.....

پاس ہی تو آپ آنے نہیں دیتی.... عادی شرارتی مسکراہٹ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....لیے بولا

اگر آپ نے اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر کچھ کرنے کی کوشش کی نہ تو میں شور مچا دوں گی....

....پھر کیا کہیں گی سب سے

.....یہی کہ آپ مجھے چھیڑ رہے ہو

ہاہاہاہا.... تو میں بھی کہ دوں گا کہ میری بیوی میری مرضی چاہے چھیڑو یا کچھ اور کرو.....

کیا ہے بھئ ہر بار آپ نہیں جیت سکتے..... مشی چڑ گئ

.....تو آپ اپنی ہار تسلیم کر لیں

....کبھی نہیں ایسے تو بلکل نہیں

چلیں پھر ایسا کرتے ہیں ہوٹل چل کر گیم کھیلتے ہیں پھر جو ہارے گا اسے تسلیم کرنی پڑے گی اپنی ہار.....

.....اووکے ڈن

عادی نے وہیں سے اپنے گروپ ممبر کو آواز دی اور وہ سب واپسی کے لیے نکل گۓ.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....بڑی مشکل سے لڈو ملی اور وہ سب لابی میں بیٹھ گۓ

پہلی گیم میں عادی,مشی,ارم,اود حماد تھے... عادی بار بار مشی کی گوٹی مار رہا تھا کبھی بے ایمانی کر کے تو کبھی نمبر آنے پر.... اور مشی تلملا رہی تھی....

ویسے کہتا ہے کہ میں آپ پر مرتا ہوں اور یہاں میری گوٹی ہی مارے جا رہا ہے مشی ناک چڑھاتی نینی کے کان میں سرگوشی کرنے لگی.نینی ہنس دی....

مشی اور ارم ہار گئیں جب کہ عادی اود حماد جیت گۓ..... عادی مسکراتا ہوا مشی کو ٹیکسٹ کرنے لگا.... اب تسلیم کریں گی آپ اپنی ہار.....

جی نہیں.... وہ بھی مشی تھی اتنی آسانی سے کیسے ہاتھ آ جاتی یہ تو کمبائن گیم تھا کوئ ایسا گیم ہو جس میں ہم دونوں کا مقابلہ ہو پھر اصل وینر کا پتہ چلے گا.....

عادی نے اووکے کا سائن بھیج دیا اور سوچنے لگا اب باقی ممبر کھیل رہے تھے نینی اور سعد بھی اس گیم میں تھے باقی دو کلاس فیلو تھے.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

....اس بار گرلز جیتیں تھیں

....اس کے بعد عادی بول پڑا

میرے پاس ایک اور گیم ہے سارے کپل ایک دوسرے کی آنکھوں میں دیکھیں گے پھر جو پہلے آنکھیں جھپک لے گا وہ لوزر ہو گا ٹھیک ہے..... سب نے حامی بھری...

....مشی دل ہی دل میں اسے ہرانے کا سوچنے لگی

.....پہلے سعد اور نینی کے بیچ ہوا..... اور نینی جیت گئ

....اب عادی اور مشی کے بیچ میں تھا

وہ دونوں ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے تھے پانچ منٹ گزر گۓ لیکن دونوں ڈٹے رہے.... عادی کا دماغ چلا اور اس نے مشی کو آنکھ ماری

مشی کا منہ کھل گیا اور اس نے آنکھیں جھپک لیں... چونکہ سارے لیفٹ سائیڈ پر تھے اور عادی نے رائٹ سائیڈ والی آنکھ ماری تو مشی کے علاوہ کسی کو پتہ ہی نہ چلا....

مشی ہار چکی تھی اچھا اب میری بات غور سے سن لیں کل آپ بلکل بھی تنگ نہیں کرو گی جانے کے ٹائم پر میں کوئ ڈرامے نہ دیکھوں.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

....مجھے نہیں جانا آپ جیسے انسان کے ساتھ

.....عادی نے مشی کو کال کر لی

سب سو رہے تھے اس لیے مشی نے اٹینڈ کر لی

....مشی؟؟؟ عادی جذبوں سے چور لہجے میں بولا

....مشی کے ہارٹ نے بیٹ مس کی

....مشی؟؟ سپیکر میں پھر سے اس کی آواز ابھری

.....جی!!! بامشکل مشی بول پائ

میں پہلی بار آپ سے کچھ مانگ رہا ہوں پلیز انکار مت کرنا اس کے بعد آپ جیسے کہو گی میں ہمیشہ ویسے ہی کروں گا بٹ پلیز یہ ایک چیز مجھے دے دو....

کیا؟؟؟

....کل کی ڈیٹ؟؟؟ کہ کر عادی خاموش ہو گیا

پہلی بار وہ اس سے اجازت لے رہا تھا کیا اسے دے دینی چاہیے تھی.... مشی سوچ رہی تھی...

.....مجھے آپ سے ڈر لگتا ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

....ہاہاہاہا میں نے کبھی آپ کو مارا ہے کیا جو ڈر لگتا ہے

نہیں لیکن جو آپ کا ٹھرکی پن ہے نہ وہ میرے سامنے آتے ہی باہر آجاتا ہے.... مشی منہ بسورتے ہوئے بولی...

اچھا چلو ٹھیک ہے کل ٹھرکی پن ہوٹل چھوڑ کر جاؤں گا اب اووکے ہے.....

آپ. میرے قریب بھی نہیں آئیں گے.... دس انچ کا فاصلہ رکھیں گے مجھ سے.....

....ہاہاہاہا اب میں انچز کیسے ماپوں گا

..... وہ میں کر لوں گی

ٹھیک ہے اور کچھ؟؟؟ جیسے مشی کہے گی ویسے ہی عادی کرے گا.....

نہیں.... مشی کو آج یہ کوئ اور ہی عادی لگ رہا تھا... لفظوں میں مٹھاس.. پیار بھرا لہجا...اف..... مشی نے جھرجھری لی.....

مشی؟؟؟

جی؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ نہیں... ٹھیک ہے سو جاؤ آپ.... اور ہاں آپ کو تنگ کرنے کے لیے سوری.....

ہمممم

بس آپ مجھ سے ناراض نہ ہونا....

اووکے بائے.....مشی نے جواب دئیے بغیر کال کٹ کر دی.....

پتہ نہیں یہ سب ٹھیک بھی ہے یا نہیں.... لیکن وہ روتا ہوا اچھا نہیں لگ رہا تھا مجھے..... میں اس کو اذیت میں نہیں رکھ سکتی تھی.... ضروری تو نہیں کہ اگر اس نے مجھے تکلیف دی ہے تو میں بھی اسے تکیلف دوں... عادی میں کبھی آپ کے ساتھ زندگی گزارنے کے لیے تیار نہیں ہوں گی یہ بات تو طے ہے آپ کچھ بھی کر لیں میں وہ سب نہیں بھول سکتی..... مشی نے کرب سے آنکھیں بند کر لیں... دو آنسو اس کی گال پر لڑھک آئے..... آج اس نے انہیں روکا نہیں دل بھر گیا تھا اس کا سو رو کر ہلکا کر لیا.... کافی دیر بے آواز رونے کے بعد وہ خود کو کافی ہلکا محسوس کر رہی تھی..... ہمممم اب ٹھیک ہے وہ ایک لمبا سانس لیتی لحاف اوڑھ کر لیٹ گئ..... جلد ہی اس پر نیند طاری ہو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....گئ

ان سب کو یہ رعایت عادی کی وجہ سے ملی تھی جس کے باعث وہ دیر تک ہوٹل سے باہر رہے تھے چونکہ عادی کے فادر یونی کو ہیوی فنڈز دیتے تھے اس لیے عادی کی بات انہیں ماننی پڑتی تھی اس لیے عادی نے سر سے بات کر لی .....تھی اور انہوں نے اسے اجازت دے دی تھی

****

....آج ان سب نے کاغان ویلی کے لیے نکلنا ہے

مشی اور نینی جلدی جلدی تیار ہو رہی تھیں کیونکہ آج ان ....کی آنکھ دیر سے کھلی تھی

نینی اگر آج تم نے بس میں اپنی سیٹ عادی کو عنایت کرنے کا سوچا بھی نہ تو میں نے تمہارا سر پھاڑ دینا ہے اس پاگل کو میرے ماتھے مار دیتی ہو.... مشی کھا جانے والی .....نظروں سے دیکھتے ہوے بولی

ہاں تو وہ تو کل میں ایسے ہی چلی گئ تھی آج تو تمہارے ساتھ ہی بیٹھوں گی نینی نے فوراً اپنا بچاؤ کیا مبادا وہ ابھی ہی اس کا منہ نہ بگاڑ دیا اور اس کی اتنی دیر کی محنت

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ضائع ہو جاتی..... مشی اس کو گھورتی باہر نکل گئ... نینی بھی فوراً پیچھے لپکی.....

بس میں چڑھتے ہی عادی نے نینی کو اشارہ کیا لیکن نینی نے نفی میں سر ہلا دیا اور اسے ٹیکسٹ کر کے منع کر دیا.....عادی افسوس کرتا پیچھے جا کر بیٹھ گیا..... اور مشی کو میسج کیا....

مشی؟؟؟

آپ کی جان کو سکون نہیں ملتا کیا؟؟ مشی تپی بیٹھی تھی....

بلکل بھی نہیں... دراصل وہ کہتی ہے کہ مشی نام کی آفت ہمیشہ ساتھ ہو ورنہ سب بورنگ لگتا.....

میں آپ کو اینٹرٹین کرنے والی لگتی ہوں....

آپ تو مجھے اور بھی بہت کچھ لگتی ہو اب کیا کیا بتاؤ

میں... ہائے عادی نے دھائ دی....

کسی دن میں نے غنڈے ہائر کر کے نہ آپ کی خوب دھلائ کروانی ہے پھر یہ سارے ڈرامے نکل جائیں گے...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں تو روز نہاتا ہوں پھر دھلائی کی کیا ضرورت... ہاں البتہ اگر آپ نہیں باتھ لیتی تو آپ اپنے لیے سوچ سکتی ہو....

مشی کو تو لگ گئ.....

عادی جس منہ سے آپ یہ ساری فضول کی بکواس کرت ہیں نہ کسی دن وہ منہ ہی توڑ دینا ہے میں نے.....

لیکن میں تو انگلیوں سے ٹائپنگ کر رہا ہوں اب ان کا منہ کہاں سے لاؤ گی.....

بس رکنے دیں آپ کو چھوڑوں گی نہیں میں.... میں تو خود یہی چاہتا ہوں کہ آپ مجھے نہ چھوڑو لیکن کبھی پکڑو تو سہی نہ.... عادی خوش ہونے والا ایموجی بھیجا.....

جب پکڑا نہ تو سیدھا جہنم میں ہی چھوڑ کے آؤں گی.... غصے والے ایموجی کے ساتھ کہا...

آپ ہاتھ پکڑ کر جہاں بھی لے جاؤ گی چلا جاؤں گا بشرط یہ کہ آپ میرے ساتھ رہو گی... ٹھیک ہے میں آپ کے ساتھ رہ لوں لیکن ایک مسئلہ ہے.....

وہ کیا؟؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دراصل جہنم تو صرف آپ جیسوں کے لیے ہے نہ میری تو اینٹری ہی نہیں ہو گی اس لیے آپ کو وہاں اکیلے ہی رہنا پڑے گا....

....ہاہاہاہا.....کوئ بات نہیں میں اپنا سیکشن چینج کروا لوں گا

مشی تنگ آگئ..... کبھی آپ کی زبان چپ بھی رہتی ہے ؟؟؟

.....بلکل

تو پھر اب مجھے کوئ میسج نہ آئے

لیکن ابھی تو میں ہاتھ سے لکھ رہا ہوں زبان تو آل ریڈی بند ہے.....

پھر اپنے ان گناہ گار ہاتھوں کو بند کر دیں.... مشی تنک کر بولی....

عادی مسکرانے لگا اور دوبارہ میسج نہیں کیا.... سارا ٹائم عادی مشی کے آگے پیچھے رہا کبھی اسے تنگ کرتا تو کبھی زچ کرتا..... اور مشی کا بس نہیں چلتا تھا عادی کا گلا دبا دے.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

شام میں وہ لوگ واپس ہوٹل آ گۓ اور عادی کا گروپ اپنی ڈیٹ کی تیاری کرنے لگا.... البتہ ڈیٹ مشی کی جانب سے تھی لیکن ساری تیاری عادی نے کی تھی وہ اس وقت کو بہت خوشگوار بنانا چاہتا تھا.....

مشی کو اس نے کہ دیا تھا کہ وہ بلیک ڈریس پہنے... خود عادی نے بھی بلیک کلر کا تھری پیس پہنا ہوا تھا بالوں کو جیل لگا کر سیٹ کیا ہاتھ میں واچ پہنے وہ بلکل تیار کھڑا تھا....

مشی نے بلیک پینٹ شرٹ پر بلیک ہی کوٹ پہن رکھا تھا,لمبے بال کھول رکھے تھے, لائٹ سا میک اپ کیے بھی وہ قیامت ڈھا رہی تھی..بلیک کلر تو مشی پر خوب ججتا تھا.. شوز پہن کر موبائل اٹھایا اور چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی باہر نکل گئ.... مشی کو آج عادی پے شدید غصہ تھا صبح سے تنگ کیا ہوا تھا اسے.. عادی نیچے کھڑا مشی کا ہی انتظار کر رہا تھا جب مشی سیڑھیاں اترتی نظر آئ اور عادی نے نظر نے واپس ہونے سے انکار کر دیا وہ بے حد خوبصورت لگ رہی تھی اور عادی سے اس کی نظروں کو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کنڑول کرنا مشکل ہو رہا تھا... مشی اس کے سامنے آ چکی تھی اور وہ پلک جھپکے بغیر یک ٹک اسے دیکھ رہا تھا....

میرا پوسٹ ماٹم ہو گیا ہو تو چلیں مشی تنک کر بولی....

عادی مسکراتا ہوا چلنے لگا.....

ہوٹل کے قریب یہ ایک چھوٹا سا ریسٹورنٹ تھا جس کا ایک ٹیبل ان کے لیے بُک تھا. ٹیبل پر کینڈلز اور ایک طرف روز رکھے تھے..... ڈم لائٹس چل رہی تھی ماحول میں ہلکی سی خنکی تھی.....

وہ دونوں بیٹھ گۓ تو عادی نے مشی کو مخاطب کیا....

ناراض ہو مجھ سے؟؟؟

آپ مجھ سے بات بھی مت کریں....

آپ تو مجھ سے بات بھی مت کریں.. کہ کر مشی نے منہ دوسری جانب موڑ لیا....

آپ سے نہیں کروں تو پھر کس سے کروں.....

جس سے مرضی کریں.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھا تو پھر وہ سامنے والی لڑکی ٹھیک ہے اس سے جا کر لو.....

مجھ سے کیا پوچھ رہے ہیں جس سے کرنی ہے کریں.....

کچھ دیر یونہی گزر گئ عادی مشی کو کانٹینیسولی دیکھ رہا تھا نہ ہی کچھ آڈر کیا..... مشی اس کی نظروں سے تنگ آ گئ.....

آپ نے مجھے یہاں گھورنے کے لیے بلایا تھا اس سے اچھا تو ہوٹل میں ہی رہتی آرام سے.....

نہیں اصل میں نہ میرا دل کہتا ہے کہ مجھے ہمشہ ایک ہوائ چیز کو اپنے ساتھ رکھنا چائیے اس لیے آپ کو ساتھ رکھتا ہوں..... مشی اسے گھورنے لگی.....

کسی دن میں نے سچ میں آپ پر کوئ ہوائ چیز چھڑوا دینی ہے..... مشی دانت پیستے ہوئے بولی.....

اگر چھوڑنی ہی ہے تو مجھے یہی والی پسند ہے میں اسی پر اکتفا کروں گا..... ویسے مشی وہ بھی کیا وقت ہو گا نہ جب آپ خود کو میرے سپرد کر دو گی..... عادی نے مزے لیتے ہوئے کہا...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مشی نے جھرجھری لی..... آپ کو پتہ ہے میں نے نہ آپ کو چوہے مار دوائ دے دینی ہے...

چوہے مار دوائ کیوں؟؟؟؟

چوہے کی موت ماروں گی میں آپ کو.... مشی فوک ٹیبل پر مارتے ہوئے بولی....

لیکن میں پھر بھی بچ جاؤں گا.....

مشی چپ کر کے لوگوں کو دیکھنے لگی.....

مشی آپ کو پتہ ہے؟؟؟؟

کیا؟ مشی نے اس کی جانب دیکھے بغیر کہا....

آپ کو یہاں میں خود لایا ہوں.....

کیا مطلب؟؟؟اب مشی اس کی جانب متوجہ ہوئ.....

مطلب یہ کہ میں نے آ کو جان بوجھ کر کہا تھا کہ آپ ٹوئر پے نہیں جاؤ گی کیونکہ مجھے پتہ تھا کہ آپ میرے منع کرنے کے بعد تو لازمی جاؤں گی..... کہ کر عادی ہنسنے لگا.....

اور مشی کو خود پر غصہ آنے لگا... دوسرا عادی کا اس ک

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

....مذاق بنانے پر

.....مشی کی آنکھوں میں آنسو آ گۓ

.....مشی کیا ہوا؟؟ کیوں رو رہی ہو

.....عادی اگر آپ ابھی مجھے واپس نہ لے کر گۓ

ٹھیک ہے ہم چلتے ہیں واپس لیکن آپ رونا مت عادی اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی اٹھ گیا..... مشی نے اپنا فون اٹھایا اور اس کے ساتھ باہر نکل گئ..... مشی ایک اچھی خاصی ڈیٹ کا بیڑا غرق کر چکی تھی اور وہ اس بات پے خوش تھی.....

آج آپ مجھے کوئ میسج یا کال نہیں کریں گے.وہ دونوں پیدل ہوٹل جا رہے تھے جب مشی بولی..

کیوں؟؟؟

بس میں کہ رہی ہو اس لیے.....

پھر آپ خود مجھے مجبور کرتی ہو کہ میں دھمکیوں پر اتروں؟؟؟؟

ٹھیک ہے جو مرضی کریں..... مشی نے بعد میں ہینڈل

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

...کرنے کے لیے چھوڑ دیا

وہ دونوں ہوٹل پہنچ گۓ... نینی اور سعد ابھی تک نہیں آۓ تھے دونوں نے اپنے رومز کی جانب راہ لی.....

آج عادی مشی کے قریب بھی نہیں آیا تھا جیسا کہ مشی نے کہا تھا اور مشی شکر ادا کر رہی تھی کہ کوئ تو بات مانی..... وہ چینج کر کے بیڈ پر آ گئ.... ابھی بیٹھی ہی تھی کہ عادی کی کال آنے لگی.... اف یہ انسان کبھی نہیں سدھرے گا.....

.....مشی نے بادل نخوستہ فون اٹھایا

عادی مجھے سمجھ نہیں آتی آپ کو چین کیوں نہیں ملتا جو مجھے تنگ کرتے رہتے ہیں؟؟

.....عادی مسکراتے ہوۓ گویا ہوا

سارا میرا چین تو آپ لے گئ ہو اب میں کیا کروں..... مشی وہ گانا ہے نہ میرا چین وین سب اجڑا میرا بھی وہی حال ہوا پڑا.....

....مشی ہنس دی اور بولی.... آپ کو باتیں بنانی بہت آتی ہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....مجھے اور بھی بہت کچھ بنانا آتا ہے

.....جو بنانا ہا نہ صبح بنانا ابھی چپ کر کے سو جائیں

کس کے ساتھ؟؟؟

اپنے بچوں کے ساتھ... مشی ترخ کر بولی.... سوچ کر تو اس نے ویسے بھی کبھی نہیں بولا تھا اب دانتوں تلے زبان دے دی کہ کیا کہ دیا.....

عادی مسکرا دیا

بچے تو ابھی نہیں ہیں لیکن ان کی ماں کے ساتھ بھی کام چل سکتا ہے.....

ماں ایویلایبل نہیں... مشی فوراً بولی

کیوں کہاں بزی ہے؟؟؟

کسی اور کے ساتھ.....

پھر تو مجھے ایک چکر آپ کے روم کا لگا لینا چائیے.....

میں تو ایسے ہی بول رہی تھی آپ کے ساتھ ہی بزی ہوں....مشی نے فوراً بات سنبھالی کہیں سچ میں نہ آ پہنچے.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....عادی مسکراتے ہوئے بولا

....مشی میں آپ کو مس کر رہا ہوں

.....تو میں کیا کروں

آؤ باہر چلتے ہیں ویسے بھی نینی اور سعد بھی نہیں آئے ....ابھی تک

جائیں چلے جائیں آپ کس نے روکا ہے.... کہ کر مشی نے فون بیڈ کے سائیڈ ٹیبل میں رکھ دیا اب بولتے رہنا..... مشی کو پتہ تھا ویسے تو وہ چپ نہیں ہونے والا اور خود کمبل .....تان کر سو گئ

عادی پہلے ہیلو ہیلو کرتا رہا پھر سوچا کہ سو گئ ہو گئ..... کال کٹ کر کے مشی کی تصویریں دیکھنے لگا جو اس نے سارے ٹرپ میں چھپ کر لیں تھیں.... سیکھتا دیکھتا ....ہی وہ سو گیا

صبح صبح وہ سب واپسی کی تیاری کرنے لگے آج انہوں نے نکلنا تھا..... ہر طوف افراتفری مچی ہوئ تھی کوئ اپنا ڈریس ڈھونڈ رہا تو کوئ اپنا چارجر..... مشی اور نینی نے پہلے ہی ساری تیاری کر لی تھی.... اور اپا سامان اٹھوا کر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دونوں ہوٹل کے باہر کھڑیں تھیں آخری بار ان خوبصورت مناظر کو دیکھ رہیں تھیں... قابل دید منظر تھا سامنے نظر آتے پہاڑوں کی چوٹیاں برف سے ڈھکی ہوئیں تھی..... نینی میرا تو دل ہی نہیں کر رہا واپس جانے کو..... وہ دونوں نا جانے کب سے اس منظر میں کھوئ ہوئیں تھیں.... اتنا خوبصورت ہے سب کچھ دل کر رہا یہیں رہ جاؤں.....

خوبصورت تو ہے لیکن آپ سے زیادہ نہیں.....

نینی سے پہلے عادی بول پڑا جو ان کے پیچھے کھڑا تھا چل کر سامنے آ گیا.....

آپ کا ہر جگہ اپنی یہ ٹانگ اڑانا ضروری ہوتا ہے کیا... خدا نے اگر لمبی دیں ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ دوسروں کے معاملے میں اڑائیں... مشی تیکھے تیوروں ساتھ بولی.... لیکن عادی کہاں پرواہ کرتا تھا.....

آپ کے معاملے میں تو یہ خود آ جاتی ہیں یقین کریں میں نہیں لاتا... عادی معصومیت سے بولا... آپ جتنے بڑے لائر ہیں نہ آپ کا تو کبھی یقین ہی نہ کروں میں مشی رخ موڑ کر اسی منظر کو دیکھنے لگی.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بہت بہت شکریہ ویسے مجھے نہیں پتہ تھا کہ میں کافی بڑا وکیل ہوں.... عادی سر جھکاتے ہوئے بولا....

ہائے اللہ عادی آپ خود تو پاگل ہو ہی ساتھ میں مجھے بھی کر دو گے.... مشی نے سر تھام کر کہا....

اچھی بات ہے نہ مشی دونوں اکھٹے جائیں گے پاگل خانے...

مشی چپ کر کے کھڑی رہی....

مشی میں کیا سوچ رہا تھا....

مجھے کیا پتہ آپ کیا سوچ رہے تھے... مشی تنک کر بولی.....

کہ پھر ہمارے بچے بھی پاگل خانے میں ہوں گے کیا؟؟؟

نینی مجھے زرا یہاں سے کوئ بھاری چیز پکڑانا تاکہ میں ان کا سر پھاڑ سکوں....

مشی کا منہ نینی کی طرف تھا اور عادی پیچھے سے ہنستا ہوا کھسک گیا....

نینی اگر آج بھی تم سعد کے ساتھ بیٹھیں نہ تو پھر دیکھنا.... اب توپوں کا رخ نینی کی طرف موڑ دیا....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

....کیوں میری مرضی میں جس کے ساتھ مرضی بیٹھوں

ساری رات باتیں کرتے رہے ابھی بھی تمہاری باتیں ختم نہیں ہوئیں..... شمی نے دانت پیاتے ہوئے کہا

جب تمہیں محبت ہو گی نہ تمہیں بھی دیکھ لوں گی تم تو دیکھنا ساری رات نہیں سویا کرو گی.....

کیوں میں کیا نشہ کرنا شروع کر دوں گی جو ساری رات نہیں سوؤں گی....

....صرف نشہ کرنے والے نہیں جاگتے

ہاں کچھ تمہارے جیسے الو بھی جاگتے ہیں... مشی جھٹ سے بولی....

.....خود بھی تو لگی ہوتی ہو عادی سے.... نینی تپ گئ

....مجبوری ہے میری تو

ہاں ابھی مجبوری ہے پھر بعد میں دیکھنا خود میسج کیا کرو گی ہائے عادی میں بور ہو رہی ہوں مجھ سے بات کرو...

نینی دہائ دیتی ہوئ بولی.... مر جاؤ نینی.... مشی اسے دھکا دیتی بس کی جانب چل دی.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مشی ہینڈ فری لگائے اپنے موبائل پر مووی دیکھ رہی تھی جب عادی اس کے ساتھ آ کر بیٹھ گیا.... مشی نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو نینی سعد کے ساتھ محو کفتگو تھی....

مشی نے ناگواریت سے منہ پھیر لیا.... کچھ دیر عادی خاموش بیٹھا رہا پھر بس بھی چل پڑی تو اس نے اپنا سر مشی کے کندھے پر رکھ دیا اور مسکرانے لگا..... مشی نے جھٹکے سے اس کا سر ہٹایا.... عادی نے پھر سے رکھ لیا.... اب مشی ہینڈفری نکال کر بولی.... کیا مسئلہ ہے آپ کے ساتھ ؟؟؟؟

میں نے کیا کیا مشی؟؟؟

اپنا سر میرے کندھے پر کیوں رکھ رہے ہیں... مشی گھورتی ہوئ بولی....

ہاں تو کیا ہو گیا آپ نے بھی تو ساری رات میرے کندھے پر سر رکھا تھا میں نے تو کچھ نہیں کہا تھا....

میں آپ جیسی ٹھرکی نہیں ہوں نہ اور خبردار جو اگر اب دوبارہ سوچا بھی تو....

مشی پھر سے مووی دیکھنے لگی....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

عادی کا دل کر رہا تھا کہ وہ اس سے باتیں کرے لیکن وہ مووی دیکھنے میں مصروف تھی.... کچھ سوچ کر اس نے پھر سر مشی کے شانے پر رکھ دیا.... مشی نے ہاتھ سے اس کا سر ہٹایا لیکن وہ باز نہ آیا.....

مشی کا منہ غصے سے لال ہو گیا تھا.... عادی کی طرف مڑی جو مسکرا رہا تھا اور اس کے بال نوچنے لگی.... اوووئے جنگلی بلی.... عادی ہنستا ہوا مزاحمت کرنے لگا.... گنجا کرنے کا ارادہ ہے کیا....

مشی نے بال چھوڑ دئیے دوبارہ اگر آپ نے سر رکھنے کی کوشش کی نہ تو جو بال ہیں نہ ان کے بغیر واپس جائیں گے.....

جنگلی بلی... عادی بال سیٹ کرتے ہوئے بولا.... آپ جیسا جنگلی ساتھ ہو تو بندے کو جنگلی بننا ہی پڑتا.....

میں تو جنگلی نہیں ہوں اتنے پیار سے بات کرتا ہوں اور آپ تو کاٹ کھانے کو دوڑتی ہو.... مشی نے اسے گھورا.....دیکھو ابھی بھی ایسے دیکھ رہی جیسے کچا کھا جاؤ گی.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میرا تو پتہ نہیں لیکن کسی جانور کے سامنے نہ میں آپ کو پیش کر دوں پھر دیکھنا کیا حال کرتا ہے آپ کا.....

مشی آپ مجھے سوچنے کے بہانے ڈھونڈتی رہتی ہو نہ.....

میں کیوں ڈھونڈو گی بہانے.....

ہاں مجھے سوچنا ہوتا اسی لیے مارنے کی ترکیبوں کے بہانے سوچتی رہتی.....

جس دن میرا دماغی توازن بگڑ جائے گا نہ اسی دن یہ ہو سکتا ہے کہ آپ کو سوچو.....

اچھا کب تک آپ کا توازن خراب ہو گا.... عادی نے دلچسپی سے پوچھا.....

آپ کی وفات کے بعد.... مشی نے اطمینان سے کہا.....

توبہ توبہ مشی زرا نہیں سوچتی بولنے سے پہلے جس دن مر گیا نہ یاد کیا کروں گی مجھے.....

ہاہاہا میں اور آپ کو یاد کروں گی نیور میں تو شکر ادا کروں گی کہ میری جان چھوٹ گئ.اب تک عادی ساری باتیں نظر انداز کرتا آیا تھا لیکن مشی کی یہ بات اسے اچھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں لگی... کچھ ٹوٹا تھا اس کے اندر وہ بہت ہمت سے کوشش کر رہا تھا مشی کا دل اپنی جانب سے صاف کرنے کے لیے لیکن جب دیکھتا تو خود کو وہیں پاتا جہاں سے شروع کیا تھا عادی خاموش ہو گیا تھا.....

مشی بھی شکر ادا کرتی اپنی مووی دیکھنے لگی..... باقی سارا راستہ عادی نے مشی سے بات کرنے کی کوشش نہیں کی.....

وہ تو مشی کی اسی بات پر اٹک گیا تھا کہ میرے مرنے پر مشی شکر ادا کرے گی..... مشی اتنی نفرت کرتی ہو مجھ سے آپ.... عادی دل میں اس سے مخاطب تھا....اسے اب سیگرٹ کی طلب ہو رہی تھی..... عادی نے سعد کو میسج کیا کہ سر سے کہ کر کہیں بس رکوائے.... کیوں خیریت؟؟؟؟

یار مجھے تھوڑی سموکنگ کرنی ہے.....

تو جب کرتا ہے تو پھر تھوڑی نہیں کرتا اور اتنی دیر بس نہیں رک سکتی.....

میں کہ رہا ہوں نہ زیادہ نہیں کرتا.....

اچھا ٹھیک ہے کچھ دیر بعد بس ایک دکان کے سامنے رکی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

عادی فوراً اٹھا اور دکان کے پیچھے چلا گیا اقر سموکنگ شروع کر دی.... باقی سٹوڈنٹس چیزیں لینے لگ گ ئے تھے عادی کی کای کو بھی خبر نہیں تھی مشی اپنی مووی میں بزی تھی.... تقریباً پندرہ منٹ بس رکی ہو گی اقر پھر سعد عادی کو بلانے چلا گیا.....

سب ٹھیک ہے؟؟؟ سعد نے اس کے کندھے ہر ہاتھ رکھتے ہوئے پوچھا.....

تکلیف سے عادی کی آنکھیں سرخ ہو گئیں تھیں.....

ہممم کہ کر عادی نظریں ملائے بغیر بس میں چڑھ گیا..... باقی ٹائم عادی آنکھیں موندے بیٹھا رہا وہ جلد از جلد اپنے کمرے میں جانا چاہتا تھا فلحال وہ مزید برداشت نہیں کر سکتا تھا دل ٹوٹا تھا اس کا اور توڑنے والی کو نہ تو پرواہ تھی نہ ہی خبر.....

دوپہر تک وہ لوگ یونی پہنچ چکے تھے.... جیسے ہی بس رکی عادی سب سے پہلے باہر نکل گیا.... پارکنگ میں گیا اور گاڑی لے کر نکل گیا.... سعد کو اس نے کہ دیا تھا کہ میرا سامان اپنے ساتھ لے جائے.....

عادی گھر آتے ہی اپنے روم میں بند ہو گیا...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور سموکنگ شروع کر دی.... مشی کی بات نے اسے تکلیف دی تھے.... مشی مجھے لگ رہا ہے میں ایک ایسے سفر پر روانہ ہو گیا ہوں جس کی کوئ منزل نہیں... میں مانتا ہوں مجھ سے غلطیاں ہوئیں ہیں لیکن مجھے ایک موقع تو ملنا چائیے نہ کہ میں ان کو سدھار سکوں اور آپ تو اس معاملے میں ایک لفظ بھی سننے کو تیار نہیں.... عادی نے کرب سے آنکھیں بند کر لیں.... آنسو باہر نکل آئے عادی نے انہیں روکا نہیں.... میں مجبور ہوں مشی میں آپ کو چھوڑ نہیں سکتا آپ مجھ پر مکمل طور پر سرائیت کر چکی ہوں میں اب عادی نہیں رہا مجھ میں میرا اب کچھ بھی نہیں ہے..... ہر وقت آپ کا خیال آپ کی باتیں کہاں جاؤ میں یہ سب لے کر..... عادی کو دکھ بھی ہو رہا تھا اور غصہ بھی آ رہا تھا لیکن اب وہ اپنے غصے میں نقصان نہیں کرتا تھا .....بے بس سا ہو کر بیٹھ جاتا تھا

اگلے دو دن وہ اپنے کمرے سے باہر نہیں نکلا ملازم آتا اور کھانا رکھ کر چلا جاتا...دل کرتا تو تھوڑا بہت کھا لیتا ورنہ ....اس کے لیے تو سیگرٹ ہی بہت تھی

آج دو دن بعد اس نے مشی کو فون کیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کافی رات ہو چکی تھی اور وہ ابھی سو کر اٹھا تھا اور سب سے پہلا خیال. مشی کا آیا تھا ورنہ تو اسے اپنا بھی ہوش نہ تھا تو دن رات کا کیا حساب رکھتا.... کمرے میں گہری تاریکی میں وہ فون کان سے لگائے کھڑا تھا.....

کافی دیر بیل جاتی رہی اسے لگا مشی فون نہیں اٹھائے گی..... لیکن اگلی بیل پر اس نے اٹھا لیا

ہیلو!!!!

مشی کی آواز سنتے ہی جیسے اس کے بے قرار دل کو سکون ملا تھا.... عادی کچھ بولا نہیں وہ ہیلو ہیلو کر رہی تھی....

مشی؟؟؟ عادی بولا تو اس کی آواز بھاری ہوئ پڑی تھی....

جی؟؟؟

کیسی ہو؟؟ پہلی بار وہ اس طرح حال احوال والی گفتگو کر رہے تھے....

میں ٹھیک ہوں اور آپ؟؟ مشی نے جھجھکتے ہوئے پوچھا.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہمممم میں بھی ٹھیک ہوں.....کیا کر رہی تھی؟

....اس وقت انسان کیا کرتا ہے

سو رہی تھی؟؟

....جی

.....اووہ میں نے آپ کو جگا دیا

نہیں بلکل نہیں میں تو ابھی بھی سو رہی ہوں

.....ہمممم..... آج عادی سے کچھ نہ بولا گیا

مشی کیا ہم کبھی نارملی بات نہیں کر سکتے؟

.....عادی ہمارے بیچ کچھ نارمل ہو تو بات بھی نارملی ہو نہ

.....عادی خاموش ہو گیا

....لائن چل رہی تھی لیکن دونوں چپ تھے

عادی؟؟؟ مشی کو آج وہ کچھ بدلا ہوا لگ رہا تھا پہلے کی طرح نہیں آج تو وہ صحیح بات بھی نہیں کر رہا تھا.....

جی عادی کی جان..... یہ کہتے کہتے اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ رو رہے ہو؟؟؟

.....پتہ نہیں مشی

مشی کو سمجھ نہ آیا کہ کیا کہے اس کی آواز سے صاف پتہ چل رہا تھا کہ وہ رو رہا ہے.....

کیا ہوا ہے عادی آپ دو دن سے یونی بھی نہیں آئے.... اب کہ مشی زرا نرم پڑی.....

آئ نیڈ یو مشی.....

مشی چپ ہو گئ وہ رو رہا تھا.....

مشی؟؟؟ عادی کو لگا شاید اس نے فون رکھ دیا ہے.....

عادی میں کچھ نہیں کر سکتی.....

پلیز میرے پاس آ جاؤ..... میں آپ کی مرضی کے بغیر آپ کو دیکھوں گا بھی نہیں.....

مشی کو لگا وہ آج سچ میں پاگل ہو گیا ہے.....

وہ پھر سے چپ ہو گئ تھی....

عادی نے فون رکھ دیا اسے پتہ تھا وہ کچھ نہیں بولے گی....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور جا کر بیڈ پر بیٹھ گیا جہاں مشی کی تصویریں بکھری تھیں جن میں زیادہ ان کے ڈانس والی تھیں.....

عادی نہ جانے کتنی بار وہ تصویریں دیکھ چکا تھا لیکن اب پھر سے ایک ایک تصویر کو دیکھ رہا تھا.....

****

مشی فون کو گھور رہی تھی جو ابھی ابھی بند ہو گیا تھا.... عجیب انسان ہے کبھی ایسے پیچھے پڑ جاتا کہ جان ہی نہیں چھوڑے گا اور کبھی ایسے غائب ہو جاتا کہ مانو کبھی تھا ہی نہیں.....

مشی کو عادی کے آنسو کنفیوز کر رہے تھے وہ کیوں رو رہا تھا اور مجھے ہی کیوں کال کی اس نے..... مشی نے پہلے اس کی غیر موجودگی کا نوٹس نہیں لیا تھا لیکن اب سوچنے لگی تھی.... ہاں وہ شاید اس دن سے خاموش ہے بس میں بھی اس نے دوبارہ کوئ بات نہیں کی تھی... مشی یاد کرتے ہوئے بولی..... مشی لاشعوری طور پر عادی کے بارے میں سوچ رہی تھی... خیر میں کیا کر سکتی ہو مجھے کیا.... مشی کہتی ہوئ سو گئ.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

****

آج عادی بھی یونی گیا تھا

مشی نے اسے دیکھا تو تھوڑا حیران ہوئ بڑھی شیو, آنکھیں بے خوابی کی وجہ سے سرخ,رف سی شرٹ پہنے نہ بال سیٹ کیے یہ وہ عادی تو لگ ہی نہیں رہا تھا جو ہر چیز پر فیکٹ رکھتا تھا.....

ایسے کیا دیکھ رہیں ہیں پہلے کبھی نہیں دیکھا عادی اس کے پاس آ گیا..... نہیں میں تو ویسے ہی ادھر دیکھ رہی تھی... مشی خفت مٹانے کو اِدھر اُدھر دیکھنے لگی.....

ایگزام کی تیاری کیسی ہے؟؟ وہ بھی اس کے ساتھ بیٹھ گیا گھاس پر.....

اچھی ہے....

ارے واہ میں نے تو سنا تھا نہ آپ خاصی نکمی ہیں....

مشی کا منہ کھل گیا... آپ نے کہاں سے سن لیا اچھی خاصی ہوں میں پڑھائ میں....

عادی آج اسے دیکھنے سے گریز کر رہا تھا....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں تو سوچ رہا تھا کہ آپ کی ہیلپ کروا دوں آپ کو ٹیوشن دے کر.....

میں آپ سے ٹیوشن لوں گی... آئے بڑے

آئن سٹائن.....

آئن سٹائن سے کم بھی نہیں ہوں.....

شوخے.... مشی نے ہلکی آواز میں کہا....

کیا کہا؟؟؟

میں نے کہا اپنے منہ میاں مٹھو.....

شاید آپ کو علم نہیں لیکن باقی سب جانتے ہیں لے لیں مجھ سے ٹیوشن آپ کا ہی فائدہ ہے اور فیس بھی نہیں لوں گا..... عادی مسکراتے ہوئے بولا.....

مشی نے اپنا سامان اٹھایا اور بولی....

مجھے نہیں لینی کوئ ٹیوشن ویوشن آپ سے اور چلنے لگی....

میں تو صرف ٹیوشن کی بات کر رہا ہوں ویوشن کی نہیں.... عادی مسکراہٹ روکتے ہوئے بولا.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

عادی؟؟

.....جی عادی کی جان....وہ اب موڈ میں واپس آ رہا تھا

مشی نے گھورا.... آپ کو کسی اچھے سے سائیکیٹرسک کا پتہ ہے....

کیوں آپ نے اپنا علاج کروانا ہے؟؟

نہیں مجھے آپ کو لے کر جانا ہے کیونکہ اگر میں آپ کو نہ لے کر گئ تو عنقریب مجھے جانا پڑے گا اپنے لیے.....

پھر آپ انتظار کر لیں ایک ہی بار چلنا بار بار نہیں.....

مشی نے ہاتھ کا مکہ بنایا اور عادی کو گھورا....

جنگلی تو ہو ہی لڑاکا بھی ہو.....

آپ کے لیے سب کچھ بننا پڑتا... ساری سروسز ہیں میرے پاس....

بہت خوب مطلب فیوچر میں ہم نہ صرف منہ سے بلکہ ہاتھوں سے بھی فائٹ کریں گے.....

عادی آپ اتنی بے فضول باتیں کیسے کر لیتے ہیں.....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

جیسے آپ کرتی ہو میں بھی ویسے ہی کر لیتا ہوں.... عادی مسکرا رہا تھا اور مشی کو اس کی مسکراہٹ جلا گئ تو منہ موڑتی جلدی جلدی اپنی کلاس لینے چلئ گئ..... عادی بھی .....اپنی کلاس لینے چلا گیا

****

....رات میں پھر عادی نے اسے کال کی

جی؟؟؟

.....باہر چلیں؟؟؟ ڈائیریکٹ پوچھا

....جائیں میں نے کب روکا آپ کو

مطلب میں آ جاؤ؟؟

.....کہاں؟؟؟ ہوسٹل آپ کو پک کرنے

.....مجھے کہیں نہیں جانا جہاں جانا ہے خود جائیں

....آپ کے بغیر تو میں نہیں جا سکتا

پھر نہ جائیں.....مشی نے آسان حل پیش کیا.... جانا تو ....ہے.... کیا کر رہی ہو آپ..... عادی سوچتے ہوئے بولا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....پڑھ رہی ہو لیکن اگر آپ پڑھنے دیں تب نہ

اچھا آپ پڑھتی بھی ہو؟؟؟

نہیں میرا پیپر سر کر کے دیتے ہیں....ہاہاہاہا مجھے تو لگا تھا کہ آپ کو تو پڑھنے کی ضرورت ہی نہیں پڑتی ہو گی.....

کیوں میں انسان نہیں ہوں جو مجھے پڑھے بغیر ہی سب آ جائے گا....

.....نہیں..... عادی ہنسنی روکتے ہوئے بولا

عادی اگر ایک بھی لفظ آپ نے مزید کہا نہ تو میں آپ کو بخشوں گی نہیں... مشی فل تپ کر بولی....

لیکن میں نے تو ابھی کچھ بولا بھی نہیں ہے.... سوچیے گا بھی نہیں بولنے کا.....

اچھا آئسکریم کھلاؤں گا اب تو آ جاؤ.....

اب تو میرے سامنے آ کر ناک بھی رگڑیں گے نہ تب بھی نہیں جاؤں گی کہ کر کھٹاک سے فون بند کر دیا..... عادی ہنسنے لگا.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بدتمیز پہلے نہیں آفر کر سکتا تھا آئسکریم کی ساری فضول باتیں کر کے پھر کام کی بات کی..نینی؟؟؟

ہاں کیا ہے اب تمہیں اس وقت.....نینی جو سونے کے چکروں میں تھی مشی کے بلانے پر چڑ کر بولی....

یار آئسکریم کھانے چلیں.....

مشی اس وقت میرے ساتھ کوئ فضول بحث مت کرنا ٹائم دیکھو زرا اور چپ کر کے سو جاؤ... آدھی رات پتہ نہیں کہاں سے آئسکریم یاد آ گئ ہے.... نینی اسے ڈپٹ کر سو گئ.....

کیا ہو گیا بارہ ہی بجے ہیں مشی منہ بسورتی اپنے بیڈ پر بیٹھ گئ..... ابھی گھر ہوتی نہ تو بابا جانی فوراً لے جاتے.....

ایموشنل بلیک میلنگ کرنے کی ضرورت نہیں میں کوئ نہیں چلنے والی سو چپ کر جاؤ.... اپنے اس مجنوں کو بولوں وہ تو دوسرے شہر سے بھی لا دے گا.... اب مجھے تمہاری آواز نہ آئے... مشی. منمنا رہی تھی.....

نینی کو گھورنے لگے.... آئسکریم کا نام سنتے ہی مشی کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

منہ میں پانی آگیا تھا اب جب تک وہ کھا نہ لیتی اسے سکون نہیں ملنا تھا...

.....مجبوراً عادی کو فون کرنا پڑا

مشی کی کال دیکھ کر عادی نے حیران ہوتے کال اٹینڈ کی .....لیکن بولا کچھ نہیں

!!!!عادی

جی عادی کی جان؟؟؟؟

جان پر تو مشی کو لگ جاتی لیکن ابھی اپنا مطلب تھا سو .....برداشت کر گئ

.....مجھے آئسکریم کھانی ہے

یہ ریکویسٹ ہے یا آڈر؟؟؟

.....جو مرضی سمجھ لیں بس ابھی لے کر آئیں

لیکن ابھی تو آپ کہ رہی تھی کہ میں نے نہیں کھانی.... .....عادی کو اسے تنگ کرنے میں مزہ آ رہا تھا

اب کہ رہی ہو نہ کھانی ہے.... لا رہے ہیں یا نہیں یہ .....بتائیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلی بار کچھ کہ رہی ہو ایسا ہو سکتا ہے کہ نہ لاؤ گا.....

....بس کچھ دیر میں آتا ہوں

.....اووکے جلدی آنا میں ویٹ کر رہی ہوں

میرا یا آئسکریم کا؟؟؟؟

.....اپنی آئسکریم کا

.....میں بھی آپ کا ہی ہوں

....اب آپ اور ٹائم ویسٹ کر لیں

اووکے کہ کر عادی نے کال بند کی .....بال ٹھیک کیے اور .....گاڑی کی چابی اٹھاتا باہر نکل گیا

بیس منٹ میں وہ آئسکریم لیے ہوسٹل کے باہر کھڑا تھا....

....مشی کو فون کیا

.جناب آپ کا آڈر آ چکا ہے نیچے تشریف لے آئیں

مشی نینی کو نہ چڑھاتی باہر نکل گئ جب کہ وہ بے خبر .....سو رہی تھی

....مشی نے ہتیلی عادی کے سامنے پھیلائ میری آئسکریم

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلے پیسے دو؟؟؟

....مشی کا منہ کھل گیا... آپ مجھ سے پیسے لوگے

بلکل آپ نے کون سا اکاؤنٹ کھلوا رکھا ہے میرے پاس اور ویسے بھی دکاندار نے مجھے ایسے ہی نہیں دے میں بھی پیسوں کی لایا ہوں.....

اچھا کل یونی میں لے لینا اب میں واپس اوپر پیسے لینے نہیں جاؤں گی....

ادھار نہیں.....

....مشی حیران سی اسے دیکھ رہی تھی

لے آئیں ہیں تو اب دے بھی دیں کیوں ترسا رہے ہیں.... مشی اس کے ہاتھ دیکھتی ہوئ بولی جو اس نے پیچھے باندھ رکھے تھے.....

....کچھ اور دیں

کیا مطلب کچھ اور..... آپ کی گندی سوچ کا مجھے پتہ ہے اس کیے چپ چاپ مجھے آئسکریم دے دیں...

اچھا چلو گاڑی میں بیٹھو پھر دیتا ہوں.... عادی ڈرائیونگ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سیٹ کی جانب بڑھتے ہوئے بولا..... میں کہیں نہیں جاؤں گی

مشی فوراً بولی.....کہیں نہیں لے جاتا... ایسا کرو آپ ....ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ جاؤ

مشی ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ گئ پھر عادی نے اسے آئسکریم اٹھا کر دی..... وہ کھول کر کھانے لگی..... عادی بھی کھانے لگا.... اگر آج آپ نے مجھے گھورا تو میں آپ کی یہ گاڑی خراب کر دوں گی.... مشی نے تنبیہ کرتے ہوئے کہا.....اور کھانے لگی..... عادی کارنیٹو لے کر آیا تھا کھاتے ہوئے مشی نے اپنے بال پیچھے کیے تو آئسکریم .....اس کے گال پر لگ گی

مشی ایک منٹ ہلنا مت..... مشی آنکھیں کھولے اسے ....دیکھنے لگی. لیکن کیوں

عادی ٹیشو نکالتے ہوئے بولا..... ڈونٹ موو..... کچھ ہے کیا..... مشی ڈرتے ہوئے پوچھنے لگی...عادی نے آگے بڑھ کر ٹیشو سے اس کا گال صاف کر دیا..... مشی اس کا چہرہ دیکھ رہی تھی.مشی کا سانس نہاں تھا وہیں اٹک گیا وہ جب بھی مشی کے قریب آتا ایسا ہی ہوتا .... عادی بغور اس کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

آنکھوں میں دیکھتا مسکراتے ہوئے پیچھے ہو گیا... اب ٹھیک ہے..... یہ میں خود بھی کر سکتی تھی مشی گھورتے ہوئے بولی.....

وہ تو مجھے بھی پتہ ہے کہ کر لیتی لیکن مجھے پتہ نہیں دوبارہ موقع ملتا یا نہیں.... عادی نے شانے اچکائے..... بلکل کوئ موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے آپ ٹھرکی... کہ کر مشی کھانے لگی.... جبکہ عادی اس کے دئیے گئے القاب پر مسکرانے لگا.....

شکر کریں کہ صرف آپ پر کرتا ہوں کسی اور پر نہیں....

میری بلا سے جس کے ساتھ مرضی کریں جب جوتے پڑیں گے نہ خود ہی سیدھے ہو جائیں گے.... عادی اس کی بات کا برا منانے کی بجائے ہنسنے لگا..... آپ مجھے بچاؤ گی نہیں؟؟؟

بلکل بھی نہیں میں تو انجوائے کروں گی... مشی مزے سے بولی..... کہ کر گاڑی سے اترنے لگی اس کی آئسکریم ختم ہو چکی تھی..... عادی بھی باہر نکل کر گاڑی سے ٹیک لگا کر کھڑا ہو گیا..... پیسے میں صبح دے دوں گی آپ کو یونی میں.... آپ کو لگتا ہے میں آپ سے پیسے لوں گا؟؟؟اووکے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہ کر مشی چلی گئ اود جب تک وہ نظروں سے اوجھل نہیں ہوگی عادی اسے دیکھتا رہا پھر مسکراتا ہوا گاڑی میں بیٹھ گیا.....

****

عادی کے فادر کی طبیعت خراب ہو گئ جس وجہ سے وہ اور اس کی ماما فوری یو. کے چلے گ ئے ان کے پاس.....

مشی رات سونے سے پہلے فون چیک کرتی کہ عادی کا کوئ میسج یا کال تو نہیں آئ لیکن وہاں کچھ بھی نہ ہوتا.... اسے شاید عادی کی عادت ہو رہی تھی آج دس دن گزر گ ئے لیکن عادی نے مڑ کر مشی کی کوئ خبر نہ لی.....

مشی یونی سے واپس آئ تھی جب عادی کی کال آنے لگی.....مشی نے اٹینڈ کی....

ہیلو مائ وائف..... عادی کی ہشاش بشاش سی آواز ابھری.....

جی بولیں.....

بندہ حال چال ہی پوچھ لیتا ہے.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں کیوں پوچھوں؟؟؟؟

اچھا چلو پھر ایک کام کریں اپنے شوہر کو زرا پک کرنے .....تو آجائیں... میں ائیر پورٹ پر کھڑا ہوں

واہ اتنے دن سے تو میرا خیال نہیں آیا تو میں کیوں آؤں..... .....مشی لاشعوری طور پر شکوہ کر گئ

.....عادی کو اچھا لگا..... آپ مجھے مس کر رہی تھی

.....میں کیوں مس کرنے لگی آپ کو

....مجھے تو ایسا ہی لگتا ہے

....جی نہیں

اچھا یہ بتاؤ آ رہی ہو؟؟؟

کیوں آؤں میں آپ کو لینے؟؟؟

....میرا دل کر رہا ہے آپ کو دیکھنے کا

....اپنا دل سنبھال کر رکھیں مجھے اور بھی کام ہیں

ٹھیک ہے..... کہ کر عادی نے فون کاٹ دیا.... اسے پتہ تھا وہ کبھی نہیں آئے گی لیکن دل نے کہا کہ ایک بار پوچھ ہی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لو..... عادی کی ماما وہیں تھیں ایگزام کی وجہ سے وہ جلدی آ گیا تھا.... ڈرائیور کو اس نے بلوا لیا تھا.....

****

نینی زرا اس عادی کے کام دیکھو.....

اب کیا کر دیا

نینی نے سر اٹھا کر اسے دیکھا جو ناراض ناراض لگ رہی تھی.....

عادی مجھے آج ائیرپورٹ پے کھڑا ہو کر فون کر رہا تھا کہ میں اسے پک کرنے آ جاؤں....بتاؤ بھلا جب سے وہاں گیا ایک بار بھی فون نہیں کر کے دیکھا اور واپس آتے ہی میری یاد آ گئ.... تو تمہیں اتنی تکلیف کیوں ہو رہی ہے اگر اس نے تمہیں کال نہیں کی..... مجھے کیا تکلیف ہونی ہے بھلا.... تم اسے مس کر رہی تھی.... نینی تم پاگل ہو میں اسے کیوں مس کروں گی... تو پھر تمہیں اس بات سے کیا مطلب کہ وہ وہاں جا کر تم سے کانٹیکٹ کرے یا نہ کرے.بھاڑ میں جاؤ تم بات کرنا ہی فضول ہے تم سے تو.... مشی اسے کشن مارتی اپنی چیزیں سمیٹنے لگی.....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

واپس آتے ہی عادی پھر سے مشی کو تنگ کرنا سٹارٹ ہو گیا تھا.... آج رات بھی وہ مشی کا سر کھا رہا تھا.....

جب بات نہیں کر رہا تھا تو گلہ کر رہیں تھیں اب کر رہا ہوں تو زچ ہو رہیں ہیں ہممم.....

می نے تو کوئ گلہ نہیں کیا آپ خود سے ہی فرض کر رہے ہیں.....

مشی ایک کام تو کرو!!!!

کیا؟؟؟

پوچھتی تو ایسے ہو جیسے سچ میں کرو گی.. کرنا یا نا کرنا تو بعد کی بات ہے پہلے پتہ تو چلے.....

اچھا میں دس منٹ میں وہاں آ رہا ہوں پھر نیچے آ جانا.....

مشی اچھل پڑی یہاں کیا کرنے؟؟؟؟

کچھ کام ہے آپ سے....

مجھ سے کیا....

جب آؤں گا تب پتہ چل جائے گا... کہ کر اس نے فون بند کر دیا اور گاڑی لے کر چل پڑا.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

عادی نے مشی کو بیل دی تو وہ باہر آ گئ..... ٹی شرٹ ساتھ ٹراؤزر پہنے بال کیچر میں قید کیے جس میں سے کچھ باہر نکلے ہوئے تھے.... عادی کو اسے دیکھ کر زندگی کا احساس ہوا.... جو کچھ بھی تھا بس مشی سے ہی تھا....

اسے خود کو بھی باہر کا رنگ چڑھا تھا ہلکی ہلکی شیو نکھرا نکھرا کافی فریش لگ رہا تھا..

میرے بغیر رہ تو لیا تھا نہ آپ نے..... اس کے آتے ہی عادی شروع ہو گیا.....

نہیں مر گئ تھی می تو صدمے سے آپ آج آئے تو دوبارہ زندہ ہوئ ہوں.....

ہاہاہاہا ویسے نینی نے مجھے فون کر کے کہا تھا کہ مشی دھاڑیں مار مار کر رو رہی ہے کہ عادی چلا گیا.... اتنا پیار کرتی ہو مجھ سے... وہ مسکراتے ہوئے بولا.....

توبہ جھوٹ تو کوئ آپ سے بولنا سیکھے ایسے کہانیاں بناتے ہیں کہ سامنے والا بیچارہ سچ جانتے ہوئے بھی آپ کی کہانی پر یقین کر لے.....لیکن آپ تو بیچاری نہیں ہو....

یہ سب کہنے آئے ہو آپ؟؟؟ نہیں ایک منٹ....عادی نے گاڑی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سی کچھ دو شاہر نکالے اور انہیں مشی کی طرف بڑھا دیا.....

یہ کیا ہے؟؟؟ مشی نے انہیں پکڑا نہیں.....ڈر کیوں رہی کو بامب نہیں دے رہا..... پھر بھی پتہ تو چلے ایسے کیسے میں لے لوں..... اچھا بھئ میں آپ کے لیے کچھ لایا ہوں... پسند آ گئیں تو لے لیں آپ کے لیے اب پکڑو..... میں تو نہیں لوں گی..... مشی نفی میں سر ہلاتے ہوئے بولی..... ایسے نہیں لو گی آپ.....عادی نے اس کا ہاتھ پکڑا اور شاپر اس میں تھما دئیے..... خبر دار اگر آپ نے ان کے ساتھ کوئ الٹی سیدھی حرکت کی بہت برا پیش آؤں گا میں...لیکن میں کیا کروں گی ان کا مجھے نہیں چاہیے عادی.....میرے میں مار دینا..... چپ کر کے اسے لے جاؤ ورنہ آپ کو پتہ ہے ....ورنہ آپ کو میرا پتہ ہے

....مشی منہ بسورتی اندر چلی گئ

جا کر اس نے دیکھا تو ایک بلیک کلر کی میکسی تھی اور کچھ چاکلیٹس اور کینڈیز وغیرہ تھیں.....آہاں.... مشی کو ڈریس کافی پسند آئ تھی..... چوائس تو اچھی ہے موصوف کی وہ داد دئیے بنا نہ رہ سکی..... مشی نے اٹھا کر شاپر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کب بورڈ میں رکھ دئیے..... تھینک یو کا میسج عادی کو کیا اور فون رکھ کر سو گئ..

****

پیپرز سر پر تھے اور عادی مشی کی جان ہی نہیں چھوڑتا تھا...یونی میں الگ اور رات کو الگ....

عادی کو مشی کی عاست ہو گئ تھی محبت تو تھی ہی..... اس لیے اب اس کا دل کرتا تھا کہ وہ سارا دن بس مشی سے باتیں کرتا رہے...اب ھی کچھ دیر پڑھ کر اس نے مشی کو فون ملایا.... مشی پڑھائ کر رہی تھی جب عادی کا فون آیا.... ناچاہتے ہوئے بھی اسے فون اٹھانا پڑا کیونکہ اسے اچھے سے یاد تھا جب کچھ دن پہلے اس نے عادی کی کال ریسیو نہیں کی تھی تو وہ ہاسٹل آ گیا تھا اور پھر مشی کا پورا ایک گھنٹہ ضائع کرنے کے بعد گیا.....

جی فرمائیں.....

کیا کر رہی تھی...

بچوں کے نام سوچ رہی تھی...

ابھی سے... عادی ہنستے ہوئے بولا....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پڑھائ کر رہی تھی ظاہر سی بات ہے.... مشی کاٹ کھانے والے لہجے میں بولی.....

....چلو کوئ نہیں بعد میں پڑھ لینا

عادی؟؟؟

.....جی عادی کی جان

میں بہت مشکل سے پڑھنے بیٹھی ہوں پڑھ لینے دیں مجھے.....

....لیکن مجھے آپ سے بات کرنی ہے

....تو میں کیا کروں مجھے تو نہیں کرنی نہ

اس سے فرق نہیں پڑتا میں تو کر رہا ہوں نہ آپ سے بات تو آپ ساتھ ساتھ کام بھی کر لو نہ..... مجھے یہ بتائیں عادی کہ آپ پڑھتے نہیں ہو کیا؟؟؟

ابھی پڑھ کر ہی فارغ ہوا ہوں اب ریسٹ بھی تو کرنا ہوتا ہے نہ.....

.....یہ کیسا ریسٹ ہے جو دوسروں کو تنگ کر کے کیا جاتا

...میں آپ کو تنگ تھوڑی کرتا ہوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

....اور کیا کرتے ہیں

....میں تو آپ سے باتیں کرتا ہوں

اف پتہ نہیں میں نے کون سا پاپ کیا تھا جس کی سزا کے طور پر آپ کو مجھ پر نازل کر دیا ہے.....

پاپ نہیں پُنیے بولو.... جس وجہ سے اللہ نے مجھے آپ کی جھولی میں ڈال دیا.....

لیکن میری جھولی تو خالی ہے..

.....جھولی نہیں تو نصیب میں ہی سہی

اب تو مجھے بخش دیں...مشی روہانسی ہو گئ.... میں نے صبح سے کچھ بھی نہیں پڑھا... اچھا میں کال بند کر دیتا ہوں پہلے سچ سچ بتاؤ کیا کر رہی تھی.....

مووی دیکھ رہی تھی..... مشی منہ پھلاتے ہوئے بولی..... چلو ٹھیک ہے پڑھ لو آپ لیکن اب دھیان سے صرف پڑھائ پر توجہ دینی ہے.... اووکے.... مشی کال بند کرتی..... دوبارہ پڑھنے میں مصروف ہو گئ..... اس بار اس کی تیاری زیادہ اچھی نہیں تھی ایک تو پہلے اس نے پڑھا نہیں تھ اور اب عادی بھی اسے پڑھنے نہیں دیتا تھا.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

****

ایگزام سٹارٹ ہو چکے تھے لیکن عادی ابھی بھی مشی کو روز رات کو فون کرتا البتہ کال کے ڈیوریشن میں کمی آ گئ تھی صرف دو چار منٹ بات کرتا پھر بند کر دیتا.....

مشی پڑھ پڑھ کے پاگل ہو گئ تھی.... نیند پوری نہ ہونے کے باعث آنکھیں لال ہوئ پڑیں تھیں..... نینی یار میرا دل نہیں کر رہا مزید پڑھنے کو کب یہ منحوسیت ختم ہو گی اور کب مجھے سکون ملے گا..... سارا ٹائم تو تم گھومنے میں گزار دیتی ہو پھر یہی سب ہونا اب چپ کر کے پڑھو ورنہ میں نے آنٹی کو فون ملا دینا ہے ابھی پھر دیکھنا کیسے تمہاری کلاس لگتی ہے..... نینی ویسے تم اس سے زیادہ گھٹیا دھمکی نہیں دے سکتی تھی ہیں نہ.... مشی ناک چڑھاتی بولی..... بلکل تم زرا ان کی ڈانٹ سے ہی سیدھی ہوتی ہو.... تو ابھی کیا میں الٹی ہوں یہ دیکھو سب کچھ ویسے ہی ہے جیسے تمہارا ہے..... مشی تنک کر بولی....

تمہاری جو ہڈی مڑ جاتی ہے اس کو سیدھا کرنا پڑتا..... نینی تمہارے بچے تو عذاب میں رہیں گے ایسی ماں جو ملے گی انہیں..... نینی نے کشن اٹھا کر مارا.....چپ.

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....مشی منہ موڑ کر پڑھنے لگی

باقی دو پیپر رہتے تھے اور مشی کو لگ رہا تھا دو بار اور مرنا پڑے گا.....

.....نینی ایک تو مجھے پروفیسرز پر اتنا غصہ آتا ہے نہ

کیوں انہوں نے تمہارا پاؤں دیا تھا کیا اپنے پاؤں کے نیچے....

افوہ نہیں. خود کلاس میں ٹریلر دکھاتے ہیں اور پیپر میں بچوں کو کہتے ہیں کہ مووی آپ ریلیز کریں اب بچے بھلا بیچارے کیسے کریں....مشی تم موویز کم دیکھا کرو....

....تمہارے دماغ میں بھی موویز ہی گھس گئ ہیں

اب تو زیادہ نہیں دیکھتی میں مشی سر کھجاتے ہوئے بولی.....بلکل میں تو جیسے

بنگہ دیش سے آئ ہوں نہ ابھی مجھے جیسے کچھ پتہ نہیں.....

مشی ہنسنے لگی..... اب اگر مشی تم نے کسی بھی بہانے سے بات کرنے کی کوشش کی نہ پھر دیکھنا میں کیا کرتی ہوں.... نینی وارنگ دیتے ہوئے بولی.... ہاں تو میں پڑھ ہی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

رہی تھی وہ تو ایسے مائنڈ میں آ گیا مشی فوراً سیدھی ہوئ..... رات دیر تک وہ دونوں پڑھتی رہیں.....

****

مشی پیپر دینے کے بعد ہاسٹل آ کر سو گئ تھی.....

عادی کی کال آنے لگی مشی نے حسبِ معمول بنا دیکھے فون اٹھا لیااور عادی کی آواز سنتے ہی بولی....

پیچھے لپکا.... مشی یہ سردیوں کی بارش ہے بیمار پڑ جاؤں چلو شاباش اندر آؤ.... مشی ہاتھ کھولے گھوم رہی تھی.... جی نہیں اور آپ بھی آئیں.... مشی اس کے پاس آئ اور اس کا ہاتھ کھینچ کر لے گئ.... عادی ایک کام تو کریں.... مشی سوچتے ہوئے بولی.... کیا کام؟؟؟ اندر سے اپنی جیکٹ لے آئیں..... بھیگنا ہے تو پھر جیکٹ کا کیا کام.... آپ جائیں تو پھر بتاؤں گی.... نہیں پہلے مجھے بتاؤ؟؟؟ ٹھیک ہے پھر میں خو ہی چلی جاتی ہوں کہ کر مشی جانے کے لیے مڑی تو اس کا پاؤں سلپ ہو گیا لیکن عادی نے اسے گرنے نہیں دیا....عادی مشی کے قریب ہوا تو مشی نے اپنا ہاتھ اس کے منہ پر رکھ دیا خبردار جو کوئ اوچھی حرکت کرنے کی کوشش کی.... عادی نے مسکراتے ہوئے مشی کو چھوڑ دیا اور اور نیچے گر گئ.... آؤچ.... کتنی مطلبی ہیں نہ آپ.... ....گھورتی ہوئ اندر چلی گئ.... جبکہ عادی ہنسنے لگا

مشی واپس آئ تو اس کے ہاتھ میں عادی کی جیکٹ تھی.... چلیں عادی ہم عاشقی 2 والا سین کرتے ہیں.... عادی حیران ...ہوتا اسے دیکھنے لگا.... مشی ؟؟؟ کچھ نہیں پتہ نہیں

میں تو نہیں کر رہا.... مشی نے ہونٹ باہر نکال کر منہ پھلا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیا... عادی کی ہنسی چھوٹ گئ اسے دیکھ کر... اچھا چلو آؤ.. عادی نے جیکٹ اپنے اور مشی کے سر پر ڈال دی اور اپنا سر مشی کے سر سے ٹکا دیا.... دونوں آنکھیں بند کیے کھڑے تھے.... عادی آپ کبھی مجھے چھوڑیں گے تو نہیں نہ؟؟؟ آپ کے دل سے ابھی تک یہ ڈر نہیں گیا.....میں نے سنا ہے عادی جو لوگ آپ کی بہت پرواہ کرتے ہیں نہ وہی ایک دن آپ سے لاپرواہ ہو جاتے ہیں.... اور ایسا دن ہماری لائف میں کبھی نہیں آئے گا.... عادی فوراً سے بولا.... مشی مسکرا دی... ساتھ ہی مشی کو چھینک آ گئ..... عادی نے جیکٹ ہٹائ.... اور مشی کی چھینکیں بند ہی نہیں ہو رہیں تھیں..عادی اسے گھورنے لگا.... مشی کی ناک سرخ ہو گئ تھی.... بولا تھا نہ میں نے....

جو ہونا ہوتا ہے نہ وہ ہو ہی جاتا ہے ایسے نہیں ہوتا تو کسی اور طریقے سے آاااچھیں....

عادی ہنستا ہوا اندر چل دیا مشی بھی پیچھے چل پڑی....

****

پیپرز ختم ہو گئے تو مشی عادی کو لے کر ملتان چلی گئ.... گھر میں قدم رکھتے ہی مشی نے اسے باہر رہنے کا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اشارہ کیا.... ماما اس کی جانب پشت کیے کھڑیں تھیں....مشی پیچھے سے ان کے ساتھ لگ گئ ....مشی میری گڑیا وہ اسے اپنے سامنے کرتی ہوئیں بولیں.... کتنی دیر سے آئ ہو اس بار ہاں.... ان کی آنکھوں می نمی آ گئ.... حیدر صاحب کی وفات کے بعد سے مشی انہیں اور عزیز ہو گئ تھی.... آپ سب کو دکھانے کے لیے ایک بندہ تیار کر رہی تھی اس لیے مشی ان کی ناک دباتی ہوئ بولی.... میسم بھی آ گیا... مشی اس سے ملی.... آپ سب تیار ہیں؟؟؟ سب نے اثبات میں سر ہلایا....

عادی آ جائیں اندر.... عادی کنفیوز ہوتا اندر آیا اور ان سے ملا.... مشی یہ تو تمہارے گروپ کے ممبر نہیں میسم یاد کرتے ہوئے بولا.... جی بھائ... میسم نے اسے بیٹھنے کا اشارہ کیا...

میسم اس سے فیملی کے بارے میں پوچھنے لگا... جی میرے فادر یو-کے میں ہیں سرجن ہیں وہاں اور کا یہاں اپنا بزنس ہے...

تو بیٹا آپ کی ماما نہیں آئیں.... مسز حیدر گویا ہوئیں.... جی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دراصل ماما شہر سے باہر تھیں تو ایک دو دن تک وہ آ جائیں گیں اور ڈائریکٹ یہاں ہی آئیں گیں....سہی مسز حیدر کو تھوڑی تسلی ہوئ.... میسم اس سے اس کی ایکٹیویٹیز,ہوبیز اور شوق پوچھنے لگا....

ٹھیک ہے بیٹا آپ کی ماما آ جائیں تو باقی باتیں ان کے ساتھ طے کریں گے... ہم دونوں کو آپ پسند ہو.... مشی کا اٹکا ہوا سانس بحال ہوا اور میسم کے ساتھ لگ گئ تھینک یو میسم بھائ.... آنٹی پھر میں چلتا ہوں مجھے ہوٹل جانا تھا لیکن مشی یہاں لے آئ پہلے... بیٹا ہوٹل کیوں؟ یہ بھی آپ کا اپنا گھر ہے آپ یہی رہوں گے ہوٹل جانے کی ضرورت نہیں.....نہیں آنٹی ایسے اچھا نہیں لگتا... عادی کے اصرار کے باوجود انہوں نے عادی کو روک لیا.... مشی آپ کو گیسٹ روم دکھا دے گی.... مشی سیڑھیاں چڑھتے ہوئے جا رہی تھی جب ماما نے اسے آواز دی.... مشی میں نے آپ سے کچھ کہا ہے.... کیا ماما وہ چلائ.... گیسٹ روم دکھائیں... اوہ اووکے... مشی روم کا دروازہ کھول کر صوفے پر براجمان ہو گئ.... اور دلچسپی سے عادی کو دیکھنے لگی... سو پاس ہو ہی گۓ آپ.... بلکل ایسا ہو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سکتا تھا کہ میں فیل ہو جاتا.... آپ کے پیچھے مشی کی پسند کا ٹیگ لگا تھا مجھے یقین تھا کہ منع نہیں کریں گے کیونکہ بابا جانی بھی ہوتے تو ایسا ہی کرتے کہتے ہوئے مشی اٹھ کر چلی گئ..... اور ہاں شام میں باہر چلیں گے تیار رہیے .....گا.... مڑ کر کہتی اس کا جواب سنے بنا نکل گئ

****

مشی نے ماما کو بتا دیا تھا کہ وہ عادی کے ساتھ باہر جا رہی ہے.... وہ دونوں اس وقت گاڑی میں بیٹھے تھے... آپ نے کبھی ملتان کے گول گپے کھائے ہیں.... نہیں... چلیں پھر آج آپ کو کھلاتی ہوں اور پیسے میں دوں گی کیونکہ یہ میرا شہر ہے... مشی نے اس کو راستہ بتایا اور عادی نے وہاں گاڑی روکی... مشی نے فل سپائسی بنانے کو بولا.... ایک شرط پر آپ کو ملیں گے.... مجھے کنجوس کہتی ہو اور خود ایک گول گپے کھلانے کے لیے شرطیں رکھ رہی ہو... عادی منہ بناتے ہوئے بولا.... پہلے سن تو لیں... آپ کو میری ساتھ ریس لگانی ہے کون پہلے زیادہ کھائے گا... اوکے... اووکے ڈن ہو گیا... دونوں باہر نکل آئے اور کھڑے ہو کر کھانے شروع کیے.... عادی کو مرچیں لگ رہیں تھیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن وہ کھاتا رہا... مشی کی آنکھوں سے پانی نکل رہا تھا لیکن پھر بھی وہ جیت گئ عادی نے باقی چھوڑ دئیے... مشی پیسے دیتی گاڑی میں آ گئ..... اف مشی یہ تو بہت سپائسی تھی... ہمممم مشی پانی کی بوتل ہٹاتے ہوئے بولی... اگر مرچیں لگتی ہیں تو پھر اتنے سپائسی کیوں بنوائے..... کہتے ہیں جب تک منہ نہ جل جائے پتہ ہی نہیں چلتا کہ گول گپے کھائے ہیں مشی مزہ لیتے ہوئے بولی.... عادی ایسا کریں یو ٹرن لیں اور پیچ شاپ سے آئسکریم لیں مجھے لگتا ہے پاگل نے آج زیادہ ہی مرچ والے کر دئیے.... مشی منہ کھولے ہاتھ ہلا رہی تھی.... عادی اسے دیکھ دیکھ کر ہنس رہا تھا.... عادی آیسکریم لے آیا اور مشی کھانے لگی عادی آج بھی اسے ہی دیکھ رہا تھا... مشی نے آئسکریم نیچے کر کے اسے گھورا عادی جب بھی میں آئسکریم کھاتی ہوں نہ آپ شودے بن جاتے اور اپنی نظریں میری آئسکریم پر گاڑھ لیتے.... مشی منہ بسورتے ہوئے بولی.... بدھو میں آئسکریم پر نہیں آپ پر نظریں جماتا ہوں اب میں کیا کروں آپ لگتی ہی اتنی کیوٹ ہو دل ہی نہیں کرتا آنکھیں ہٹانے کو.... کہ کر عادی آئسکریم کھانے لگا... مشی اسے دیکھنے لگی اور آئسکریم اس کے ناک پر لگا دی.. اب آپ بھی کیوٹ لگ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

رہے ہیں کہ کر ہنسنے لگی.... مشی میں آپ کے سارے منہ پر لگا سکتا ہوں.... نو پلیز عادی میرا فیس خراب نہیں کرنا... عادی مسکراتے ہوئے گاڑی سٹارٹ کرنے لگا.....

****

مشی آج لیٹ اٹھی تو عادی ایک بجے عجلت میں باہر جاتا دکھائ دیا.... مشی نے اوپر جا کر اسے ٹیکسٹ کیا.... عادی کہاں جا رہے ہیں؟؟؟ ڈیٹ پر کل ایک پرانی گرل فرینڈ نظر آ گئ تھی سوچا اس اے مل ہی لوں.... عادی نے مسکراتے ہوئے ٹائپ کیا... مشی کے دل کو ہول اٹھنے لگے عادی کا میاج دیکھ کر موبائل بیڈ پر پھینک کر وہ خود بھی بیڈ پر ڈھے گئ.... عادی آپ کتنے برے ہیں ابھی تو رشتہ ہوا آپ یہ سب کر رہے شادی کے بعد کیا کریں گے.... مشی سوچتی,روتی ہوئ سو گئ...

****

عادی ماما کو لے کر سیدھا مشی کے گھر لے آیا.وہ عادی کے ساتھ بیٹھ گئیں اور اپنی تعارف کروانے لگیں... جی عادی کے فادر تو باہر ہوتے ہیں لیکن ایسا کوئ مسئلہ نہیں وہ کسی بھی وقت آ سکتے ہیں.... اصل میں میری بڑی بیٹی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کا منگیتر دبئی ہوتا ہے تو ہم اس کے بغیر نہیں کر سکتے رسم.... وہ دو تین ماہ تک آئے گا اور ایک اور بات رسم ہم سادگی سے کرنا چاہتے ہیں کیونکہ مشی کے فادر کی ڈیتھ کو زیادہ ٹائم نہیں ہوا اس لیے..جیسے آپ لوگ مناسب سمجھیں ہمیں کوئ اعتراض نہیں.....

بے حد اصرار کے بعد بھی مسز احمد ہوٹل چلی گئیں جب مشی ہماری بیٹی بن جائے گی پھر آپ کو کہنے کی نوبت نہیں آئے گی.... وہ مسکراتی ہوئ بغل گیر ہوئیں اور چل دیں....

عادی کی ماما سے ملنے کے بعد میسم بھی مطمئن ہو گیا تھا کہ انہوں نے کوئ مسئلہ نہیں کیا اگر وہ چاہتیں تو کہ سکتی تھیں کہ ہمارا تو ایک ہی بیٹا ہے تو ہم سادگی سے فنکشن نہیں کریں گے.... ویسے بھی اس رشتے میں سب سے بڑی حامی مشی کی خوشی تھی میسم کو وہ پہلے کی طرح نظر آ رہی تھی اس رشتے سے انکار کر کے وہ مشی کو پہلے والے زون میں نہیں بھیجنا چاہتا تھا.... وہ ماما کے گلے لگ گیا ایک تو مجھے سمجھ نہیں آتی خوشی کے موقع پر بھی آپ لوگ رونے کیوں لگ جاتے... اللہ ہماری مشی کو ہمیشہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....خوش رکھے..... میسم نے آمین بولا

شکر ہے بیٹا کہ سب کچھ ٹھیک ہے ورنہ اگر ہم انکار کر دیتے تو مشی کو لگتا کہ اس کے بابا جانی نہیں رہے اس لیے اب کوئ بھی نہیں ہے... بلکل سہی کہ رہیں ہیں آپ.... کہتا وہ باہر نکل گیا بابا کی قبر پر جانے کے ارادے سے.....

مشی ابھی تک بے خبر سو رہی تھی جب عادی ملازم سے اس کے روم کی چابی لے کر اندر آیا..کمرے میں نیم تاریکی چھائ تھی... مشی کی دودھیا رنگت اس تاریکی میں مزید چمک رہی تھی.... عادی اس کے پاس کھڑا مشی کا ایک ایک خدوخال غور سے دیکھ رہا تھا.... اس کے ہارٹ نے ایک بیٹ مس کی... وہ سوتی ہوئ شاید مزید حسین لگ رہی تھی.... عادی کا دل کیا اس کے خدوخال کو چھو کر دیکھے لیکن خود کو سرزنش کرتا وہ اس کے سرہانے بیٹھ گیا اور اس کے بالوں میں انگلیاں پھیرنے لگا... مشی کو جیسے ہی اپنے بالوں میں کچھ محسوس ہوا فٹ سے آنکھیں کھول دیں.... عادی اسے مسکراتے ہوئے دیکھ رہا تھا.... مشی وہ دوپہر والی بات یاد آئ تو اس کی آنکھوں میں پھر

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے نمکین پانی جمع ہو گیا.... دور ہو جائیں آپ مجھ سے مشی اس کا ہاتھ جھٹکتے ہوئے اٹھی.... ڈھیروں آنسو باہر نکلنے کو تیار تھے جنہیں وہ پی رہی تھی....عادی نے کان پکڑے سوری....

سوری مائ فُٹ عادی....وہ چلا رہی تھی عادی نے آگے بڑھ کر اس کے منہ ہر ہاتھ رکھ دیا.... اف یار پہلے سن تو لو یہ ہمارا گھر نہیں ہے جہاں آپ ایسے بولو.... مشی ناراض ناراض نظروں سے اسے دیکھنے لگی.... جس کے چہرے پر خوشی کے آثار نمایاں تھے مشی کو اور بھی برا لگنے لگا....

عادی اس کے سامنے بیڈ پر بیٹھا تھا.... اس کے کان کے پاس ہوا اور سرگوشیاں کرنے لگا.....

کانگریچولیشنز مائ وائف ہمارا رشتہ طے ہو گیا..... عادی کے اس طرح پاس آنے سے مشی کا سانس رک گیا اور دم سادھے اسے تکنے لگی.....کیا مطلب وہ صرف اتنا بول پائ جیسے ہی عادی نے ہاتھ ہٹایا.... میری پاگل بیوی میں ماما کو ریسیو کرنے گیا تھا ائیر پورٹ سے اور جب آپ یہاں اکیلی دھرنا دے رہی تھی نہ تب نیچے ساری باتیں طے ہو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

....رہیں تھیں

مشء نے ایک مکہ اس کے سینے ہر رسید کیا.... مجھ سے بات مت کریں آپ عادی پیچھے کو ہوا تو مشی بیڈ سے اتر گئ....پھر کس سے کروں؟؟؟ جا کر اپنی اس پرانی گرل فرینڈ سے کریں.... عادی اس کے سامنے آ گیا... اووہ جیلیسی انٹرسٹنگ.... عادی مزے لیتے ہوئے بولا... جو مرضی کہیں اب ہٹیں یہاں سے.... عادی نفی میں سر ہلانے لگا.....

ایسے تو نہیں جاؤں گا میں.... تو کیا جوتے کھا کر جائیں گے.... امم ہممم کچھ لے کر جاؤں گا.... باہر جائیں اور جا کر اپنا یہ چھچھورنا پن پورا کریں یہاں سے کچھ نہیں ملنے والا...مجھے تو یہیں سے چاہیے... عادی اسے دلچسپی سے دیکھ رہا تھا.... آپ جاتے ہیں یا میں ماما کو آواز دوں... جا رہا ہوں ابھی تو ایک بار ہاتھ آنے دو پھر پوچھوں گا.... کہتا ....ہوا وہ نکل گیا.... اور مشی مسکرانے لگی

****

عادی رات میں ہی ماما کے ساتھ لاہور چلا گیا اور مشی سے مل کر بھی نہیں گیا.... اب وہ چلا گیا تو مشی اسے مس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کرنے لگی... نہ کوئ میسج نہ کوئ کال...مشی بار بار فون چیک کر رہی تھی.... رات گۓ بھی اس کا کوئ ٹیکسٹ نہ آیا تو مشی تھک کر سو گئ...

اگلے دو دن بھی ایسے ہی گزر گۓ عادی کی طرف سے مکمل خاموشی تھی.... ویسے ان موصوف سے میرے بغیر ایک دن نہیں رہا جاتا اور اب میں وہاں نہیں ہوں تو میری یاد بھی نہیں آ رہی.... مشی اس کی پکس دیکھ رہی تھی.... جب عادی کی کال آنے لگی... مشی نے وقت ضائع کیے بغیر اٹھا لی....

یار جلدی آ جاؤ نہ.....

کوئ اور بات کیے بغیر ڈائریکٹ بولا....

مشی مسکرا دی... اور بولی کیوں؟؟ مس کر رہے ہیں مجھے؟؟

نہیں وہ جو آپ کی کزن ہے نہ اسے مس کر رہا ہوں...

عادی بدمزہ ہوا... ظاہر ہے مس کر رہا ہوں تو کہ رہا.... اب بتائیں کب آئیں گی...

ابھی تو میرا کوئ ارادہ نہیں.... مشی بھی تنگ کرنے لگی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

...جب کہ اس کا اپنا بھی دل نہیں لگ رہا تھا یہاں

مشی؟؟؟ جی جی.....جلدی آ جاؤ..... وہ بہت اداس لگ رہا تھا.... یہ دو دن مجھے دو سال کے برابر لگ رہے تھے.... اچھا ٹھیک ہے میں کل آ جاؤں گی اور کچھ.... باقی جب آئیں گیں پھر لے لوں گا... عادی معنی خیزی سے بولا تو مشی جھنپ گئ.... ایسے کریں گے تو میں نہیں آؤں گی.... جیسے بھی کروں آنا تو آپ نے میرے پاس ہی ہے.... اچھا جی اب سو جائیں مجھے بھی نیند آ رہی ہے پھر صبح جلدی اٹھنا ہے... لو یو.... عادی کی جذبوں سے بھرپور آواز ابھری مشی نے مسکراتے ہوئے فون بند کر دیا لو یو ٹو... سو مسکان حیدر آپ کو بھی معید احمد اگ پیار ہو ہی گیا... وہ خود ہی گویا ہوتی مسکرا دی....

مشی کے بھرپور زور دینے کے بعد بالاآخر سب اسے بھیجنے پر راضی ہو گۓ.... اتنی جلدی جا رہی ہو.... ماما ابھی بھی ناراض تھیں.... ماما سمیسٹر سٹارٹ ہونے والا ہے مجھے جا کر اپنا سامان لینا ہے ہر چیز بکھری ہو گی سب سیٹ کرنا ہے اب پلیز ایسی شکل مت بنائیں آپ پے بلکل سوٹ نہیں کرتی گرمیوں میں آؤں گی نہ پھر زیادہ ٹائم رہوں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....گی... وہ ماما سے ملتی ہوئ انہیں مطمئن کرنے لگی

****

مشی ڈیو سٹیشن پہنچی تو عادی اس کا منتظر تھا... سن گلاسز لگائے,بالوں کو سیٹ کیے, ہلکی ہلکی شیو جچ رہا تھا.. مشی اسے سراہتی ہوئ آئ.... تو جی آپ کی فلائٹ لینڈ ہو ہی گئ.... ایک تو یہ جگہ ایسی ہے میں آپ سے مل نہیں سکتا... مشی اس کی بات پر مسکراتی ہوئ گاڑی میں بیٹھ گئ....

عادی نے گاڑی ایک سنسان راستے پر روک دی...اور مشی کو دیکھنے لگا.....کیا؟؟؟ اپنی آنکھیں بند کریں.... نو.. مشی نفی میں سر ہلاتی پیچھے کو ہوئ.... کچھ نہیں کرتا یار ...عادی ہنستے ہوئے بولا.... آپ کا کوئ بھروسہ نہیں

اچھا پھر ایسا کریں ایک چھوٹی سی پرمیشن دے دیں.... مشی سوالیہ نظروں سے عادی کی جانب دیکھنے لگی... عادی نے آگے بڑھ کر مشی کی کمر میں ایک ہاتھ ڈالا دوسرا ہاتھ اس کے کندھے سے پیچھے لے گیا اور اسے اپنے ساتھ لگا لیا... مس یو آ لوٹ اس کے کان میں سرگوشی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کرنے لگا.... مشی کا سانس وہیں رک گیا....عادی اس سے الگ ہوا... چلیں گھر.... مشی نے اثبات میں سر ہلا دیا اور عادی نے مسکراتے ہوئے گاڑی سٹارٹ کر دی.... کمرے میں داخل ہوتے ہی مشی بولی.... عادی آپ نے یہ کیا حال کیا ہوا ہے روم کا.... بلینکٹ کارپٹ پے گرا ہوا بیڈ پر شرٹس بکھری ہوئیں کمرے کا نقشہ ہی بدلا ہوا تھا.... دیکھ لو آپ کے بغیر کیا حال ہو گیا ہے عادی کہتا ہوا بیڈ پر نیم دراز ہو گیا.... اور مشی اس کا پھیلاوا سمیٹنے لگی.....

****

مشی عادی کی شرٹ پریس کر رہی تھی جب اسے یاد آیا کہ وہ کچن میں نوڈلز رکھ کر آئ ہے جلدی سے استری وہیں چھوڑ کر نیچے بھاگی... جب کچن میں پہنچی تو دیکھ کر روہانسی ہو گئ.... نوڈلز جل چکے تھے.... مشی نے اٹھا کر سنک میں پھینکے.... میں نے بنانے ہی نہیں ہیں دوبارہ کہتی ہوئ گارڈن میں چلی گئ...اور ریبیز کو دیکھنے لگی... اف اللہ میں تو عادی کی شرٹ پریس کر رہی تھی غصے میں اسے یاد ہی نہیں رہا اور جب دیکھا تو استری اپنا نشان چھوڑ چکی تھی آگے پیچھے استری کا نمونہ بن

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

گیا تھا.... مشی افسوس سے دیکھنے لگی.... یہ عادی کی فیورٹ شرٹ تھی جو اس نے رات میں پہننی تھی.... عادی سعد کی طرف سے آیا تو سیدھا مشی کی جانب رخ کیا.... مشی کہاں ہے وہ شرٹ جو آپ نے آئرن کی ہے.. عادی وہ نہ--- مشی تھوک نگلنے لگی.... کیا ہوا بولو بھی.... وہ مجھ سے جل گئ.... مشی نے آنکھیں بند کر کے جلدی سے بول دیا... واٹ جل گئ لیکن کیسے؟؟؟ وہ میں نوڈلز بنا رہی تھی تو آئرن شرٹ پر چھوڑ کر نیچے چلی گئ..تو آپ نے واپس آ کر آئرن کیوں نہیں اٹھائ.... عادی نوڈلز جل گے تھے اس لیے میں غصے میں باہر چلی گئ.... مشی روتی ہوئ بولی.. .اچھا اچھا ٹھیک ہے رو مت.... میں ویسی اور لے آؤں گا..آؤ میں آپ کا نوڈلز بنانے سیکھاتا ہوں.... مشی اس کے ساتھ کچن میں چلی گئ...عادی نے اسے شروع کرنے کو کہا... مشی پانی بھر کر لائ تو عادی اس کے پیچھے آ کر اس کے ساتھ کھڑا ہو گیا.. .پیچھے سے ہی مشی کا ہاتھ پکڑا اور بنانے لگا.... مشی کے ہاتھ کپکپانے لگے.عادی آپ اتنے قریب مت آیا کریں.... کیوں؟؟؟ مجھے سانس نہیں ....آتا.... اچھا تو کیا ساری آکسیجن میں لے لیتا ہوں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور نہی تو کیا.... چلیں پھر اگر آپ کو نہیں ملتی تو میں آپ کو اپنی آکسیجن دے دیتا ہوں ماؤتھ ٹو ماؤتھ... وہ مشی کے کندھے پر سر رکھے بول رہا تھا... مشی نے اس کے پیٹ میں کہنی ماری.... عادی ہنسنے لگا.... نوڈلز بن چکے تھے تو وہ بھی مشی سے الگ ہو گیا...اور اس کے ساتھ کھڑا ہو کر اسے دیکھنے لگا.... آپ کا بس چکے نہ تو مجھے اپنے سات ایلفی سے جوڑ لیں.... ہاہاہا بات تو بلکل ٹھیک کہ ہے آپ نے.... چلیں اب مشی باؤل ٹرے میں رکھتی اسے اشارہ کرنے لگی....

****

مشی بیڈ پر اوندھی منہ لیٹی تھی اور پاؤں اوپر کیے ہلا رہی تھی جب کہ عادی اس کے نیل پینٹ لگانے میں مصروف تھا.... مشی نے ایک ہاتھ دیکھا اور منہ پھلا لیا.... عادی صحیح صحیح لگائیں نہ.... میں بیوٹی پارلر والا تو نہیں ہوں جو بلکل پرفیکٹ لگاؤں.... عادی منہ بناتے ہوئے بولا.... مشی نے دوسرا ہاتھ دیکھا اور گویا ہوئ..... چلیں کوئ نہیں روز لگایا کریں گے تو ٹھیک ہو جائے گی.... عادی ہنستے ہوئے اٹھ گیا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

****

یونی آف تھی مشی سارا دن گھر رہتی عادی کسی کام میں مصروف تھا جس وجہ سے وہ اکثر باہر ہوتا...

مشی آپ روم میں ہی رہنا اووکے مجھے دیر ہو جائے گی.. عادی کہیں جا رہا تھا.... عادی پلیز جلدی آ جانا آپ کو پتہ ہے نہ مجھے ڈر لگتا ہے اور اب تو رات بھی ہو گئ ہے... مشی رونے والی صورت بنائے ہوئے تھی....اچھا میں جلدی آ جاؤں گا کہ کر وہ چلا گیا..... مشی روم میں آئ تو بیٹھ کر اس کا انتظار کرنے لگی.... خوف کے باعث دروازہ اس نے کھول رکھا تھا.... حالانکہ سروینٹ کواٹر میں میڈ موجود تھی... کافی دیر گزر گئ تو مشی کھڑی ہو گئ اور کھڑکی سے باہر دیکھنے لگی.... ہر چیز خاموش تھی... عادی پچھلے دروازے سے اندر آیا اس نے بلیک ڈریسنگ ساتھ بلیک نقاب چڑھا رکھا تھا بلکل ڈاکوؤں جیسا... عادی بنا چاپ پیدا کیے اوپر آیا تو مشی کا منہ کھڑکی کی جانب تھا... عادی اس کے پیچھے گن تان کر کھڑا ہو گیا... مشی ڈر گئ.... ہاتھ اوپر ؟؟؟؟ عادی نے صرف اتنا بولا اور مشی ہاتھ اوپر کرتی بولنے لگی... پلیز مجھے کچھ مت کہنا عادی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہاں ہیں آپ وہ روتی ہوئ چلا رہی تھی....عادی نے اس کے منہ پر ہاتھ رکھا تو مشی نے اس کے ہاتھ پر کاٹا.... آؤچ مشی.... عادی زور سے بولا... عادی کی آواز سن کر مشی مڑی تو وہ ہاتھ سے نقاب ہٹا کر ہنسنے لگا... مشی اسے دھکا دیتی صوفے پر جا بیٹھی.... آنکھیں ابھی بھی پانی سے بھری تھیں.... ناراض ہو؟؟؟ عادی اس کے ساتھ بیٹھ گیا....بات مت کریں مجھ سے آپ مشی نے غصے سے منہ پھیر لیا....مشی آپ کا یہ جو تل ہے نہ مجھے بہت تنگ کرتا ہے....

مشی نے اپنے شانے پر دیکھا کیا کہتا ہے آپ کو یہ؟؟؟ ....ماتھے پر بل ڈالتے ہوئے بولی

چیک می....عادی ہولے سے بولا.... عادی اگر آپ نے کچھ کیا تو میں سچ میں آپ کے سر میں کچھ مار دوں گی...کرنا بھی ہوا تو ایسے نہیں کروں گا کہ کر عادی مشی کا ہاتھ پکڑے بیڈ پر لے گیا... اب چپ کر کے سو جاؤ اور خود مشی کے بائیں جانب بیٹھ گیا.... مشی روتی ہوئ بولی...مجھے نیند نہیں آ رہی اور عادی کو دیکھنے لگی.... عادی مشی کے قریب ہوا اور اس کا سر اپنے شانے پر رکھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کر اپنا بازو اس کے گرد حمائل کر دیا.... میں آپ کے پاس ہی ہوں سو جاؤ آرام سے....مشی نے آنکھیں موند لیں....

عادی دیر تک مشی کو دیکھتا رہا.... دو دن بعد اس کی فلائٹ تھی,وہ کہاں جا رہا تھا مشی ان دونوں باتوں سے انجان تھی.... عادی نے اس کی پیشانی پر بوسہ دیا اور آنکھیں بند کر لیں....

****

مشی نینی سے بات کر رہی تھی عادی کے سر میں درد ہو رہا تھا اور وہ آرام کر رہا تھا... مشی کو علم نہیں تھا اس کا.... مشی یار آپ دوسرے روم میں چلی جاؤ... مشی ناک چڑھاتی پھر منہ موڑ کر باتیں کرنے لگی... وہ لیپ ٹاپ پر ویڈیو کال پر بات کر رہی تھی..... مشی؟؟؟ عادی نے پھر سے اسے آواز دی لیکن وہ باز نہ آئ.... اب کے عادی کو بھی شرارت سوجھی... وہ اپنی جگہ سے اٹھا ایک ہاتھ سے لیپ ٹاپ کی سکرین بند کی اور دوسرے ہاتھ سے مشی کا منہ اپنی جانب کیا اور اپنے لب اس کے نازک ہونٹوں پر رکھ دئیے.... مشی کی آنکھیں کھل گئیں اس نے عادی کے سینے پر ہاتھ رکھ کر اسے پرے دھکیلا اور غصے سے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

گھورتی کھڑی ہوگئ.... عادی بالوں میں ہاتھ پھیرتا ہوا بولنے لگا.... وہ کیا ہے نہ آپ ویسے چپ نہیں مر رہی تھی تو مجھے یہی طریقہ ملا... عادی کی بات ابھی پوری ہی ہوئ تھی کہ مشی نے پانی سے بھرا جگ اس پر گرا دیا.... اف ایک تو سردی اوپر سے ٹھنڈا پانی.... عادی اسے دیکھنے لگا اور وہ باہر نکل گئ.....

دوپہر میں ان چاروں نے کراچی کے لیے نکلنا تھا مشی نینی سے اسی کے بارے میں ڈسکس کر رہی تھی....

عادی کپڑے چینج کر کے باہر آیا تو وہ پورچ کی سیڑھیوں میں بیٹھی تھی.... وہ اس کے ساتھ آ کر بیٹھ گیا.... جانا نہیں ہے آپ نے؟؟؟

نہیں... مشی ابھی بھی ناراض تھی... آئم سوری آپ بھی تو میری کوئ بات نہیں مانتی میرے سر میں درد ہو رہا تھا پھر اتنا سفر کرنا تھا تو میں نے سوچا تھوڑا سا آرام کر لوں... مشی اسے دیکھنے لگی.... تو آپ نے مجھے یہ پہلے کیوں نہیں بتایا.... مجھے کیا پتہ تھا کہ آپ بات نہیں مانو گی ویسے.... عادی نے اسے اپنے حصار میں لے لیا اور وہ اسی میں سمٹ گئ بس تھوڑا ہی وقت تھا مشی کے ساتھ اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے پاس وہ چاہتا تھا کہ ڈھیروں خوبصورت یادیں لے کر جائے اپنے ساتھ.... چلو اٹھو اب سعد اور نینی بھی آتے ہوں گے....

****

ڈرائیونگ سعد کر رہا تھا,نینی آگے بیٹھی تھی اور مشی اور عادی پیچھے تھے.... عادی مشی کی برتھڈے کراچی میں کرنا چاہتا تھا اسی لیے وہ سب جا رہے تھے.... عادی نے اپنا سر مشی کی گود میں رکھ دیا اس کی آنکھیں نم تھی.... مشی اسے گھورنے لگی... اور اس کا سر ہٹا دیا... عادی نے پھر سے رکھ لیا دو بار یہی ہوتا رہا اور مشی نے تھک کر ہار مان لی.... عادی سو چکا تھا مشی بھی اس کے سر پر اپنا سر رکھے سو رہی تھی.... نینی نے ان کی تصویر بنا لی... دونوں کتنے کیوٹ لگ رہے ہیں نہ سعد؟؟؟ سعد نے مڑ کر دیکھا.... اور مسکراتے ہوئے اثبات میں سر ہلانے لگا.... رات گیارہ بجے وہ لوگ ہوٹل میں چیک ان کر چکے تھے... عادی مشی کے لیے خود ڈریس پسند کر کے لایا تھا اور اسے تیار ہونے کا بول کر چلا گیا...

****

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مشی نے ریڈ کلر کی میکسی پہنی تھی عادی جب واپس آیا تو مبہوت سا اسے دیکھنے لگا بال کرل کیے ریڈ لپ اسٹک لگائے جو آج بلکل چینج لگ رہی تھی اور عادی کے لیے اپنی نظریں ہٹانا مشکل ہو گیا تھا.... عادی نے بلیک تھری پیس پہن رکھا تھا..... مشی کا ہاتھ پکڑے وہ اسے لے گیا.... جب وہ سمندر پر پہنچے تو بارہ بجنے والے تھے.... ایک سائیڈ پر پھولوں سے راستہ بنایا گیا تھا.... مشی اس کا ہاتھ تھامے چل رہی تھی.... سامنے ٹیبل پر روزز کیک اور گلاس پڑت تھے کینڈلز چل رہیں تھیں ٹیبل پر بھی اور ان کےچاروں طرف بھی.مشی ستائشی نظروں سے ہر چیز کو دیکھ رہی تھی... بارہ بج گۓ.... عادی نے اس کے کان میں سرگوشی کی.... ہیپی برتھ ڈے مائ ڈئیر وائف... اس کے بعد وہ گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا اور مشی کے سامنے اپنا ہاتھ پھیلا دیا...

مشی آی لو یو ویل یو میری می؟؟؟عادی کی آنکھوں میں بے پناہ جذبے تھے... مشی کے چہرے پر خوشی اور حیرت کے ملے جلے تاثرات تھے...

یس کہتے ہوۓ اپنا ہاتھ عادی کے ہاتھ پر رکھ دیا....عادی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کھڑا ہو گیا اور جیب سے ایک ڈبی نکالی اور مشی کو رنگ پہنا دی.....

اس کے بعد نینی اور سعد آئے تو مشی نے کیک کٹ کیا.... مشی کی آنکھیں بار بار برس رہیں تھیں.... مشی نے عادی کو کیک کھلایا پھر سب نے مشی کو کھلایا.... چلو مشی اب عادی کے منہ پر لگاؤ... سعد نے ہانک لگائ.... نو مشی میں بہت برا پیش آؤں گا اگر آپ نے ایسا کیا تو.... مشی چہرے پر شرارتی مسکراہٹ لیے آگے بڑھی سعد نے عادی کو پکڑا اور مشی نے اس کا منہ کیک سے بھر دیا.... عادی نے اپنے ہاتھ چھڑوائے اور پہلے سعد کے منہ پر کیک لگایا.... پھر مشی اب بچ کے دکھاؤ.... مشی بھاگی لیکن عادی نے اسے اپنی گرفت میں لے لیا.... عادی پلیز نو.... عادی نفی میں سر ہلاتا اس کے منہ پر کیک لگانے لگا.... اگلے پانچ منٹ میں ان سب کے منہ کیک سے بھر گئے تھے....
سمندر کے پانی سے منہ صاف کیا... اور مشی عادی کا ہاتھ تھامے چلنے لگی... لہریں آتیں اور ان کے پاؤں کو چھو کر واپس چلی جاتیں.... سعد اور نینی ہوٹل چلے گئے تھے...
کچھ دیر بعد مشی اور عادی بھی ہوٹل چل دئیے... مشی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

چینج کر چکی تھی جب عادی چینج کر کے آیا اور اس کے سامنے بیٹھ گیا.... مشی اپنی انگلی دیکھ رہی تھی جہاں اس نے رنگ پہنائ تھی... مشی خوش ہو؟؟؟؟ بہت زیادہ.... عادی کا دل اداس ہو گیا کہ ان کی خوشیوں کو تو شاید نظر لگ چکی تھی.... عادی نے مشی کا چہرہ ہاتھوں میں لیا اور اس کے ماتھے پر اپنے پیار کی مہر ثبت کر دی.... مشی مسکراتی ہوئ سو گئ.... عادی سو نہیں سکا... لائٹ آف تھی لیکن اسے نیند کہاں سے آنے والی تھی.... صبح کے پانچ بج رہے تھے عادی کی فلائٹ کا ٹائم ہو رہا تھا وہ اٹھا چینج کیا اور آ کر مشی کو دیکھنے لگا.... مشی مجھے ایک بات کو بہت افسوس ہے کہ میرا اتنا پیار بھی آپ کو زرا سا نہ بدل سکا.... عادی کی آنکھوں سے آنسو بہ رہے تھے اب اس نے نہیں روکا انہیں.... مشی بے خبر سو رہی تھی نا جانے کتنی دیر وہ اسے دیکھتا رہا پھر اٹھنے لگا تو اسے مشی کا تل نظر آیا...عادی نے اس پر اپنے لب رکھ دئیے... مشی ہلی تک نہیں... اور عادی اپنا موبائل سنبھالتا دروازہ اندر سے لاک کر کے چلا گیا.... سعد اسے چھوڑنے جا رہا جا رہا تھا.... صرف سعد جانتا تھا کہ عادی کہاں اور کیوں ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مشی کی آنکھ کھلی تو خود کو کمرے میں اکیلی پایا.... اس نے سوچا باہر گۓ ہوں گے عادی. اٹھ کر شاور لے کر فریش ہوگئ تو عادی ابھی بھی نہیں تھا.... مشی نے فون کیا ....تو وہ ریسیو نہیں کر رہا تھا... مشی نے سعد کو فون کیا

سعد عادی تمہارے ساتھ ہیں؟؟؟ نہیں میرے ساتھ تو نہیں ....کیوں کمرے میں نہیں

نہیں میں کافی دیر سے جاگ رہی ہوں لیکن عادی پتہ نہی کہاں ہیں.... اچھا میں نینی کو بولتا ہوں تمہارے پاس آ جاۓ.... مشی نے فون رکھ دیا اور عادی کو ٹیکسٹ کرنے ....لگی

....عادی کہاں گۓ ہیں بتا کر تو جاتے

نینی آچکی تھی لیکن عادی کا کچھ پتہ نہیں چلا تھا اب تو اس کا فون بھی بند جا رہا تھا...نینی مجھے بکت ٹینشن ہو رہی ہے عادی ٹھیک تو ہوں گے نہ پتہ نہیں کہاں سے صبح سے غائب ہیں پہلے تو ایسے کبھی نہیں کیا.... مشی کے ہاتھ پاؤں ڈھنڈے پڑ گۓ تھے ٹینشن سے.... مشی تم ٹینشن نہ لو شاید کسی کام سے گیا ہو آ جاۓ گا ایسے کہاں جاۓ گا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بتائے بغیر.... مشی کے دل کو ہول اٹھ رہے تھے اس کی نظریں دروازے پر ہی مرکوز تھیں..... نینی الگ پریشان ہو رہی تھی کہ اچانک وہ کہاں چلا گیا....

شام ہو گئ لیکن عادی کا کچھ پتہ نہ چلا مشی سے اس سے زیادہ آنسو نہ روکے گئے.... نینی عادی کہاں ہیں وہ آ کیوں نہیں رہے سعد کیوں نہیں ڈھونڈ رہا انہیں اگر وہ کسی مشکل میں ہوئے پھر.... مشی روتی ہوئ بولے جا رہی تھی..... شی پلیز ریلیکس ہم کوشش کر رہے ہیں کہ پتہ چلے لیکن تم بھی حوصلہ رکھو.... مشی حیرت سے اسے تکنے لگی نینی میں کیسے حوصلہ رکھو صبح سے عادی غائب ہیں کچھ پتہ نہیں چل رہا.... اچھا ٹھیک ہے چپ کرو تم.... میں اب یہاں نہیں بیٹھی رہوں گی میں خود جاؤں گی عادی کو ڈھونڈنے.... کہتی ساتھ ہی مشی منہ صاف کرتی اٹھی اور باہر نکل گئ.... نینی اس کے پیچھے گئ لیکن وہ بھاگ رہی تھی.... مشی آنسو صاف کرتی بھاگ رہی تھی اسے کچھ دکھائ نہیں دے رہا تھا سوائے عادی کے چہرے کے.... اس کا پاؤں سلپ ہوا اور وہ گر گئ.... آؤچ اس کا منہ لگا تھا مشی کا ہونٹ پھٹ گیا.... مشی اٹھو اندر چلو..نینی مجھے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

عادی کو ڈھونڈنا ہے وہ پتہ نہیں کس حال میں ہوں گے... وہ اٹھی اور چلنے لگی... نینی اسے کھینچتی ہوئ اپنے ساتھ لے گئ.... نینی پلیز مجھے جانے دو عادی.....

چپ بلکل چپ.... نینی کے لیے مشی کو اس حال میں دیکھنا ممکن نہ تھا نا جانے قسمت کو کیا منظور تھا جو اسے پھر سے ایسی تکلیف سے دوچار کر رہی تھی.... نینی اس کا خون صاف کرنے لگی اور بینڈج کر دی.... اب تو میں چلی جاؤں نہ مشی روتی ہوئ بولی... نینی اس کے سامنے بیٹھ گئ..... مشی کہاں جاؤں گی..... نینی سب جگہ سارے شہر میناور دیکھنا میں عادی کو واپس لے کر آو گی... مشی تم پاگل ہو کیا سعد صبح سے ڈھونڈ رہا ہے اسے کچھ پتہ نہیں چلا تو تم کیسے ڈھونڈو گی.... پلیز نینک مت روک مجھے میں مر جاؤں گی.... ٹھیک ہے میں بھی تمہارے ساتھ چلوں گی....

مشی سب سے پہلے سمندر پر گئ.... سب جگی دیکھ لیا لیکن وہ کہیں نظر نہ آیا.... مشی وہیں بیٹھ گئ..... عادی میں کہاں ڈھونڈو آپ کو... مجھے لگ رہا ہے میں نے آپ کو کھو دیا... مشی کے سامنے رات کے منظر آ رہے تھے یہاں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسی جگہ وہ دونوں کتنے خوش تھے.... مشی زادوقطار رو رہی تھی.... مشی اٹھو نینی نے اس کا سر اوپر کیا.... ایسے ڈھونڈو گی اسے؟؟ وہ ڈپٹتے ہوئے بولی.... مشی آنسو صاف کرتی کھڑی ہوئ لیکن آنسو تھے کہ لڑی کی صورت میں بہتے جا رہے تھے. مشی نے اسے ڈھونڈنا شروع کیا کبھی کس جگہ کبھی کس جگہ رات ہو گئ لیکن ہاتھ ابھی بھی خالی.. نینی اسے زبردستی ہوٹل لے آئ.. سعد مشی کے سامنے آنے سے گریز برت رہا تھا سعد میں جانتی ہوں تمہیں پتہ ہو گا عادی کہاں ہیں پلیز بتا دو اگر وہ مجھ سے ناراض ہو کر گۓ ہیں تو میں انہیں منا لوں گی لیکن بس مجھے بتا دو عادی کہاں ہیں ٹھیک بھی ہیں یا نہیں.... صبح سے اب تک مشی کی آنکھیں برس رہی تھیں.... مشی میں نہیں جانتا وہ کہاں سے سیرئسلی.... سعد عادی کو دئیے گۓ وعدے کے ہاتھوں مجبور تھا... مشی بیڈ پر گرنے کے سے انداز میں بیٹھ گئ..... نینی عادی کہاں ہوں گے.....میرا دماغ سن ہو گیا ہے صبح سے یہ سوچ سوچ کے پتہ نہیں خود گۓ ہیں یا اس سے آگے مشی سے بولا نہ گیا اور کمرے میں صرف اس کی سسکیاں گونج رہیں تھیں..مشی پلیز کچھ کھالو صبح سے تم بھوکی پیاسی ہو.... نینی عادی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نے پتہ نہیں کچھ کھایا بھی ہو گا کہ نہیں پھر میں کیسے کھالوں... مشی بےچارگی سے بولی... نینی بےبسے سے اسے دیکھنے لگی....

اچھا ایسا کرو یہ پین کلر لے لو بس پلیز مشی.مشی اسے ریکھنے لگی... اور ہاتھ سے پیچھے کر دیا نینی مجھے ضرورت نہیں جو درد میرے اندر ہے وہ دنیا کی کوئ میڈیسنس نہیں دور کر سکتی.... مشی گھٹنوں میں سر دے کر بیٹھ گئ....آنسو تھے کہ تھمنے کا نام نہیں کے رہے تھے روتے روتے اس کی ہچکی بندھ گئ... نینی نے پانی میں سلیپنگ پلز ڈال کر اسے پلا دیا.... کچھ دیر تو سکون کرے گی.... مشی کچھ ہی دیر میں ہوش سے بیگانہ ہو گئ.... نینی سعد کو لے کر باہر آ گئ.... سعد مجھے سچ سچ بتا دو اگر تمہیں پتہ ہے کہ عادی کہاں ہے.... نینی مجھے پتہ ہوتا تو کیا میں صبح سے عادی کو ڈھونڈتا؟؟؟ میں مان ہی نہیں سکتی تم دونوں کی جتنی دوستی ہے وہ تمہیں بتائے بغیر چلا جائے اور اگر اس نے تمہیں منع کیا ہے تو تم جھوٹ بھی بول سکتے ہو... ٹھیک ہے اگر تمہیں نہیں یقین تو مت کرو کہ کر سعد واک آؤٹ کر گیا... اسے ویسے بھی موقع چاہیے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھا جانے کا کیونکہ مشی کی حالت دیکھی نہ جا رہی تھی... عادی سعد سے بھی بات نہیں کر رہا تھا وہ ہر جگہ ٹرائ کر چکا تھا لیکن صرف ناکامی....

نینی روم میں واپس آ گئ اور مشی کے سرہانے بیٹھ گئ.... ایک ہی دن میں کیا حال ہو گیا تھا اس کا جو کل تک اتنی خوش تھی آج آنسو ہی رکنے کا نام نہیں لے رہی تھے.... مشی کا چہرہ ابھی بھی تر تھا... وہ سوتی سوتی بھی روتی رہی... مشی کاش میں تمہیں اس تکلیف سے نکال پاتی آیم سوری کوئ فائدہ نہیں میرا تم اس حال میں ہو اور میں کچھ نہیں کر رہی... نینی اس کا ہاتھ پکڑے معافی مانگنے لگی....

رات کے کسی پہر مشی کی آنکھ کھلی.... عادی کہ کر اس نے لائٹ جلائ لیکن نینی سو رہی تھی اس کے ساتھ.... مشی نے منہ گرا لیا.... عادی میں کہاں ڈھونڈوں آپ کو مجھے کچھ بتا کر تو جاتے مشی ہاتھوں میں چہرے چھپائے پھر سے رونے لگی.... پتہ نہیں کیوں مجھے خوشیاں راس نہیں آتیں.... مشی موبائل میں عادی کی تصویر دیکھنے لگی.... آپ کو پتہ ہے نہ میں آپ کے بغیر نہیں رہ سکتی پھر کہاں چلے گۓ ہیں آپ عادی مجھے یہاں تنہا چھوڑ کر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ کی مشی کیسے ڈھونڈے آپ کو کہاں ڈھونڈے.... موبائل کی اسکرین مشی کے آنسوؤں سے دھندلی ہو گئ.... صبح ہو گئ اور مشی ابھی تک ایسے ہی بیٹھی تھی.... مشی تم کب اٹھیں.... نینی کی آنکھ کھلی تو مشی کو دیکھتے ہوئے گویا ہوئ..پتہ نہیں میں نے ٹائم نہیں دیکھا تھا... مشی سپاٹ سے چہرے کے ساتھ بولی.... نینی تم اٹھ گئ ہو اب عادی کو ڈھونڈنے چلیں... پہلے کچھ کھا لو مشی پھر چلتے ہیں...
نینی بھی تھکے ہوئے انداز میں بولی.... مجھے کچھ نہیں کھا نا تمہیں کھانا ہے تو کھا لو میں عادی کے ساتھ ہی کھاؤں گی.... مشی یہ کیسی ضد ہے جیسی بھی ہو میں کچھ نہیں جانتی.... نینی بھی یونہی اس کے ساتھ چل دی.... صبح سے رات ہو گئ تھی مشی ایک ایریا سے دوسرے ایریا میں جاتی رہی دس چکر وہ سمندر کے لگا چکی تھی... نینی اسے واپس ہوٹل لے آئ.... بس مشی کل ہم واپس جا رہے ہیں... اس طرح سے ڈھونڈنا بیوقوفی ہے ہم پولیس سے کہیں گے وہ ڈھونڈے گی.... نینی بولنے لگی.... نہیں نینی میں کہیں نہیں جاؤں گی عادی کو لیے بغیر.... مشی تمہیں سمجھ کیوں نہیں آتا وہ چلا گیا ہے... مشی کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو روانہ ہونے لگے.... سر اس کا نفی میں ہل رہا تھا.... نینی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں کیسے مان لوں عادی نہیں جاسکتے.. تم رکو میں ابھی فون کرتی ہوں دیکھنا میرا فون ضرور اٹھائیں گے پہلے بھی تو اٹھایا تھا نہ مشی اٹح کے فون ملانے لگی.... مشی سپیکر پے لگاؤ.... بند جا رہا ہے... مشی مایوسی سے بولی شاید بیٹری لو ہو گئ ہو ان کی وہ میرے پاس ہی آئیں گے تم فکر مت کرو... مشی تم ہوش میں آ جاؤ چلا گیا ہے وہ تمہیں چھوڑ کے.

نہیں نینی ایسا مت بولو.... عادی کبھی ایسا نہیں کر سکتے.... نینی نے ایک زوردار تھپڑ اس کے منہ پر مارا.... مشی کے آنسوؤں مزید روانی آ گئ اور وہ نینی کے گلے لگ گئ...نینی کیسے مان لوں میں میرا دل نہیں مانتا.... میرے ساتھ ہی ایسا کیوں ہوتا ہے جو مجھ سے پیار کرتے ہیں مجھے چھوڑ کر کیوں چلے جاتے ہیں. نینی میں تو انہیں نہیں کہتی کہ مجھ سے پیار کریں پھر وہ کیوں اپنی مرضی سے آ کر اپنی مرضی سے چلے جاتے....نہ آتے ہوئے مجھ سے پوچھا نہ جاتے ہوئے میں کہاں جاؤ نینی میں کہاں جاؤ.... اس سب میں میری مرضی میں تو کہیں بھی نہیں ہوں پہلے بابا جانی اور اب عادی بھی چلے گئے نینی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

پلیز واپس لے آؤ عادی کو میں نہیں رہ سکتی.... مجھے عادی کا ہی چہرہ نظر آتا ہے ہر جگہ جیسے وہ مجھے بلا رہے ہوں.... نینی میں کہاں سے لے کر آو انہیں.... مجھے کوئ جگہ بتا دو جہاں سے میں عادی کو لے آو....مشی اس سے الگ ہوتی ہوئ بولی.... بتا ؤ نہ نینی تم کچھ بول کیوں نہیں رہی... مشی چپ کر جاؤ تم کیوں خود کو پاگل کر رہی ہو.... مشی نفی میں سر ہلاتی پیچھے ہوگئ.... میں نہیں مانتی مہ عادی مجھے چھوڑ کر چلے گۓ ہیں کبھی نہیں وہ خود بھی آ کر کہیں گے نہ میں تب بھی نہیں مانوں گی... وہ جانتے ہیں مجھے ایسے کبھی نہیں جائیں گے وہ نو.... مشی نفی میں سر ہلاتی بول رہی تھی... آنسو اس کے چہرے کو بھگو رہے تھے... نہ اس نے بال بنائے نہ کپڑے چینج کیے... وہ ظاہری طور پر بھی بکھری ہوئ تھی اور باطنی طور پر بھی... آنکھیں سوجھ کر سرخ انگارہ بنی ہوئیں تھیں ہونٹ پھٹا ہوا تھا نہ کچھ کھایا نہ پیا بس عادی کا نام لیے جا رہی تھی.... مشی تم پاگل ہو گئ ہو.... کچھ بھی کہ لو نینی.... مشی بیڈ پر بیٹھتی ہوئ بولی.... مشی اب میری ایک بات تم غور سے سن لو اگر تم کل صبح ہمارے ساتھ واپس نہ گئیں تو میں کبھی تمہیں نہ اپنی شکل دکھاؤں گی نہ ہی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بات کروں گی.... مشی نے تڑپ کر اسے دیکھا... مجھے بھی کھو دو گی تم.... مشی نے بے بسی سے نینی کی طرف دیکھا لیکن نینی نے نفی میں سر ہلایا مشی ٹھیک ہے کہ کر سر نیچے گرا لیا.... ساری رات وہ روتی رہی ایک منٹ کے لیے بھی اس نے آنکھیں بند نہ کیں.

صبح وہ چپ چاپ نینی کے اور سعد کے ساتھ جانے کے لیے راضی تھی کیونکہ وہ نینی کو نہیں کھونا چاہتی تھی اب.. مشی چینج کر لو تم.... نینی مجھے نہیں کرنا تم نے چلنے کا بوالا میں چل رہی ہو اب اس سے زیادہ میں اور کچھ نہیں کر سکتی.مشی سپاٹ چہرہ لیے بول رہی تھی رو رو کر اس کے آنسو بھی خشک ہوچکے تھے اس کی آنکھیں ساری داستان خود بیان کر رہیں تھیں.مشی کمرے کی ایک ایک چیز دیکھ رہی تھی جیسے سب کچھ ویسا ہی ہو جب وہ یہاں تھا سارا راستہ مشی آنکھیں بند کیے سیٹ کی پشت سے سر ٹکائے بیٹھی رہی. کبھی آنسو نکلنے لگتے تو کبھی رک جاتے اسے ہر چیز رلا رہی تھی... مشی وہ سفر یاد آ رہا تھا جب وہ جا رہے تھے کتنی خوش اور مطمئن تھی اور اب... عادی کیسے بار بار اس کی گود میں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سر رکھ رہا تھا... مشی سوچ کر مسکرانے لگی... لیکن پھر اس کے غائب ہونے کا خیال حاوی ہو گیا تو آنسو باڑ توڑ کر باہر آ گۓ.. گھر پہنچنے تک یہی سب چلتا رہا....

مشی آنسو صاف کرتی گاڑی سے نکلی اور اپنے روم میں چلی گئ.... نینی نے فوراً عادی کی ماما کو فون کیا لیکن وہ بھی لاعلم تھی...

مشی کی حالت کا سن کر وہ فوراً نکل گیں گھر سے.... مشی کمرے میں عادی کی تصویریں پھیلاۓ بیٹھی تھی.... آنسو ٹپ ٹپ اس کی تصویروں پر گر رہے تھے.... عادی پلیز آ جائیں نہ بس میں اس سے زیادہ برداشت نہیں کر سکتی.... اپنا ایڈیکٹ کر کے کہاں چلے گۓ آپ...آپ کی مشی بہت اکیلی ہے آئ نیڈ یو عادی آئ نیڈ یو... مشی اس کی تصویر سینے سے لگاۓ رو رہی تھی جب عادی کی ماما روم میں آئیں.... مشی میری جان یہ کیا حال بنایا ہوا ہے وہ اس کے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھ گئ..... ماما عادی پتہ نہیں کہاں چل..... چلے گۓ مشی ہچکیاں لیتی بول رہی تھی... انہوں نے اسے گلے لگایا بس چپ اب اور نہیں رونا... مشی اور شدت سے رونے لگی.... میں کیسے رہوں گی ان کے بغیر

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے تو یہ بھی نہیں پتہ وہ کس حال میں ہوں گے.... مشی بس مری جان میں آگئ ہوں نہ دیکھنا اسے کان سے پکڑ کر لاؤں گی.... سچ میں آپ لے آئیں گیں نہ مشی فوراً ان سے الگ ہوئ.... وہ اثبات میں سر ہلانے لگیں.... پہلے آپ کھانا کھاؤ پھر ہم چلیں گے.... مشی نے جلدی جلدی بس تھوڑا سا کھایا... چلیں... انہوں نے اس کا چہرہ ہاتھوں میں تھام لیا.... مشی کو اس حال میں دیکھنا کبھی سوچا بھی نہیں تھا...
مشی کو چکر آنے لگے اور وہ بے ہوش ہو گئ.... نینی کی مدد سے اسے بیڈ پر لٹایا.... نینی یہ سب کب تک چلے گا.... مشی تو ایسے بیمار پڑ جائے گی.... آنٹی جب تک وہ واپس نہیں آ جاتا یہ ٹھیک نہیں ہو گی اور اسے ٹھیک کرنا صرف عادی کے بس کا کام ہے.... وہ بے بسی سے مشی کو دیکھنے لگیں جو ایک ہی دن میں ایسے معلوم ہوتی جیسے صدیوں کی مسافر ہو.....

****

مشی تقریباً پاگل ہو چکی تھی عادی کے سوائے اس کے منہ سے کچھ نہیں نکلتا.... اس کہا کہ ملتان چلی جاؤ تو بولی.... یہ گھر عادی نے ہمارے لیے لیا ہے میں کہیں نہیں جاؤں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

گی اور عادی واپس آ گۓ اور میں نہ ملی تو پھر اگر وہ پھر واپس چلے گۓ تو میں کیا کروں گی اس لیے میں اپنے گھر ہی رہوں گی کعئ میرے ساتھ رہے یا نہ رہے.... نہ وہ ملتان جانا چاہتی تھی نہ ہی عادی کے پاپا والے گھر....
عادی کی ماما یہاں آ گئیں اور اکثر نینی بھی یہی ہوتیں...
عادی کی کچھ خبر نہیں تھی اب تو سعد بھی نہیں جانتا تھا ....کہ وہ کس حال میں ہے

****

حماد کیا تمہارے پاس کوئ طریقہ ہے جس سے مشی نہتر ہو جائے اس حال میں کب تک اسے دیکھیں گے اتنا وقت ہو ...گیا ہے اب تو.... نینی ضبط کرتی ہوئ بولی

نینی اگر تم کہتی ہو تو میں ایک بار مشی سے بات کر لیتا ....ہوں ہو سکتا ہے کوئ مناسب حل نکل آۓ

نینی حماد کو لے کر گھر آ گئ مشی کمرے میں ہی تھی....
وہ صرف کمرے میں ہی نظر آتی تھی نہ کسی ملتی تھی نہ ...ہی کسی سے بات کرتی تھی

تین ماہ ہو چکے تھے مشی خود سے اور دنیا سے بیگانہ ہو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

گئ تھی نہ کھاتی تھی نہ سوتہ تھی بس کثرت سے آنسو بہاتی....حماد نے اسے دیکھا تو یقین نہ آیا کہ یہ وہی مشی ہے ...وہ بہت کمزور ہوگی تھی رنگت زرد پڑ گئ, بےرونق مرجھایا چہرہ ,بکھرے بال,رف سے حلیے میں تھی یہ تو وہی جانتی تھی جو قیامت اس پر گزری تھی.... حماد نے اسے آواز دی... مشی کو اس حال میں جو بھی دیکھتا رو دیتا.... مشی نے سر اٹھا کر دیکھا.... آنکھوں میں نمکین پانی جمع ہو گیا.... حماد تم عادی کو لے کر آئے ہو... وہ امید بھری نظروں سے دیکھ رہی تھی... کہاں ہیں عادی وہ اِدھر اُدھر دیکھنے لگی.... پلیز مجھے بتاؤ وہ مجھ سے ناراض ہیں کیا... مشی کے آنسوؤں میں روانی آ گئ..... کوئ میری بات نہیں مانتا کوئ نہیں لے کر آتا عادی کو آپ سب کو سمجھ کیوں نہیں آتی نہیں رہ سکتی میں ان کے بغیر مشی ہاتھوں میں چہرہ چھپائے رونے لگی... وہ چلا رہی تھی... لیکن اب تو شاید اس کی آواز بھی مدھم پڑ گئ تھی تو عادی کیسے سن لیتا.... حماد اس کے سامنے زمیں پر بیٹھ گیا جہاں وہ عادی کی تصویریں رکھے بیٹھی تھی...

مشی تم نے خود کو ایسا کیوں بنا لیا ہے..... مشی افسوس

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے اسے دیکھنے لگی.... تم نہیں جانتے حماد کہ عادی میرے لیے کیا ہے وہ چلے گئے ہیں تو میری زندگی میری خوشیاں سب ساتھ لے گئے.... بس یہ سانسیں ہیں جو رکنے کا نام نہیں لے رہی.... حماد نے کرب سے منہ پھیر لیا.... بلکل سہی کہ رہی تھی اسے دیکھ کر لگتا نہیں تھا کہ وہ زندہ ہے بس سانس چل رہی تھی جو جسم سے روح کا رشتہ رکھے ہوئے باقی اندر اور باہر سے تو وہ کب کی مر چکی تھی.... مشی تم قبول کیوں نہیں کر لیتی کہ وہ چلا گیا ہے.... مشی نفی میں سر ہلانے لگی.. کیسے مان لوں...بھلا وہ جو آپ کو اپنی جان کہتا تھا کیسے اپنی جان کو بے جان کر سکتا ہے.... حماد دنیا کا ایک ایک انسان بھی کہے نہ مجرا ....دل پھر نہ مانے

مشی تم. خود قبول نہیں کرنا چاہتی.... ہاں میں نہیں ماننا چاہتی کہ عادی اب مجھے نظر نہیں آتے وہ مجھ سے بات نہیں کرتے وہ

جو ایک منٹ کے لیے مجھے اکیلا نہیں چھوڑتے تھے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیسے اتنے وقت کے لیے مجھے اکیلا چھوڑ سکتے....
تمہیں پتہ ہے مجھے عادی دکھائ دیتے ہیں لیکن کبھی کبھی
کہتے ہوئے اس نے منہ نیچے کر لیا.... حماد دکھ سے
....سوچنے لگا

مشی اس عرصے میں شہر کی ایک ایک جگہ دیکھ چکی
تھی ایک بار نہیں کئ بار... وہ کمرے میں بند رہتی لیکن
جب اس کے اندر کی گھٹن بڑھ جاتی تو بنا کسی کو بتائے
گھر سے نکل جاتی گھنٹوں پیدل چلتی جاتی اور پھر واپس آ
.....جاتی

مشی تم عادی کے لیے دعا کرتی ہو.... مشی بےبسی سے
اسے دیکھنے لگی.... کبھی کبھی جب مجھے یاد آ جائے
....تو
تم گھر سے کیوں نکل جاتی ہو؟؟؟

حماد میرے اندر کا اضطراب یہ بےچینی مجھے ایک پل
سکون میں نہی رہنے دیتی اور جب حد سے بڑھ جاتی تو
میں کسی ایسی جگہ نکل جاتی جہاں کسی انسان کا وجود نہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....ہو سکون کی غرض سے

پھر تمہیں سکون ملا؟؟؟

....مشی استہزائیہ ہسنی وقتی لیکن بعد میں وہی سب

یہ دیکھو سعد مشی اپنی بازو دکھاتے ہوئے بولی جہاں کا زخم زیادہ پرانا نہیں تھا....

....تم. نے خودکشی کرنے کی کوشش کی؟؟؟حماد حیران ہوا

پاگل ہو کیا تم اگر خودکشی کرنی ہوتی تو یہاں نبز پر لگاتی بازو پر نہیں....

...اور یہ کیوں کیا

....اس رات میں بہت تکلیف میں تھی مشی سوچنے لگی

عادی کی تصویرویں سامنے تھی....عادی میں کیوں اتنی بے بس ہوں کہ آپ کو واپس نہیں لاسکتی... مرنے پر تو شاید صبر آ جائے لیکن کسی کے کھونے پر کیسے آئے مجھے بتائیں... پلیز آپ واپس آ جائیں مجھ میں اور ہمت نہیں ہے میں یہ سب مزید برداشت نہیں کر سکتی.... آپ کو پتہ ہے روز مرتی ہوں اور روز صبح پھر سے جینا پڑتا.... جانا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو مجھے بھی ساتھ لے جاتے.... آپ کے بغیر میں کیا کروں عادی.... مشی زادوقطار رہ رہی تھی.... پلیز اللہ جی مجھے میرا عادی لوٹا دیں پلیز... مشی کا بس نہیں چل رہا تھا ہر چیز تہس نہس کر دے... کبھی اسے خود پر غصہ آتا تو کبھی عادی پر کبھی وہ اپنی قسمت کو کوستی آنسو بہاتی پھر وہیں بیٹھ گئ... لیکن اس کی بے سکونی بڑھتی جا رہی تھی.... مجھے عادی چاہیے پلیز کوئ تو میری بات سن لے لیکن جب وہاں کوئ تھا ہی نہیں تو کون جواب دیتا.... مشی نے مٹھیاں بھینچ رکھیں تھیں.... ہاں اب شاید مجھے سکون مل جائے.... مشی اٹھی اور واش روم میں چلی گئ... واپس آئ تو اس کے ہاتھ میں بلیڈ تھا... مشی اپنی بازو دیکھنے لگی...خودکشی حرام ہے ورنہ کب کی ان سانسوں کو توڑ چکی ہوتی مشی نے کہنی سے نیچے بلیڈ زور سے رکھا اور اس کے ہاتھ کپکپا رہے تھے آنکھیں برس رہیں تھیں لیکن مجھے سکون چاہیے سوچتے ہوئے اس نے بلیڈ پھیر لیا... وہ اتنا تیز تھا کہ ساتھ سے اس کی بازو کھل گئ اور خون دھار کی مانند نکلنے لگا.... مشی چپ چاپ خون نکلتے ہوئے دیکھنے لگی.... وہ شاید بے حس ہو چکی تھی... کیونکہ اسے کوئ تکلیف نہیں ہوئ... مشی کے پاس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ٹیشو تھا اس نے زخم پر ٹئشو رکھ کر دبایا تاکہ خون کا بہاؤ کم ہو سکے.... مرے مرے قدموں سے اٹھی اور فسٹایڈ باکس نکال لائ.... مشی کا سارا جسم کپکپا رہا تھا لیکن اسے پرواہ نہیں تھی.... پھر خون صاف کرنے لگی.... پٹی کرتے ہوئے اسے کیا کیا نہ یاد آیا... آنسو میں مزید روانی آ گئ.... لیکن وہ پر سکون ہو چکی تھی.... جو بے چینی اسے ستا رہی تھی اب وہ سکون سے سو سکتی تھی...

صبح مشی بنا کسی کو بتائے ڈاکٹر کے پاس چلی گئ.... پانچ ٹانکے لگے تھے اور مشی کی بے حسی کا یہ عالم تھا کہ ڈاکٹر سٹیچیز لگا رہا تھا تو وہ بہت غور سے دیکھ رہی تھی طہرے پر تکلیف کا ایک آثار بھی نہ تھی.....

بعض اوقات انسان ایسی سٹیج پر آ جاتا ہے کہ اس کے اندر کی تکلیف اتنی ہوتی ہے کہ اسے پھر یہ جسمانی تکلیف محسوس نہیں ہوتی... مشی بے حس نہیں تھی.... اگر اسے تکلیف نہیں ہو رہی تھی تو اس کا مطلب لوگ یہی نکالتے ہیں کہ وہ بے حس ہو چکی ہے جب کہ اگر کوئ سمجھنے والا ہو تو اسے پتہ چل جائے گا... مشی کو اسی لیے تکلیف

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

محسوس نہیں ہوئ کہ جو تکلیف وہ برداشت کر چکی تھی یا کر رہی تھی وہ اتنی زیادہ ہءمے کہ اس کے سامنے یہ تکلیف کچھ بھی نہیں اب ذرا اس کی تکلیف کا اندازہ کر کے دیکھیں کہ دوسرے اس کا زخم دیکھ کر دکھ سے منہ پھیر رہے لیکن وہ بڑے آرام سے بیٹھی ہے اور یہ حقیقت ہے میں نے دیکھا ہے ایک دوست نے بھی ایسا ہی کیا باقی دو دوست آنکھیں میچ کر منہ پرے کر لیتے جب سٹیچز لگ رہے تھے لیکن اس نے بڑے آرام سے ساری کاروائ غور سے دیکھی.. اور اسے کیا کہا گیا کہ تم کیسے دیکھ رہی تھی اتنی بے بس ہو اب وہ کیا جانے کہ جو درد اس کے اندر تھا اس کی شدت اتنی تھی کہ یہ اس کے سامنے کچھ بھی نہیں تھی..... لوگوں کو سمجھنا چائیے ک ھی بھی خود سے مفروضے قائم نہیں کرنے چائیے یہ چیز انہیں مزید تکلیف دیتی ہے.... میرا ماننا ہے اگر آپ کسی کو خوشی نہیں دے سکتے تو خدا کے لیے دکھ بھی مت دیں... اچھا نہیں بول سکتے تو برا بھی مت بولیں.... آپ نہیں جانتے کہ سامنے وال کس کنڈیشن میں ہے اور آپ کے الفاظ اسے کتنی تکلیف دیں گے کیونکہ دلوں ہر الفاظ اثر کرتے ہیں یہی دل توڑ بھی دیتے اور جوڑ بھی دیتے... سوچ کر بولا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کریں کہ ہماری بات کسی کو ہرٹ نہ کرے کسی کی دل ازاری کرنا بھی گناہ ہے خود کو اس گناہ کی پاداش سے محفوظ رکھیں کیونکہ بعد میں صرف پچھتاوے ہاتھ آتے ہیں .....آپ کی معافی بھی ان کی تکلیف کو کم نہیں کرسکتی

حماد سر جھکائے خاموشی سے اسے سن رہا تھا اس کی بھی آنکھیں اشک بار تھیں... مشی اپنے ساتھ ساتھ باقی سب کو بھی رلا دیتی...

مشی چپ ہو گئ لیکن آنسو ابھی بھی نہیں تھمے تھے...

مشی اس کے بعد بھی تم نے کچھ ایسا کیا....

مشی سوچنے لگی.... ایک بار ایکسپائر میڈیسنس کھا لی تھی لیکن کوئ فائدہ نہیں اس کا بھی وقتی سکون تو مل جاتا کچھ دیر بعد وہی کنڈیشن مشی منہ بناتے ہوئے بولی...
تمہارے پاس کوئ طریقہ ہے حماد مجھے سکون مل جائے
میں تھک چکی ہوں اپنا بوجھ اٹھاتے اٹھاتے اب اور نہیں....

مشی تم ایک کام کرو....

مشی نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نماز پڑھا کرو... مشی نے شرمندگی سے ار جھکا دیا.... کیا ہوا؟؟ مشی تم نماز پڑھتی ہو؟مشی نے نفی میں سر ہلا دیا حماد میں کس منہ سے اللہ کے سامنے جاؤں میں نے رمضان کے علاوہ کبھی نماز نہیں پڑھی اور تب بھی باقائدگی سے نہیں پڑھتی....

مشی تمہیں پتہ ہے اللہ اپنے بندوں سے بہت محبت کرتا ہے وہ ہمیشہ اس انتظار میں ہوتا ہے کہ کب میرا بندہ میرے پاس آئے چاہے ساری زندگی ہی کیوں نہ گناہوں میں گزاری ہو وہ تمہیں ٹھکرائے گا نہیں ایک بار اس کے در پر جا کر دیکھو مایوس نہیں ہو گی... تم نے وہ آیت تو سنی ہو گی کہ دلوں کا سکون اللہ کی یاد میں ہے تو پھر تم کن چیزوں میں اپنا سکون ڈھونڈ رہی ہو ایسے کبھی نہیں ملے گا جہاں سے ملے گا وہیں جاؤ.... کیا ایسا ہو سکتا ہے خدا مجھے سمیٹ لے گا میں تو ٹوٹ چکی ہوں ہوری طرح...

بلکل وہی تمہیں جوڑ سکتا ہے ایک بار کوشش تو کر کے دیکھو... مشی نے اثبات میں سر ہلا کر پھر سے گردن جھکا لی... حماد اٹھ کر چلا گیا.... مشی خالی خالی نظروں سے باہر دیکھنے لگی.... کب آئیں گے آپ واپس اور کب یہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

.....آزمائش ختم ہو گی.... مشی نے کرب سے آنکھیں میچ لیں

****

حماد کیا ہوا؟؟ نینی فوراً استفسار کرنے لگی... نینی امید تو ہے کہ وہ خود کو سنبھالے گی باقی جیسے خدا کی رضا.... نینی اسے چھوڑ کر واپس آ گئ.... جب سے اس نے مشی کی بازو پر وہ زخم دیکھا تھا تب سے وہ بے چین تھی ایسے تو وہ ایک دن خود کشی بھی کر لے گی اور ہم بر خبر ہی رہ جائیں گے....

نینی کو بس ایک ہی بات نہیں بھول رہی تھی..نینی جو گھاؤ میری روح پر لگے ہیں نہ ان کے سامنے یہ کچھ بھی نہیں.....

****

مشی نے نمازیں پڑھنے کی کوشش کی لیکن کبھی وہ بھول جاتی تو کبھی اس کا دل نہیں کرتا.... نینہ روم میں آئ تو مشی بیڈ پر سر رکھے زمین پر بیٹھی تھی....

نینی نے اس کے سر پر ہاتھ رکھا...مشی نے سر اٹھایا تو اس کے گلے لگ گئ.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

نینی یار پلیز کچھ کرو میں مر جاؤں گی مجھے عادی لا دو نینی مجھے سانس نہیں آتا ہر وقت عادی کا ہی چہرہ نظر آتا میں کیسے خود کو سمجھاؤں مجھے لگتا ہے میرا دماغ مفلوج ہو گیا ہے اس کے علاوہ کچھ سوجھتا ہی نہیں... جھے عادی چاہیے نینی تم سن رہی ہو نہ مشی اسے جھنجھوڑتی ہوئ بولی.... مشی تم نے نماز پڑھی؟؟؟ مشی نفی میں سر ہلانے لگی.... جاؤ پھر پڑھو ابھی ٹائم ہے پہلے مجھے عادی سے ملنا ہے اس کے بعد میں ہر بات مانوں گی بس ایک بار نینی بس ایک بار مجھے عادی سے ملوا دو میرے بےقرار دل کو قرار آ جائے گا.... مشی پلیز تم بس نماز پڑھو اٹھ کے چلو... نینی آنسوؤں کو روکتے ہوئے اسے اٹھانے لگی....

****

مشی کوشش کر رہی تھی نماز پڑھنے کی لیکن ابھی بھی وہ مکمل طور کامیاب نہیں ہوئ تھی دوبارہ اس نے خود کو تکلیف پہنچانے کی کوشش نہیں کی... اسے سکون تو مل جاتا لیکن عادی کی یاد جوں کی توں برقرار تھی کم تو نہیں ہوئ البتہ بڑھتی جا رہی تھی.....

لگے..... اف مشی اتنا غصہ.... ابھی تو میں نے اسے کچھ کہا ہی نہیں آپ مجھے لے کر بھاگ پڑے وہاں سے... مشی دانت پیستے

..... ہوئے بولی... عادی ہنستا ہوا اسے لے کر اوپر آ گیا

****

آج عادی کی برتھ ڈے کے لیے مشی خود کیک بنا رہی تھی لیکن سب سے زیادہ خوشی تو اسے گفٹ دینے کی تھی جو کہ دنیا کی سب سے خوصورت ترین تحفہ ہے... مشی مسکراتی ہوئ کام کر رہی تھی... جب وہ فارغ ہوئ تو اوپر روم میں آ گئ اور اپنے کپڑے نکالنے لگی... مشی ابھی بال سٹریٹ ہی کر رہی تھی کہ عادی آ گیا... آپ اتنی جلدی آ گئے..... مشی حیران ہوتی پوچھنے لگی... واپس چلا جاؤ؟؟ عادی نے باہر کی طرف اشارہ کیا... نہیں نہیں میرا وہ مطلب نہیں تھا...پھر آ جاؤں اندر... اندر تو آپ آ ہی چکے ہیں تو پھر آگے بھی آ جائیں... مشی کو مشکل ہو رہی تھی بال کرنے میں... عادی اسے دیکھتا ہوا اٹھا.... میری جان کو مشکل ہو رہی ہے لاؤ میں کر دیتا ہوں... عاسی اس کے ہاتھ سے لیتا ہوا بولا... لیکن آپ کیسے کریں گے آپ کو تو نہیں آتا... معید احمد کو سب آتا ہے اب دیکھ لینا... مشی مکسراتی ہوئ کھڑی ہو گئ.... پھر خیال آیا تو سر پر ہاتھ مارتے ہوئے بولی... آپ تو تھک گئے ہوں گے عادی رہنے دیں... ڈونٹ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

موو... عادی جلدی سے بولا... آئم ایزی ڈونٹ وری... بال ہو گئے تو مشی نے عادی کے کندھوں پر اپنے بازو رکھ دئیے اور بولی... اب آپ بھی جلدی سے تیار ہو جائیں... کیوں آج چوتھی بار شادی کرنی ہے... مشی مسکرانے لگی... جی نہیں پتہ چل جائے گا آپ کو بھی تھوڑی دیر میں... ویسے مشی ایسی بھی کسی کی شادی نہیں ہو گی پہلے ہمارا نکاح ہوا, پھر پاکستان میں شادی, پھر یہاں پر بھی ریسیپشن ہوا... مشی بھی ہنسنے لگی... لیکن مجھے مزہ نہیں آیا مشی... عادی منہ بناتے ہوئے بولا... کیوں؟؟؟ ہر بار ایک ہی لڑکی تھی نہ بار بار چینج ہوتی پھر مزہ آتا... یہ جوتا اتاروں میں... مشی نیچے اشارہ کرتی ہوئ بولی... جی نہیں میں ایسے ہی چلا جاتا ہوں.. کہتے ہوئے مشی کے بازو ہٹائے اور چینج کرنے چلا گیا... بارہ بجنے میں کچھ ہی دیر تھی مشی کیک روم میں لے آئ... عادی دوسرے روم میں تھا... مشی اس کی آنکھوں ہر ہاتھ رکھتی بیڈ روم میں لے آئ... یہ کیا بچوں والے کام کر رہی مشی؟؟؟ جو بھی ہے مجھے کرنے دیں... اچھا جی کر لیں... مشی نے ہاتھ ہٹائے اور اس کے کان کے قریب سرگوشی کرنے لگی... ہیپی برتھ ڈے مائ ڈئیر ہزبینڈ... عادی مسکرانے لگا.. تھینک یو مشی... مشی نے اپنے بازو عادی کی گردن پر رکھے دیرے از آلسو سم ....تھینگ سپیشل فار یو... دین مائ وائف ہری اپ آپ پاپا بننے والے ہیں... کیتے ہوئے مشی مسکرانے لگی...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوہ مائ گاڈ سیرئسلی مشی.. مشی نے اثبات میں سر ہلا دیا... سچ میں اس سے بڑھ کر کوئ سرپرائز نہیں ہو سکتا... چلیں اب کیک کاٹیں... عادی نے مشی کا ہاتھ پکڑ کر کیک کاٹا... پہلے مشی نے اسے کھلایا پھر عادی.مشی یہ کیک کیسے آیا... آیا نہیں میں نے بنایا ہے... امیزنگ یہ تو آپ کا بنا ہوا لگ ہی نہیں رہا آپ نے جو پہلے کیا تھا اس کے بعد میری بھی ضد تھی کہ میں آپ کو ایسا بنا کر دکھاؤں... عادی اسے اپنے سامنے بٹھا لیا... یہ بتائیں آپ کو کب پتہ چلا... امممم ایک ویک پہلے... مشی سوچتی ہوئ بولی... اور مجھے اب بتا رہیں ہیں عادی منہ بناتے ہوئے بولا... پھر ایسا گفٹ میں کہاں سے لاتی اگر پہلے بتا دیتی عادی مسکرانے لگا... لو یو مشی... لو یو ٹو.. دونوں لیٹ گ ئے عادی نے اپنا سر مشی کے سر کے ساتھ لگا دیا اور مشی کے ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیے..

****

دو ماہ بعد:

مشی کچھ دن تک پاکستان چلنا ہے آپ تیاری کر لینا...

پاکستان؟؟ مشی نے دہرایا... نام لیتے ہی مشی کو سب یاد آنے لگا... مجھے نہیں جانا عادی.... مشی آپ پاگل ہو گئ ہو کیا؟ نینی کی شادی ہے اور آپ کہ رہی میں نے نہیں جانا... عادی کو حیرت ہوئ...

بس عادی مجھے نہیں جانا... یہاں بیٹھو زرا میرے سامنے...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور بتاؤ کیا مسئلہ ہے... کوئ بئ مسئلہ نہیں ہے عادی بٹ میں نہیں جانا چاہتی پاکستان پلیز آپ معذرت کر لیں... عادی اس کا چہرہ پڑھ رہا تھا... مشی آپ کے دل میں ابھی بھی وہ ڈر ہے نہ جس کے باعث آپ نہیں جانا چاہتی... مشی نے اثبات میں سر ہلا دیا... تو پھر آپ بے فکر ہو جائیں کچھ نہیں ہو گا نہ آپ کو نہ ہی مجھے سمجھی... اب میں کوئ ایکسکیوز نہ سنوں... مشی نے بے دلی سے اثبات میں سر ہلا دیا... کتنا کچھ سوچا تھا نینی کی شادی کے لیے لیکن اب کیا کنڈیشن بن گئ تھی... مشی سوچتی ہوئ اٹھ گئ... عادی خود بھی نہیں مشی کو لے جانا چاہتا تھا لیکن یہ ایسی شادی تھی جسے کم از کم وہ دونوں کو سکپ نہیں کر سکتے تھے ...اس لیے زبردستی مشی کو لے جانا پڑ رہا تھا

****

آج ان دونوں نے پھر سے پاکستان کی حدود میں قدم رکھا...عادی؟؟ جی عادی کی جان... ہم زیادہ دن سٹے نہیں کریں گیں اور نہ دوبارہ آئیں گیں یہاں اووکے... اووکے میری جان جیسے آپ کہیں گیں ویسے ہی کریں گے... مشی مشی تین مہینے بعد اپنے گھر میں قدم رکھ رہی تھی لیکن اسے بلکل بھی خوشی نہیں ہو رہی تھی... گیٹ عبور کرتے ہی رہان دکھائ دیا... مشی نے زور سے عادی کا ہاتھ پکڑ لیا... عادی اسے نظر انداز کرتا اندر چلا گیا... سب سے ملنے کے بعد دونوں اپنے روم میں آ گۓ... کر چیز ویسے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہی تھی جیسے وہ چھوڑ کر گ ئے تھے... عادی یہ یہاں سے گیا نہیں ابھی تک؟؟ چلا گیا تھا لیکن اس کی ماما کی کچھ رشتہ داری سعد کے گھر میں ہے اس لیے یہ بئ شادی اٹینڈ کرنے آئے ہیں... مشی نے مایوسی سے سر جھکا لیا... مشی ایک چیز بار بار نہیں ہوتی اووکے... اور آپ میرے بغیر روم سے باہر بھی نہیں نکلوں گی کہیں اور جانا تو دور کی بات ہے کلئیر... مشی نے اثبات میں سر ہلا دیا... عادی خود بھی پریشان تھا اور رہان کو دیکھ کر تو دل کر رہا تھا اس کی آنکھیں پھوڑ دے جن گندی نظروں سے وہ مشی کو ..گھورتا ہے... وہ سر جھٹک کر بیٹھ گیا

عادی میرا دل نہیں کر رہا مہندی ہر جانے کو.. رات کو جب تیار ہونے کا وقت آیا تو مشی شروع ہو گئ.... مشی کی آواز بھرائ ہوئ تھی.. عادی اس کے ساتھ آکر بیٹھ گیا... مشی یار پلیز آپ کیوں ڈر رہی ہو میں ہوں نہ آپ کے ساتھ... عادی میں نے آپ سے کہا بھی تھا کہ مجھے نہیں آنا یہاں... مشی اب باقائدہ رونے لگ گئ...میرا نہیں دل کرتا ایسے کہیں بھی آنے جانے کو اب میں کیا کروں مجھے بتا دیں... اچھا چپ کرو... عادی اس کے آنسو صاف کرتے ہوئے بولا... ہم دیر سے جائیں گے اور تھوڑی دیر بعد واپس آ جائیں گے میں کہ دوں گا کی مشی کی طبیعت ٹھیک نہیں.... ٹھیک ہے اب تو چلو گی... آپ میرے ساتھ..جی جی میں سارا ٹائم آپ کے ساتھ ہی رہوں گا آپ کیوں ٹینشن لے رہی ہوں... مشی کو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

...عادی کی اور اپنی دونوں کی ٹینشن ہو رہی تھی
سب چلے گۓ مشی بے دلی سے تیار ہوئ اور عادی کے
....ساتھ نکل گئ

نینی اسے دیکھتے ہی شکوہ کرنے لگی... بے وفا سب سے
لاسٹ میں آئ ہو... شکر کرو آ گئ ہوں مشی اس سے ملتے
ہوۓ بولی... تم ٹھیک ہو مشی؟؟ مشی کا چہرہ اترا ہوا تھا...
بس جچھ طبیعت ٹھیک نہیں... اووہ چلو کوئ بات نہیں تم آ
گئ ہو یہی کافی ہے نینی سمجھتی تھی اسی لیے چپ کر
گئ.... مشی رسم کر کے ایک سائیڈ ہر بیٹھ گئ جہاں عادی
پہلے سے بیٹھا تھا... عادی مسکراتے ہوئے اسے دیکھ رہا
تھا... لیکن مشی سے مسکرایا بھی نہ گیا... یہاں بھی رہان
اپنی نظریں مشی پر گاڑھے ہوئے تھا لیکن دور دور سے...
عادی گھر چلیں میں تھک گئ ہوں.... آجاؤ... عادی کھڑے
ہوتے ہوئے بولا... مشی کا ہاتھ پکڑا اور باہر نکل گیا
میری جان آئسکریم کھائے گی... آئسکریم کے نام. پر مشی
کے چہرے پر سمائل آ گئ... ایک شرط پر؟؟؟وہ کیا... عادی
حیرانی سے اسے دیکھنے لگا... وہ یہ کہ آپ بھی کھائیں
گے بنا میری آئسکریم پر نظر رکھے... اووکے ڈن ہو گیا
میں آئسکریم پر نظر نہیں رکھوں گا اپنی مشی پر رکھوں
گا... مشی مسکراتے ہوئے اسے گھورنے لگی... آپ کبھی
باز نہیں آئیں گیں نہ... نہ... عادی نفی میں سر ہلاتے ہوئے
بولا... پھر میں آئسکریم کھانی ہی چھوڑ دوں گی... میں آپ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کو پکڑ پکڑ کے کھلاؤں گا اگر آپ نے ایسا سوچا بھی تو... مشی ہنسنے لگی... آج اتنے دن بعد وہ بے فکری سے مسکرائ تھی... عادی آپ کو یاد ہے ندا آپی کے ولیمے پر میں نے آپ کو ہنزلا بھائ کا ایک کزن دکھایا تھا... مشی آئسکریم کھاتے ہوئے بولی... ہاں یاد ہے مجھے... اس کی کافی میں جمال گوٹا ملایا تھا میں نے مشی سوچتے ہوئے ہنسنے لگی... توبہ عادی پوری رات وہ واش روم پر پہرہ دیتا رہا.. کہیں ایسا نہ ہو کسی دن میری کافی میں بھی ملا دیں... آپ کی کافی میں نہیں ملاتی میں... کیوں؟؟؟ کیونکہ آپ کو میرا سب کچھ ہیں نہ آپ کو ایسے تنگ نہیں کروں گی... ایسے نہیں کروں گی بھلے ویسے کر لو.... مشی مسکرانے لگی... کافی دیر عادی بے مقصد سڑکوں پر گاڑی چلاتا رہا... رات گۓ وہ دونوں گھر آۓ... اس وقت باقی سب بھی واپس آ چکے تھے... یہ دیکھیں ہو گئ ان کی بھی اینٹری... عادی کی کزن نے انہیں دیکھتے ہی ہانک لگائ... کون سے سیر سپاٹے کر رہے تھے تم دونوں... عادی سر کھجانے لگا... وہ بس ہم آئسکریم کھانے چلے گۓ تھے... بھئ دو گھنٹے آئسکریم کھانے میں ہمیں تو آج تک نہیں لگے... دراصل ماما ہم اب یہاں نہیں ہاتے نہ اس لیے گھوم پھر کر پہنچے... مشی نے جواب دیا... عادی اور راستے بھولنے والا مان ہی نہیں سکتے... مشی نے مسکراتے ہوئے سر جھکا دیا اور پھر عادی کے اشارے پر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

....اس کے پیچھے چل دی
عادی سب سوچ رہے ہوں گے شاید ہمیں وہاں ٹائم نہیں ملتا اس لیے یہاں آؤٹنگ کے لیے نکل گۓ.... مشی مسکراتی ہوئ بولنے لگی... ہاں تو آپ کون سا مجھے اپنے پاس بھی لگنے دیتی ہو... عادی منہ بناتے ہوئے بولا... مشی کا منہ کھل گیا... جناب آپ میرے ساتھ ہی رہتے ہیں سو مجھ سے جھوٹ مت بولیں... عادی شیشے کے سامنے کھڑا تھا... مشی کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اپنے ساتھ لگا لیا... پھر ثبوت دیں زرا... عادی اپنے گال پر انگلی رکھتے ہوئے بولا... مشی نے اپنی نازک ہونٹ اس کے گال پر رکھ دئیے.... آہاں اب یقین آ گیا مجھے... مشی ہنسنے لگی... ڈرامے باز... اب چھوڑیں تو میں چینج کرنے جاؤں... اور اگر میں نہ چھوڑوں پھر... امممم مشی سوچنے لگی.... پھر دوبارہ کچھ بھی نہیں ملے گا... دھمکیاں تو بہت دینی آتی ہیں آپ کو.... آپ سے ہی سیکھیں ہیں... عادی نے دوسرا ہاتھ بھی اس کی کمر پر رکھ کر اسے اپنے حصار میں لے لیا... مشی نے اپنے بازو اس کی گردن میں حمائل کر کے آنکھیں بند کر لیں.. چند لمحے گزرے ہوں گے کہ عادی کا فون رنگ کرنے لگا... عادی منہ بناتا مشی سے الگ ہوا... کباب میں ہڈی سعد کہتے ہوئے فون اٹھا لیا.....مشی چینج کرنے چلی گئ....

****

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مشی نے آج مہرون کلر کی میکسی کے ساتھ سیم. کلر کا حجاب لے رکھا تھا کل کی نسبت آج وہ قدرے بہتر اور نارمل تھی... مشی دل سے تیار ہوئ.... بس کریں ایس نہ ہوں میں ایک بار پھر سے آپ کی رخصتی کروا لوں... مشی ہنسنے لگی... جتنی بار مرضی کروا لیں بس ہمیشہ ہم دونوں ہی ہوں... آپ کو چھوڑ کر جانا کون چاہتا ہے عادی اس کے پاس آ گیا...دروازہ ناک ہوا... عادی دیکھیں کون ہے... میں تو نہیں جا رہا... پھر مجھے جانے دیں...عادی نے مشی کو پکڑ رکھا تھا... جی نہیں نہ آ جائیں گیں نہ ہی میں... عادی؟؟ مشی اسے گھورنے لگی... جی عادی کی جان... میں نے آپ کے منہ ہر لپ اسٹک لگا دینی ہے جیسے پہلے لگائ تھی پھر ایسے ہی جائیں گے آپ... لگا دینا میں منہ دھو لوں گا.... اس بار میں پرمنینٹ لگاؤں گی... مشی ڈریسنگ سے لپ اسٹک اٹھا کر اس کے سامنے لہرانے لگی...بری بات مشی ایسے نہیں کرتے... عادی اسے پچکارنے لگا... دروازہ پھر سے ناک ہوا... اب آپ جائیں گے یا میں شروع کروں... عادی اس کی ناک پر انگلی مارتا چلا گیا... مشی مسکرانے لگی... عادی بھائ... آپ کی ماما پوچھ رہی ہیں اور کتنی دیر ہے آپ لوگوں کو.... عادی کی چھوٹی سی کزن بولی... ماما سے بولو بس آ رہے ہیں ہم کہ کر عادی مڑ گیا... چلیں بیگم صاحبہ؟؟ مشی نے ایک ہاتھ سے اس کا ہاتھ پکڑا اور دوسرے سے بازو اور مسکراتے ہوئے چلنے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لگی... عادی نے وائٹ شرٹ کے ساتھ بلیو پینٹ کوٹ پہن رکھا تھا... دونوں ایسے معلوم ہوتے تھے جیسے ایک دوسرے کے لیے ہی بنے ہوں... ان کی جوڑی کے سامنے تو موویز کی جوڑیاں بھی کچھ نہیں تھی.... آج بھی سارا ٹائم عادی مشی کے ساتھ رہا ایک منٹ کے لیے بھی اس نے مشی کو اپنی نظروں سے اوجھل نہیں ہونے دیا.... رخصتی کے وقت نینی مشی سے مل رہی تھی جب مشی بولی... نینی بس کر اور مت رو میک اپ اتر گیا تو سعد ڈر جائے گا... نینی بھی مسکرانے لگی... دفع ہو جا مشی... فلحال تو تُو ہو رہی ہے... مشی کہتی ہوئ عادی کے ساتھ آ کر کھڑی ہو گئ... ویسے مشی جب آپ نے منہ دھویا تھا نہ میں بھی سچ میں ڈر گیا تھا.... عادی نے مشی کی بات سن لی تھی.... عادی آپ کتنا جھوٹ بولتے ہیں نہ اس دن تو آپ کی تعریفیں ہی ختم نہیں ہو رہیں تھیں اور اب دیکھیں کیا کہ رہے.... مشی منہ بناتے ہوئے بولی.. اب کیا کرتا آپ کا دل بھی تو رکھنا تھا نہ ورنہ اگر بتا دیتا کہ آپ چڑیل لگ رہی ہو تو میں نے جوتے نہی کھانے تھے اپنی شادی کی پہلے رات آپ سے... عادی مسکراتے ہوئے بول رہا تھا... اچھا میں چڑیل لگ رہی تھی ہمممم... مشی نے عادی کے بال مٹھیوں میں پکڑ لیے... اوو میری ظالم بیوی چھوڑ دو یہاں سب ہیں کمرے می جا کر کر لینا جتنا تشدد کرنا ہو... مشی نے گھورتے ہوئے اس کے بال چھوڑ دئیے... آپ کو تو میں بعد

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں ہوچھوں گی... ابھی پوچھنا باقی ہے مشی.... عادی دل پر ہاتھ رکھتے ہوئے صدمے سے بولا.... ڈرامے باز ہیں آپ .....بہت... مشی ہنستے ہوئے کہنے لگی

****

آج مشی کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی وہ پیچھے بیٹھی ہوئ تھی ماما بھی وہیں بیٹھیں تھیں... عادی مشی کے لیے جوس لینے گیا تھا جب اس کی جگہ پر ارم آ کر بیٹھ گئ اور مشی سے اس کی میرڈ لائف کا ہوچھنے لگی...

مشی تم حجاب کیوں لیتی ہو؟؟ میں حجاب اس لیے لیتی ہوں کیونکہ اللہ کو ایسے ہی پسند ہوں...

لیکن مشی آج کل تو سب فیشن کے لیے بھی لیتے ہیں تم بھی اس لیے----

ارم. کی بات بیچ میں رہ گئ اور مشی بولنے لگی... بہت سے لوگ لیتے ہیں فیشن کے لیے لیکن میں اس وجہ سے نہیں لیتی... مشی ایک بات تو بتاؤ تمہارے حجاب لینے اور جو فیشن کے طور پر لیتیں ہیں ان میں کیا فرق ہے... مشی سوچ میں پڑ گئ.... میں بتاؤ؟؟ ارم نے پوچھا... مشی نے اثبات میں سر ہلایا...

بظاہر تو کچھ بھی نہیں مشی صرف باطن میں فرق ہے کیونکہ تم بھی ان سب کی طرح میک اپ یوز کرتی ہو, پکس لیتی ہو, نماز بھی چھوڑ دیتی ہو, کتنے لوگ تمہیں اس طرح تیار ہوئے دیکھتے ہیں جنہیں تم جانتی بھی نہیں ہو... مشی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

خاموشی سے اس کی باتیں سن رہی تھی... ایک بات اور بتاؤ مشی؟؟؟ مشی نے اثبات میں سر ہلایا.... کیا صرف حجاب لے لینا بہت ہے؟؟؟

صرف یہی تو ایمان میں شامل نہیں... حجاب لینے کا مطلب یہ ہے کہ تم باقی گناہوں سے بھی پرہیز کرو... کتنے گناہ ہیں جو ہم ابھی بھی کر رہے ہیں لیکن مکمل ہم تبھی ہوں گے جب سب سے چھٹکارہ پا لیں...

ارم تم مجھے ڈس ہارٹ کر رہی ہو کیا؟؟؟ نہیں مشی میں صرف تمہیں سمجھا رہی ہوں کہ اب وقت ہے اگلی سیڑھی ہر قدم رکھنے کا کیونکہ تم شاید رک گئ تھی بیچ میں میری باتوں کو ایک دوست کے مشورہ کے طور پر ضرور سوچنا... ارم اس کا منہ تھپتھپاتی چلی گئ... وہ نقاب میں تھی... مشی نے ماما سے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ پہلے اس نے بھی حجاب لیا تھا اور اب ہمیشہ نقاب میں نظر آتی تھی... مشی کی شادی کے بعد ہی ارم اور حماد کی بھی شادی ہو گئ تھی... تو مطلب یہ حماد کی کمپنی کا اثر ہے جس نے ارم کو بدل دیا ورنہ وہ بھی ایک وقت میں مشی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور نینی جیسی ہوا کرتی تھی... عادی بھی آ چکا تھا لیکن مشی ارم کے سوالوں میں الجھ گئ تھی.مشی نے آج وائٹ کلر کی میکسی کے ساتھ لائٹ گرے کلر کا حجاب لے رکھا تھا ہمیشہ کی طرح آج بھی وہ بے حد حسین لگ رہی تھی کچھ عادی کا پیار کا اثر تھا جو اس کے چہرے سے چھلکتا تھا...عادی نے بلیک کلر کا پینٹ کوٹ پہن رکھا تھا... بلیک ...تو دونوں پر ہی قیامت لگتا تھا

گھر آکر بھی مشی ارم کی باتوں کو سوچتی رہی... مشی سونا نہیں ہے آپ نے لائٹ آف کرنے کے بعد بھی وہ بیٹھی ہوئ تھی... عادی آپ سو جائیں مجھے ابھی نیند نہیں آ رہی....مشی ٹھیک ہو نہ آپ؟؟ جی عادی میں بلکل ٹھیک ہوں آپ ٹینشن نہ لیں... مشی مسکراتی ہوئ بولی.... اور پھر سے اپنی سوچوں میں گم ہو گئ.... مشی خود کو دیکھنے ....لگی

میں تو صرف نماز اور قرآن پڑھتی ہو یا پھر ساتھ میں حجاب بس.... جبکہ ابھی بھی میں سونگ بھی سن لیتی ہوں, نماز بھی چھوٹ جاتی ہے.... ارم تم ٹھیک کہ رہی تھی میں آگے بڑھنے کی بجائے وہیں رک گئ ہوں... حجاب لے لینے کا مطلب یہ نہیں کہ دین پورا ہو گیا....مشی اٹھی اور وضو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کر کے نماز پڑھنے لگی... مشی کے آنسو گرنے لگے تھے... وہ تو اتنے عرصے سے سب کچھ بھول ہی گئ تھی خود کو بدلنا چاہتی تھی لیکن ایک حجاب کے سوائے کیوں اس نے خود مزید نہ بدلا... مشی کا فی دیر جائے نماز پر بیٹھی روتی رہی اور دل میں تہیہ کرنے لگی... اللہ جی اب میں ہر چیز چھوڑ دوں گی... مشی نے قرآن اٹھایا اور پڑھنے لگی آج پھر سے اسے ویسی ہی بے سکونی ہو رہی تھی جیسی اسے جیدی کی گرفت سے آزاد ہونے کے بعد ہوئ تھی...

مشی نے سورت احزاب کھول لی اور جہاں سے چھوڑی تھی وہاں سے پڑھنا شروع کر دی

آیت نمبر 28

ترجمہ:-

اے غیب بتانے والے(نبی)اپنی بیبیوں سے فرما دے اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی آرائش چاہتی ہو تو آؤ میں تمہیں مال دوں اور اچھی طرح چھوڑ دوں....

اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول اور آخرت کا گھر چاہتی ہو تو بیشک اللہ نے تمہاری نیک والیوں کے لیے بڑا اجر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

....تیار کر رکھا ہے

اے نبی کی بیبیو! جو تم میں صریح حیا کے خلاف کوئ جرأت کرے اس پر اوروں سے دونا عذاب ہو گا اور یہ اللہ کو آسان ہے.....

اور جو تم میں فرمانبردار رہے اللہ اور رسول کی اور اچھا کام کرے ہم اسے اوروں سے دونا ثواب دیں گے اور ہم نے اس کے لیے عزت کی روزی تیار کر رکھی ہے.

اے نبی کی بیبیو! تم اور عورتوں کی طرح نہیں ہو اگر اللہ سے ڈرو تو ایسی نرمی نہ کرو کہ دل کا روگی کچھ لالچ کرے ہاں اچھی بات کہو..

مطلب یہ کہ نا محرم سے نرمی سے بات نہ کریں تاکہ ان کے دل میں کوئ جذبہ پیدا نہ ہو تو اس کا مطلب اللہ جی ہمیں بھی نبی کی بیبیوں کہ طرح بننا چائیے جیسے وہ تھیں اچھی بات کے علاوہ کوئ فضول بات نہ کرتی جیسا کہ اللہ نے حکم دیا ہم دنیا میں اکثر کچھ لوگوں کو کاپی کرتے ہیں ان کے جیسا بننا چاہتے ہیں تو ہمیں ان کو اپنا انسپریشن

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بنانی چائیے ان کو کاپی کرنا چائیے ان کے جیسا بننے کی کوشش کرنی چائیے کیونکہ ایک نہ ایک دن تو انسان کامیاب ہو ہی جاتا ہے... مشی سمجھتی ہوئ آگے پڑھنے لگی....

اور اپنے گھروں میں ٹھری رہو اور بے پردہ نہ رہو جیسے اگلی جاہلیت کی بے پردگی اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو اور اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو اللہ تو یہی چاہتا ہے,اے نبی کے گھر والو! کہ تم سے ہر ناپاکی دور فرما دے اور تمہیں ہاک کر کے خوب ستھرا کر دے..

مشی پڑھتی جا رہی تھی اور آنسو ٹپ ٹپ کرتے قرآن ہر گر رہے تھے... اللہ جی میں بھی ازواج مطہرات جیسی بنوں گی... مشی دل میں کئ عہد خود سے کر رہی تھی... اور آگے پڑھنے لگی...

اور یاد کرو جو تمہارے گھروں میں پڑھی جاتی ہیں اللہ کی آیتیں اور حمکت بیشک اللہ ہر باریکی جانتا خبردار ہے,

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیشک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور ایمان والے اور ایمان والیاں اور فرمانبردار اور فرمانبرداریں اور سچے اور سچیاں اور صبر والے اور صبر والیاں اور عاجزی کرنے والے اور عاجزی کرنے والیاں اور خیرات کرنے والے اور خیرات کرنے والیاں اور روزے والے اور روزے والیاں اور اپنی پارسائ نگاہ رکھنے والے اور نگاہ رکھنے والیاں اور اللہ کو بہت یاد کرنے والے اور اللہ کو بہت یاد کرنے والیاں,ان سب کے لیے اس نے بخشش اور بڑا ثواب تیار کر رکھا ہے.....

رات کے اس پہر اللہ کی آیتیں پڑھتے ہوئے مشی کا دل ہر سکون ہو گیا...

ہم اس دنیا کے تو کسی کام کے لیے بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں ہم کہتے ہیں کہ سب سے آگے ہم ہوں تو پھر دین کے معاملے میں کیوں تھوڑا بہت کرنے پر ہی اکتفا کر لیتے ہیں اس میں بھی ہمیں یہی سوچنا چائیے کہ ہم سب سے آگے ہوں... اللہ کے نیکوکاروں میں ہمارا بھی نام شامل ہو جن پر اللہ اپنا احسان پورا کرے گا جنہیں دیا ہوا وعدہ آخرت کے روز مکمل ہو گا.. میں بھی ہر ممکن کوشش کروں گی کہ ہر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وقت بس اپنے اللہ کو یاد رکھوں.... مشی کو ایک آیت یاد آ گئ

.....اور اپنی زبان کو اللہ کے ذکر سے تر رکھوں
مشی آنسو صاف کرتی اٹھی اور ڈریسنگ روم سے نکل کر کمرے میں آ گئ.... عادی بے خبر سو رہا تھا... مشی اسے دیکھنے لگی... اللہ نے اسے ہر چیز سے نوازا تھا کیا تھا جو مشی کو نہیں ملا,اچھا شوہر اچھا گھر ہر چیز پر فیکٹ تھی پھر وہ کیوں نہ اللہ کا حکم مانتی مشی کو حماد کی سپیچ یاد آ گئ جس میں اس نے پردے کے متعلق بتایا تھا... اگر میں پردہ کرتی ہوتی تو کبھی بھی رہان ہمیں تنگ نہیں کرتا.. وہ مجھ پر اپنی ہوس بھری نظر ڈالتا ہے کیونکہ میں موقع دے رہی ہوں... مطلب اللہ جی آپ مجھے یہ بتانا چاہ رہے ہیں کہ میں بھی ہردہ شروع کر دوں اور خود کو ہر بری نظر اور ہر پریشانی سے محفوظ کر لوں... مشی مسکراتی ہوئ لیٹ گئ... اسے اپنی زندگی کا مقصد مل گیا تھا اب بس اسے جلد از جلد اس پر عمل کرنا تھا... یہی سب سوچتی ہوئ مشی نیند کی وادی میں اتر گئ....
عادی کو جاگتے ہوئے کافی دیر ہو گئ تھی لیکن مشی ابھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تک سو رہی تھی وہ حیران ہوتا گھڑی دیکھنے لگا.. خیر ہی ہو مشی آج اتنی دیر تک سو رہی ہے...عادی اسے پرسکون سوتے ہوئے دیکھ رہا تھا کہ مشی نے تھوڑی سی آنکھیں کھول کر اسے دیکھا... کچی نیند میں تو اس کا حسن دوبالا ہو گیا تھا... آج میری جان تھک گئ تھی؟؟ عادی اس کے سر میں انگلیاں چلاتے ہوئے بولا...مشی نے اٹھ کر عادی کے سینے پر ٹیک لگا لی...عادی نے اس کے گرد اپنے ہاتھ رکھ لیے... مشی اس کے ہاتھ ہر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے بولی..

عادی میں آج بہت پرسکون ہوں... یہ تو بہت اچھی بات ہے عادی ہم واپس کب جائیں گے؟؟ مشی کو اب واپس جانے کی پہلے سے بھی زیادہ جلدی تھی.. جب آپ کہو؟؟ پھر ہم کل ہی چلتے ہیں آپ ٹکٹس بک کروا لیں... اووکے میری جان عادی اس کے سر پر بوسہ دیتے ہوئے بولا... مشی گہرا سانس لیتی اٹھ گئ اور فریش ہونے چلی گئ....

****

میسم اور مسز حیدر مشی کو لینے آئے تھے لیکن جب انہیں پتہ چلا کہ ان کی کل کی فلائٹ ہے تو حیران رہ گئے... بھئ تم لوگ تو ایسے ہاتھ لگانے آتے ہو دو دن رہ کر پھر واپس میسم خفا ہوتا ہوا بولا... بس بھائ اصل میں یونی کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ساتھ بزنس بھی سنبھالتا ہوں نہ تو بلکل بھی ٹائم نہیں ملتا اب بھی یونی سے آف لے کر آیا ہوں ابھی ویکیشنز نہیں ہوئیں نہ... میسم سمجھتے ہوئے اثبات میں سر ہلانے لگا... مشی ماما کے ساتھ محو گفتگو تھی... مشی مسکراتی ہوئ ان سے باتیں کر رہی تھی اور مسز حیدر اسے خوش دیکھ کر مطمئن ہو گئیں... رات تک وہ لوگ ان کے گھر ہی رکے... مشی سارا وقت ہنستی مسکراتی رہی... عادی بھی پر سکون سا اسے دیکھ رہا تھا لیکن مشی کو ابھی بھی رہان کی نظریں اریٹیٹ کر رہیں تھیں لیکن وہ برداشت کرتی رہی کہ کل صبح میں تو انہوں نے چلے ہی جانا تھا... مشی نے آج ایک بھی نماز مس نہیں کی حجاب بھی اس نے لے رکھا تھا حالانکہ آج کل پاکستان میں گرمی تھی لیکن مشی کو اب محسوس نہ ہوتی تھی... ماما نے اسے ایک بار کہا کر تھوڑا لوز کر لو لیکن اس نے میں ایزی ہو کہ کر ٹال دیا... عشاء کی نماز کے وقت عادی بھی مشی کو دیکھ کر نماز پڑھنے چلا گیا.... جب وہ واپس آیا تو مشی ابھی دعا منگ رہی تھی... مشی کے ہاتھ گیلے ہوئے پڑے تھے ہاتھ منہ پر پھیر کر اس نے منہ صاف کیا اور مسکراتے ہوئے عادی کو دیکھنے لگی...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایسے کیا دیکھ رہیں ہیں ؟؟؟ یہی کہ میرے ساتھ رہتے رہتے آپ انسان بن گۓ ہیں... مشی مسکراتی ہوئ بولی... عادی نے قہقہ لگایا اور یہ بات کہ کون رہا ہے زرا دیکھیں... مشی ناک چڑھاتی ہوئ اس کے پاس آئ اب سو جائیں آپ صبح جلدی اٹھنا ہے پھر... مشی اس کے بال بگاڑتے ہوئے بولی... عادی مشی کی گود میں سر رکھ لیٹ گیا... مشی حیران ہوتی اسے دیکھنے لگی اور گویا ہوئ....کیا؟؟؟ آج میں ایسے ہی سوؤ گا....عادی اپنے سر کے نیچے سرہانہ رکھتے ہوئے بولا.... اور میں ساری رات اپنے جن جیسے شوہر کا دیدار کرتی رہوں کیا... مشی ناک سکوڑتی ہوئ بولی....

جن نہیں بولیں کہیں دنیا کا خوبصورت ترین انسان عادی آنکھ مارتے ہوئے بولا.... اف اللہ اتنا جھوٹ مجھ سے نہیں بولا جائے گا عادی... عادی اسے گھورنے لگا جبکہ مشی ہنسنے لگی... عادی نے اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر اپنے قریب کیا... اب بتائیں پھر؟؟؟ کیا؟؟ مشی کی ہارٹ بیٹ تیز ہو گئ... چپ چاپ بولیں ورنہ پھر یاد ہے نہ لاسٹ ٹائم یہاں ہی کیسے چپ کروایا تھا.. مشی نے ہنستے ہوئے اس کا بازو ہٹایا.. کوئ نہیں.... ایک تو اللہ نے بیوی ایک ہی دی ہے اور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھی اتنی نخرے والی... عادی افسوس کرتے ہوئے بولا...ایک نہیں تو اور کتنی چائیے تھیں آپ کو ہمممم... مشی اسے کڑے تیوروں سے دیکھتی ہوئ بولی.... کم سے کم تین تو ہوتیں نہ... میں آپ کا منہ توڑ دوں گی عادی اگر آپ نے ایسا سوچا بھی تو... عادی اٹھ کر بیٹھ گیا.... میں کون سا نکاح نامے پر سائن کرنے لگا ہوں جو دھمکیاں دینی لگ گئیں ہیں.. جب منہ توٹا ہو گا نہ پھر کوئ بھی نہیں کرے گا... مجھے کوئ چائیے بھی نہیں یہی ایک چڑیل ہی بہت ہے... عادی اسے اپنے سینے سے لگاتے ہوئے بولا... مشی مسکرا دی... ٹھیک سے تعریف کرنے پر تو آپ کو بل دینا پڑتا ہے نہ.... بلکل یار جیسے آپ جھوٹ نہیں بولنا چاہتی مجھ سے بھی جھوٹ نہیں بولا جاتا...چلیں... اس وقت کہاں جانا ہے آپ نے مشی کی بات منہ میں رہ گئ اور وہ پہلے ہی بول پڑا...

سو جائیں جانا کہیں نہیں ہے بہت ہو گئیں باتیں اب ٹائم دیکھیں کتنی لیٹ ہو گیا ہے... مشی کے کہنے پر عادی اپنی سائیڈ پر لیٹ گیا اور مشی اپنی جگہ پر.....

وہی ہوا جس کا مشی کو ڈر تھا... دونوں لیٹ اٹھے اور بھاگم بھاگ گھر سے نکلے... فلائٹ میں بیٹھے مشی عادی کو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

گھورنے لگی... اب میں نے کیا کر دیا... عادی معصومیت سے بولا... آپ کی وجہ سے فلائٹ مس ہو جاتی... ہوئ تو نہیں نہ... عادی مزے سے بولا... مشی اس کی نقل اتارنے لگی....

****

چار ماہ بعد:

عادی آپ مجھے کیوں نہیں دکھا رہے پکس... مشی کہتی منہ پھلا کر بیٹھ گئ.... کیونکہ میرا دل نہیں کر رہا... یہ کیا بات ہوئ آپ کا دل نہیں کر رہا تو میرا تو کر رہا ہے نہ پلیز دکھا دیں اتنے دنوں سے آپ میرا خون جلا رہے ہیں.. اب کہ مشی زرا غصے سے بولی... کہاں مجھے تو نظر نہیں آ رہا جلتا ہوا... عادی اِدھر اُدھر دیکھتے ہوئے بولا... دو جوتے آپ کے سر میں لگ جائیں گیں نہ خود ہی نظر آ جائے گا... مشی تنک کر بولی... عادی لیپ ٹاپ رکھے صوفے پر بیٹھا تھا... مشی اگر آپ روئ نہ تو مجھ سے برا کوئ نہیں ہو گا... پھر دکھا کیوں نہیں دیتے ویسے ہی بھی آپ اے برا کوئ ہو گا بھی نہیں... مشی روہانسی ہو گئ.... اچھا آؤ میرے پاس... عادی نے ہاتھ اس کے سامنے کرتے ہوئے کہا... مشی جلدی سے اس کے حصار میں بیٹھ گئ... آرام

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے مشی... سوری... مشی فوراً بولی... مشی عادی کے کندھے سے لگی بیٹھی تھی... عادی نے ایک ہاتھ مشی کے شانے پر رکھا اور پکس کھول لیں... مشی مزے سے دیکھنے لگی..اس کے بعد عادی نے اسے ویڈیو دکھائ... عادی آپ بہت برے ہیں دیکھنے کے بعد مشی بولی... اچھا اب دکھا دی پھر بھی برا ہوں... جی ہاں.. اچھا میری جان یہ چھوڑیں یہ بتائیں کہ نیم آپ رکھو گی یا میں؟؟ امممم ایسا کریں گے اگر بیٹا ہوا تو میں اور اگر بیٹی ہوئ تو آپ ٹھیک ہے؟؟ مشی نے اس کی جانب دیکھتے ہوئے استفسار کیا... جی میری جان.... پتہ ہے مشی مجھے تو اس وقت کا بہت بے صبری سے انتظار ہے.... ایسا ہی ہوتا ہے عادی... مشی مسرور سی بولی.... عادی ایک بات مجھے کہنی تھی آپ سے... ہاں تو بولو میں کون سا دوسرے ملک بیٹھا ہوں جو ایسے کہ رہیں ہیں... مشی اسے گھورنے لگی.... عادی جب میرا آپریشن ہو گا تو کوئ بھی میل وہاں نہیں ہونا چائیے آپ پہلے ہی میری ڈاکٹر سے بات کر لیں اگر زیادہ پے کرنا پڑا تو کریں لیکن کوئ نہیں ہونا چائیے... ٹھیک ہے ہم جب دوبارہ جائیں گے تو میں بات کروں گا... صرف بات نہیں کرنی یقینی بنانا ہے... پتہ ہے عادی مجھے بہت حیرت ہوتی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہے ویسے پاکستان کے مرد بہت غیرت مند ہیں... غیرت کے نام پر اپنی ماں بہنوں کا قتل کر دیتے ہیں لیکن میں سوچتی ہوں یہاں آ کر ان کی غیرت کیوں سو جاتی ہے.کیوں وہ اپنی بیوی کو غیر مردوں کے ہاتھوں میں سونپ دیتے ہیں وہ بھی اس طرح سے... عادی کو مشی کی بات اب سمجھ آئ تھی... بلکل ٹھیک کہ رہی ہو آپ اب بے فکر رہو آپ کے آپریشن کے دوران کوئ میل دکھائ نہیں دے گا.میں اپنی بیوی کو کسی کے سامنے نہیں بھیجوں گا... مشی مطمئن سی مسکرا دی....

جو عورتیں اس مرحلے سے گزر چکی ہیں وہ اچھی طرح جانتی ہیں کہ کس طرح سے آپریشن کیا جاتا ہے... ٹراؤزر تو سرے سے غائب ہوتا ہے اور شرٹ بھی برائے نام ہی رہ جاتی... کیا یہ ٹھیک ہے آپ سب نے سوچا کبھی... یوں اپنی بیویوں کو دوسرے کے سامنے بھیجتے ہوئے آپ کو کوئ مسئلہ نہیں ہوتا جو لوگ غریب ہیں نہیں افورڈ کر سکتے ان کی تو مجبوری سمجھ میں آتی ہے لیکن جو لوگ افورڈ کر سکتے ہیں ان کی کیا مجبوری ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا مجبوری ہے... اسلام میں طبیب کو دیکھنے کی اجازت ہے لیکن اس طرح سے نہیں. کیونکہ اگر یہ طریقہ جائز ہوتا تو حضور کے زمانے میں گھروں میں دائیوں کو نہ بلوایا جاتا میرا خیال ہے کہ ہم میں سے کبھی کسی نے اس بارے میں سوچا ہی نہیں تبھی تو یہ ایک عام سی بات ہے... لیکن بحیثیت مسلمان نہ تو ہمارا دین اجازت دیتا ہے اور میرا خیال ہے نہ ہی ہمارا ضمیر... میرا یہ ناول بہت سے مرد حضرات بھی پڑھتے ہیں اور شادی شدہ خواتین بھی میری آپ سب اے درخواست ہے کہ خدا کے لیے اس چیز کو ختم کروائیں.جب سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں کی تعداد میں لوگ ان سے صرف لیڈی ڈاکٹر کی موجودگی کی حمایت کریں گے تو یہ نظام بھی بدل جائے گا.. کبھی بھی چینج خود سے نہیں آتا لایا جاتا ہے اور اگر سب ایسا کریں تو یہ چیز بھی بدل جائے گی اس کے بعد ہم دیکھیں گیں کہ کیسے کوئ میل ڈاکٹر آپریشن کے دوران موجود ہوتا ہے...میری درخواست ہے کہ پلیز ایک بار اس بارے میں سوچئیے گا ضرور یہ صرف مذہب ہی نہیں آپ کی غیرت کا بھی سوال ہے... اگر سب چپ کر کے بیٹھ جائیں گے تو کچھ بھی نہیں ہو سکتا ..باقی آپ سب مجھ سے زیادہ سمجھدار ہیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

****

مشی ان چار ماہ میں بلکل بدل چکی تھی...گھر سے باہر نکلتی تو نقاب میں جاتی... موویز, سونگز اس نے چھوڑ دئیے... اب وہ فرض نماز کے ساتھ ساتھ ہر نماز میں قضا نماز بھی پڑھتی کہ وہ کہتی ناجانے کتنی نمازیں میں نے نہیں پڑھیں... قرآن اور اس کا ترجمہ بھی باقائدگی سے پڑھتی اس کے علاوہ نفل اور سورتیں بھی پڑھتی رہتی...تہجد بھی اس نے اب پڑھنی شروع کر دی غرض یہ کہ اس عرصے میں وہ مکمل طور پر بدل چکی تھی.. یہ اس کی زندگی کا سب سے بڑا چینج تھا اور وہ بہت خوش تھی اس تبدیلی سے.... شروع شروع میں مشی مایوس ہو گئ اکثر وہ اپنی بنائ کوئ روٹین ہر ہوری نہ اترتی تو اسے لگتا کہ وہ کبھی اس چیز میں کامیاب نہیں ہو سکے گی... لیکن پھر ارم سے بات کرنے پر اس نے مشی کو سمجھایا کہ مشی کر چیز وہ ایک وقت لگتا ہے کامیابی کو پانے کے لیے بہت بار ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ آپ ہمت ہار جاؤ اور اپنی کوشش ہی ترک کر دو... آپ اپنی پوری کوشش کرو جو کمی بیشی آج آ رہی ہے وہ کل پوری ہو جائے گی... مشی تم کبھی بھی ایک قدم اٹھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کر اوپر نہیں پہنچ سکتی... آرام آرام سے ایک ایک قدم رکھا جاتا ہے پھر بلندی ہر پہنچا جاتا تم بھی ایک دم سے ہر چیز لاگو مت کرو پہلے ایک چیز کو چھوڑو اور ایک کو اپناؤ اس طرح جب اس کی عادی بن جائے تو دوسری کی طرف آ جاؤ اس طرح باری باری تم ایک بری عادت مٹانے کے ساتھ ایک اچھی عادت کو اپنانے میں کامیاب ہو جاؤ گی اور ایک دن یہ عادتیں اتنی پختہ ہو جائیں گیں کہ پھر تمہیں ٹینشن لینے کی نوبت نہیں آئے گی پھر یہ کبھی چھوٹے گیں ہی نہیں... مشی پوری توجہ سے اس کی باتیں سن رہی تھی... تھینک یو سو مچ ارم تم نے دونوں بار میری بہت ہیلپ کی ہے... مشی اس چیز کے لیے تھینکس مت بولو ایک طرح سے یہ ہمارا فرض ہے دوسروں کی مدد اور رہنمائ کرنا... مشی نے مسکراتے ہوئے کال بند کر دی.... اور آج اس کی عادتیں پختہ ہو رہیں تھیں.... مشی کو دیکھتے دیکھتے عادی بھی بدل رہا ہے وہ بھی باقائدگی سے نماز پڑھنے لگا تھا اکثر دونوں مل کر چلڈرن ہوم چلے جاتے جہاں لاوارث بچوں کی دیکھ بھال کی جاتی... اور ڈھیر ساری چیزیں اور امداد کرتے... وہ دونوں ہی اپنی زندگی کے اس چینج سے بہت خوش اور پر سکون تھے....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

:تین ماہ بعد

آج مشی کا آپریشن تھا عادی پریشانی کے عالم میں باہر انتظار کر رہا تھا جہاں ابھی ابھی مشی کو اندر لے جایا گیا تھا..جیسا کہ مشی نے کہا تھا ویسا ہی ہوا ایک بھی میل اندر نہیں تھا ڈاکٹر سے لے کر نرس تک سب فیمیل تھیں... ابھی کچھ دیر پہلے عادی کی ڈاکٹر سے بات ہوئ تھی اسی لیے وہ ...ہریشان تھا

سی معید یور وائف کنڈیشن از کریٹیکل سو یو شوڈ ٹیل می ....اِف آئ ہیو ٹو سیو اینی ون دین ہوم یو چوز ٹو سیو

دیکھیں معید آپ کی وائف کی کنڈیشن سیرئس ہے تو اگر) مجھے کسی ایک کو بچانا پڑا تو آپ مجھے بتا دیں کہ آپ (کس کا انتخاب کریں گے

عادی بے بسی سے ڈاکٹر کو دیکھنے لگا... پلیز ٹیل می... کافی دیر گزرنے کے بعد بھی جب عادی نہ بولا تو ڈاکٹر ...دوبارہ بولی

مائ وائف سیو ہر... عادی نے جس دل سے یہ کہا تھا یہ تو وہی جانتا تھا... اتنے مہینوں سے وہ دونوں اتنا کچھ سوچتے رہے تھے اور اب اسے کسی ایک کا انتخاب کرنے کا ہوچھا جا رہا تھا... مشی کی ویکنیس کی وجہ سے ڈاکٹر نے پہلے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے عادی سے ہوچھ لیا تاکہ بعد میں کوئ مسئلہ نہ ہو....
عادی نے وضو کیا اور وہیں بیٹھے بیٹھے مشی اور اپنے بے بی کے کیے دعا کرنے لگا.... پلیز اللہ پاک نہ تو میں مشی کو چھوڑ سکتا ہوں اور نہ ہی اسے جو ابھی اس دنیا میں بھی نہیں ہے ہمیں ایسی آزمائش میں نہ ڈال جس کو برداشت کرنے کی طاقت ہم میں نہیں اور مشی وہ تو ٹوٹ جائے گی... پلیز ان دونوں کی زندگی بچالیں... کتنی ہی دیر عادی منہ پر ہاتھ رکھے اردگرد سے بیگانہ بیٹھا رہا... کہ اسے اپنے کندھے پر کسی کا دباؤ محسوس ہوا... عادی نے چہرہ اٹھا کر دیکھا تو نرس کھڑی تھی... یس؟؟عادی اسے دیکھتا ہی کھڑا ہو گیا... کانگریچولیشنز گاڈ بلیس یو ود ٹوئنز بےبیز.... عادی کا چہرہ خوشی سے دمک اٹھا اینڈ مائ وائف؟؟ عادی نے فوراً پوچھا... شیز از آلسو فائن... کین آئ واچ دیم؟؟
آفٹر ٹین ٹو ٹوئنٹی منٹس... اووکے... عادی مسکراتا ہوا واپس بیٹھ گیا... اور اللہ کا شکر ادا کرنے لگا... خوشی اتنی تھی کہ وہ جلد از جلد مشی کو بتانا چاہتا تھا چونکہ اس نے ڈاکٹر کو منع کیا تھا بتانے سے... عادی نے ماما کو فون کیا پھر پاکستان میں سب کو باری باری کال کرنے لگا... مشی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کو روم میں شفٹ کر دیا گیا تھا لیکن ابھی وہ دوائیوں کے زیر اثر سو رہی تھی.... عادی پہلے اپنے بےبیز کو دیکھنے گیا... ایک میں بوائے تو دوسرے کارٹ میں گرل عادی کی آنکھوں میں آنسو آگئے انہیں دیکھ کر کیسے اللہ نے ان کی سنی تھی... عادی نے باری باری دونوں کو پیار کیا... دونوں گول مٹول سے کیوٹ سے تھے ابھی سو رہے تھے اس لیے نرس نے بعد میں آنے کا اشارہ کیا.... عادی کی خوشی کا تو ٹھکانہ ہی نہیں تھا اس کی سوچ سے زیادہ نوازا گیا تھا.... عادی مشی کر روم میں آ گیا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر بیٹھ گیا...تھینک یو مشی یہ سب آپ کی وجہ سے ہی ہوا ہے اللہ نے آپ کی دعاؤں ہر کن فرما دیا اور دیکھیں اب کیسے پوری ہو گئیں ہیں آپ کی دعائیں... وہ سو رہی تھی اور ....عادی بیٹھا اس سے باتیں کر رہا تھا

مشی نے تھوڑی تھوڑی آنکھیں کھول کر اسے دیکھا... عادی؟؟ وہ ہولے سے بولی... جی میری جان؟؟ مجھے ڈاکٹر ....نے.... مشی رک رک کر بول رہی تھی تکلیف کے باعث مشی اللہ نے ہمیں ٹوئنز بیبیز سے نوازا ہے... سچ میں؟؟ مشی کا چہرہ کھل اٹھا... عادی اثبات میں سر ہلانے لگا... اور دوسرا یہ کہ ایک لڑکی ہے اور ایک لڑکا... مشی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مطمئن سی ہو کر اسے دیکھنے لگی... وہ دونوں ٹھیک ہیں نہ... جی جی آپ بلکل ٹینشن مت لو دونوں بلکل ٹھیک ہیں میں لے کر آتا ہوں انہیں... کہ کر عادی کھڑا ہو گیا اور مشی نے آنکھیں بند کر لیں دو موتی اس کی گال پر لڑھک آئے وہ دل ہی دل میں شکر کرنے لگی... عادی واپس آیا تو نرس بھی ساتھ ہی تھی.. عادی نے دونوں کو اٹھا رکھا تھا.... مشی جلدی سے اپنی اولاد کو دیکھ لینا چاہتی تھی جس کے لیے اس نے اتنی تکلیف برداشت کی... عادی اس کے دائیں جانب آ کر بیٹھ گیا اور مشی دونوں کو دیکھنے لگی... آاااا ماشاءاللہ عادی کتنے کیوٹ ہیں نہ دونوں... مشی ان کو گال چھوتی ہوئ بولی... عادی مسکراتے ہوئے بولا... بلکل مشی.... مشی عادی کے کندھے پر سر رکھے انہیں دیکھنے لگی... آنسو پھر سے بند توڑ کر نکل آئے... خوشی کے موقع پر بھی آپ ان کا مت بھولنا... عادی خفا ہوا... یہ تو خوشی کے آنسو ہیں...

مشی نے عادی کے ہاتھ سے لڑکی کو لے لیا اور پیار کرنے لگی... اب بتائیں نام ہماری باربی کا؟؟ ماہ رخ پیار سے ہم اسے ماہی بلائیں گے... عادی اس کے نازک سے ہاتھ پکڑتے ہوئے بولا... اور آپ ہمارے شہزادے کا نام بتائیں...

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کا نام ہے ماحد اینڈ پیار سے اسے ہم صونو بلائیں گے...
مشی ماحد کو دیکھتے ہوئے بولی... اووکے جی نیم تو ہو
گ ئے اب میں ان صاحب کو لے آتا ہوں جو دونوں کے کان
میں اذان دیں گے... ابھی لینے جائیں گے اتنی دیر سے...
مشی حیران ہوئ... میری جان فون کر دیا تھا میں نے بس
پہچنے والے ہوں گے... عادی دونوں کو لے کر باہر نکل گیا
...اور نرس مشی کو چیک کرنے لگی
کچھ دیر میں عادی کی ماما بھی آ گئیں... سوری بیٹا میں لیٹ
ہو گئ... کوئ بات نہیں ماما میں جانتی ہوں کہ کر مشی نے
آنکھیں بند کر لیں اور وہ اپنے پوتے اور پوتی کو دیکھنے
لگیں... اذان دے دی گئ تھی... عادی ہاسپٹل کے بلز وغیرہ
کلئیر کرنے گیا ہوا تھا... مشی پھر سے سو چکی تھی کچھ
اسے پین کلرز کی وجہ سے بار باع نیند آ رہی تھی دوسرا
اسے خود انجیکشنز لگائے تاکہ ہوش میں کم رہنے کے باعث
...زیادہ تکلیف محسوس نہ ہو
عادی کے ڈیڈ بھی ہاسپٹل میں تھے پہلے جب وہ بیمار ہوئے
تھے تب ان کا بائ پاس ہوا تھا اور اب بھی دل کی ہی تکلیف
کی شکایت تھی.. اسی وجہ سے مسز احمد مشی اور عادی
کے ساتھ نہیں رہ رہیں تھیں... ماحد کو عادی واپس لے گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور ماہی مشی کے روم میں ہی تھی... مشی کو دوبارہ ہوش آیا تو اس کے بارے میں ہوچھنے لگی... وہ نرس لے کر گئ ہے ابھی... مشی مطمئن ہو گئ... ماحد کو سانس لینے میں پرابلم ہو رہی تھی جس کی وجہ سے اسے آکسیجن ماسک کے لگایا گیا تھا اسی لیے عادی اسے مشی کے روم سے لے آیا تھا... عادی پریشانی سے ڈاکٹر کو دیکھ رہا تھا...

انہیں سانس لینے میں دشواری ہو رہی ہے لیکن آپ فکر مت کریں وہ جلد بہتر ہو جائیں گے... کیا مطلب بہتر؟؟ کوئ مسئلہ ہے کیا؟؟؟ آپ مجھے کھل کر بتائیں... دیکھیے ان کے بلڈ میں ہیموگلوبن کی ڈیفیشینسی ہے جس کی وجہ سے سانس کا پرابلم آ رہا ہے لیکن پریشانی کی بات نہیں ہم میڈیسنس دیں گے آپ کانٹینیسولی انہیں دیں وہ بہت جلد ٹھیک ہو جائیں گے.... عادی اثبات میں سر ہلاتا واپس آ گیا کس طرح وہ ننھی سی جان اس مسئلے میں پڑ گئ... عادی خود کو کمپوز کرتا ہوا مشی کے پاس آ گیا.... ابھی اس نے مشی کو کچھ نہیں بتایا تھا....

ایک ہفتے بعد مشی کو ڈسچارج کر دیا گیا عادی نے مشی کے لیے نرس رکھ لی تھی گھر پر خود بھی وہ زیادہ تر گھر ہی موجود رہتا... گھر آتے ہی عادی نے مشی کو ماحد کا بتا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیا چونکہ ہاسپٹل میں تو وہ زیادہ تر سوری رہتی اس لیے اس سے چھپا گیا..... مشی ششدہ سی اسے دیکھنے لگی... عادی آپ مذاق کر رہے ہیں نہ میرے بیٹے کو کوئ بھی مسئلہ نہیں ہے؟؟؟؟مشی کو یقین نہیں آ رہا تھا...مشی بات کو سمجھو پلیز... عادی کے کیے خود بھی مشکل تھا پھر مشی کو سنبھالنا اور بھی مشکل.... آنسو موتیوں کی مانند اس کی گال پر گرنے لگے... عادی نے اس کے آنسوؤں کو صاف کیا... نو مشی... رونے سے کوئ فائدہ نہیں آپ دعا کیا کریں کہتے ہیں ایک ماں کی دعا عرش کو ہلا دیتی ہے پھر آپ کی دعا کیسے رد ہو سکتی ہے عادی اس کے دونوں ہاتھ تھامے سمجھانے لگا... مشی نے اثبات میں سر ہلا دیا... ویسے بھی اب وہ پہلے والی مشی نہیں رہی تھی لا ابالی سی اب مشی میں ایک ٹھراؤ آ گیا تھا... عادی اٹھ کر نیچے سے چیزیں لینے چلا گیا اور مشی اپنی سوچوں میں گم ہو گئ.... کہتے ہیں خدا اپنے پیارے بندوں کو آزماتا ہے تاکہ ان کے ایمان کا امتحان کے سکے.. مطلب اللہ جی میں بھی آپ کے پیارے بندوں میں شامل کو گئ ہوں اور اگر یہ آزمائش میرے ایمان کی مضبوطی کا امتحان ہے تو میں ضرور کامیاب ہوں گی اس میں اور صبر سے کام لوں گی میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

جانتی ہوں کہ آپ مجھے کبھی خالی ہاتھ نہیں لوٹائیں گے اور میں آپ سے اس کی صحت مانگوں گی مشی کافی دیر یونہی اللہ سے باتیں کرتی رہی کہ عادی واپس آ گیا... عادی سونو کو مجھے پکڑائیں... مشی نے ہاتھ آگے کرتے ہوئے کہا... اگر میں نہ دوں تو؟؟؟ تو جب میں آپ کو جوتے لگانے کی کنڈیشن میں واپس آ جاؤں گی نہ پھر پوچھوں گی... مشی اسے گھوری سے نوازتی ہوئ بولی... عادی نے ہنستے ہوئے سونو کو اسے پکڑا دیا... مشی اسے پیار کرنے لگی... مشی ویسے ایک بات ہے... کیا؟؟ مشی اس کی جانب دیکھے بغیر بولی... کہ دونوں مجھ پر گۓ ہیں... جی نہیں وہ اپنی ماما ہر گۓ ہیں... عادی ہنسنے لگا آپ کو اتنا بھی پتہ نہیں چل رہا تو کسی سے پوچھ لیں... عادی جلانے والی مسکراہٹ لیے بولا... میں کیوں پوچھوں کسی سے مجھے زیادہ پتہ ہے... سچ سچ بتاؤ پھر...عادی اس کے کندھے ہر اپنے بازو رکھتے ہوئے بولا... آپ جیسے ہیں دونوں... مشی منہ بناتے ہوئے بولی... عادی مسکرانے لگا... اور میں کس کا ہوں؟؟؟ میرے... مشی مسکراتی ہوئ بولی...تو اس کا مطلب کہ مجھ جیسے مطلب ہم دونوں جیسے... مشی اسے دیکھ کر مسکرانے لگی... عادی اچھے سے جانتا تھا اس کا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دل رکھنا... عادی اس کے سر پر بوسہ دیتا اٹھ گیا..میں ابھی آیا مشی نیچے سے... مشی نے اثبات میں سر ہلا دیا اور سونو سے باتیں کرنے لگی...

****

مشی بیڈ سے ٹیک لگائے بیٹھی تھی... عادی اس کے ساتھ آ کر بیٹھ گیا... مشی؟؟ جی؟؟ میری ایک بات مانو گی؟؟ عادی مشی کو دیکھتے ہوئے بولا... کیا عادی؟؟ یار آپ نہ بس مجھ سے پیار کرو میں آپ تینوں کو پیار کر لوں گا لیکن آپ صرف مجھ سے کرو... مشی ہنسنے لگی.... آپ کو اپنے ہی بچوں سے جیلیسی ہو رہی ہے؟؟ بلکل آپ تو مجھے بھول ہی گئ ہو.... عادی بے چارگی سے بولا... مشی بس ہنسنے لگی کیا بولو میں آپ کو... آپ کچھ نہ بولو لیکن کچھ ٹائم بعد کوئ پوچھے گا کسی عادی کو جانتی ہو تو مشی کہے گی ہاں شاید کبھی ہوتا تھا ایک عادی.... عادی منہ بناتے ہوئے بولا... ہاہاہاہا نہیں کہتی میں ایسا... پھر کیا کہو گی.... اممم میں کہوں گی کون عادی مجھے تو نہیں یاد... مشی سوچنے والے انداز سے اسے تنگ کرتی ہوئ بولی.... عادی منہ کھولے اسے دیکھنے لگا... اچھا جی جناب بچوں کے آتے ہی کون عادی بعد میں ہوچھوں گا آپ سے... عادی وارن

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کرنے والے انداز میں بولا... بعد میں کیوں ابھی پوچھ لیں نہ کہ میں آپ سے کتنا ڈھیر سارا پیار کرتی ہوں جو کبھی نہ کم سے سکتا ہے نہ ہی ختم البتہ وقت کے ساتھ بڑھنے کے چانسزز ضرور ہیں... مشی اس کے کندھوں ہر ہاتھ رکھتے ہوئے پیار بھرے لہجے میں بولی... عادی مسکرانے لگا... لو یو چڑیل... مشی کے گال سے اپنا گال مس کرتے ہوئے بولا..لو یو ٹو.. عادی نے مشی کے گرد اپنا بازو حمائل کر دیا اور مشی نے اس کے کندھے پر سر رکھ دیا... جہاں خوشیاں ملیں تھیں وہاں تھوڑی پریشانی بھی تھی...

اور مشی خود کو ہلکان کر کے اپنی اور عادی کی خوشیاں برباد نہیں کرنا چاہتی تھی....

****

دو ماہ بعد:

مشی سونو کو تیار کر رہی تھی جب عادی کمرے میں آیا... آگئے آپ؟؟ نہیں ابھی راستے میں ہوں... عادی کبھی سیدھا جواب بھی دے دیا کریں.. مشی مسکراتی ہوئ بولی... آپ اگر سیدھا سوال کریں تو جواب بھی سیدھا دوں نہ... عادی کوٹ اتار کر مشی کے ساتھ آ کر بیٔ پر بیٹھ گیا... یہ لیں سنبھالیں اپنے بچوں کو سونو کو اسے پکڑاتے ہوئے بولی...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میرے اکیلے کے تو نہیں ہیں... عادی مسکراتے ہوئے بولا اور مشی ماہی کو تیار کرنے لگی جبکہ عادی سونو کے ساتھ کھیلنے لگا... ایک تو آپ ایسے اٹھاتے ہیں جیسے کھلونے ہوں... مشی خفگی سے اسے دیکھتی ہوئ بولی جو سونو کو ہوا میں اچھال رہا تھا... ایک تو آپ کی ماما بھی پتہ نہیں کیا چیز ہیں ابھی میں نے کچھ بولا نہ تو مجھے مار پڑ جائے گی... عادی مشی کی بجائے سونو کو کہنے لگا... وہ کھکھلا کر ہنسنے لگا.... جب آپ بڑے ہو جاؤ گے نہ پھر اپنی ماما سے سارے بدلے لینا آپ جو جو تشدد یہ مجھ پر کرتی ہیں... مشی اس کی باتیں سن کر ہنس رہی تھی وہ تقریباً روز ہی ایسے دونوں سے گھنٹوں باتیں کرتا... عادی بولتا جا رہا تھا اور سونو ہنستا جا رہا تھا جیسے اسے سب سمجھ میں آ رہا ہو... آپ کی ماما گندی ہیں نہ مجھے بھی اچھی نہیں لگتی بلکل بھی... عادی منہ بناتے ہوئے بول رہا تھا... مشی کو غصہ آیا ابھی بتاتی ہوں کہ میں گندی ہوں یا اچھی ہو سوچتے ہوئے مشی نے کافی ساری کریم ہاتھ پر لی اور عادی جو باتیں کرنے میں مگن تھا اس کے منہ پر لگا دی...اس کا سارا منہ کریم سے بھر گیا.. سونو کو بیڈ پر لٹا کر ٹیشو سے منہ صاف کرتا مشی کو گھورنے لگا... کچھ غلط بھی نہیں کہتا میں... مشی ناک چڑھاتی اپنے کام میں مصروف ہو گئ.... اس کی عادت تھی روز صبح اور رات میں بچوں کو تیار کرنا کیونکہ رات میں عادی نے آنا ہوتا تو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ان کو ریڈی کر دیتی... سارا دن مشی کا بھاگ دوڑ میں گزر جاتا کبھی ماہی کو سنبھالتی کبھی سونو کو تو کبھی عادی کو.... زندگی مصروف سی چل رہی تھی.... عادی نے اب ماہی کو اٹھا لیا اور مشی نے سونو کو پکڑ لیا اس کے منہ پر بوسہ دیتی گود میں لٹا کر سلانے لگی.. مشی بار بار عادی کو خاموش رہنے کا اشارہ کر رہی تھی لیکن وہ سن ہی نہیں رہا تھا... عادی اب میں یہاں سے کوئ چیز پھینک دوں گی... مشی اسے وارن کرتی ہوئ بولی تو عادی ہنستا ہوا باہر نکل گیا... وہ سو گیا تو مشی نے اسے بیڈ پر لٹا دیا... عادی اندر آیا تو ماہی اس کے کندھے سے لگی سو رہی تھی... آاا میری باربی بھی سو گئ مشی عادی سے لیتے ہوئے بولی... وہ اکثر عادی کے پاس ہی سو جاتی جبکہ سونو زیادہ تر مشی کے پاس ہوتا ویسے بھی اس کے پرابلم ...کی وجہ سے مشی اس پر زیادہ توجہ دیتی تھی

دونوں سو گۓ تو مشی انہیں دیکھتی اٹھ گئ... آ جائیں آپ کو کھانا کھلاؤ... عادی کا ہاتھ پکڑ کر لے گئ.... اور اسے اپنے ہاتھ سے کھلانے لگی.. عادی نے منع کر دیا... کیا ہوا؟؟ مشی حیران ہوتی پوچھنے لگی.... آپ تھک گئ ہو گی صبح سے اس لیے میں آپ کو کھلاؤں گا... مشی کی آنکھوں میں نمی آ گئ.... عادی نے اپنا سر ٹیبل پر پیٹ لیا.... یا اللہ میں اس لڑکی کے آنسوؤں کا کیا کروں... مشی مسکرانے لگی تو عادی اس کو کھلانے لگا ساتھ میں خود بھی کھانے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لگا... کھانے سے فارغ ہو کر مشی لیپ ٹاپ لے کر بیٹھ گئ... عادی بھی اس کے ساتھ بیڈ پر ہی بیٹھ گیا کیونکہ وہ ملتان فون کرنے لگی تھی.. حال احوال کے بعد میسم شروع ہو گیا... مشی تم پر بلکل نہیں گۓ دونوں ہیں نہ؟؟
ابھی بھی عادی جیسے ہی ہیں.... مشی نے کیمرہ سوتے ہوؤں پر کر کے دکھایا... جی... مشی مسکراتی ہوئ بولی... ویسے اچھا ہی ہے کہ تم پر نہیں گۓ.... کیوں؟؟ مشی حیران ہوتی پوچھنے لگی... اب تم میں تو بلکل بھی عقل نہیں عادی کم سے کم سمجھدار تو ہے نہ... میسم کی بات پر عادی مسکرانے لگا... اور مشی کو تو لگ گئ.... بلکل اتنے زیادہ سمجھدار ہیں کہ ان کی سمجھداری باہر گرتی پھرتی ہے میں ان کو کہتی ہوں کہ اٹھا لیں کہیں ضائع نہ ہو جاۓ... مشی تنک کر بولی... سب نے اس کی بات پر قہقہ لگایا... اب تم تو برا ہی مان جاتی ہو... برا مان جاتی ہو... مشی اس کی نقل اتارتے ہوۓ بولی... بس بھئ کیوں تنگ کرتے ہو میری بیٹی کو... مسز حیدر میسم کا کان کھینچتے ہوۓ بولیں.. مشی مسکرانے لگی... یہ ہوئ نہ بات ماما... مشی انہیں داد دینے لگی... مشی کب آؤ گی پاکستان ہمارا تو دل کر رہا ہے ابھی تمہارے پاس آ جائیں کیونکہ آپ تو آنے کا نام نہیں لیتی... وہ ماما دراصل ڈاکٹر نے ابھی مشی کو سفر سے منع کیا ہے اس لیے ابھی کچھ پلان نہیں کر رہے... بھئ تم دونوں کو دل لگا کر بیٹھ گۓ ہو وہاں میسم نے بھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

حصہ ڈالا... مجھ سے زیادہ تو آپ کی بہن نے دل لگایا ہے ہوچھ لیں خود... مشی عادی کو گھورتی میسم کو جواب دینے لگی... بلکل میسم بھائ یہ جو پیچھے دیوار نظر آ رہی ہے نہ یہیں لگایا ہے میں نے اپنا دل دیکھ لیں اب خود... عادی کے ساتھ ساتھ میسم بھی ہنسنے لگا... اچھا چلو جب تمہارا دل کرے آ جانا اب میری شادی ہر تو آؤ گی نہ یا تب بھی دیوار میں ککگا دل دکھا کر فارغ کر دو گی... جی تب تو آؤں گی... مشی آہستہ سے بولی... جھوٹی تسلی دینا بھی کتنا مشکل ہوتا ہے... چند منٹ بعد مشی نے کال بند کر دی... مشی کب تک آپ سب سے جھوٹ بولتی رہو گی یا تو بتا دو یا پھر چلی جاؤ... عادی آپ جانتے ہیں میں نے وہاں واپس نہیں جانا... مشی اب آپ اپنے اکلوتے بھائ کی شادی ہر بھی نہیں جاؤ گی... جب ہو گی شادی تب دیکھ لوں گی.. پتہ نہیں کیوں مجھے چڑ ہو گئ ہے... اووکے فائن چھوڑیں جب ٹائم آئے گا دیکھا جائے گا ابھی سے ٹینشن مت لینا آپ... مشی اسے دیکھتی اثبات میں سر ہلانے لگی... بیڈ کی ٹیک کے ساتھ سونو اور ماہی سو رہے تھے ان کے ساتھ مشی لیٹ گئ اور مشی کے پیچھے عادی... جب سے وہ دونوں دنیا میں آئے تھے ان کے سونے کی پوزیشن چینج ہو گئ تھی... مشی ان دونوں جو دیکھنے لگی ایک رحمت تو دوسرا نعمت مشی کا یہ چھوٹا سا گھر جنت کا نمونہ بن گیا تھا یہی سوچتے سوچتے مشی نیند کی وادی میں اتر گئ ...عادی نے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مشی کے بازو پر اپنے بازو رکھے اور اسے ہگ کر کے سو گیا...

****

عادی اٹھ جائیں لیٹ ہو جائے گا... مشی کب سے اسے اٹھا رہی تھی لیکن وہ اپنی جگہ سے ایک انچ بھی نہ ہلا...مشی اس کے سر پر بیٹھی مایوسی سے دیکھنے لگی... عادی نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے اوپر گرا لیا... اب آپ کی آنکھ کھل گئ ہے... مشی خفا ہوتی بولی... پہلے ایک ان کو یہاں ہر رکھیں... عادی اس کے ہونٹوں پر اشارہ کرتا ہوا اپنے گال پر انگلی رکھتے ہوئے بولا... کیوں دوں میں آپ کو؟؟؟ ساری ان کو ہی دے دیتی ہو کچھ میرے لیے بھی بچا لیا کریں...عادی معصومیت سے بولا... اب آپ جلدی سے اتھ جائیں ورنہ لیٹ تو آپ ہی ہوں گے میرا تو کچھ نہیں جائے گا...عادی منہ بناتا اسے اپنی گرفت سے آزاد کرتا اٹھ گیا... کنجوس کہ کر اس کے بال بکھیر کر چلا گیا... مشی مسکراتی ہوئ نیچے آ گئ اور ناشتہ بنانے لگی... عادی شرٹ پہنے کر مشی کو آواز دینے لگا... دو منٹ عادی آ رہی ہوں... مشی آنچ ہلکی کرتی زینے چڑھنے لگی... عادی بال سیٹ کر رہا تھا...

مشی نے اس کا کوٹ اٹھایا اور پہنانے لگی... وہ دونوں کم ہیں کیا جو آپ کو بھی تیار کیا کروں... خفا ہوتی بولی... بلکل آپ کو دیکھے بغیر تیار ہی نہیں ہوا جاتا... مشی اس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کی ٹائ باندھنے لگی... عادی مسلسل مشی جو دیکھ رہا تھا... وہ پہلے سے بھی زیادہ خوبصورت ہو گئ تھی بال بھی مزید لمبے ہو گۓ, دوسرا ہمیشہ اس کا چہرہ خوشی سے دمکتا رہتا... مشی نے واچ اٹھائ اور بند کرنے لگی.. عادی دونوں بچوں کو کس کرتا باہر نکل گیا... مشی اس کا موبائل,والٹ اور کیز اٹھاتی نیچے آ گئ... عادی کافی پی رہا تھا.. پھر جلدی جلدی ناشتہ کرنے لگا... یہی اگر آپ پہلے اٹھ جاتے تو سکون سے کھا تو لیتے... مشی بولتی ہوئ سامنے بیٹھ گئ... کبھی کبھی کم ہی بہتر ہوتا کہ کر عادی کھڑا ہو گیا اور ہاتھ صاف کرنے لگا... مشی نے اس کے پاس آئ اور کوٹ کے بٹن بند کرنے لگی.دروازے پر پہنچ کر عادی مڑا مشی پیچھے ہی تھی اور اس کی گال ہر بوسہ دیتا باہر نکل گیا... مشی مسکراتی ہوئ اسے جاتا دیکھنے لگی... ساتھ ہی ماہی کے رونے کی آواز آنے لگی تو دروازہ بند کرتی اوپر بھاگی اور اسے اٹھا کر باہر لے آئ کہ سونو بھی نہ اٹھ جاۓ.....

****

زندگی خوش باش گزر رہی تھی بس جب کبھی سونو کی طبیعت خراب ہوتی تو مشی ڈر جاتی آج بھی ایسا ہی ہوا تھا... اسے سانس لینے میں دشواری ہو رہی تھی.. چونکہ مشی میڈیکل کی فیلڈ میں تھی اس لیے وہ آکسیجن ماسک لگا سکتی تھی اور گھر میں ہی موجود تھا مشی عادی کے ساتھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بیٹھی سامنے لیٹے سونو کو دیکھ رہی تھی جو بیچارہ تھوڑی دیر پہلے تڑپ رہا تھا اب آکسیجن ماسک لگانے کے بعد بہتر ہو گیا... عادی وہ تو اتنا چھوٹا سا ہے اسے کیا پتہ تکلیف کا اور کیسے برداشت کرتے.پتہ نہیں کتنا مسئلہ ہوتا ہو گا اسے... مشی کے آنسو بہ رہے تھے اور نظریں سونو پر جمی تھیں...آپ دعا کیا کروں نہ اس کے لیے اور اب تو وہ بہتر ہو رہا ہے کافی عرصے بعد آج اس کا سانس بگڑا ہے ہیں نہ.... مشی اثبات میں سر ہلاتی ہو بولنے لگی... بہت دعا کرتی ہو ان فیکٹ کبھی کبھی تو اس کے علاوہ اور کچھ مانگتی بھی نہیں لیکن شاید ابھی وقت نہیں آیا قبولیت کا... دیکھنا مشی جلد ہی وہ بلکل ٹھیک ہو جائے گا میں بھی تو ٹھیک ہو گیا ہو نہ... مشی آنسو صاف کرتی ماہی کو ....دیکھنے چلی گئ اور عادی وہیں بیٹھا رہا

****

مشی کل سنڈے ہے... اچھا جی تو میں کیا کروں منڈے بنا دوں... مشی اس کی طرف منہ کرتی ہوئ بولی... جی نہیں کل آپ مج جگائیں گیں نہیں میں دیر تک سوتا رہوں گا... اچھا جی اور کچھ...مشی مسکراتی ہوئ بولی... اور کچھ تو ایسے پوچھتیں ہیں جیسے مان بھی لینا... ہاہاہا ماننا یا نہ ماننا تو بعد کی بات ہے ابھی تو پوچھوں... عادی منہ بنا کر ..لیٹ گیا...مشی بھی اس کے جانب پشت کر کے لیٹ گئ عادی مشی پر جھکا اور اس کی گال پر بوسہ دے دیا... مشی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مسکرانے لگی اور بولی... اب تو نیند آ جائے گی نہ...بلکل...کہتے ہوئے عادی نے آنکھیں بند کر لیں... صبح مشی کی آنکھ کھلی تو اسے شرارت سوجھی...ماہی بھی جاگ رہی تھی مشی نے ماہی کو عادی کے سینے پر بٹھا دیا اور وہ اس کے منہ پر چڑھ گئ... عادی کی فوراً آنکھ کھل گئ... مشی اسے چھوڑ کر غائب ہو گی تھی... عادی منہ بناتا اسے دیکھنے لگا... ماما جیسی آپ بھی گندی بچی بن گئ ہو... یار مشی؟؟ عادی نے اسے آواز دی... جی مشی کی جان... مشی مسکراتی ہوئ اسی کے انداز میں بولی...عادی اسے گھورنے لگا... میں نے بولا تھا مجھے جگانا نہیں... ماتھے پر بل ڈالتے ہوئے بولا... تو میں نے کب جگایا آپ کو... یہ اپنی آسیسٹینٹ کو جو چھوڑ گئیں میرے اوپر

گن گن کر مجھ سے بدلے لے رہی ہے... عادی معصومیت سے بولا... اچھی بات ہے اپنی ماما کے سارے بدلے لینا ماہی... مشی اس کا منہ تھپتھپاتی باہر چلی گئ... اور عادی پہلے غصے سے پھر پیار سے اسے دیکھنے لگا اسے بیڈ پر لٹایا اور تو ماہی نے اس کی انگلی پکڑ لی... عادی نے مسکراتے ہوئے اس کے ہاتھ پر بوسہ دیا... سونو ابھی تک سو رہا تھا اس لیے عادی آرام سے اس کے ساتھ کھیلنے میں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مشغول ہو گیا... مشی روم میں آئ تو دیکھا ماہی عادی کے سینے پر لیٹی سو رہی...واہ آپ کے پاس تو بہت جلدی سو جاتی... مشی کب بورڈ سے ان کے کپڑے نکالتے ہوئے بولی... آپ کو تو کچھ آتا ہی نہیں ہے مجھ سے سیکھیں... ہائے میں صدقے جاؤں ان دو مہینوں سے تو آپ سنبھال رہے ہیں نہ دونوں کو... عادی ہنسنے لگا اور ماہی کو کٹا کر اس کے پاس آگیا اور پیچھے سے مشی کو ہگ کر لیا... ابھی اس نے اپنے ہونٹ مشی کی گال پر رکھے ہی تھے کہ سونو اٹھ کر ان دونوں کو دیکھنے لگا... مشی نے ہنستے ہوئے منہ پر ہاتھ رکھ لیا...عادی بھی ہنسنے لگا اور مشی کو اپنی گرفت سے آزاد کرتا سونو کے سامنے آ گیا... یار پانچ منٹ اور سو جاتے تو کیا ہو جاتا... عادی بے چارگی سے بولنے لگا... اگر یہ سو جاتے تو ان کے بابا جانی کو موقع مل جاتا رومینس جھاڑنے کا مشی ان دونوں کے پاس آتی ہوئ بولی... سونو ہنسنے لگا... مشی مجھے لگتا ہے اسے سب سمجھ آتی ہے... بلکل آخر بیٹا کس کا ہے... میرا.. عادی ....اتراتا ہوا بولا...مشی اسے گھورتی نیچے چلی گئ مشی سارے کام کر کے اب سکون سے ان تینوں کے ساتھ بیٹھ گئ.... ان دونوں کی ایک بات اچھی تھی اور وہ یہ تھی کہ وہ زیادہ روتے نہیں تھے... مشی اور عادی نے ہر وقت ان سے باتیں کر کے انہیں باتیں کرنے کی عادت ڈال دی تھی...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

وقت پنکھ لگائے اڑ رہا تھا عادی زمین پر بیٹھا سونو کو چلانے کی کوشش کر رہا تھا اور اس نے قدم اٹھانے شروع کر دئیے... مشی جلدی آؤ..مشی بھاگتی ہوئ آی...کیا ہو گیا؟؟ اور سونو کو چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتے دیکھ کر خوش ہو گئ.... آاا میرے بے بی چلنا سٹارٹ کر دیا... وہ نیچے بیٹھ گیا تو نشی اسے اٹھاتے ہوئے بولی... بلکل اور یہ کام میں نے کیا ہے... عادی مسرور سا بولا... اور اس کام میں آپ نے بیت بار گرایا بھی ہو گا رائٹ... مشی اسے فوکس میں لیتی ہوئ بولی... زیادہ نہیں یہی یہی کوئ پندرہ بیس بار... کہتے ہوئے عادی سر کھجانے لگا... یہ ابھی بس ہے.. مشی حیرت سے اسے دیکھنے لگی... اب دیکھو وہ چلنے بھی تو لگ گیا ہے نہ...مشی ناک چڑھاتی اسے لے کر چلی گئ... یار ماہی کو تو دے جاؤ... عادی منہ بناتے ہوئے بولا... عادی ماہی کو مشی سے لے کر بیڈ پر آ گیا... ماہی بولو بابا... ماہی بار بار با کرتی اور اسے دیکھنے لگ جاتی... دو گھنٹے وہ اسے سکھاتا رہا لیکن وہ با سے آگے نہیں گئ... میری ماں بابا ہورا کرو گی تو آگے بھی سکھاؤں گا نہ.. عادی ہاتھ سے اشارے کرتا ہوا بولا... وہ ہنسنے لگی... اور عادی کے سینے پر لیٹ گئ... عادی نے اس کے سر پر بوسہ دیا... وہ زیادہ تر عادی کے پاس ہی سو جاتی اب بھی خود ہی سو گئ... مشی روم میں آئ...تو اسے عادی کے سینے سے اٹھا کر بیڈ پر لٹا دیا...سونو بھی سو چکا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دونوں کو ایک ساتھ لٹا دیا اس نے اور خود عادی کے پاس آ گئ... شکر میرے لیے بھی ٹائم نکالا آپ نے... مشی مسکراتی ہوئ اس کے سینے سے لگ گئ... کہاں سے نکال کر لاتے ہیں ٹائم بتا دیں میں بھی اس باکس سے نکال لایا کروں گی... عادی مسکرانے لگا... باتیں تو بہت بنانے لگ گئ ہو... آپ ہی کی کمپنی کا اثر ہے.. عادی نے اس کے گرد اپنے بازو حمائل کر دئیے تو مشی نے آنکھیں بند کر لیں.. کچھ دیر میں وہ بھی سو چکی تھی عادی مسکراتے ہوئے اسے دیکھنے لگا... یہاں سب کو میرے پاس ہی نیند آتی سوچتا ہوا خود بھی آنکھیں بند کر گیا...

مشی کی آنکھ کھلی تو خود کو عادی کے سینے پر پایا... اووہ میں یہاں ہی سو گئ... اردگرد کا جائزن لیا تو سب سو رہے تھے... مشی مسکراتی ہوئ عادی کو دیکھنے لگی جب سے ماہی اور سونو آئے تھے ان دونوں کو بہت کم وقت ملتا تھا ایک دوسرے کے لیے... چھ ماہ مزید گزر چکے تھے وہ دونوں آٹھ ماہ کے ہو چکے تھے... مشی عادی پر جھکی اور اس کے گال پر اپنے ہونٹ رکھ دئیے... عادی مسکرانے لگا... آج بھی وہ مشی کے پاس آتے ہی جاگ جاتا تھا... مشی مسکراتی ہوئ پیچھے کو ہوئ.عادی نے اسے دیکھا اور پھر سے آنکھیں موند لیں...

****

سونو سو رہا تھا عادی ماہی کو لے کر زمین ہر لیٹ گیا... وہ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کبھی اس کے منہ ہر چڑھتی تو کبھی اس کے سینے پر... آج بھی وہ اسے بابا بولنے کا کہ رہا تھا... لیکن مشی نے اسے پہلے ہی نو سکھا دیا تھا اب بار بار وہ نو کہتی نفی میں سر ہلانے لگی...عادی چپ کر گیا تو وہ اس کے منہ ہر اپنا سر رکھ کر لیٹ گئ... بے بی بولو بابا... نو؟؟ عادی ہنسنے لگا.. مشی دروازے میں کھڑی دونوں کو دیکھ رہی تھی... ویری گڈ ماہی...کہتی ہوئ وہیں بیٹھ گئ... اب آپ دیکھیے گا ماہی بولو ماما؟؟؟

ماما وہ بلکل سہی بولی... مشی مسکرانے ککگی اور عادی نے منہ بنا لیا... میں نہیں بولتا آپ سے ہر وقت میرے ساتھ رہتیں اور پہلے ماما بولنے لگ گئ.... مشی ہنسنے لگی... اچھا عادی اب دمیہ دیکھیں... ماہی ایسے کرو. آاچھی... مشی نے سر اوپر کیا پھر نیچے کرتے ہوئے چھینک ماری... چھی ماہی سر اوپر سے نیچے کرتی ہوئ بولی... عادی ہنسنے لگا.... اچھا ماہی اب ماما کے پاری کریں.. مشی اس کے سامنے اپنا منہ کرتی ہوئ بولی... ماہی نے اپنا منہ اس کے گال پر رکھ دیا... مشی مسکرانے لگی... نینی کو بھی ویڈیو کال پر سب دکھا رہی تھی اب ماہی بولیں گیں نینی... ینی ماہی معصومیت سے بولی... نینی بھی ہنسنے لگی... یار پہلے ن تو لگوا دے سٹارٹ میں... شکر کر اتنا بول لیتی ورنہ اس کے بابا کو دیھ تھک گ ئے ہیں لیکن وہ بابا نہیں بولتی... ماہی عادی کی گود میں چلی گئ اور مشی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیمرہ سونو کی طرف لے گئ... یہ موصوف سوتے ہی رہتے ہیں جب بھی فون کر لو... ہاہاہاہا بس یار تمہیں پتہ تو ہے کہ وہ بلکل فٹ نہیں تو میں زیادہ اسے تھکنے نہیں دیتی سلا دیتی ہوں... مشی کی آواز بھرا گئ...کوئ بات نہیں مشی اللہ نے تمہیں اتنے پیارے پیارے بچے دئیے ہیں اداس مت ہوا کرو ٹھیک ہو جائے گا وہ... مشی مسکرانے لگی... تم کب چکر لگاؤں گی مشی؟؟ بس یہی سوال مشی کہتی تھی کوئ نہ ہوچھے... ابھی تو دیکھ لو دونوں کے ساتھ مصروف رہتی ہوں... یار مشی جب ارادہ کرو گی تو کوئ مصروفیت نہیں رہے گی بس ویڈیو کال پر ہی دکھاتی رہتی ہو... اچھا میری ماں جلد آئیں گے ہم... اب جلدی ہی آنا یہ نہ ہو کہ جب تک آؤ تو چار سے پانچ ہو جاؤ... مشی ہسننے لگی... اچھا میں بعد میں بات کرتی ہوں تم سے... کہ کر اس نے کال کٹ کر دی... عادی اسے افسوس سے دیکھنے لگا ...آج بھی وہ وہیں کھڑی تھی

****

آج سونو اپنی دادو کے گھر گیا تھا... عادی ڈیڈ کی طبیعت کیسی ہے اب؟؟ بس مشی ویسے ہی ہے پہلے تو ہارٹ کا مسئلہ تھا اور اب کینسر بھی ڈائیگونوس ہو گیا ہے...مشی اووہ کر کے رہ گئ... کیسے ہوا مطلب ؟؟ وہ بھی میری طرح تھے عادی نے انگلی سے سموکنگ کا اشارہ کیا... جیسے آپ پہلے چرسی ہوا کرتے تھے... جی ہاں چرسی...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

عادی ہسنتے ہوئے بولا... عادی وہ چینج نہیں ہوئے اتنا بیمار رہنے کے بعد بھی؟؟

مشی کچھ لوگوں کو کبھی پچھتاوے نہیں گھیرتے ڈیڈ بھی ان میں سے ہیں... اور میرے لحاظ سے وہ لوگ خوش نصیب ہوتے ہیں جن کو پچھتاوے مل جائیں کم از کم آپ ماعافی تو مانگ لیتے ہی. کچھ ایسے ہوتے جو ساری زندگی خود فریبی میں گزار دیتے اور خود کو معاف بھی نہیں کروا پاتے... مشی افسوس سے اسے دیکھنے لگی... لیکن میں نے اور ماما نے انہیں معاف کر دیا ہے چاہے وہ جیسے بھی تھے ہم سے پیار کرتے تھے اور ابھی بھی کرتے ہیں بس ان میں احساس نہیں تھا اب ہر انسان تو پرفیکٹ نہیں ہوتا نہ... مشی اثبات میں سر ہلاتی اس کے ہاتھ ہر اپنا ہاتھ رکھ دیا... اللہ پاک ان کی مدد کریں... آمین..عادی ساتھ ہی بولا... ...اچھا چلو اب چلنا نہیں ہے

مشی شیشے کے سامنے کھڑی ہو کر حجاب لینے لگی تو عاسی ماہی کو لے کر اس کے ساتھ کھڑا ہو گیا... مشی نے موبائل اٹھایا اور پک بنانے لگی... عادی نے اس کے سر پر بوسہ دیا... مشی مسکراتی ہوئ چلنے لگی... وہ دونوں یونہی کرتے جب کبھی ماہی دادو گھر جاتی تو وہ سونو کو لے کر باہر آ جاتے اور جب سونو جاتا تو ماہی کو لے جاتے... گاڑی میں بیٹھتے ہی عادی ماہی کو وارن کرنے لگا... ماہی اگر آپ نے آج تنگ کیا تو نیکسٹ ٹائم بابا جانی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ کو نہیں کے کر جائیں گے... آاامشی نے ماہی کو اپنے ساتھ لگا لیا... میری چھوٹی سی جان کو ڈانٹتے ہوئے شرم نہیں آتی آپ کو.. بلکل بھی نہیں... جی میں تو بھول ہی گئ تھی وہ تو آپ بیچ کر کھا چکے ہیں نہ... عادی مسمراتے ہوئے گاڑی سٹارٹ کرنے لگا... ایک دو جگہ سے گھوم کر وہ دونوں مال میں آ گۓ... مشی کو ان دونوں کے لیے کپڑے لینے تھے... عادی ماہی کو لیے گھوم رہا تھا... مشی اسے گھورتی ہوئ آئ.. آپ یہاں گھومنے نہیں آۓ میرے ساتھ شاپنگ کریں... یار مجھے کیا پتہ شاپنگ کا آپ خود ہی لے لو کہ کر عادی نے مشی کو فون دیا ایک پیاری سے پکچر لیں ہماری... مشی نے یہاں بھی شیشے میں ہی لے لی تینوں کو. .اور خود جا کر شاپنگ کرنے لگی... رات گۓ وہ دونوں گھر آۓ.. مشی گاڑی سے اترتی بولنے لگی... اب جا کر سونو کو لے آئیں.. اووکے میڈم کچھ اور.. مشی نفی میں سر ہلاتی اندر چلی گئ...

مشی ماہی کو سلا چکی تھی اب وہ عادی کا انتظار کرنے لگی... جیسے ہی عادی آیا مشی نے سونو کو پکڑ لیا... ماما کی جان مس کیا آپ نے ماما کو؟؟؟ مشی بیڈ پر بیٹھتی بولنے لگی.. اور وہ اپنی ہی زبان میں فارسی مارنے لگا... مشی مسکراتی ہوئ لیٹ گئ...مشی کے پاس آتے ہی وہ سو گیا... مشی نے اس کے سر پر بوسہ دیا...اور اسے پکڑے دیکھتی رہی... مشی کو ماہی سے زیادہ سونو کی فکر رہتی تھی...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ندا آپی کی کال آئ تو مشی ہینڈ فری لگائے ان سے بات کرنے لگی... ندا آپی کا بیٹا تھا... واہ ماشاءاللہ...سونو نے بھی چلنا شروع کر دیا ہے.. عادی جو ٹریننگ دیتے تھے... مشی اس سے باتوں میں مگن تھی کہ اسے پتہ ہی نہیں چلا کب عادی آیا اور سو گیا... مشی نے کال بند کر کے لائٹ .....آف کر دی اور سو گئ

****

سونو پلیز ماما کی بات مان لیں... مشی اس کی منتیں کر رہی تھی اور وہ نو کرتا اِدھر سے اُدھر بھاگ رہا تھا... اب وہ لاؤنج میں کھڑا تھا ہاتھ میں جوس کا گلاس تھا... میری جان اس کو بیٹھ کر پی لیں ماما ٹچ بھی نہیں کریں گیں... سونو نے گلاس پیچھے کر لیا... اف مشی سر تھام کر کھڑی ہو گی اب کیا کرے... اتنے میں عادی دروازہ کھول کر اندر آیا.. عادی پلیز آپ اسے کہیں کہ یہ بیٹھ کر پی لے کب سے بھاگ رہا ہے اور مجھے بھگا رہا ہے مشی اسے گھورتے ہوئے بولی...عادی گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا اور سونو کے کان میں بولنے لگا... بے بی یہ جوس ماما پر گرا دو... سونو بھی شرارت سے مشی کو دیکھنے لگا... مشی سن چکی تھی... سونو اگر آپ نے ایسا کیا نہ تو ماما بہت برا پیش آئیں گیں... اور عادی آپ میں کیا کہ رہی ہوں اور آپ کیا مشورہ دے..... مشی کی بات منہ میں رہ گئ اور سونو اس کے منہ پر جوس پھینکتا گلاس پیچھے گرایا اور اوپر بھاگ گیا..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مشی عادی کو گھورنے لگی اور سیدھی ہوئ اور گھٹنوں پر ہاتھ رکھے کھڑی تھی پہلے... میری جان آپ نے بھی تو مجھ پے اتنا کچھ گرایا اب میری ٹیم ہے آپ سے بدلہ لینے کے لیے عادی کہتا اس کا منہ تھپتھپایا زینے چڑھنے لگا... آپ کو تو میں صبح دیکھوں گی مشی سوچتی ہوئ اوپر چلی ....گئ

صبح مشی نے ڈھنڈے پانی کی باسکٹ لی اور عادی کے اوپر گرا دی... آج کل سردی بھی بہت تھی... عادی ہڑبڑا کر اٹھ گیا... مشی پاگل ہو گئ ہو کیا ایسے کون کرتا ہے... کل جو آپ نے کیا یہ اس کا بدلہ... مشی ہاتھ جھاڑتی ہوئ بولی... عادی اسے گھورنے لگا... مشی بچوں کو پہلے ہی بیڈ سے اٹھا چکی تھی... سونو زمین پر بیٹھا بلاکس کے ساتھ کھیل رہا تھا عادی چینج کر کے اس کے ساتھ کھیلنے لگا.. ابھی یونی جانے میں کافی ٹائم تھا..ماہی مشی کے ساتھ کچن میں تھی... مشی اندر آ گئ ماہی کو بیڈ پر بٹھایا اور اس کے کپڑے چینج کرنے لگی... مشی یہ دیکھوں زرا... عادی سونو کو لیے صوفے کے پاس تھا... مشی نے سر اٹھا کر دیکھا...عادی نے صوفے پر سر رکھ کر سائیڈ ہر ہاتھ رکھ لیے تو سونو بھی اسے دیکھ کر ویسے ہی کرنے لگا... مشی ان کو دیکھ کر مسکرانے لگی... سونو بابا جانی کو بتائیں اللہ جی کہاں رہتے ہیں... سونو انگلی سے اشارہ کرتا اوپر دیکھنے لگا... آپ کو پتہ ہے عادی ماہی نے آج بابا بولا وہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھی پورا...سچ میں؟؟ جی جی بلکل...عادی اسے لے کر واش روم می گھس گیا... مشی کو پتہ تھا وہ کوئ الٹی سیدھی حرکت کرے گا... مشی سونو کو دیکھتی اس کے پیچھے آ گئ... تو عادی اپنا برش منہ میں ڈالے ماہی کو برش کروا رہا تھا..اللہ مجھے پتہ تھا آپ کچھ الٹا ہی کریں گے.. مشی ماہی کو اٹھاتی اس کا منہ دھلانے لگی... ابھی وہ چھوٹی ہے دو دانت نکلے ہیں اور آپ برش کروانے لگ گۓ ہیں... عادی مسکرانے لگا...

****

عادی گھر آیا تو ماما آئ ہوئیں تھیں... وہ لاؤنج میں ہی بیٹھ گیا... تم دونوں تو آتے نہیں میں نے سوچا خود ہی چلی جاؤں... ماما آپ کو پتہ تو ہے اس گھر میں دو نہیں تین بچے ہیں مشی عادی کو دیکھتی ہوئ بولی... عادی سمیت ماما بھی ہنسنے لگیں... ان سے زیادہ تو یہ تنگ کرتے ہیں... ماہی اور سونو نیچے بیٹھے کھیل رہے تھے. ماما ماہی کو لے کر چلی گئیں تو عادی سونو کو لے کر روم میں آ گیا... مشی کافی بنانے چلی گئ.... عادی نے سونو کو سامنے بٹھایا تو وہ اس کے بال خراب کرنے لگا... اپنی ماما ہر گیا ہے عادی سوچتے ہوئے مسکرانے لگا... عادی اسے گدگدانے لگا تو وہ زور سے ہنسنے لگا... مشی کافی لے کر آئ تو دیکھا عادی سونو کو الٹا کیے کھڑے تھے اور دونوں باپ بیٹے ہنس رہے تھے... مشی صدمے سے اسے آواز

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیتی آگے بڑھی... عادی نے جلدی سے اسے سیدھا کیا... ایک منٹ میں غائب ہو جاؤں نہ تو آپ شروع ہو جایا کریں.... مشی خفگی سے بولی... یار دیکھو کتنا اینجوائے کرتا ہے ہیں نہ سونو... وہ بھی اثبات میں سر ہلانے لگا.. مشی اسے گھورنے لگی بابا جانی کے ساتھ مل کر خود بھی ان کے جیسے ہو جاتے... عادی سونو کو اپنے ساتھ لگاتے ہوئے ہنسنے لگا.عادی نے کافی پی کر اسے اپنے سر پر بٹھا لیا تو مشی پکچر لینے لگی... سونو نیچے اترتا دوسرے روم میں چلا گیا اور بلاکس کے ساتھ کھیلنے لگا... عادی نے مشی کو خود سے قریب کر لیا اور اس کے بال سنوارنے لگا... مشی بغور اسے دیکھ رہی تھی

عادی نے مشی کے سر پر ہاتھ رکھ کر اس کو خود سے قریب کر لیا... مشی نے اس کے منہ پر ہاتھ رکھ کر ہولے سے عادی کے ہونٹوں پر اپنے ہونٹ رکھ دئیے... اسی وقت سونو بولا.... ماماجانی... مشی نے سر جھکا لیا... عادی مسکراتے ہوئے اسے دیکھنے لگا جو دروازے کے بیچ و بیچ کھڑا تھا... سونو اپنی آئیز ہر ہینڈ رکھو جلدی سے... سونو نے باپ کی پیروی کی اور آنکھوں ہر ہاتھ رکھ لیے... مشی مسکراتی ہوئ اس کے کندھے ہر مکہ مارتی پیچھے ہوگئ.عادی بھی ہنسنے لگا....آ جاؤ بھئ اب کیا فائدہ.. عادی نے اسے اٹھاتے ہوئے بولا...

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

مشی صوفے پر بیٹھ کر نینی سے بات کرنے لگی اور عادی سونو کو لے کر بیڈ پر بیٹھ گیا.. مشی نے کافی دیر بعد بھی دیکھا تو عادی چپ چاپ بیٹھا تھا... مشی کو تجسس ہوا کہ آخر چپ چاپ وہ کر کیا رہا ہے... مشی اٹھی اور اس کے سر پر جا کھڑی ہوئ... جب نظر سونو پر پڑی تو اس کی ہنسی نکل گئ... عادی یہ کیا ہے... مشی منہ پر ہاتھ رکھے اسے دیکھنے لگی... عادی نے ہنستے ہوئے مشی کی جانب دیکھا اور گویا ہوا... آپ کی آئ سائیڈ لگتا ہے ویک نہیں ایکسپائر ہو گئ ہے جو آپ کو نظر نہیں آ رہا... عادی نے سونو کو اپنی شرٹ اور کوٹ پہنا کر لٹایا ہوا تھا... اچھا اب یہ سب ٹھیک کریں اور پھر میری بات سنیں... عادی جلدی سے سونو کو پہلے والے حلیے میں لایا... جی سنائیں اب... عادی ہم ان دونوں کی برتھ ڈے پاکستان جا کر کریں گے... ایک منٹ مشی آپ نے پاکستان کہا ہے..

عادی کو لگا شاید غلط سن لیا... جی پاکستان... اب کیا ہوا ایک دم آپ کو جو ارادہ بدل لیا؟؟؟ عادی نینی کو کوئ مسئلہ در پیش ہے میں نے اس سے پوچھنا چاہا لیکن اس نے کہا کہ میں پاکستان آؤں پھر وہ بتائے گی اب میں نینی کو اس کنڈیشن میں انکار نہیں کر سکتی ویسے بھی مجھے سب کی بہت یاد آ رہی ہے...

شکر ہے آپ کو بھی رحم آیا پتہ ہے سب مجھے کتنا کہتے ہیں کہ ایک چکر لگا جاؤں یہ بیچارے ننھے منھے ایک

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک سال کے ہو گئے ہیں اور انہوں نے انہیں ایک بار گود میں بھی اٹھا کر نہیں دیکھا...

جانتی ہوں مشی کا سر جھکا ہوا تھا اور آپ ماما اور ڈیڈ کو بھی بولیں کہ وہ بھی ہمارے ساتھ چلیں بس بہت رہ لیا سب سے دور اب آپ بھی اپنا پیک اپ کر لیں یہاں سے ہم پرمنینٹ پاکستان شفٹ ہو جائیں گے...

آر یو شیور مشی؟؟ یس عادی... کچھ ہی دن ہیں ان کی برتھ ڈے میں اب آپ جلدی جلدی اپنے سارے کام کر لیجیے گا... اووکے میری جان... عادی سونو کو اچھالتے ہوئے بولا... یہ کھلونا نہیں ہے جسے آپ اِدھر اُدھر اچھالتے رہتے ہیں... مشی خفگی سے بولی.. عادی نے ہنسنے پر اکتفا کیا... کل آپ جلدی سو گئے تھے... جی...

کیوں؟؟

کیوں کا کیا مطلب ہوا بھلا؟؟

آپ کے پیچھے کوئ تھا جو اتنی جلدی سو گئے مجھے آپ سے یہی بات کرنی تھی... جی میرے پیچھے کتے لگے تھے... مشی ہنسنے لگی... وہ کیوں؟؟

کہتے مشی کو بلا دو...

مشی کو کیا کرنا تھا انہوں نے مشی بھی اس کی بے تکی باتوں سے لطف لے رہی تھی... آپ ان کی ہڈی لے کر بھاگی تھی نہ... عادی اسے تفشیش سے دیکھتا ہوا بولا... مشی کے قہقہے بلند ہو گئے... عادی بھی ہنسنے لگا....

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

****

عادی ایکسرسائز کر رہا تھا مشی جمائ روکتی نیچے آئ اور ماہی کو اس کے پاس چھوڑ گئ... عادی یہ تنگ کر رہی ہے کہتی ہوئ اوپر چلی گئ.... رات ڈرائیور ماہی کو چھوڑ گیا تھا....

ماما کو تنگ کر رہی ہے میری ڈول... عادی اس کے سر پر لگا ہئیر بینڈ ٹھیک کرتے ہوئے بولا... نو بابا جانی... وہ نفی میں سر ہلاتی بولی... چلیں پھر بابا جانی کے ساتھ ایکسرسائز کریں عادی مسکراتے ہوئے بولا... عادی نے اسے

پش اپس لگانے والی پوزیشن میں لٹا دیا اور خود پش اپس لگانے لگا.. وہ اسی پوزیشن میں عادی کو دیکھنے لگی...عادی جیسے کرتا جاتا وہ بھی اس کی نقل کرنے لگتی... اب عادی

ڈمبلز اٹھانے لگا... وہ اس کے پاس آئ بابا جانی ہاتھ آگے کرتے ہوئے بولی... عادی ہنسنے لگا.. اور نیچے رکھ دیا... ماہی اس پر ہاتھ رکھ کر کھڑی ہو گئ.... عادی ہنستے ہوئے اسے اٹھا کر اوپر لے گیا...

****

مشی پیکنگ کر رہی تھی... عادی نے ماما اور ڈیڈ کو بھی منا لیا تھا... رات میں ان کی فلائٹ تھی... مشی پیکنگ کر کے ماہی اور سونو کو تیار کرنے لگی اتنے میں مام اور ڈیڈ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھی آ گئے... اور تھوڑی دیر میں وہ لوگ ائیر پورٹ پر بیٹھے تھے...
آج مشی کے دل میں ڈر نہیں تھا وہ ہر ڈر اپنے دل سے نکال کر آئ تھی... وہ لوگ پاکستان پہنچ چکے تھے عادی نے ڈرائیور کو کال کر دی تھی جو پہلے سے ہی ان کا منتظر کھڑا تھا...
مشی نے نقاب کر رکھا تھا... ان کی آمد کی اطلاع کسی کو بھی نہیں دی گئ تھی دو دن بعد ماہی اور سونو کی برتھ ڈے پر ہی وہ سب کو سرپرائز دینا چاہتے تھے.... گھر آنے کے بعد ہی مشی نے نینی کو فون کر کے بتا دیا کہ وہ پاکستان آ گئ ہے... نینی خوشی سے نحال ہو گئ... اور اگلے دو گھنٹے میں اس کے پاس موجود تھی... حال احوال کے بعد مشی بولی.. نینی اب بتاؤ مجھے کیا مسئلہ ہوا ہے؟؟؟
وہ مشی دراصل نینی ہاتھ مسلنے لگی... نینی تمہیں مجھ سے کچھ بھی شئیر کرنے کے لیے سوچنے کی ضرورت نہیں ہے سو ٹل می ایوری تھینگ...
مشی سعد سمگلنگ کرنے لگ گیا ہے..
واٹ؟؟ مشی کو حیرت کا جھٹکا لگا... نینی کے آنسو گرنا شروع ہو گئے... مشی نے اسے اپنے ساتھ لگا لیا... تم فکر مت کرو نینی ہم آگئے ہیں نہ دیکھنا عادی کیسے سیدھا کرتے ہیں سعد کو.. لیکن مجھے بتاؤ یہ سب کیسے شروع ہوا.. مشی میں سعد کو کہتی تھی کہ سموکنگ چھوڑ دو وہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تنگ آ گیا میری اس بات سے اور اس نے گھر میں سموکنگ کرنا چھوڑ دی... نہ جانے کہاں کہاں جاتا تھا کیسے لوگوں کے ساتھ بیٹھتا تھا... نینی سے دکھ کے باعث بولا نہیں جا رہا تھا مشی نے اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھ کر تسلی دی... پچھلے کچھ ٹائم سے سعد کا باس سے جھگڑا چل رہا تھا پتہ نہیں اب وجہ کیا تھی کس کی غلطی تھی لیکن وہ پریشان رہتا تھا جاب کو لے کر...اسی ٹینشن سے ریلیف کے لیے وہ سموکنگ کرنے گھر سے باہر چلا جاتا رات دیر تک باہر ہی رہتا... اور کچھ دن پہلے مجھے پتہ چلا کہ وہ سمگلنگ میں ملوث ہو چکا ہے... مشی میں اتنی تکلیف میں ہوں کہ تمہیں کیا بتاؤں ایک کرمنل کے ساتھ رہنا میرے لیے کسی عذاب سے کم نہیں.. میرا سانس بند ہوتا ہے وہاں... نینی ہاتھوں میں چہرہ چھپائے پھوٹ پھوٹ کر رو دی.... مشی کی بھی آنکھیں برس رہیں تھیں.. تم اب ٹینشن مت لو دیکھنا سب ٹھیک ہو جائے گا میں آج ہی عادی سے بات کروں گی اور تم یہاں میرے گھر ہی رہو گی فلحال خود کو دیکھو زرا کیسے کمزور ہو گئ ہو...مشی کو تکلیف ہو رہی تھی نینی کو اس حال میں دیکھ کر اسی لیے وہ پچھلے کچھ دنوں سے ویڈیو کال نہیں کر رہی تھی... اب تم آرام سے سو جاؤ ریلیکس ہو کر عادی سعد سے بات کر لیں گے... مشی کمرے کی لائٹ آف کرتی باہر نکل آئ.. انگلی سے آنکھ کا گوشہ صاف کیا اور اپنے روم میں آ گئ... کہاں تھیں آپ کب سے ویٹ کر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

رہا ہوں میں... وہ میں نینی کے ساتھ تھی... عادی نے اثبات میں سر ہلا دیا... مشی اس کے سامنے بیٹھ گئ.آپ نے سب کو کالز کر دی؟؟

جی سب کو کر دیں ہیں ڈونٹ وری... وہ دونوں کہاں ہیں کب سے نظر نہیں آ رہے...

اپنی دادو کے پاس ہیں.. عادی مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہے...

ہاں تو کریں میں سن رہا ہوں... مشی کو سمجھ نہیں آ رہی تھی کہا سے شروع کرے... کوئ مسئلہ ہے کیا مشی؟؟

جی... بتائیں پھر مجھے...

اب وہ پہلے سے زیادہ متوجہ ہو گیا...

عادی وہ سعد سمگلنگ میں انوالو ہو گیا ہے... آر یو ان سینسز مشی؟؟

عادی کو لگا مشی کا دماغ خراب ہو گیا ہے... یہ کیسے پوسیبل ہو سکتا ہے...

آپ کو میری بات پر نہیں یقین عادی... مشی افسوس سے اسے دیکھنے لگی...

میرا وہ مطلب نہیں تھا مشی آئ مین آپ کو شاید کوئ غلط فہمی ہو گئ ہو...

نینی ٹولڈ میں ڈیٹ... عادی خاموش ہو گیا... مشی نے اسے سادی بات بتائ.. عادی سوچتے ہوئے اثبات میں سر ہلانے لگا... آپ لوگ ٹینشن مت لو میں خود اسے سنبھال لوں گا...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں بچوں کو لے کر آتی ہوں... مشی کہتی اٹھ گئ.... عادی سعد کے بارے میں سوچنے لگا اور فون ملانے لگا... ہیلو ہاں یار ایک کام ہے میں ایک بندے کا بتاتا ہوں مجھے خفیہ طور پر اس کی ساری ڈیٹیلز چاہئیے جتنی جلدی ممکن ہو اووکے تھینک یو.. عادی مطمئن سا ہو کر بیڈ کراؤن سے ٹیک لگا کر بیٹھ گیا... مشی دونوں کا ہاتھ پکڑتی اندر آئ... ماہی بھاگتی عادی کی گود میں آ گئ جبکہ سونو اور مشی دونوں رو رہے تھے... عادی اسے بیڈ پر بٹھاتا اٹھا... کیا ہوا آپ دونوں رو کیوں رہے ہو؟؟

مشی سونو کو بیڈ پر بٹھا کر فسٹ ایڈ باکس اٹھا لائ... عادی زمین پر بیٹھ گیا... مشی چوٹ اس کے لگی ہے تو آپ کیوں رو رہی ہو...

مشی اسے گھور کر اپنے کام میں مصروف ہو گئ... عادی نے سونو کے انسو صاف کیے آپ تو بابا کے بریو بیٹے ہو نہ پھر روتے نہیں ہیں... سونو ساتھ ہی چپ کر گیا... باپ کی بات تو ایک منٹ میں مان جاتا..

اب ماما آپ سے بات نہیں کریں گیں جائیں... مشی اس کی بینڈج کرتی ہوئ بولی... سونو نے اس کی گردن میں بازو ڈال لیے سوری ماما... کوئ سوری نہیں... مشی خفگی سے بولی... سونو اس کے آنسو صاف کرنے لگا...

پرامس ماما نہیں کروں گا... عادی نے اسے آنکھوں سے اشارہ کیا... اور مشی اووکے کہتی اٹھ گئ... جب وہ سو گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو مشی عادی کی جانب متوجہ ہوئ... عادی آپ نے ڈاکڑ سے اچھے سے پوچھا تھا نہ... جی میری جان آپ کیوں اتنی ٹینشن لیتی ہو.. ڈاکڑ نے پہلے سونو کا سار چیک اپ کیا پھر مجھے کہا کہ ہم جا سکتے ہیں بس میڈیسنس ٹائم پر دینی ہے... مشی کے آنسو پھر سے نکل آئے...

میری جان نکل گئ تھی ابھی.. بچہ ہے اور بچوں کو چوٹ لگ جاتی ہے اس میں رونے والی کیا بات آئ نو کہ آپ کو خود سے زیادہ اس کی فکر ہوتی ہے لیکن کبھی اِدھر بھی دیکھ لیا کریں ہماری فکر کون کرے گا... مشی مسکراتی ہوئ اسے دیکھنے لگی.. میں کروں گی اور کون کرے گا... اچھا مجھے لگا شاید میری وہ کزن کرے گی...

نظر بھی آئ نہ آپ کے آس پاس چھوڑوں گی نہیں میں اسے..... مشی کو پہلے کا بھی غصہ تھا ابھی تک..

عادی ہنسنے لگا... ویسے عادی سونو آپ کی بات فوراً کیسے مان لیتا ہے مطلب سارا دن تو میرے ساتھ رہتا ہے پھر؟؟ مشی اسے دیکھتی ہوئ پوچھنے لگی... وہ اس لیے کہ میں نے اسے رشوت دی ہوئ ہے.. عادی مسکراتے ہوئے بول رہا تھا.. مشی کے چہرے ہر بھی مسکراہٹ رینگ گئ... جب وہ آیا تھا نہ تب ہی میں نے ڈیل کر لی تھی اس کے ساتھ.. عادی بے شک میں تھوڑی سی پاگل ہوں لیکن اب اتنی بھی نہیں کہ آپ کی ایسی باتوں پر یقین کرلوں.. مشی مسکراتی ہوئ بول رہی تھی.. بس یہی مسکراہٹ تو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

عادی لانا چاہتا تھا.. چلیں پھر سو جائیں صبح بہت سارے کام ہیں.. عادی لائٹ آف کرتے ہوئے بولا... مشی نے بھی آنکھیں بند کر لیں.....

****

مسز حیدر اور میسم تو اگلے دن ہی لاہور آ گئے.. مشی ماما کے گلے لگ کر کافی دیر روتی رہی اس نے دوسروں کے ساتھ ساتھ خود کو بھی سزا میں رکھا تھا... میسم نے پہلے ہی مشی کو وارن کر دیا... اگر مجھ سے مل کر روئ تو میں نہیں ملوں گا...

مشی ناراض ناراض سی اسے دیکھتی اس کے گلے لگ گئ... بہت انتظر کروایا مشی... مجھے تو لگ رہا تھا اب تم اپنے بچوں کی شادی کرنے کے لیے ہی اب پاکستان آؤ گی...

سب مسکرانے لگے... سچ میں ایسا لگ رہا تھا دوسرے ملک نہیں دوسری دنیا میں بھیج دیا اور ڈوری مون کا گیجڈ خراب ہو گیا اس لیے واپسی ممکن نہیں...

میسم نے ماحول کو خاصا خشگوار بنا دیا سب خوش گپیوں میں مصروف تھے... اور ان کے دونوں بچے اپنی نانو اور ماموں کے ساتھ اتنے گھل مل گئے کہ سونو تو کہے ماموں کے ساتھ ہی سوؤں گا... مشی حیران ہوتی اسے دیکھنے لگی... پتہ نہیں سب اس پر کیا جادو کرتے ہیں....

یہ وہی جادو ہے مشی جو میں نے ماما پر کیا تھا... میسم اسے جلاتے ہوئے بولا.. وہاں تو چل گیا یہاں نہیں چلنے دوں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Nafrat se Shuru hone wali Muhabbat ki Dastaan| By Hamna Tanveer (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

...گی.. مشی ناک چڑھاتی ہوئ بولی
ہاہاہاہا جیلیس... مشی اسے جواب دئیے بغیر ہنستی ہوئ زینے چڑھنے لگی... آج مشی جلدی سو گئ کیونکہ کل برتھ ڈے کی سیلیبریشن کرنی تھی تو مشی نے ہی خود ہر چیز دیکھنی تھی....

****

صبح سے مشی اِدھر سے اُدھر بھاگ رہی تھی.. عادی کے کزنز بھی آ گۓ تھے مشی نقاب کیے سارے کام کر رہی تھی... ایسے ہی صبح سے رات ہو گئ....
مشی سونو کو تیار کر چکی تھی اور اب ماہی کو تیار کر رہی تھی... یہ کیا مشی اسے پنک کلر کا ڈریس پہناؤ وہ زیادہ اچھا لگے گا... آپ کو بہت پتہ ہے کہ کیا اچھا لگے گا... بلکل لڑکیوں پر پنک کلر ہی اچھا لگتا مجھ سے بہتر کون جان سکتا اتنے گفٹ جو دیتا تھا... عادی شرارتی مسکراہٹ لیے بولا...
مشی اسے گھورنے لگی... آپ کو پتہ ہے مشی کتنی لڑکیاں مجھ ہر مرتی تھیں...
اب مر گئیں ہیں نہ تو چھوڑ دیں ان کی جان مشی جل کر بولی... عادی کو لطف آ رہا تھا اسے تنگ کرنے میں..اور آپ کو تو میں بعد میں پوچھوں گی...
مشی کہتی کب بورڈ سے ماہی کی فراک لے آئ جو کہ پنک کلر کی ہی تھی... مشی کی بھی سیم ایسی ہی فراک تھی...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

عادی اور سونو کے ڈریس بھی سیم تھے دونوں نے وائٹ پینٹ کے ساتھ گرے کلر کی شرٹ اور اس پر جینز کی جیکٹ پہنی تھی... مشی دونوں کو باہر بھیجتی خود بیڈ پر بیٹھ گئ... عادی اس کے ساتھ آ کر بیٹھ گیا... ناراض ہو گئ ہو؟؟ بات مت کریں مجھ سے مشی نے منہ موڑ لیا...
عادی نے اسے پیچھے سے ہگ کر لی... سوری آپ کو پتہ ہے میں مذاق کر رہا تھا.. آئیندہ آپ ایسا مذاق بھی نہیں کریں گے... اووکے میری جان نہیں کروں گا ہیپی...
ہمم اب جلدی سے تیار ہو جائیں ورنہ میں خود تیار کرنے لگ جاؤں گا... مشی اس کے بازو پر مکہ جھڑتی اٹھ گئ اور چینجینگ روم میں چلی گئ...
رات پوری طرح اپنے پر پھیلا چکی تھی... گارڈن میں ہی انتظام کیا گیا تھا... پورا گارڈن لائٹس سے بھرا ہوا تھا... نیچے کارپٹ بچھے تھےایک طرف چھوٹا سا سٹیج بنایا گیا تھا.. تقریباً سب آچکے تھے.. جب ان کی فیملی باہر نکلی تو لائٹس آف کر دیں ساری اور ایک لاٹ ان چاروں کو فوکس میں لیے ہوئے تھی... مشی نقاب میں تھی ماہی کا ہاتھ پکڑے.. عادی نے سونو کا ہاتھ پکڑ رکھا تھا... بڑھی شیو اس پر نظر کی گلاسزز لگائے,گھنے سیان بالوں کو جیل لگا کر درمیان سے کھڑے کیے ہوئے تھے اور سائیڈ سے ہلکے کروا رکھے تھے.. عادی کی پرسنالٹی مزید گروم ہو گئ تھی ایک بار جس کی نظر اس پر پڑتی دوبارہ واپس جانے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے انکاری ہو جاتی وہ پہلے سے زیادہ ڈیشنگ لگ رہا تھا... بارہ بج چکے تھے انہوں نے آتے ہی کیک کٹ کیا... چاروں نے چھری پکڑی اور کٹ کیا...پھر عادی اور مشی نے ماہی اور سونو کو کیک کھلایا... ہلکی ہلکی روشنیاں چل رہیں تھیں.. ماحول میں خنکی سی تھی ایک سرور سا طاری ہوا پڑا تھا...

اس کے بعد مشی اور عادی کا سب سے ملنے ملانے کا دور شروع ہوا... زیادہ تر فیملی اور فرینڈز ہی تھے... تین بجے وہ لوگ فارغ ہوئے سب بہت خوش تھے اس تقریب سے گھر میں شادی والا ماحول بنا ہوا تھا.. مشی اور عادی کی طرح ان کی اولاد بھی سب کی لاڈلی بن گئ تھی... مشی روم میں آئ جہاں نینی,سعد اور عادی اس کے منتظر تھے... کیا ہوا؟؟ مشی نے آتے ہی استفسار کیا... سعد گھٹنوں کے بل نیچے بیٹھ گیا... آیم سوری نینی مجھے تمہارے ساتھ ایسا نہیں کرنا چائیے تھا پلیز مجھے معاف کر دو... مشی حیران ہوتی عادی کو دیکھنے لگی.. عادی نے مسکراتے ہوئے اسے خاموش رہنے کا اشارہ کیا... نینی نے اسے شانے سے تھام کر کھڑا کیا اور اس کے سینے سے لگ کر رونے لگی... مشی کی آنکھیں بھی نم ہو گئیں... سعد آئیندہ ایسا کرنے کا سوچنا بھی مت... کبھی نہیں نینی وہ اس کے بالوں پر ہاتھ پھیرتے ہوئے بولا... عادی نے بھی مشی کو اپنے ساتھ لگا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیا مشی نے اپنا سر اس کے شانے ہر رکھ دیا... تھینک یو عادی... سعد نینی کا ہاتھ پکڑے گویا ہوا... اٹس اووکے یار... سعد ہاتھ ہلاتا باہر نکل گیا.. مشی اس کے سامنے ہوئ مجھے بتائیں یہ سب کیا تھا.. مشی کو تجسس ہو رہا تھا... یہ آپ کے شوہر کا کارنامہ تھا...ہاؤ ٹل می قوویقلی... میں نے سعد کی ساری انفارمیشن نکلوائ پھر پیسے وغیرہ دے کر اسے وہاں سے باہر نکالا ماما کی کمپنی میں اسے مینیجر کیا جاب دے دی اور سب سیٹ ہو گیا ڈیٹس اٹ... عادی ہاتھ کھولتے ہوئے بولا.مشی مسکراتی ہوئ اسے دیکھنے لگی.... ایک بات لیکن نینی کو نہیں بتانی... کیا؟؟؟ سعد کا افئیر چل رہا تھا کسی کے ساتھ میں بھی سرپرائزڈ ہوں... مشی نے اثبات میں سر ہلا دیا.. اب آپ بتائیں زرا آپ کے کتنے افئیر چل رہے ہیں... میرے؟؟؟ عادی منہ ہر انگلی رکھے سوچنے لگا... یو-کے میں چار تھے اور یہاں آتے ہی دس اور ہو گۓ ہیں... عادی مسکراتے ہوئے بولا... مشی نے مسکراتے ہوئے اپنے بازو عادی کی پشت پر لپیٹ دئیے اور اس کے سینے سے لگ گئ.... کمال ہے نہ ایسا شوہر جو خود بتا رہا.بلکل اور زرا مجھے سب کے نمبر دیں صبح ان کی خیر نہیں... عادی ہنسنے لگا... فلحال تو میں ایک ہی چڑیل کے چنگل سے نکل نہیں پا رہا کسی اور کے چکر میں کہاں پھنسوں گا... مشی بھی مسکرانے لگی.. سونو نے ٹھاہ کر کے دروازہ کھولا...مشی جلدی سے عادی سے الگ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوئ... بیڈ ہوائے ناک کر کے روم میں آتے ہیں... عادی اسے اٹھاتے ہوئے بولا... سوری وہ کان پکڑے کہنے لگا... عادی .....اس کا منہ چومتا اندر آ گیا... مشی چینج کرنے چلی گئ

****

عادی مشی کو ہم اپنے ساتھ لے جا رہے ہیں کوئ اعتراض تو نہیں؟؟ مسز حیدر ہوچھنے لگیں... اب اعتراض ہو بھی تو کیا کر سکتے بھیجنا تو ہے ہی بس واپس جکدی بھیج دئجیے گا میری ساری فوج لے جا رہیں ہیں... ٹھیک ہے جلدی آ ...جائے گی واپس

مشی روم میں پیکنگ کر رہی تھی عادی بھی وہیں آ گیا... جا رہیں ہیں دروازہ بند کرتے ہوئے بولا... جی... مشی مصروف سے انداز میں بولی.نہ جاؤ مشی... عادی اس کا ہاتھ پکڑ کر بولا.. مشی اسے دیکھنے لگی... جلدی آ جاؤں گی.. مشی مسکراتی ہوئ بولی... خود بھی جا رہیں ہیں اور ان دونوں کو بھی ساتھ لے جا رہیں میں کیا کروں گا اکیلا... ایسا کرتی ہوں میں چکی جاتی ہوں آپ سونو اور ماہی کو رکھ لیں.. ایسا کرو ان کو بھیج دو اور خود میرے پاس رک جاؤ...عادی کے چہرے سے اداسی چھلک رہی تھی ابھی تو وہ گئ بھی نہیں تھی.. آپ بھی آ جائیں نہ پھر میرے ساتھ.. میں نہیں آ سکتا نہ... جلدی آ جاؤ گی نہ؟؟ عادی اس کی آنکھوں میں دیکھتا ہوا بولا... آج بھی وہ اس کی آنکھوں میں ڈوب گیا...مشی نے اس کے سامنے ہاتھ لہرایا... جب آپ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہیں گے آ جاؤ گی... عادی نے اس کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں لیا اور مشی کی پیشانی ہر مہر ثبت کر دی مشی نے آنکھیں بند کر لیں. ..مشی نے پاؤں اوپر کیے اور اپنے نازک ہونٹ اس کے چہرے ہر رکھ دئیے...عادی نے اس کی کمر پر بازو رکھ کر اسے خود میں سمیٹ لیا... مشی نے بھی بازو اس کی گردن میں حمائل کر لیے... کتنے ہی لمحے یونہی گزر گۓ... جب جب میں فون کروں گا فوراً بات کریں گیں اووکے... اووکے جناب اینی تھینگ ایلز؟؟؟ عادی نفی میں سر ہلاتا باہر چلا گیا اور مشی باقی کا سامان ...رکھنے لگی

****

مشی کو گۓ چار دن ہو گۓ تھے عادی کا ان سب کے بغیر بلکل بھی دل نہیں لگ رہا تھا حالانکہ مشی گھنٹوں اس سے ویڈیو کال پر بات کرتی لیکن پھر بھی ان کی کمی پوری نی ہوتی... عادی نے مشی کو کال کی... رات کے بارہ بج رہے تھے.. مشی نے پہلی رنگ پر اٹھا لیا... ابھی میں آپ ہی کو سوچ رہی تھی... پھر واپس آ جاؤ نہ.. بس کچھ دن اور آپ کو پتہ تو ہے نہ میسم بھائ کی شادی کی تیاری کر رہے... مشی میرا دل کر رہا ہے سموکنگ کرنے کو. خبردار عادی آپ یہاں آ جائیں لیکن ہاتھ بھی نہیں لگانا سیگرٹ کو.. مشی سختی سے بولی نہیں تو میں پرسوں تک آ جاتی ہوں.... عادی خاموش رہا... عادی؟؟ جی میری جان..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ کل آ جائیں مجھے لینے... عادی کے چہرے ہر مسکراہٹ آ گئ... اووکے کل پھر میں آ جاؤں گا آپ نے تیار رہنا ہے... ڈن... مشی مسکراتی ہوئ بولی.... ان دونوں کو ایک دوسرے کی کتنی عادت ہو گئ تھی یہ تو اب پتہ چلا تھا ...دونوں کو... مشی آنکھ صاف کرتی لیٹ گئ

****

مشی صبح میں ہی مارکیٹ کا چکر لگا آئ تاکہ عادی آئیں تو کوئ کام باقی نہ رہ جائے... مشی روم میں تھی جب عادی آیا... سب سے مل کر وہ اوپر آ گیا... مشی سونو سے باتیں کر رہی تھی جب سونو بول پڑا... بابا جانی... مشی نے مڑ کر دیکھا تو اس کا شریک حیات کھڑا تھا.. مشی مسکرانے لگی... عادی مشی کے ساتھ کھڑا ہو گیا... سونو اور ماہی دونوں کو باری باری اٹھایا اور ان کے چہرے پر بوسہ دیا...سونو کا منہ پیچھے تھا.. عادی نے آگے ہو کر مشی کے سر پر اپنے ہونٹ رکھ دئیے... مشی ماہی کو اٹھاتی اس کے ہمراہ نیچے آ گئ... ماما تو ابھی بھی اصرار کر رہیں تھیں کہ اتنی جلدی جا رہی ہو...لیکن مشی نے ان کو منا کے ....ہی دم لیا

****

میسم کی شادی پر مشی پھر سے ملتان آ گئ لیکن اب عادی بھی اس کے ساتھ تھا... مشی مہندی سے لے کر ولیمے تک ہر فنکشن اور ہر رسم میں آگے آگے رہی اپنے بھائ کی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

شادی پر بھی اس نے نقاب نہیں ہٹایا... بہت سے لوگوں نے اس پر باتیں کیں... کچھ نے تعریف کی تو کچھ نے تنقید لیکن اسے لوگوں کی باتوں سے فرق نہیں پڑتا تھا... فرق پڑتا تھا تو اللہ سے اور وہ خدا اس کا ارادہ اور نیت دونوں ہی بہت اچھے سے جانتا تھا... ماما اگر میں لوگوں کی پرواہ کرنے لگ گئ نہ تو پھر کچھ نہیں کر سکوں گی... مسز حیدر کو اچھا نہیں لگا جب انہوں نے مشی کے بارے میں برا سنا... لوگ تو کسی حال میں خوش نہیں ہوتے نہ ہی ہم سب کو خوش کر سکتے ہیں ماما کل کو ہم پر کوئ پریشانی کوئ مسئلہ آئے گا تو یہ لوگ ہمارے ساتھ نہیں کھڑے ہوں گے نہ ہی اتنی سکت رکھتے ہیں کہ ان کو حل کر سکیں... تب واحد اللہ کی ذات ہو گی ہمارے ساتھ تو ہمیں بھی صرف اللہ کی پرواہ کرنی چاہیے اس کی رضا کو اپنانا چاہیے جب وہ کسی دوسرے بندے کے لیے ہمیں نہیں چھوڑتا تو ہم کیوں ایسے لوگوں کے لیے اسے چھوڑ دیں جو ہمارا سب کچھ ہے ماما میں نے دنیا سے امید ختم کر دی ہے میرا جو بھی ہے سب کچھ اللہ ہی سے ہے... مشی بارات میں بھی سارا وقت میسم کے ساتھ ہی تھی... وہ کہتی تھی کہ اگر وہ لوگ جو غلط کر رہے ہیں وہ اتنے پراعتماد ہو کر چل سکتے ہیں تو پھر وہ صحیح ہو کر کیوں نہ پراعتماد ہو اسی لیے... وہ کسی بھی چیز میں پیچھے نہیں رہی

کچھ لوگ سوچتے ہیں کہ ہم پردہ کر کے اس طرح آگے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

آگے نہیں ہو سکتے کہ سب کے بیچ میں الگ لگیں گے.. حالانکہ ایسا نہیں ہونا چائیے پردہ کرنے کا یہ مطلب نہیں کہ آپ دنیا سے کٹ جائیں سب کے ساتھ سب کے بیچ میں رہیں اپنی پہچان کے ساتھ... یہ صرف سوچ ہوتی ہے کہ سب کے بیچ میں عجیب لگیں گے لیکن جب عادت بنا لیں تو کچھ بھی عجیب نہیں لگتا... کہتے ہیں وقت سب کو ملتا ہے زندگی بدلنے کے لیے لیکن زندگی نہیں ملتی دوبارہ وقت بدلنے کے لیے... جو لوگ اس دنیا سے چلے جاتے ہیں خواہش رکھتے ہیں کہ ایک بار واپس بھیج دیا جائے تاکہ اچھے اعمال جمع کر سکیں... آپ سب کے پاس وقت ہے اور زندگی بھی جو گزر گئ اسے بدل نہیں سکتے لیکن جو رہتی ہے اسے ضرور بہتر بنا سکتے ہیں یہ دنیا صرف ایک سراب اور دھوکہ ہے جس کے پیچھے انسان ساری زندگی بھاگتا ہے لیکن آخر میں ہاتھ میں کچھ نہیں آتا ساتھ میں وقت اور زندگی بھی گزر جاتی... یہاں کی آسائیشوں پر جنت کی آسائشوں کو ترجیح دیں جہاں جانے کے بعد موت نہیں آئے گی... اس دنیا کا تو سب یہی رہ جانا لیکن آخرت کا ہمیشہ رہے گا....

****

عادی منہ دھو کر واش روم سے نکلا تو مشی اسے دیکھ کر ہنسنے لگی... کیا ہوا؟؟عادی آپ نے برش کیا ہے؟؟ جی بلکل کیا ہے... ہاااا نہیں کرنا تھا... کیوں؟؟؟ میں نے آپ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے برش سے کمورڈ صاف کیا تھا... عادی منہ کے عجیب زاویے بناتا واش روم میں چلا گیا اور تھوکنے لگا... مشی ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو رہی تھی اور عادی کو لگ رہا تھا قہ آ جائے گی... مشی واش روم کے دروازے میں کھڑی ہو گئ...یہ جو آپ سونو کے ساتھ مجھ سے بدلے لینے کی پلاننگ کرتے ہیں نہ اس کی سزا ہے.. مشی سینے پر ہاتھ باندھے مسکراہٹ روکتی ہوئ بولی... مشی سچ سچ بتاؤ... عادی رونے والا ہو گیا کیونکہ مشی کا کچھ بھروسہ بھی نہیں تھا.. کہ کر پھر سے منہ میں پانی ڈال کر پھینکنے لگا... مشی نے ہنستے ہوئے اسے پیچھے سے ہگ کر لی.. مائ ڈئیر ہزبینڈ ایسا کچھ نہیں کیا میں نے... مشی نو مور فن... یس آئ ایم سیریس کچھ بھی نہیں کیا میں نے آپ کے برش سے... مشی کے دانت اندر ہی نہیں جا رہے تھے...سچ میں مشی نہیں کیا نہ؟؟ عادی کو یقین نہیں آرہا تھا کہ پہلے سچ بول رہی تھی یا اب... پرامس اب تو یقین کر لیں جناب... اووکے جی کر لیا.. عادی مڑتا اس کی کمر ہر ہاتھ رکھتے ہوئے بولا... مشی نے عادی کی شرٹ پکڑ لی کہیں گی نہ جائے... عادی کو آج پھر سے مشی کا تل نظر آ گیا.. مشی آپ کا تل؟؟مشی اپنے شانے پر دیکھنے لگی... عادی نے ایک ہاتھ سے اس کے بال ہٹائے.. اس پر جھکا اور اپنے ہونٹ اس پر رکھ دئیے...

****

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

..تین سال بعد اللہ نے مشی کو ایک اور بیٹے سے نوازا اس وقت سب مشی کے کمرے میں موجود تھے ماما, میسم اور اس کی وائف, نینی,ندا آپی, عادی کی ماما اور پاپا... سب ان کے لیے بہت خوش تھے... نینی کو بھی اللہ نے بیٹے سے نوازا تھا... مشی مسرور سی سب کو دیکھ رہی تھی جو نام رکھنے کی بحث کر رہے تھے.. اب مشی کی جانب متوجہ ہوئے.... مشی تم بتاؤ کیا نام رکھیں؟؟؟

مشی نے عادی کی جانب دیکھا اور بولی... عادی رکھیں گے نام اس کا... عادی مسکراتے ہوئے مشی کو دیکھنے لگا... مشی جانتی تھی کہ عادی اس بےبی کا نام رکھنا چاہتا ہے اسی لیے اسی کو سونپ دی یہ ذمہ داری... اس کا نام ہے مہمد کہ کر عادی نے اس کی کے ماتھے پر بوسہ دیا اور اسے بیڈ پر لٹا دیا... ماہی اور سونو اپنے اس چھوٹے سے نئے بھائ کو دیکھ رہے تھے.. کبھی اس کے منہ پر کس کرتے تو کبھی ہاتھ پر... سب باہر چلے گۓ... صرف مشی اور عادی اندر تھے... مشی نے مہمد کو اپنی گود میں لے لیا... عادی اس کے پاس آگیا.. اور اس کی انگلیاں پکڑنے لگا... مشی کا ہاتھ بھی ساتھ ہی تھا.. مہمد نے ان دونوں کی انگلی پکڑ لی.. مشی مسکراتی ہوئ اسے دیکھنے لگی... عادی نے مشی کی پیشانی پر اپنے لب رکھ دئیے مشی نے آنکھیں بند کر کے اس کے احساس کو اپنے اندر اتارا... مشی میرا واسطہ اور میرا راستہ صرف آپ تک آتا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہے اگر میں کہیں اور نکل بھی جاؤں تو بھٹک جاؤں گا جیسے ایک خدا کو چھوڑ کر دوسروں خداؤں کے پیچھے بھاگنے سے انسان گمراہ ہو جاتا....
محبوب صرف ایک ہوتا ہے جیسے اللہ کا محبوب ان کا نبی اور میرا آپ....عادی ہے تو بس مشی سے ورنہ نہیں...
عادی سے مشی اور مشی سے عادی کہ کر مشی نے اپنی پیشانی اس کی پیشانی سے ٹکا دی...دونوں شاداں اور پرسکون تھے کہ ایک خوشگوار زندگی ان کی منتظر ہے....

انسان جب بدلنے پر آتا ہے نہ تو اسے پتہ نہیں چلتا مشی بھی اب جب پیچھے دیکھتی ہے تو کبھی سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ وہ اس حد تک بدل جائے گی انسان اور اس کی سوچ ایسے بدلتی ہے کہ ہم خود حیران رہ جاتے ہیں اپنے بدلنے پر....لیکن کہتے ہیں نہ جس کو اللہ ہدایت دینا چاہے پھر ایسے دل پھیرتا ہے کہ ہر چیز تبدیل ہو جاتی.....
مشی کا اس طرح بدلنا فرضی نہیں ہے میں نے رئیل لائف میں ایسا دیکھا ہے تبھی اس کو قلمبند کیا ہے اللہ ہم سب کو نیک ہدایت دے آمین.....

ختم شد.....

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہوگا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://novel.elife.com.pk
fb.me/CrazyFansOfNovel